اَثْوَارٍ وَاَسَدٍ اجْتَمَعْنَ فِي اَجَمَةٍ اَسْوَدَ وَاَحْمَرَ وَاَبْيَضَ، وَكَانَ الْاَسَدُ اِذَا اَرَادَ وَاحِدًا مِنْهُنَّ اجْتَمَعْنَ عَلَيْهِ فَامْتَنَعْنَ عَلَيْهِ، فَقَالَ الْاَسَدُ لِلْاَسْوَدِ وَالْاَحْمَرِ: اِنَّمَا يَفْضَحُنَا فِي اَجَمَتِنَا، وَيُشْهِرُنَا هَذَا الْاَبْيَضُ، فَدَعَانِي حَتَّى آكُلَهُ، فَلَوْنُكُمَا عَلَى لَوْنِي، وَلَوْنِي عَلَى لَوْنِكُمَا، فَحَمَلَ عَلَيْهِ الْاَسَدُ، فَلَمْ يَلْبَثْ اَنْ قَتَلَهُ، ثُمَّ قَالَ لِلْاَسْوَدِ: اِنَّمَا يَفْضَحُنَا وَيُشْهِرُنَا فِي اَجَمَتِنَا هَذَا الْاَحْمَرُ، فَدَعْنِي حَتَّى آكُلَهُ، فَلَوْنِي عَلَى لَوْنِكَ، وَلَوْنُكَ عَلَى لَوْنِي، فَحَمَلَ عَلَيْهِ فَقَتَلَهُ، ثُمَّ قَالَ لِلْاَسْوَدِ: اِنِّي آكِلُكَ قَالَ: دَعْنِي اُصَوِّتُ ثَلَاثَةَ اَصْوَاتٍ، فَقَالَ: اَلَا اِنَّمَا اُكِلْتُ يَوْمَ اُكِلَ الْاَبْيَضُ، اَلَا اِنَّمَا اُكِلْتُ يَوْمَ اُكِلَ الْاَبْيَضُ، اَلَا اِنَّمَا اُكِلْتُ يَوْمَ اُكِلَ الْاَبْيَضُ، اَلَا اِنَّمَا وَهَنْتُ يَوْمَ قُتِلَ عُثْمَانُ

ایک شیر کے جنگل میں اکٹھا ہونے والی مثال دی' سیاہ' سرخ اور سفید بیل۔ شیر جب ان میں سے کسی ایک کو کھانے کا ارادہ کرتا تو وہ تینوں اس کے خلاف اکٹھے ہو جاتے اور اسے اپنا ارادہ پورا کرنے سے روک دیتے' ایک دن شیر نے کالے اور سرخ بیل سے کہا: ہم تو اپنے جنگل میں رہ کر بھی رسوا ہو گئے اور یہ سفید بیل ہم سے زیادہ مشہور ہو گیا' کبھی تم دونوں مجھے موقع دو تو میں اسے کھا جاؤں' تم دونوں کا رنگ' میرے رنگ پر اور میرا رنگ' تم دونوں کے رنگ پر ہے' پس شیر نے اس پر حملہ کر دیا اور اسے کھانے پر دیر نہیں لگائی' پھر ایک دن اس نے سیاہ سے کہا: ہمارے ہی جنگل میں یہ سرخ آگے نکل گیا' ہم تو ذلیل ہو گئے' تم اجازت دو کسی دن میں اسے کھا لوں' شیر نے اس پر حملہ کر کے تھوڑی دیر میں مار دیا' تیرا رنگ مجھ پر اور میرا رنگ تیرے رنگ پر ہے۔ پھر اس نے کالے سے کہا: بے شک میں تجھے بھی کھاؤں گا' اُس نے جواب دیا: تو مجھے چھوڑ! میں تین آوازیں نکالتا ہوں۔ اس نے کہا: خبردار! میں اس دن ہی کھا لیا گیا ہوں جس دن سفید کو کھایا گیا' خبردار! میں تو اسی دن ہی کھا لیا گیا تھا جس دن سفید کو کھایا گیا تھا' خبردار! میں بھی اسی دن کا کھایا ہوا ہوں جس دن سفید کھایا گیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ بولے: خبردار! صرف میں اسی دن کمزور ہو گیا جس دن حضرت عثمان شہید ہوئے۔

112 - حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا اَبُو عُمَرَ حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ اَبِي

حضرت شعبی فرماتے ہیں: جناب مسروق' اشتر سے ملے' مسروق نے اشتر سے کہا: تم نے حضرت عثمان

جَعْفَرٍ، ثنا مُجَالِدٌ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، قَالَ: لَقِيَ مَسْرُوقٌ الْاَشْتَرَ، فَقَالَ مَسْرُوقٌ للاَشْتَرِ: قَتَلْتُمْ عُثْمَانَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: اَمَا وَاللّٰهِ لَقَدْ قَتَلْتُمُوهُ صَوَّامًا قَوَّامًا قَالَ: فَانْطَلَقَ الْاَشْتَرُ فَاَخْبَرَ عَمَّارًا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَاَتَى عَمَّارٌ مَسْرُوقًا، فَقَالَ: وَاللّٰهِ لَيُجْلَدَنَّ عَمَّارٌ، وَلَيُسَيَّرَنَّ اَبَا ذَرٍّ، وَلَيُحْمِيَنَّ الْحِمَى، وَتَقُولُ: قَتَلْتُمُوهُ صَوَّامًا قَوَّامًا، فَقَالَ لَهُ مَسْرُوقٌ: فَوَاللّٰهِ مَا فَعَلْتُمْ وَاحِدًا مِنْ ثِنْتَيْنِ، مَا عَاقَبْتُمْ بِمِثْلِ مَا عُوقِبْتُمْ بِهِ، وَمَا صَبَرْتُمْ فَهُوَ خَيْرٌ لِلصَّابِرِينَ قَالَ: فَكَاَنَّمَا اَلْقَمَهُ حَجَرًا قَالَ: وَقَالَ الشَّعْبِيُّ: وَمَا وَلَدَتْ هَمْدَانِيَّةٌ مِثْلَ مَسْرُوقٍ

کوشہید کیا؟ اُس نے جواب دیا: ہاں! مسروق بولے: قسم بخدا! تم نے ایک ایسی ہستی کو شہید کیا ہے جو دنوں کو روزے رکھنے اور راتوں کو قیام کرنے والی تھی۔ راوی کہتا ہے: اشتر نے جا کر حضرت عمار رضی اللہ عنہ کو بتایا۔ حضرت عمار نے جناب مسروق کے پاس آ کر کہا: قسم بخدا! عمار کو کوڑے لگائے جاتے ہیں' ابوذر کو قید کیا جاتا ہے اور چراگاہ کی حفاظت کی جاتی ہے اور تو کہتا ہے: تم نے روزے رکھنے والے' قیام کرنے والے کو قتل کیا ہے۔ جناب مسروق نے ان کو جواب دیا: قسم بخدا! جو تم نے دو میں سے ایک سے سلوک کیا' جیسی تمہیں سزا دی گئی اس کے برابر جو تم نے سزا دی اور جو تم نے صبر کیا' پس وہ صبر کرنے والوں کے لیے بہترین ہے۔ راوی کہتا ہے: یوں لگتا ہے جیسے مسروق نے ان کے منہ میں پتھر دے دیا۔ راوی کا بیان ہے: اور امام شعبی کا قول ہے کہ کسی ہمدانی عورت نے مسروق کی مثل نہیں جنا۔

113 - حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ حُمَيْدٍ الطَّوِيلُ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ عَلْقَمَةَ بْنِ وَقَّاصٍ قَالَ: اجْتَمَعْنَا فِي دَارِ مَخْرَمَةَ بَعْدَمَا قُتِلَ عُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ نُرِيدُ الْبَيْعَةَ، فَقَالَ اَبُو جَهْمِ بْنُ حُذَيْفَةَ: اِنَّا مَنْ بَايَعَنَا مِنْكُمْ فَاِنَّا لَا نَحُولُ دُونَ قِصَاصٍ، فَقَالَ عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ: اَمَّا مِنْ دَمِ عُثْمَانَ

حضرت علقمہ بن وقاص فرماتے ہیں: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے قتل کے بعد ہم مخرمہ کے گھر میں بیعت کرنے کے ارادہ سے اکٹھے ہوئے۔ ابوجہم بن حذیفہ نے کہا: تم میں سے جس کے ہاتھ پر بھی ہم بیعت کریں گے' قصاص سے کم کوئی مطالبہ نہیں کریں گے۔ حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ فوراً بول پڑے کیا تیری مراد حضرت عثمان کے خون کا قصاص ہے' وہ

113- أخرج نحوه البخاري في التاريخ الصغير جلد 1صفحه84 رقم الحديث: 333 عن محمد بن عمرو عن أبيه عن جده' وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد9صفحه98 وقال: رواه الطبراني ورجاله ثقوا .

فَلا، فَقَالَ اَبُو جَهْمٍ: يَا ابْنَ سُمَيَّةَ وَاللّٰهِ لَتُقَادَنَّهُ مِنْ جَلَدَاتٍ جُلِدْتَهَا، وَلَا يُقَادُ لِدَمِ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَانْصَرَفُوا يَوْمَئِذٍ عَنْ غَيْرِ بَيْعَةٍ

ہم نہیں لیں گے۔ حضرت ابوجہم نے کہا: اے ابن سمیہ! قسم بخدا! ان کوڑوں کا بدلہ تو ضرور لیا جائے جو تجھے لگے لیکن اگر نہ لیا جائے تو حضرت عثمان کے خون کا بدلہ نہ لیا جائے (یہ کیسی بات ہے) پس وہ سارے اس دن بغیر بیعت کے لوٹ گئے۔

114 - حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْحَسَنِ الْعَطَّارُ الْبَصْرِيُّ، ثنا اَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، انا ابْنُ عَوْنٍ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: اَخْبَرَنِي وَثَّابٌ، وَكَانَ مِمَّنْ اَدْرَكَهُ عِتْقُ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَكَانَ يَقُومُ بَيْنَ يَدَيْ عُثْمَانَ، قَالَ: بَعَثَنِي عُثْمَانُ فَدَعَوْتُ لَهُ الْاَشْتَرَ - فَقَالَ ابْنُ عَوْنٍ: فَاَظُنُّهُ قَالَ: فَطَرَحْتُ لِاَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ وِسَادَةً، وَلَهُ وِسَادَةٌ - فَقَالَ: يَا اَشْتَرُ مَا يُرِيدُ النَّاسُ مِنِّي؟ قَالَ: ثَلَاثًا مَا مِنْ اِحْدَاهُنَّ بُدٌّ، قَالَ: مَا هُنَّ؟ قَالَ: يُخَيِّرُونَكَ بَيْنَ اَنْ تَخْلَعَ لَهُمْ اَمْرَهُمْ، فَتَقُولَ: هَذَا اَمْرُكُمْ، فَاخْتَارُوا لَهُ مَنْ شِئْتُمْ، وَبَيْنَ اَنْ تَقُصَّ مِنْ نَفْسِكَ، فَاِنْ اَبَيْتَ هَذَيْنِ فَاِنَّ الْقَوْمَ قَاتِلُوكَ، قَالَ: مَا مِنْ اِحْدَاهُنَّ بُدٌّ؟ قَالَ: مَا مِنْ اِحْدَاهُنَّ بُدٌّ قَالَ: اَمَّا اَنْ اَخْلَعَ لَهُمْ اَمْرَهُمْ فَمَا كُنْتُ لِاَخْلَعَ سِرْبَالًا سُرْبِلْتُهُ قَالَ: وَقَالَ الْحَسَنُ: قَالَ: وَاللّٰهِ لَاَنْ اُقَدَّمَ فَيُضْرَبَ عُنُقِي اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ اَنْ اَخْلَعَ اَمْرَ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْضُهَا عَلَى بَعْضٍ - قَالَ ابْنُ عَوْنٍ: وَهَذَا اَشْبَهُ بِكَلَامِ عُثْمَانَ - وَاَمَّا اَنْ اَقُصَّ مِنْ نَفْسِي، فَوَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمْتُ اَنَّ صَاحِبَيَّ بَيْنَ يَدَيَّ كَانَا

حضرت حسن فرماتے ہیں: مجھے حضرت وثاب نے خبر دی' ان کا تعلق ان حضرات سے تھا جن کو حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے آزاد کیا تھا' پس وہ حضرت عثمان کے سامنے کھڑے رہتے تھے۔ وہ کہتے ہیں: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے مجھے بھیجا' میں اشتر کو آپ کے پاس بلا کر لایا۔ پس ابن عون کا کہنا ہے: میرا گمان ہے کہ اُنہوں نے کہا: میں نے امیرالمؤمنین کے لیے تکیہ پھینکا جو ان کا اپنا تھا۔ پس آپ نے فرمایا: اے اشتر! لوگ مجھ سے کیا ارادہ رکھتے ہیں؟ اس نے جواب دیا: تین باتیں ہیں' جن میں سے ایک ضرور کرنا ہوگی۔ آپ نے فرمایا: وہ تین باتیں کیا ہیں؟ اس نے کہا: وہ لوگ آپ کو اختیار دیتے ہیں کہ یا تو آپ خلافت کا لباس اتار دیں اور کہیں: یہ اب تمہارا معاملہ ہے اس کے لیے جس کو چاہو انتخاب کر لو' یا پھر آپ اپنی جان کا خود قصاص دیں۔ پس اگر ان دو کا آپ انکار کریں تو وہ آپ کو قتل کرنے کے لیے تیار ہیں۔ فرمایا: ان میں سے ایک کیا ضروری ہے؟ اس نے کہا: ان میں سے ایک بھی ضروری نہیں۔ فرمایا: جہاں تک یہ بات ہے کہ میں ان کا معاملہ ان کے سپرد کر دوں' پس میں وہ جامہ نہیں

يُعَاقَبَان، وَمَا يَقُومُ بَدَنِي لِلقِصَاصِ، وَاَمَّا اَنْ تَقْتُلُونِي فَوَاللّٰهِ لَئِنْ قَتَلْتُمُونِي لَا تُحَابُّونَ بَعْدِي اَبَدًا، وَلَا تُقَاتِلُونَ بَعْدِي عَدُوًّا جَمِيعًا اَبَدًا ، فَقَامَ الْاَشْتَرُ فَانْطَلَقَ، فَمَكَثْنَا، فَقُلْنَا: لَعَلَّ النَّاسَ اِذْ جَاءَ رَجُلٌ كَاَنَّهُ ذِئْبٌ فَاطَّلَعَ مِنْ بَابٍ، ثُمَّ رَجَعَ، ثُمَّ جَاءَ مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ فِي ثَلَاثَةَ عَشَرَ رَجُلًا حَتّٰى انْتَهَوْا اِلَي عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَاَخَذَ بِلِحْيَتِهِ، فَقَالَ بِهَا، وَقَالَ بِهَا، حَتّٰى سَمِعْتُ وَقْعَ اَضْرَاسِهِ، وَقَالَ مَا اَغْنَى عَنْكَ مُعَاوِيَةُ، مَا اَغْنَى عَنْكَ ابْنُ عَامِرٍ، مَا اَغْنَى عَنْكَ كُتُبُكَ، قَالَ: اَرْسِلْ لِحْيَتِي يَا ابْنَ اَخِي، اَرْسِلْ لِحْيَتِي يَا ابْنَ اَخِي ، قَالَ: فَاَنَا رَاَيْتُهُ اسْتَدْعَى رَجُلًا مِنَ الْقَوْمِ بِعَيْنِهِ فَقَامَ اِلَيْهِ بِمِشْقَصٍ حَتّٰى وَجَاَهُ بِهِ فِي رَاْسِهِ، قُلْتُ: ثُمَّ مَهْ قَالَ: ثُمَّ تَعَاوَنُوا عَلَيْهِ، وَاللّٰهِ حَتّٰى قَتَلُوهُ

اُتاروں گا جو مجھے پہنایا گیا ہے (کیونکہ مجھے میرے نبی کا حکم ہے) راوی کا کہنا ہے کہ حضرت حسن نے کہا: قسم بخدا! میں گردن زنی کے لیے پیش کیا جاؤں یہ مجھے زیادہ پسند ہے اس بات سے کہ میں اُمت محمدیہ کا معاملہ ان میں سے کسی کے سپرد کر دوں۔ حضرت ابن عون کا قول ہے کہ یہ حضرت عثمان کے کلام کے زیادہ مشابہ ہے اور دوسری بات یہ کہ میں اپنی جان کا قصاص خود پیش کروں، قسم بخدا! مجھے اچھی طرح معلوم ہے کہ میرے سامنے میرے دو ساتھیوں کو سزائیں دی جاتی رہیں، میرا بدن قصاص کے قابل نہیں ہے، باقی رہی یہ بات کہ تم مجھے قتل کر دو گے، قسم بخدا! اگر تم نے مجھے شہید کر دیا تو یاد رکھو! میرے بعد کبھی بھی ایک دوسرے سے محبت نہ کر سکو گے، نہ تم تمام میرے بعد دشمن سے لڑ سکو گے۔ پس اشتر کھڑا ہوا اور چل دیا، پس ہم ٹھہرے رہے، ہم نے اپنے دل میں کہا: شاید لوگ! تو اتنے میں اچانک ایک آدمی گویا کہ وہ بھیڑیا ہے، وہ دروازہ سے ظاہر ہوا، پھر لوٹ گیا، پھر حضرت محمد بن ابی بکر آئے، ان کے ساتھ تیرہ آدمی اور تھے، وہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس آ کر رُکے، آپ کی داڑھی شریف سے پکڑا، (قلم لکھنے سے عاجز ہے، زبان بولنے سے) اور کہا جو کہا یہاں تک کہ مجھے آپ کے منہ سے آواز آئی: معاویہ آپ کو فائدہ نہ دے سکیں گے، ابن عامر تمہیں فائدہ نہ دیں گے، تمہارے خطوط کسی کام نہ آئیں گے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے میرے بھائی کے بیٹے!

میری داڑھی چھوڑ دو! دوسری بار بھی یہی بات کی۔ راوی کا بیان ہے: میں اسے دیکھ رہا تھا' اُس نے اپنی قوم سے بعینہٖ ایک آدمی بلایا' وہ ایک لکڑی لے کر آپ کی طرف آیا یہاں تک کہ اس کو آپ کے سر پر دے مارا۔ میں نے کہا: پھر کیا ہوا؟ اس نے کہا: پھر آپ پر ٹوٹ پڑے یہاں تک کہ اُنہوں نے آپ کو شہید کر دیا۔

115 - حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْحَسَنِ الْعَطَّارُ، ثنا اَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا ابْنُ عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ اَبِي حُذَيْفَةَ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ، وَكَعْبًا، رَكِبَا سَفِينَةً فِي الْبَحْرِ، فَقَالَ مُحَمَّدٌ: يَا كَعْبُ اَمَا تَجِدُ سَفِينَتَنَا هَذِهِ فِي التَّوْرَاةِ كَيْفَ تَجْرِي؟ فَقَالَ: لَا وَلَكِنْ اَجِدُ فِيهَا رَجُلًا اَشْقَى الْفِتْيَةِ مِنْ قُرَيْشٍ يَنْزُو فِي الْفِتْنَةِ كَمَا يَنْزُو الْحِمَارُ، لَا تَكُنْ اَنْتَ هُوَ قَالَ ابْنُ سِيرِينَ: فَزَعَمُوا اَنَّهُ كَانَ هُوَ

حضرت محمد بن سیرین سے روایت ہے کہ محمد بن ابوحذیفہ بن عتبہ بن ربیعہ اور حضرت کعب سمندر میں ایک کشتی پر سوار ہوئے' پس محمد نے کہا: اے کعب! کیا تم ہماری اس کشتی کا ذکر تورات میں نہیں پاتے کہ کیسے چلتی ہے؟ اُنہوں نے کہا: نہیں! لیکن میں تورات میں قریش سے بدبخت ترین آدمی کا ذکر پاتا ہوں جو فتنہ میں بڑھے گا' جس طرح گدھا' تو آپ وہ نہ بننا۔ ابن سیرین نے کہا: اُنہوں نے گمان کیا کہ ممکن ہے وہ وہی ہو۔

116 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَدَقَةَ الْبَغْدَادِيُّ، وَاِسْحَاقُ بْنُ دَاوُدَ الصَّوَّافُ التُّسْتَرِيُّ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ خِدَاشٍ، ثنا سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ، ثنا مُبَارَكٌ، عَنِ الْحَسَنِ، حَدَّثَنِي سَيَّافُ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَجُلًا مِنَ الْاَنْصَارِ دَخَلَ عَلَى عُثْمَانَ فَقَالَ: ارْجِعِ ابْنَ اَخِي فَلَسْتَ بِقَاتِلِي، قَالَ: وَكَيْفَ عَلِمْتَ ذَاكَ؟ قَالَ: لِاَنَّهُ اُتِيَ بِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ سَابِعِكَ فَحَنَّكَكَ، وَدَعَا لَكَ بِالْبَرَكَةِ، ثُمَّ دَخَلَ عَلَيْهِ رَجُلٌ آخَرُ مِنَ الْاَنْصَارِ

حضرت حسن سے روایت ہے' مجھے سیاف نے حدیث بیان کی کہ ایک انصاری حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس آیا تو آپ نے اس سے فرمایا: اے میرے بھائی کے بیٹے! آپ واپس چلے جائیں! آپ میرے قاتل نہیں ہیں۔ اس نے کہا: آپ کو اس بات کا کیسے علم ہوا؟ آپ نے فرمایا: اس لیے کہ تجھے پیدا ہوئے سات دن ہوئے تھے' تجھے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں لایا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تجھے گھٹی دی اور تیرے لیے برکت کی دعا کی۔ پھر دوسرا انصاری داخل

فَقَالَ: ارْجِعِ ابْنَ اَخِي فَلَسْتَ بِقَاتِلِي، قَالَ: بِمَ تَدْرِي ذٰلِكَ؟ قَالَ: لِاَنَّهُ اُتِيَ بِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ سَابِعِكَ فَحَنَّكَكَ وَدَعَا لَكَ بِالْبَرَكَةِ قَالَ: ثُمَّ دَخَلَ عَلَيْهِ مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ فَقَالَ: اَنْتَ قَاتِلِي، قَالَ: وَمَا يُدْرِيكَ يَا نَعْثَلُ؟ قَالَ: لِاَنَّهُ اُتِيَ بِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ سَابِعِكَ لِيُحَنِّكَكَ وَيَدْعُو لَكَ بِالْبَرَكَةِ فَخَرِيتَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَوَثَبَ عَلَى صَدْرِهِ وَقَبَضَ عَلَى لِحْيَتِهِ، فَقَالَ: اِنْ تَفْعَلْ كَانَ يَعِزُّ عَلَى اَبِيكَ اَنْ تَسُوءَهُ، قَالَ: فَوَجَاَهُ فِي نَحْرِهِ بِمَشَاقِصَ كَانَتْ فِي يَدِهِ

ہوا تو آپ نے فرمایا: اے میرے بھائی کے بیٹے! آپ بھی لوٹ جائیں' آپ میرے قاتل نہیں ہیں' اس نے عرض کی: آپ کو کس طریقہ اس کا علم ہوا؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس لیے کہ تیرے پیدا ہونے کے ساتویں دن نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں لایا گیا تو آپ ﷺ نے تجھے گھٹی دی اور تیرے لیے برکت کی دعا کی۔ راوی کا بیان ہے: پھر محمد بن ابوبکر داخل ہوئے تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہاں! تُو میرا قاتل ہے۔ اس نے کہا: اے بوڑھے! تجھے کیا معلوم؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس لیے کہ تیرے پیدا ہونے کے ساتویں دن تجھے نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں لایا گیا تا کہ آپ ﷺ تجھے گھٹی دے کر برکت کی دعا کریں' پس تُو نے رسول ﷺ پر پیشاب کر دیا۔ راوی کہتا ہے: وہ جھپٹ کر آپ رضی اللہ عنہ کے سینے پر چڑھ گیا اور آپ رضی اللہ عنہ کو داڑھی شریف سے پکڑ لیا۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر تُو نے یہ کام کر دیا تو تیرے باپ پر بڑا گراں ہوگا' تُو اُن کو تکلیف پہنچائے گا۔ راوی کہتا ہے: اس نے آپ کے گلے پر وہ لکڑی ماری جو اس کے ہاتھ میں تھی۔

117 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْبَاقِي الْاَذَنِيُّ، ثنا الْمُسَيَّبُ بْنُ وَاضِحٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ يُونُسَ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، قَالَ: لَمَّا ضَرَبَ الرَّجُلُ يَدَ عُثْمَانَ قَالَ: اِنَّهَا لَاَوَّلُ يَدٍ خَطَّتِ الْمُفَصَّلَ

حضرت ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن فرماتے ہیں: جب اس آدمی نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے ہاتھ پر ضرب لگائی' کہا: یہ پہلا ہاتھ تھا' جس کا جوڑ جدا ہوا۔

118 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِرْقٍ الْحِمْصِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ، ثنا اَبِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُهَاجِرِ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ سَالِمٍ، اَنَّ عُمَيْرَ بْنَ رَبِيعَةَ، حَدَّثَهُ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ اَرْسَلَ اِلَى كَعْبِ الْاَحْبَارِ فَقَالَ: يَا كَعْبُ كَيْفَ تَجِدُ نَعْتِي؟ قَالَ: اَجِدُ نَعْتَكَ قَرْنًا مِنْ حَدِيدٍ قَالَ: وَمَا قَرْنٌ مِنْ حَدِيدٍ؟ قَالَ: اَمِيرٌ شَدِيدٌ لَا يَاْخُذُهُ فِي اللّٰهِ لَوْمَةُ لَائِمٍ، قَالَ: ثُمَّ مَهْ؟ قَالَ: ثُمَّ يَكُونُ بَعْدَكَ خَلِيفَةٌ تَقْتُلُهُ فِئَةٌ ظَالِمَةٌ قَالَ: ثُمَّ مَهْ؟ قَالَ: ثُمَّ يَكُونُ الْبَلَاءُ

حضرت عباس بن سالم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ عمیر بن ربیعہ نے ان سے حدیث بیان کی کہ حضرت عمر بن خطاب نے حضرت کعب احبار کی طرف آدمی بھیجا اور کہا: اے کعب! میری صفت کیسے پاتے ہو؟ اُنہوں نے جواب دیا: (تورات میں) آپ کی تعریف نئے زاویے سے پاتا ہوں آپ نے فرمایا: وہ نیا انداز کیا ہے؟ اُنہوں نے کہا: امیر ہوگا' سیدھی سچی بات کرنے والا ہوگا' اللہ کے معاملے میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت کا خوف محسوس نہ کرے گا۔ آپ نے فرمایا: پھر کیا؟ اُنہوں نے کہا: پھر آپ کے بعد ایک خلیفہ ہوگا جسے ظالم گروہ شہید کر دے گا' کہا: پھر اس کے بعد آزمائشیں ہوں گی۔

119 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ زَيْدٍ، يَقُولُ: وَاللّٰهِ لَوِ انْقَضَّ اَحَدٌ فِيمَا فَعَلْتُمْ بِابْنِ عَفَّانَ كَانَ مَحْقُوقًا اَنْ يَنْقَضَّ

حضرت قیس سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں نے سعید بن زید کو کہتے ہوئے سنا: قسم بخدا! تم نے جو سلوک حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ سے کیا' ایسے کسی معاملہ میں اگر کسی ایک پر دیوار ٹوٹ کر گر پڑی ہوتی تو زیادہ حق تھا کہ وہ گر پڑتی۔

120 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، وَالْحَسَنُ بْنُ الْمُثَنَّى الْعَنْبَرِيُّ، وَعَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، قَالُوا: ثنا عَارِمٌ اَبُو النُّعْمَانِ، ثنا الصَّعْقُ بْنُ حَزْنٍ، ثنا قَتَادَةُ، عَنْ زَهْدَمٍ الْجَرْمِيِّ، قَالَ: خَطَبَنَا ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، فَقَالَ: لَوْ اَنَّ النَّاسَ لَمْ يَطْلُبُوا بِدَمِ

حضرت زہدم جرمی فرماتے ہیں: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے ہمیں خطبہ دیا' فرمایا: اگر لوگوں نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے خون کے بدلہ کا مطالبہ نہ کیا تو آسمان سے ان پر پتھر برسیں گے۔

119- أخرج نحوه البخاری فی الصحیح جلد 3 صفحه 1404 رقم الحدیث: 3654' جلد 6 صفحه 2546 رقم الحدیث: 6543' وأورده الخلال فی السنة جلد 2 صفحه 323 رقم الحدیث: 412 کلاهما عن سعید بن زید به.

عُثْمَانَ لَرُجِمُوا بِالْحِجَارَةِ مِنَ السَّمَاءِ

121 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي صَفْوَانَ الثَّقَفِيُّ، ثنا اُمَيَّةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ، يَقُولُ: اُخِذَ الْفَاسِقُ مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ فِي شِعْبٍ مِنْ شِعَابِ مِصْرَ فَاُدْخِلَ فِي جَوْفِ حِمَارٍ فَاُحْرِقَ

حضرت قرہ بن خالد فرماتے ہیں: میں نے حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کوفرماتے ہوئے سنا: مصر کی گھاٹیوں میں سے ایک گھاٹی میں فاسق ابن ابوبکر سے گرفت ہوئی' پس اسے گدھے کی کھال میں ڈال کر جلادیا گیا۔

122 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ الْمِصْرِيُّ، ثنا اَبُو الْاَسْوَدِ النَّضْرُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ عَمْرٍو الْمَعَافِرِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا ثَوْرٍ الْفَهْمِيَّ يُحَدِّثُ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: لَقَدِ اخْتَبَاْتُ عِنْدَ رَبِّي عَشْرًا، اِنِّي لَرَابِعُ اَرْبَعَةٍ فِي الْاِسْلَامِ، وَمَا تَغَنَّيْتُ، وَلَا تَمَنَّيْتُ، وَلَا وَضَعْتُ يَمِينِي عَلَى فَرْجِي، مُنْذُ بَايَعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَا مَرَّتْ عَلَيَّ جُمُعَةٌ مُنْذُ اَسْلَمْتُ اِلَّا وَاَنَا اُعْتِقُ فِيهَا رَقَبَةً، اِلَّا اَنْ لَا يَكُونَ عِنْدِي فَاُعْتِقُهَا بَعْدَ ذَلِكَ، وَلَا زَنَيْتُ فِي جَاهِلِيَّةٍ وَلَا اِسْلَامٍ

حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ دس چیزوں میں اپنے رب کے پاس منفرد تھے: اسلام لانے میں چوتھا میں ہوں' مجھے تھکاوٹ ہوئی' کبھی کسی دنیاوی چیز کی تمنا نہ کی' اپنا دایاں ہاتھ اپنی شرمگاہ پر نہ رکھا جب سے نبی کریم ﷺ سے بیعت ہوا' جب سے اسلام قبول کیا ہر جمعہ ایک غلام آزاد کیا اگر کبھی جمعہ کے دن میرے پاس نہیں ہوا تو اس کے بعد کیا' نہ زمانۂ جاہلیت میں نہ کبھی اسلام میں زنا کیا۔

123 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، ثنا كُلَيْبُ بْنُ وَائِلٍ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ يُكْنَى اَبَا ثَوْرٍ، قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ ابْنِ عُمَرَ، فَاَتَاهُ رَجُلٌ فَسَاَلَهُ، فَقَالَ: لَوَاَيْتَ عُثْمَانَ؟ هَلْ شَهِدَ بَدْرًا؟ فَقَالَ: لَا، اَمَّا يَوْمَ بَدْرٍ، فَاِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اللّٰهُمَّ اِنَّ عُثْمَانَ فِي حَاجَتِكَ وَحَاجَةِ رَسُولِكَ

حضرت ابوثور حبیب بن ابوملیکہ فرماتے ہیں: میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس بیٹھا ہوا تھا' ایک آدمی نے آپ کے پاس آ کر سوال کیا: کیا آپ نے عثمان کو بدر میں حاضر دیکھا؟ آپ نے فرمایا: نہیں! لیکن بدر کے دن' کیونکہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اے اللہ! عثمان تیرے اور تیرے رسول کے کام میں مصروف تھا' پس آپ ﷺ نے ان کا حصہ مالِ غنیمت

فَضَرَبَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَهْمِهِ

سے مقرر فرمایا۔

124 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، قَالَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ: تَخَلَّفَ فِي الْمَدِينَةِ عَلَى امْرَاَتِهِ بِنْتِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَتْ وَجِعَةً مَعَرَّةً، فَضَرَبَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَهْمِهِ، قَالَ: وَاَجْرِي يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: وَاَجْرُكَ

حضرت عروہ نے فرمایا: حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ اپنی بیوی جو رسول کریم ﷺ کی بیٹی ہیں' کی دیکھ بھال کے لیے مدینہ میں پیچھے رہ گئے تھے' جبکہ وہ درد مند تھیں' قریب المرگ تھیں' رسول کریم ﷺ نے مالِ غنیمت سے آپ کا حصہ مقرر فرمایا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا میرے لیے اجر بھی ہوگا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں! تمہارے لیے اجر بھی ہوگا۔

125 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زَيْدِ بْنِ هَارُونَ الْمَكِّيُّ الْقَزَّازُ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ اَبِي شَمْلَةَ، عَنْ مُوسَى بْنِ يَعْقُوبَ الزَّمْعِيِّ، عَنْ اَخِيهِ مُحَمَّدِ بْنِ يَعْقُوبَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَافِعٍ، عَنْ اُمِّهِ، قَالَتْ: خَرَجَتِ الصَّعْبَةُ بِنْتُ الْحَضْرَمِيِّ، فَسَمِعْنَاهَا تَقُولُ لِابْنِهَا طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ: اِنَّ عُثْمَانَ قَدِ اشْتَدَّ حَصْرُهُ، فَلَوْ كَلَّمْتَ فِيهِ حَتَّى يُرَفِّهُ عَنْهُ، قَالَتْ: وَطَلْحَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَغْسِلُ اَحَدَ شِقَّيْ رَاْسِهِ فَلَمْ يُجِبْهَا، فَاَدْخَلَتْ يَدَيْهَا فِي كُمِّ دِرْعِهَا فَاَخْرَجَتْ ثَدْيَيْهَا، وَقَالَتْ: اَسْاَلُكَ بِمَا حَمَلْتُكَ وَاَرْضَعْتُكَ اِلَّا فَعَلْتَ، فَقَامَ وَلَوَى شِقَّ شَعْرِ رَاْسِهِ حَتَّى عَقَدَهُ وَهُوَ مَغْسُولٌ، ثُمَّ خَرَجَ حَتَّى اَتَى عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَهُوَ جَالِسٌ فِي جَنْبِ دَارِهِ، فَقَالَ طَلْحَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَمَعَهُ اُمُّهُ، وَاُمُّ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت عبداللہ بن رافع اپنی والدہ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتی ہیں: صعبہ بنت حضرمی (گھر سے) نکلی' تو ہم نے اسے سنا' وہ اپنے بیٹے طلحہ بن عبداللہ سے کہہ رہی تھی کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ پر محاصرہ سخت ہوگیا' پس اگر تم اس میں کلام کرو یہاں تک کہان کی وجہ سے جو کلفت ہے وہ دور کی جائے۔ راویہ کا بیان ہے: جبکہ اپنے سر کی ایک طرف دھوتے رہے انہیں کوئی جواب نہ دیا۔ صعبہ نے اپنے دونوں ہاتھ اپنے گریبان میں ڈال کر اپنے سینے کو باہر نکالا اور کہا: میں نے تجھے پیٹ میں اُٹھا' تجھے دودھ پلایا مگر تُو نے کیا کیا اس کے بدلے' تجھے پوچھتی ہوں (بول)۔ پس آپ اُٹھے' سر کے دھلے ہوئے حصے کو پھیر کر باندھا' پھر وہاں سے نکل گئے یہاں تک کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس آئے جبکہ وہ ان کے گھر کی ایک طرف ہی

بْنِ رَافِعٍ: لَوْ رَفَّهْتَ عَنْ هَذَا فَقَدِ اشْتَدَّ حَصْرُهُ، قَالَ: فَنَقَرَ بِقَدَحٍ فِي يَدِهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا أُحِبُّ مِنْ هَذَا شَيْئًا تَكْرَهُهُ قَالَ: وَأَنْشَدَنَا أَبُو خَلِيفَةَ قَالَ: أَنْشَدَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَرَجِ الرِّيَاشِيُّ لِلَيْلَى الْأَخْيَلِيَّةِ:

(البحر البسيط)

أَبَعْدَ عُثْمَانَ تَرْجُو الْخَيْرَ أُمَّتُهُ ... قَدْ كَانَ أَفْضَلَ مَنْ يَمْشِي عَلَى سَاقِ

خَلِيفَةُ اللّٰهِ أَعْطَاهُمْ وَخَوَّلَهُمْ... مَا كَانَ مِنْ ذَهَبٍ حُلْوٍ وَأَوْرَاقِ

فَلَا تَكْذِبْ بِوَعْدِ اللّٰهِ وَاتَّقِهِ ... وَلَا تَكُونَنَّ عَلَى شَيْءٍ بِإِشْفَاقِ

وَلَا تَقُولَنَّ لِشَيْءٍ سَوْفَ أَفْعَلُهُ... قَدْ قَدَّرَ اللّٰهُ مَا كُلُّ امْرِءٍ لَاقِ

بیٹھے تھے۔ سو حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے کہا: جبکہ ان کی والدہ اور عبداللہ بن رافع کی والدہ بھی ساتھ تھیں' اگر آپ اس سے کلفت دور فرمائیں تو ان کا محاصرہ سخت ہو جائے' آپ کے ہاتھ میں پیالہ تھا' آپ نے اسے تین بار ٹھوکر لگائی' پھر اپنے سر کو اوپر اُٹھا کر فرمایا: قسم بخدا! اس میں سے کسی شی کو میں بھی پسند نہیں کرتا جس کو تُو ناپسند کر رہا ہے۔ راوی کہتا ہے: ابوخلیفہ نے شعر کہے ہیں اور عباس بن فرج ریاشی نے بھی لیلیٰ اخیلیہ کے شعر کہے ہیں: (بحر بسیط)

''اس نے حضرت عثمان کو دور کر دیا' اُمت جس کی اُمید رکھتی ہے' تحقیق وہ زمین پر چلنے والوں سے افضل تھے'

اللہ کا خلیفہ اس نے لوگوں کو عطا کیا اور بغیر احسان جتلائے سونا چاندی ان پر بے دریغ خرچ کیا'

تو اللہ کے وعدہ کو مت جھٹلا اور اس سے خوف کھا اور تُو کسی چیز پر ڈرنے والا نہ بن'

اور تُو کسی شی کے لیے نہ کہہ: میں ابھی اسے کرلوں گا (کیونکہ) تحقیق اللہ تعالیٰ نے تقدیر میں ہر وہ چیز لکھ دی ہے جس سے ہر آدمی ملنے والا ہے''۔

126 - أَنْشَدَنَا أَبُو خَلِيفَةَ قَالَ: أَنْشَدَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ التُّوزِيُّ، قَالَ أَبُو خَلِيفَةَ: وَسَأَلْتُ عَنْهُ الرِّيَاشِيَّ فَقَالَ: هُوَ لِحَسَّانِ بْنِ ثَابِتٍ:

(البحر الكامل)

وَتَرَكْتُمُ غَزْوَ الدُّرُوبِ وَجِئْتُمُ ... لِقِتَالِ قَوْمٍ

ابوخلیفہ نے شعر پڑھے' کہا: ابومحمد تُوزی نے شعر کہے' ابوخلیفہ نے کہا: میں نے اس بارے ریاشی سے دریافت کیا' پس اُنہوں نے کہا: یہ حضرت حسان بن ثابت کا ہے: (کامل بحر ہے:)

''ہم نے تو پہاڑی راستوں کی جنگیں ختم کر دیں

عِنْدَ قَبْرِ مُحَمَّدِ
فَلَيْسَ هَذَىُ الصَّالِحِينَ هُدِيتُمُ... وَلَيْسَ فِعْلَ لِعَابِدِ الْمُتَهَجِّدِ

اورتم روضۂ رسول ﷺ کے پاس صحابہ سے جنگ کرنے آ گئے
پس یہ صالحین کی ہدایت نہیں ہے جو تمہارے پاس ہے اور تہجد گزار عابد کا یہ کام ہے''۔

127 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا اَبُو هِلَالٍ الرَّاسِبِيُّ، عَنْ قَتَادَةَ، اَنَّ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، كَانَ اِذَا جَاءَهُ مَنْ يُؤْذِنُهُ بِالصَّلَاةِ، قَالَ: مَرْحَبًا بِالْقَائِلِينَ عَدْلًا، وَبِالصَّلَاةِ مَرْحَبًا وَاَهْلًا

حضرت قتادہ سے روایت ہے کہ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے پاس جب موذن نماز کی اطلاع دینے کے لیے آتا تو آپ فرماتے: عدل کی بات کرنے والوں کو مرحبا (خوش آمدید) نماز کو مرحبا اور خوش آمدید!

128 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا سَلَّامُ بْنُ مِسْكِينٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، قَالَ: قَالَتِ امْرَاَةُ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حِينَ اَطَافُوا بِهِ يُرِيدُونَ قَتْلَهُ: اِنْ تَقْتُلُوهُ اَوْ تَتْرُكُوهُ فَاِنَّهُ كَانَ يُحْيِي اللَّيْلَ كُلَّهُ فِي رَكْعَةٍ يَجْمَعُ فِيهَا الْقُرْآنَ

حضرت محمد بن سیرین فرماتے ہیں: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی زوجہ محترمہ نے فرمایا اس وقت جب وہ لوگ آپ کو شہید کرنے کے لیے آپ رضی اللہ عنہ کے مکان کے گرد چکر لگا رہے تھے: اگر تم انہیں شہید کرو یا انہیں چھوڑ دو یہ تو پوری رات جاگتے ہیں اور ایک رکعت میں پورا قرآن پڑھ دیتے ہیں۔

129 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْمُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ، يَقُولُ: اَدْرَكْتُ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَاَنَا يَوْمَئِذٍ قَدْ رَاهَقْتُ الْحُلُمَ، فَسَمِعْتُهُ يَخْطُبُ، وَشَهِدْتُهُ يَقُولُ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ، مَا تَنْقِمُونَ عَلَيَّ؟ قَالَ: وَمَا مِنْ يَوْمٍ اِلَّا وَهُمْ يَقْتَسِمُونَ فِيهِ خَيْرًا، يَقُولُ: يَا مَعْشَرَ النَّاسِ، اغْدُوا عَلَى عَطِيَّاتِكُمْ فَيَغْدُونَ فَيَاْخُذُونَهَا وَافِرَةً، ثُمَّ يُقَالُ: يَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِينَ اغْدُوا عَلَى كِسْوَتِكُمْ، فَيُجَاءُ بِالْحُلَلِ

حضرت مبارک بن فضالہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا: میں نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا دور پایا' اس وقت میں قریب البلوغ تھا' میں نے آپ کو خطبہ دیتے ہوئے سنا اور میں حاضر تھا' آپ فرما رہے تھے: اے لوگو! تم مجھ سے کس چیز کا انتقام لیتے ہو؟ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہر دن میں لوگ خیرات حاصل کرتے۔ آپ فرماتے: اے لوگو! صبح آ کر اپنے عطیات لے جانا' صبح ہوتی' لوگ آتے تو وافر مقدار

فَتُقْسَمُ بَيْنَهُمْ قَالَ الْحَسَنُ: وَالْعَدُوُّ مَنْفِيٌّ، وَالْعَطِيَّاتُ دَارَّةٌ، وَذَاتُ الْبَيْنِ حَسَنٌ، وَالْخَيْرُ كَثِيرٌ، مَا عَلَى الْأَرْضِ مُؤْمِنٌ يَخَافُ مُؤْمِنًا، مَنْ لَقِيَ مِنْ أَيِّ الْأَحْيَاءِ كَانَ فَهُوَ أَخُوهُ وَمَوَدَّتُهُ وَنُصْرَتُهُ، وَالْفِتْنَةُ أَنْ يَسُلَّ عَلَيْهِ سَيْفًا

میں پاتے۔ پھر کہا جاتا: اے لوگو! صبح تمہارے لباس لینے کی باری ہے' عمدہ قسم کے لباس لائے جاتے اور ان کے درمیان تقسیم کر دیئے جاتے۔ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے فرمایا: دشمن ہر چیز کی نفی کرنے والا ہے حالانکہ عطیات گھومنے والے ہیں' آپس کے تعلقات خوبصورت ہیں' بھلائی کثیر ہے' روئے زمین پر کوئی ایک مؤمن دوسرے مؤمن سے ڈرنے والا نہیں' کسی بھی قبیلے سے تعلق رکھنے والا' جو بھی اس سے ملاقات کرے وہ اس کا بھائی ہے' اس کی محبت و نصرت اس کے ساتھ ہے۔ اور فتنہ یہ ہے کہ اس پر تلوار سونت لی جائے۔

130 - حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَجَبِيُّ، ثنا حَزْمُ بْنُ أَبِي حَزْمٍ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا بَكْرَةَ، يَقُولُ: لَأَنْ أَخِرَّ مِنَ السَّمَاءِ فَأَنْقَطِعَ، أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَكُونَ شَرِكْتُ فِي دَمِ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ابوالاسود فرماتے ہیں: میں نے ابوبکرہ کو فرماتے ہوئے سنا: آسمان سے گر کر اعضاء کا ٹوٹ جانا مجھے اس سے زیادہ پسند ہے کہ میں حضرت عثمان کے خون میں شرکت کروں۔

131 - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ أَبُو خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَجَبِيُّ، ثنا حَزْمٌ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، قَالَ: سَمِعْتُ طَلِيقَ بْنَ خَشَّافٍ، يَقُولُ: وَفَدْنَا إِلَى الْمَدِينَةِ لِنَنْظُرَ فِيمَ قُتِلَ عُثْمَانُ، فَلَمَّا قَدِمْنَا مَرَّ مِنَّا بَعْضٌ إِلَى عَلِيٍّ، وَبَعْضٌ إِلَى الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، وَبَعْضٌ إِلَى أُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِينَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُنَّ، فَانْطَلَقْتُ حَتَّى أَتَيْتُ عَائِشَةَ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهَا فَرَدَّتِ السَّلَامَ،

حضرت ابوالاسود فرماتے ہیں: میں نے طلیق بن خشاف کو کہتے ہوئے سنا: ہم بصورتِ وفد مدینے آئے یہ دیکھنے کے لیے کہ کس چیز کی پاداش میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا' پس جب ہم مدینہ پہنچے تو ہم میں سے کچھ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی طرف سے' کچھ امام حسین رضی اللہ عنہ کی طرف سے اور کچھ اُمہات المؤمنین کی طرف سے ہو کر گزرے' میں چلتے ہوئے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آیا' میں نے ان کو

سن عثمان ووفاته رضی الله عنه

131- أخرج نحوه البخاری فی التاریخ الصغیر جلد1صفحه95 رقم الحدیث: 384 .

فَقَالَتْ: وَمَنِ الرَّجُلُ؟ قُلْتُ: مِنْ اَهْلِ الْبَصْرَةِ، فَقَالَتْ: مِنْ اَيِّ اَهْلِ الْبَصْرَةِ؟ قُلْتُ: مِنْ بَكْرِ بْنِ وَائِلٍ، قَالَتْ: مِنْ اَيِّ بَكْرِ بْنِ وَائِلٍ؟ قُلْتُ: مِنْ بَنِي قَيْسِ بْنِ ثَعْلَبَةَ قَالَتْ: اَمِنْ اَهْلِ فُلَانٍ؟ فَقُلْتُ لَهَا: يَا اُمَّ الْمُؤْمِنِينَ، فِيمَ قُتِلَ عُثْمَانُ اَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ؟ قَالَتْ: قُتِلَ وَاللّٰهِ مَظْلُومًا، لَعَنَ اللّٰهُ قَتَلَتَهُ، قَادَ اللّٰهُ ابْنَ اَبِي بَكْرٍ بِهِ، وَسَاقَ اللّٰهُ اِلَى اَعْيُنِ بَنِي تَمِيمٍ هَوَانًا فِي بَيْتِهِ، وَاَهْرَاقَ اللّٰهُ دِمَاءَ بَنِي بُدَيْلٍ عَلَى ضَلَالَةٍ، وَسَاقَ اللّٰهُ اِلَى الْاَشْتَرِ سَهْمًا مِنْ سِهَامِهِ ، فَوَاللّٰهِ مَا مِنَ الْقَوْمِ رَجُلٌ اِلَّا اَصَابَتْهُ دَعْوَتُهَا

خدمت میں سلام پیش کیا' اُنہوں نے جواب لوٹایا اور فرمایا: کون آدمی ہے؟ میں نے عرض کی: ایک بصری ہوں' فرمایا: بصرہ کے کس قبیلے سے؟ عرض کی: بکر بن وائل' فرمایا: بنی بکر کی کس شاخ سے؟ عرض کی: قیس بن ثعلبہ' فرمایا: کیا تُو فلاں لوگوں سے ہے؟ میں نے ان سے عرض کی: اے مؤمنوں کی ماں! کس بات میں امیرالمؤمنین حضرت عثمان کی شہادت ہوئی؟ فرمایا: قسم ہے اللہ کی! انتہائی مظلومیت کی حالت میں انہیں شہید کیا گیا' آپ رضی اللہ عنہ کے قاتلوں پر اللہ لعنت کرے! ابن ابوبکر سے اللہ اس کا قصاص لے' اللہ بنی تمیم کی آنکھوں کی طرف اپنے گھر میں ذلت کی چکی چلائے' اللہ بنی بدیل کا خون گمراہی پر بہا دے اور اشتر کی طرف اپنے تیروں میں سے ایک تیر بھیجے۔ قسم بخدا! اس گروہ میں سے ایک بھی ایسا آدمی نہ تھا جس کو آپ رضی اللہ عنہا کی بددعا نہ لگی ہو۔

132 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا الْفَضْلُ بْنُ زِيَادٍ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنِ ابْنِ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ اَنَّ عَامَّةَ الرَّكْبِ الَّذِينَ سَارُوا اِلَى عُثْمَانَ جُنُّوا

بریدہ بن ابوحبیب سے روایت ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو شہید کرنے کی غرض سے جو قافلے چلے' ان میں سے اکثر مرض جنون کا شکار ہوئے۔

133 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، ثنا عَاصِمُ بْنُ اَبِي النَّجُودِ، عَنْ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، قَالَ: لَقِيَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ الْوَلِيدَ بْنَ عُقْبَةَ فَقَالَ: مَا لِي اَرَاكَ قَدْ جَفَوْتَ اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ؟

حضرت شقیق بن سلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف الولید بن عقبہ رضی اللہ عنہ سے ملے' آپ نے فرمایا: مجھے کیا ہے کہ آپ حضرت امیرالمؤمنین عثمان سے بے وفائی کرتے ہیں؟ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف نے فرمایا: میں نے ان کو بتایا کہ میں

فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَبْلِغْهُ اَنِّى لَمْ اَتَخَلَّفْ عَنْ بَدْرٍ، فَخُبِّرَ بِذَلِكَ عُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ: اَمَّا قَوْلُهُ اِنِّى لَمْ اَتَخَلَّفْ عَنْ بَدْرٍ، فَاِنِّى كُنْتُ اُمَرِّضُ رُقَيَّةَ بِنْتَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى مَاتَتْ وَلَقَدْ ضَرَبَ لِى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَهْمٍ، وَمَنْ ضَرَبَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَهْمٍ فَقَدْ شَهِدَ

بدر کی جنگ میں پیچھے نہیں رہا تھا' یہ بات حضرت عثمان رضی اللہ عنہ تک پہنچی تو آپ نے فرمایا: میں بدر کی جنگ میں پیچھے نہیں رہا' میں ان دنوں حضرت رقیہ بنت رسول اللہ ﷺ کے پاس تھا کیونکہ آپ بیمار تھیں' آپ کا وصال ہوا تو حضور ﷺ نے میرے لیے حصہ رکھا تھا' جس کے لیے رسول اللہ ﷺ نے حصہ رکھا' وہ شریک ہوا ہے۔

134 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِى شَيْبَةَ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، انا الْعَوَّامُ بْنُ حَوْشَبٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ جُمْهَانَ، عَنْ سَفِينَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْخِلَافَةُ بَعْدِى فِى اُمَّتِى ثَلَاثُونَ سَنَةً، قَالَ: فَحَسِبْنَا، فَوَجَدْنَا: اَبُو بَكْرٍ سَنَتَيْنِ وَعُمَرُ عَشْرٍ، وَعُثْمَانُ اثْنَتَى عَشْرَةَ، وَعَلِيٌّ سِتٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری اُمت میں خلافت تیس سال رہے گی۔ حضرت سفینہ فرماتے ہیں: ہم نے شمار کیا تو حضرت ابوبکر کی خلافت دو سال' حضرت عمر کی دس سال' حضرت عثمان کی بارہ سال' حضرت علی کی چھ سال تھی۔

135 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِى مُوسَى الْاَنْطَاكِىُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ كَعْبٍ الْحَلَبِىُّ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ، وَعَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِى عَبْدِ اللّٰهِ الْاَشْعَرِىِّ،

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ لوگ خیال کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا ہے: لوگوں میں عنقریب ایمان لانے کے بعد کفر آئے گا۔ آپ نے فرمایا: ہاں! لیکن تُو ان میں شامل نہیں۔

134- اخرج نحوه الترمذى فى سننه جلد 4 صفحه 503 رقم الحديث: 2226' وذكر نحوه النسائى فى السنن الكبرى جلد 5 صفحه 47 رقم الحديث: 8155' وذكره أحمد فى مسنده جلد 5 صفحه 221 رقم الحديث: 21978 كلهم عن سعيد بن جمهان عن سفينة به .

135- اخرج نحوه البخارى فى التاريخ الصغير جلد 1 صفحه 60 رقم الحديث: 226' وأبو عاصم الشيبانى فى الديات جلد 1 صفحه 19' وذكره أبو بكر الشيبانى فى الآحاد والمثانى جلد 1 صفحه 129 رقم الحديث: 141' جلد 4 صفحه 81 رقم الحديث: 2037 كلهم عن أبى عبد الله الأشعرى عن أبى الدرداء .

عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قُلْتُ: یَا رَسُولَ اللّٰهِ زَعَمُوا اَنَّكَ قُلْتَ: سَیَكْفُرُ قَوْمٌ بَعْدَ اِیمَانِهِمْ، قَالَ: اَجَلْ، وَلَسْتَ مِنْهُمْ فَتُوُفِّیَ اَبُو الدَّرْدَاءِ قَبْلَ قَتْلِ عُثْمَانَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

حضرت ابوالدرداء کا وصال حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت سے پہلے ہوا۔

136 - حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ عَلِیٍّ السِّیرِینِیُّ، حَدَّثَنَا بَكَّارُ بْنُ مُحَمَّدٍ السِّیرِینِیُّ، ثنا ابْنُ عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِیرِینَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ اَوْسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: عُثْمَانُ ذُو النُّورَیْنِ قُتِلَ مَظْلُومًا

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ کو ظلماً شہید کیا گیا۔

137 - حَدَّثَنَا عُبَیْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِی شَیْبَةَ، ثنا اَبُو اُسَامَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِیرِینَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ اَوْسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: اَبُو بَكْرٍ الصِّدِّیقُ اَصَبْتُمْ، اسْمُهُ عُمَرُ قَرْنٌ مِنْ حَدِیدٍ، عُثْمَانُ ذُو النُّورَیْنِ اَصَبْتُمُ اسْمَهُ، قُتِلَ مَظْلُومًا اُوتِیَ كِفْلَیْنِ مِنَ الْاَجْرِ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے کہا: ابوبکر! تم نے صدیق نام پالیا۔ حضرت عمر کا نام تھا کہ آپ لوہے سے بھی زیادہ سخت تھے، عثمان ذوالنورین نے اپنا نام پالیا، آپ کو ظلماً قتل کیا گیا، آپ کو دگنا اجر دیا گیا۔

138 - حَدَّثَنَا عُبَیْدُ بْنُ غَنَّامٍ، حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِی شَیْبَةَ، ثنا اَبُو مُعَاوِیَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ، یَقُولُ حِینَ بُویِعَ لِعُثْمَانَ: مَا اَلَوْنَا عَنْ اَعْلَاهَا ذَا فُوقٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس وقت حضرت عثمان کی بیعت کی گئی، ہم نے اوپر سے ذرہ برابر بھی کمی نہیں کی۔

139 - حَدَّثَنَا عُبَیْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِی شَیْبَةَ، ثنا اَبُو مُعَاوِیَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ بِشْرٍ، عَنْ اِسْمَاعِیلَ بْنِ اَبِی خَالِدٍ، عَنْ حَكِیمِ بْنِ جَابِرٍ، قَالَ:

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس وقت حضرت عثمان کی بیعت کی گئی، ہم نے اوپر سے ذرہ برابر بھی کمی نہیں کی۔

سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ، يَقُولُ حِينَ بُويِعَ لِعُثْمَانَ: مَا آلَوْنَا عَنْ اَعْلَاهَا ذَا فُوقٍ

140 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِلَالٍ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ سَيْفٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَكُونُ بَعْدِي اثْنَا عَشَرَ خَلِيفَةً: اَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ لَا يَلْبَثُ اِلَّا قَلِيلًا، وَصَاحِبُ رَحَى دَارَةِ الْعَرَبِ يَعِيشُ حَمِيدًا، وَيُقْتَلُ شَهِيدًا ، فَقَالَ رَجُلٌ: مَنْ هُوَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ ثُمَّ الْتَفَتَ اِلَى عُثْمَانَ فَقَالَ: وَاَنْتَ سَيَسْاَلُكَ النَّاسُ اَنْ تَخْلَعَ قَمِيصًا كَسَاكَ اللّٰهُ اِيَّاهُ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَئِنْ خَلَعْتَهُ لَا تَدْخُلُ الْجَنَّةَ حَتَّى يَلِجَ الْجَمَلُ فِي سَمِّ الْخِيَاطِ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ میرے بعد بارہ خلیفہ ہوں گے ابوبکر کی مدتِ خلافت کم ہو گی، عرب کے گھر والے باعزت طریقے سے رہیں گے اور حالتِ شہادت میں وصال کرے گا۔ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! کون ہیں؟ آپ نے فرمایا: وہ عمر بن خطاب ہیں۔ پھر آپ حضرت عثمان کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: عنقریب آپ سے لوگ اس قمیص کو اُتارنا چاہیں گے جو اللہ نے آپ کو پہنائی ہے، اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! اگر آپ نے خلافت کا لباس اتار دیا تو جنت میں داخل نہیں ہو گا یہاں تک کہ اونٹ سوئی کے ناکے میں داخل ہو۔

141 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا بَشَّارُ بْنُ مُوسَى الْخَفَّافُ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ زِيَادٍ الْبُرْجُمِيُّ، اِمَامُ مَسْجِدِ مُحَمَّدِ بْنِ وَاسِعٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ النَّضْرِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: خَرَجَ عُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مُهَاجِرًا اِلَى اَرْضِ الْحَبَشَةِ وَمَعَهُ رُقَيَّةُ بِنْتُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاحْتَبَسَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَبَرُهُمْ، وَكَانَ يَخْرُجُ يَتَوَكَّفُ عَنْهُمُ الْخَبَرَ فَجَاءَتْهُ امْرَاَةٌ فَاَخْبَرَتْهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان حبشہ کی طرف ہجرت کرنے کے لیے نکلے، آپ کے ساتھ حضرت رقیہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تھیں، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس کچھ عرصہ ان کی خبر نہ آئی، ان کی خبر حاصل کرنے کے لیے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بذاتِ خود نکلے۔ ایک عورت آئی، اس نے آپ کو خبر دی، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: عثمان پہلا ہے جس نے اپنے گھر والوں کے ساتھ ہجرت کی ہے حضرت لوط علیہ السلام کے بعد۔

لـلّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ عُثْمَانَ اَوَّلُ مَنْ هَاجَرَ إِلَى اللّٰهِ بِأَهْلِهِ بَعْدَ لُوطٍ

142 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، ثنا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ، عَنْ إِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا بَعَثَ عُثْمَانَ إِلَى اَهْلِ مَكَّةَ فَبَايَعَ اَصْحَابُهُ بَيْعَةَ الرِّضْوَانِ، بَايَعَ لِعُثْمَانَ بِإِحْدَى يَدَيْهِ عَلَى الْاُخْرَى، فَقَالَ النَّاسُ: هَنِيئًا لِاَبِي عَبْدِ اللّٰهِ يَطُوفُ بِالْبَيْتِ آمِنًا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ مَكَثَ كَذَا وَكَذَا مَا طَافَ حَتَّى اَطُوفَ

حضرت ایاس بن سلمہ بن اکوع اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو مکہ والوں کی طرف بھیجا تو آپ کے صحابہ نے آپ سے بیعت رضوان کی' آپ نے حضرت عثمان کی طرف بیعت کی' اپنا ایک ہاتھ دوسرے ہاتھ پر رکھا' لوگوں نے کہا: ابوعبداللہ کے لیے خوشخبری ہے! وہ سکون سے طواف کعبہ کر رہے ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر عثمان اتنی اتنی دیر کھڑا رہے' وہ میرے آنے تک طواف نہیں کرے گا۔

وَمَا اَسْنَدَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

وہ حدیثیں جو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے منقول ہیں

143 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِئُ، ثنا كَهْمَسُ بْنُ الْحَسَنِ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، قَالَ: قَالَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَهُوَ يَخْطُبُ عَلَى الْمِنْبَرِ: إِنِّي مُحَدِّثُكُمْ بِحَدِيثٍ سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ يَمْنَعُنِي اَنْ اُحَدِّثَكُمْ إِلَّا الضِّنُّ بِكُمْ، سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب آپ منبر پر جمعہ کا خطبہ دے رہے تھے' فرمایا: میں تم کو وہ حدیث بیان کروں جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے! مجھے یہ حدیث بیان کرنے سے رکاوٹ تم سے کنجوسی ہی ہوگی' میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اللہ کی راہ میں ایک رات نگہبانی کرنا افضل

143- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد 2 صفحه 91 رقم الحديث: 2426' واحمد في مسنده جلد 1 صفحه 61 رقم الحديث: 433' جلد 1 صفحه 64 رقم الحديث: 463 .

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُولُ: حَرَسُ لَیْلَۃٍ فِی سَبِیلِ اللّٰہِ، اَفْضَلُ مِنْ اَلْفِ لَیْلَۃٍ یُقَامُ لَیْلُھَا وَیُصَامُ نَھَارُھَا

ہے اس ہزار رات سے جس میں قیام کیا جائے اور اس کے دن میں روزہ رکھا جائے۔

144 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاھِیمَ الدَّبَرِیُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ اَبِی حَازِمٍ، عَنْ سَھْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: نَاشَدَ عُثْمَانُ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ النَّاسَ یَوْمًا، فَقَالَ: اَتَعْلَمُونَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صَعِدَ اُحُدًا، وَاَبُو بَکْرٍ، وَعُمَرُ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا، وَاَنَا فَارْتَجَّ اُحُدٌ وَعَلَیْہِ مُحَمَّدٌ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ، وَاَبُو بَکْرٍ، وَعُمَرُ، وَعُثْمَانُ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمْ، فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: اثْبُتْ اُحُدُ مَا عَلَیْکَ اِلَّا نَبِیٌّ وَصِدِّیقٌ وَشَھِیدَانِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان نے ایک دن لوگوں سے قسم لی' فرمایا: کیا تم جانتے ہو کہ حضور ﷺ اُحد پہاڑ پر تشریف فرما تھے آپ کے ساتھ حضرت ابوبکر' عمر اور میں تھا' اُحد پہاڑ خوشی سے جھومنے لگا۔ آپ نے فرمایا: اُحد (تجھ پر) محمد ﷺ' ابوبکر و عمر و عثمان رضی اللہ عنہم تشریف فرما ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اُحد ٹھہرو! تجھ پر ایک نبی اور ایک صدیق اور دو شہید ہیں۔

145 - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاھِیمَ، ثنا حُرَیْثُ بْنُ السَّائِبِ، ثنا الْحَسَنُ، عَنْ حُمْرَانَ بْنِ اَبَانَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: کُلُّ شَیْءٍ فَضَلَ عَنْ ظِلِّ بَیْتٍ، وَجُرْفِ الْخُبْزِ، وَثَوْبٍ یُوَارِی عَوْرَۃَ الرَّجُلِ- اَوْ قَالَ: عَوْرَۃَ ابْنِ آدَمَ - وَکُلُّ شَیْءٍ فَضَلَ عَنْ ذَا لَمْ یَکُنْ لِابْنِ آدَمَ فِیہِ حَقٌّ

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہر شی گھر کے سایہ سے زیادہ ہوتی ہے' روٹی کا ٹکڑا' کپڑا آدمی کی شرمگاہ چھپانے کے لیے' یا فرمایا: انسان کی شرمگاہ چھپانے کے لیے' انسان کے لیے فالتو شی میں کوئی حق نہیں ہے۔

146 - حَدَّثَنَا الْحُسَیْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِیُّ، ثنا عَلِیُّ بْنُ بَحْرٍ، ثنا قَتَادَۃُ بْنُ الْفُضَیْلِ بْنِ قَتَادَۃَ الرَّھَاوِیُّ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰہِ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِی عَمْرَۃَ الْاَنْصَارِیَّ یُحَدِّثُ، عَنْ اَبِیہِ،

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے نمازِ عشاء باجماعت پڑھی اس کو ساری رات قیام کرنے کا ثواب ملے گا' جس نے نمازِ فجر باجماعت پڑھی اس کو

146- اخرج نحوہ مسلم فی صحیحہ جلد **1** صفحہ **454** رقم الحدیث: **656**' وذکر ابن حبان فی صحیحہ جلد **5** صفحہ **408** رقم الحدیث: **2060** کلاھما عن عثمان بن عفان بہ' وانظر شرح النووی علی صحیح مسلم جلد **6** صفحہ **66**.

عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ صَلَّى الْعِشَاءَ الْآخِرَةَ فِي جَمَاعَةٍ فَكَأَنَّمَا صَلَّى اللَّيْلَ كُلَّهُ، وَمَنْ صَلَّى الْغَدَاةَ فِي جَمَاعَةٍ فَكَأَنَّمَا صَلَّى النَّهَارَ كُلَّهُ

سارا دن نماز پڑھنے کا ثواب ملے گا۔

147 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَا ثنا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى زَحْمَوَيْهِ، ثنا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سُوقَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ - وَكَانَ قَلِيلَ الْحَدِيثِ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَوَضَّأَ كَمَا أُمِرَ، وَصَلَّى كَمَا أُمِرَ، خَرَجَ مِنْ ذُنُوبِهِ كَمَا وَلَدَتْهُ أُمُّهُ

حضرت عمرو بن میمون رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ حضور ﷺ کی حدیث بہت کم بیان کرتے تھے۔ آپ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے وضو کیا جس طرح اللہ نے حکم دیا اور نماز پڑھی جس طرح پڑھنے کا حق ہے تو اس کے گناہ اس طرح معاف ہوں گے جس طرح آج ہی اس کی ماں نے اس کو جنا ہے۔

نِسْبَةُ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ شَهِدَ بَدْرًا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ هَاشِمِ بْنِ عَبْدِ مَنَافِ بْنِ قُصَيِّ بْنِ كِلَابِ بْنِ مُرَّةَ بْنِ كَعْبِ بْنِ لُؤَيِّ بْنِ غَالِبِ بْنِ فِهْرِ بْنِ مَالِكٍ

حضرت علی رضی اللہ عنہ کا نسب (آپ بدر میں شریک ہوئے تھے) علی بن ابوطالب بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبد مناف بن قصی بن کلاب بن مرہ بن کعب بن لؤی بن غالب بن فہر بن مالک ہے

يُكْنَى اَبَا الْحَسَنِ

148 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، قَالَ: بَلَغَنِي بَنُو هَاشِمٍ: اَنَّ اَبَا طَالِبٍ اسْمُهُ: عَبْدُ مَنَافِ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، وَعَبْدُ الْمُطَّلِبِ اسْمُهُ: شَيْبَةُ بْنُ هَاشِمٍ، وَهَاشِمٌ اسْمُهُ: عَمْرُو بْنُ عَبْدِ مَنَافِ بْنِ قُصَيٍّ، وَقُصَيٌّ اسْمُهُ: زَيْدٌ

149 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اَحْمَدَ الْخُزَاعِيُّ الْمَكِّيُّ، ثنا الزُّبَيْرُ بْنُ بَكَّارٍ، قَالَ: اُمُّ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: فَاطِمَةُ بِنْتُ اَسَدِ بْنِ هَاشِمِ بْنِ عَبْدِ مَنَافِ بْنِ قُصَيٍّ، وَيُقَالُ: اِنَّهَا اَوَّلُ هَاشِمِيَّةٍ وَلَدَتْ لِهَاشِمِيٍّ، وَقَدْ اَسْلَمَتْ، وَهَاجَرَتْ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَدِينَةِ، وَمَاتَتْ، وَدَفَنَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاُمُّهَا فَاطِمَةُ بِنْتُ هَرِمِ بْنِ رَوَاحَةَ بْنِ حُجْرِ بْنِ عَبْدِ مُعْرِضِ بْنِ عَامِرِ بْنِ لُؤَيٍّ

آپ کی کنیت ابوالحسن ہے

حضرت امام عبداللہ بن احمد بن حنبل فرماتے ہیں کہ مجھے میرے والد نے بیان کیا کہ حضرت ابوطالب کا نام عبدمناف بن عبدالمطلب ہے اور حضرت عبدالمطلب کا نام شیبہ بن ہاشم ہے اور حضرت ہاشم کا نام عمرو بن عبدمناف بن قصی اور قصی کا نام زید ہے۔

حضرت زبیر بن بکار فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی والدہ کا نام فاطمہ بنت اسد بن ہاشم بن عبدمناف بن قصی ہے۔ کہا جاتا ہے: یہ پہلی ہاشمی عورت تھی جن کے ہاں ہاشمی پیدا ہوا ہے' آپ اسلام لائی تھیں' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مدینہ کی طرف ہجرت کی اور مدینہ میں آپ کا وصال ہوا' آپ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دفن کیا' حضرت فاطمہ کی والدہ کا نام فاطمہ بنت ہرم بن رواحہ بن حجر بن عبدمعرض بن عامر بن لؤی ہے۔

صِفَةُ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

150 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا يُونُسُ بْنُ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، قَالَ: رَاَيْتُ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ لِي اَبِي: يَا عَمْرُو فَانْظُرْ اِلَى اَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ فَلَمْ اَرَهُ خَضَبَ لِحْيَتَهُ، ضَخْمَ الرَّاْسِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ کا حلیہ مبارک

حضرت ابواسحاق فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو دیکھا' میرے والد نے مجھے کہا: اے عمرو! امیرالمؤمنین کو دیکھو! میں نے آپ کی داڑھی پر خضاب نہیں دیکھا' آپ کا سرانور بڑا تھا۔

151 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ،

حضرت ابواسحاق فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت

عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ، قَالَ: رَاَیْتُ عَلِیًّا رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَبْیَضَ الرَّاْسِ وَاللِّحْیَةِ، وَعَلَیْهِ اِزَارٌ وَرِدَاءٌ

علی رضی اللہ عنہ کو دیکھا' آپ کے سر اور داڑھی کے بال سفید تھے' آپ نے تہبند پہنا ہوا تھا اور چادر لی ہوئی تھی۔

152 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ، ثنا یُوسُفُ بْنُ یَعْقُوبَ الصَّفَّارُ، ثنا حَمْدُ بْنُ خَالِدٍ الْخَیَّاطُ، عَنِ ابْنِ اَبِی ذِئْبٍ، عَنْ سُفْیَانَ الثَّوْرِیِّ، عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ، قَالَ: رَاَیْتُ عَلِیًّا رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَلَی الْمِنبَرِ اَبْیَضَ الرَّاْسِ وَاللِّحْیَةِ

حضرت ابواسحاق فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو منبر پر دیکھا' آپ کے سر اور داڑھی کے بال سفید تھے۔

153 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِیمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ اِسْرَائِیلَ، قَالَ: اَخْبَرَنِی اَبُو اِسْحَاقَ، قَالَ: خَرَجْتُ مَعَ اَبِی اِلَی الْجُمُعَةِ وَاَنَا غُلَامٌ، فَلَمَّا خَرَجَ عَلِیٌّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فَصَعِدَ الْمِنبَرَ، قَالَ لِی اَبِی: قُمْ اَیْ عَمْرُو فَانْظُرْ اِلَی اَمِیرِ الْمُؤْمِنِینَ، قَالَ: فَقُمْتُ، فَاِذَا هُوَ قَائِمٌ عَلَی الْمِنبَرِ، فَاِذَا هُوَ اَبْیَضُ اللِّحْیَةِ وَالرَّاْسِ، عَلَیْهِ اِزَارٌ وَرِدَاءٌ لَیْسَ عَلَیْهِ قَمِیصٌ قَالَ: فَمَا رَاَیْتُهُ جَلَسَ عَلَی الْمِنبَرِ حَتّٰی نَزَلَ عَنْهُ، قُلْنَا لِاَبِی اِسْحَاقَ: فَهَلْ قَنَتَ؟ قَالَ: لَا

حضرت ابواسحاق فرماتے ہیں کہ میں اپنے والد کے ساتھ جمعہ پڑھنے کے لیے نکلا' میں بچہ تھا' جب حضرت علی رضی اللہ عنہ نکلے تو آپ منبر پر جلوہ افروز ہوئے' میرے والد نے مجھے کہا: اے عمرو! اُٹھو! امیر المؤمنین کو دیکھو! میں کھڑا ہوا تو آپ منبر پر تشریف فرما تھے' آپ کی داڑھی اور سر کے بال سفید تھے' آپ نے تہبند اور چادر پہنی ہوئی تھی اور چادر اوپر لی ہوئی تھی' آپ نے قمیص نہیں پہنی تھی' میں نے آپ کو منبر سے نیچے اُترنے تک دیکھا تو میں نے ابواسحاق سے عرض کی: کیا آپ نے قنوت پڑھی؟ فرمایا: نہیں!

154 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِیمَ الدَّبَرِیُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ وَکِیعِ بْنِ الْجَرَّاحِ، قَالَ: اَخْبَرَنِی شَرِیكٌ، عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ، اَنَّ عَلِیًّا رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ لَمَّا تَزَوَّجَ فَاطِمَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا، قَالَتْ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: زَوَّجْتَنِیهِ اُعَیْمِشَ عَظِیمَ الْبَطْنِ، فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ:

حضرت ابواسحاق فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے جب حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے شادی کی تو حضرت سیدہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے میری شادی بڑے پیٹ والے سے کی ہے! حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں نے آپ کی شادی ایسے صحابی سے کی ہے جو سب سے پہلے اسلام لائے

لَقَدْ زَوَّجْتُكِهِ وَإِنَّهُ لَأَوَّلُ أَصْحَابِي سِلْمًا، وَأَكْثَرُهُمْ عِلْمًا، وَأَعْظَمُهُمْ حِلْمًا

تھے ان کے پاس علم بھی زیادہ ہے اور بردباری بھی بڑی ہے۔

155 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، ح وَحَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ أَبِي الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ الْمِصْرِيُّ، قَالَا: ثنا أَبُو صَالِحٍ الْحَرَّانِيُّ، قَالَ: قَالَ وَكِيعٌ: كِلَاهُمَا عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، قَالَ: رَأَيْتُ عَلِيًّا رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ عَلَى الْمِنْبَرِ أَبْيَضَ اللِّحْيَةِ قَدْ مَلَأَتْ مَا بَيْنَ مَنْكِبَيْهِ زَادَ يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ فِي حَدِيثِهِ: عَلَى رَأْسِهِ زُغَيْبَاتٌ

حضرت شعبی فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو منبر پر دیکھا' آپ کی داڑھی کے بال سفید تھے' دونوں کندھوں کے درمیان گوشت تھا۔ یحییٰ بن سعید نے اپنی حدیث میں اضافہ کیا ہے کہ آپ کے سر کے بال زیادہ تھے۔

الْقَبْرَ اَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ، وَعَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ، وَابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُمْ، وَدُفِنَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا انْصَرَفَ النَّاسُ قَالَتْ فَاطِمَةُ لِعَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ: يَا اَبَا الْحَسَنِ، دَفَنْتُمْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالَتْ فَاطِمَةُ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهَا: كَيْفَ طَابَتْ اَنْفُسُكُمْ اَنْ تَحْثُوا التُّرَابَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ اَمَا كَانَ فِي صُدُورِكُمْ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّحْمَةُ، اَمَا كَانَ مُعَلِّمَ الْخَيْرِ؟ قَالَ: بَلَى يَا فَاطِمَةُ، وَلَكِنْ اَمْرُ اللّٰهِ الَّذِي لَا مَرَدَّ لَهُ. فَجَعَلَتْ تَبْكِي وَتَنْدُبُ، وَهِيَ تَقُولُ: يَا اَبَتَاهُ، الْآنَ انْقَطَعَ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ، وَكَانَ جِبْرِيلُ يَاْتِينَا بِالْوَحْيِ مِنَ السَّمَاءِ

والے ہیں اور سب سے پہلے آپ کی سفارش قیامت کے دن قبول کی جائے گی۔ آپ نے فرمایا: میرے رب کیلئے حمد ہے! حضرت جبرائیل علیہ السلام نے عرض کی: اے میرے محبوب! آپ مجھ سے کس چیز کا سوال کرتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: میں کہتا ہوں کہ جو مجھے غم ہے وہی تجھے لگ جائے! میرے بعد قرآن کے قاریوں کیلئے کون ہوگا؟ میرے بعد رمضان شریف کا روزہ رکھنے والوں کیلئے کون ہوگا؟ میرے بعد بیت اللہ شریف کا حج کرنے والوں کیلئے کون ہوگا؟ میرے بعد میری صوفی اُمتیوں کیلئے کون ہوگا؟ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے عرض کی: اے اللہ کے حبیب ﷺ! میں آپ کو بشارت دیتا ہوں کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: تمام انبیاء پر جنت کا داخلہ ممنوع ہے گا یہاں تک کہ آپ اور آپ کی اُمت جنت میں داخل ہو جائے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اب میں خوش ہو گیا ہوں' اب اے ملک الموت! وہ کام کرو جس کا تجھے حکم دیا گیا ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! جب آپ کا وصال ہو جائے تو آپ کو غسل کون دے؟ آپ کو کس چیز میں کفن دیا جائے؟ آپ پر نمازِ جنازہ کون پڑھائے؟ آپ کو قبر میں کون اُتارے؟ تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اے علی! آپ مجھے غسل دینا' حضرت فضل بن عباس پانی ڈالے اور تمہارے ساتھ تیسرے حضرت جبرائیل ہوں گے اور جب تم مجھے غسل دے کر فارغ ہو جاؤ تو مجھے تین کپڑوں میں کفن دینا'

حضرت جبرائیل علیہ السلام جنت سے حنوط لائیں گے' جب تم مجھے چارپائی پر رکھو تو مجھے مسجد میں رکھ دینا اور میرے پاس سے نکل جانا' کیونکہ سب سے پہلے مجھ پر میرا رب اپنے عرش کے اوپر سے درود بھیجے گا پھر جبرائیل' پھر میکائیل' پھر اسرافیل' پھر گروہ در گروہ تمام ملائکہ پھر تم داخل ہونا اور صف در صف کھڑے ہو جانا' کوئی آدمی مجھ پر آگے نہ بڑھے۔ تو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: آج جدائی کا دن ہے' میں آپ سے کب ملوں گی؟ آپ نے انہیں فرمایا: اے میری بیٹی! تُو مجھ سے قیامت کے دن حوضِ کوثر پر ملے گی' جبکہ میں اپنی اُمت میں سے حوض پر آنے والے ہر ایک کو جامِ کوثر پلا رہا ہوں گا۔ آپ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! اگر وہاں آپ سے ملاقات نہ ہو سکی (تو کہاں ملوں)؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم مجھ سے میزان کے پاس ملنا جبکہ میں اپنے اُمتیوں کی سفارش کر رہا ہوں گا۔ انہوں نے عرض کی: اگر وہاں آپ سے ملاقات نہ ہو سکی؟ تو آپ نے فرمایا: تم مجھ سے پل صراط پر ملنا جبکہ میں اپنے رب سے دعا کر رہا ہوں گا کہ اے میرے رب! میری اُمت کو جہنم سے سلامتی عطا فرما۔ ملک الموت قریب ہوئے جبکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روح قبض کر رہے تھے' جب روح گھٹنوں تک پہنچی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''اَوِہ'' یعنی ٹھنڈی سانس لی' پس جب روح ناف تک پہنچی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نداء دی: ''واکرباہ'' (موت کی سختی!) تو حضرت فاطمہ رضی

اللہ عنہا نے عرض کی: موت کی کڑواہٹ کتنی سخت ہے۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اپنا چہرہ دوسری طرف کر لیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے جبرائیل! کیا میری طرف دیکھنا پسند نہیں کر رہے ہو؟ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے کہا: اے میرے محبوب! کس کو طاقت ہے کہ اس وقت آپ کی طرف دیکھے جبکہ آپ پر سکرات کا عالم طاری ہے؟ پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انتقال ہو گیا تو حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے آپ کو غسل دیا اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے آپ پر پانی ڈالا جبکہ جبرائیل علیہ السلام ان کے ساتھ تھے' تین نئے کپڑوں کو آپ کو کفن دیا گیا' آپ کو چارپائی پر رکھا گیا' پھر آپ کو مسجد میں لے جا کر رکھ دیا گیا' لوگ آپ کے پاس سے نکل گئے' سب سے پہلے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے رب نے اپنے عرش کے اوپر سے آپ پر درود پڑھا' پھر جبرائیل' پھر میکائیل' پھر اسرافیل' پھر گروہ در گروہ تمام ملائکہ نے درود پڑھا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مسجد میں ہم نے ہلکی ہلکی آواز تو سنی لیکن کوئی آدمی نہیں دیکھا' ہم نے ھاتف غیبی کے نعرے سنے اور وہ کہہ رہے تھے: داخل ہو جاؤ! اللہ تم پر رحم کرے اور اپنے نبی پر درود پڑھو۔ پس ہم داخل ہوئے' صفوں کی صورت میں کھڑے ہو گئے جس طرح رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حکم دیا تھا' پس ہم نے جبرائیل کی تکبیر کے ساتھ تکبیر کہی اور جبرائیل علیہ السلام کی صلوٰۃ کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

پر صلوٰۃ پڑھی' ہم میں سے کوئی آدمی بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر آگے نہیں بڑھا' حضرت ابوبکر' حضرت علی ابن ابی طالب اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم قبر میں داخل ہوئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دفن کر دیا گیا۔ ہاں جب لوگ واپس ہوئے تو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے حضرت علی رضی اللہ عنہا سے کہا: اے ابوالحسن! کیا تم نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دفن کر دیا؟ انہوں نے کہا: ہاں! حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے کہا: تمہارے دلوں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر مٹی ڈالنا کیسے گوارا کیا؟ کیا تمہارے دلوں میں ان کے لیے رحم موجود نہ تھا؟ کیا وہ بھلائی سکھانے والے نہ تھے؟ انہوں نے کہا: اے فاطمہ! کیوں نہیں (ساری چیزیں تھیں) لیکن اللہ کا حکم ٹالا تو نہیں جا سکتا' آپ نے رونا شروع کیا اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صفات گنوائیں' آپ کی زبان پر یہ الفاظ تھے: اے میرے باپ! اب جبرائیل کا آنا بند ہو گیا حالانکہ وہ آسمان سے وحی لے کر آیا کرتے تھے۔

2611 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَنَّاطُ الرَّامَهُرْمُزِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ رُشْدِ بْنِ خَيْثَمٍ الْهِلَالِيُّ، ثنا عَمِّي سَعِيدُ بْنُ خَيْثَمٍ، ثنا مُسْلِمٌ الْمُلَائِيُّ، عَنْ حَبَّةَ الْعُرَنِيِّ وَاَبِي الْبَخْتَرِيِّ، عَنْ سَلْمَانَ، قَالَ: كُنَّا حَوْلَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَاءَتْ اُمُّ اَيْمَنَ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَقَدْ ضَلَّ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ. قَالَ: وَذٰلِكَ رَادَّ النَّهَارِ، يَقُولُ: ارْتِفَاعَ النَّهَارِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اردگرد تھے' حضرت اُم ایمن تشریف لائیں' عرض کرنے لگیں: یارسول اللہ! حسن و حسین گم ہو گئے ہیں۔ حضرت سلمان نے فرمایا: دن کا اوّل حصہ تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اُٹھو! میرے بیٹوں کو تلاش کرو۔ ہر ایک آدمی نے ایک آدمی ساتھ لے کر تلاش کرنا شروع کر دیا' میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ چلا' آپ تلاش کرتے رہے یہاں تک کہ پہاڑ

قُومُوا فَاطْلُبُوا ابْنَيَّ . قَالَ: وَاَخَذَ كُلُّ رَجُلٍ تُجَاهَ وَجْهِهِ، وَاَخَذْتُ نَحْوَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ يَزَلْ حَتَّى اَتَى سَفْحَ جَبَلٍ، وَاِذَا الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا مُلْتَزِقٌ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا صَاحِبَهُ، وَاِذَا شُجَاعٌ قَائِمٌ عَلَى ذَنَبِهِ، يَخْرُجُ مِنْ فِيهِ شِبْهُ النَّارِ، فَاَسْرَعَ اِلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَالْتَفَتَ مُخَاطِبًا لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ انْسَابَ فَدَخَلَ بَعْضَ الْاَحْجِرَةِ، ثُمَّ اَتَاهُمَا فَافَرَقَ بَيْنَهُمَا وَمَسَحَ وَجْهَهُمَا، وَقَالَ: بِاَبِي وَاُمِّي اَنْتُمَا مَا اَكْرَمَكُمَا عَلَى اللّٰهِ . ثُمَّ حَمَلَ اَحَدَهُمَا عَلَى عَاتِقِهِ الْاَيْمَنِ، وَالْآخَرَ عَلَى عَاتِقِهِ الْاَيْسَرِ، فَقُلْتُ: طُوبَاكُمَا، نِعْمَ الْمَطِيَّةُ مَطِيَّتُكُمَا. فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَنِعْمَ الرَّاكِبَانِ هُمَا، وَاَبُوهُمَا خَيْرٌ مِنْهُمَا

کے دامن میں آئے' وہاں حضرت امام حسن و حسین دونوں آپس میں ایک دوسرے سے چمٹ کر بیٹھے تھے' ایک سانپ اپنی دُم پر کھڑا تھا' اس کے منہ سے آگ کے شعلے نکل رہے تھے۔ حضورﷺ جلدی سے آگے بڑھے' وہ سانپ رسول اللہﷺ کی طرف متوجہ ہوا' پھر کسی سوراخ میں داخل ہو گیا' پھر حضورﷺ دونوں کے پاس آئے' دونوں کو ایک دوسرے سے الگ کیا' دونوں کے چہروں کو صاف کیا' فرمایا: میرے ماں باپ قربان! تم دونوں اللہ کے ہاں عزت والے ہو! پھر دونوں میں سے ایک کو دائیں کندھے پر اور دوسرے کو بائیں کندھے پر سوار کیا' میں نے کہا: دونوں کے لیے خوشخبری! تم دونوں کی سواری بہت اچھی ہے۔ حضورﷺ نے فرمایا: دونوں سوار بھی بہت اچھے ہیں' ان دونوں کے ماں باپ دونوں سے افضل ہیں۔

2612 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيُّهَا النَّاسُ اِنِّي تَارِكٌ فِيكُمْ مَا اِنْ اَخَذْتُمْ بِهِ لَنْ تَضِلُّوا بَعْدِي اَمْرَيْنِ، اَحَدُهُمَا اَكْبَرُ مِنَ الْآخَرِ: كِتَابَ اللّٰهِ، حَبْلٌ مَمْدُودٌ مَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ، وَعِتْرَتِي اَهْلَ بَيْتِي، وَاِنَّهُمَا لَنْ يَفْتَرِقَا حَتَّى يَرِدَا عَلَيَّ الْحَوْضَ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: اے لوگو! میں تمہیں چھوڑ کر جا رہا ہوں' تم نے اگر ان دونوں کو پکڑے رکھا تو میرے بعد گمراہ نہیں ہو گے' ان میں سے ایک قرآن پاک ہے یہ ایک رسّی ہے جس کی لمبائی زمین و آسمان کے درمیان ہے اور میری اہل بیت' یہ دونوں کبھی ایک دوسرے سے جدا نہیں ہوں گے یہاں تک کہ دونوں مل کر میرے پاس حوض پر آئیں گے۔

2613 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ مرفوعاً بیان کرتے

الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ صَالِحٍ، ثنا صَالِحُ بْنُ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ، رَفَعَهُ، قَالَ: كَاَنِّي قَدْ دُعِيتُ فَاَجَبْتُ فَاِنِّي تَارِكٌ فِيكُمُ الثَّقَلَيْنِ: كِتَابَ اللّٰهِ، حَبْلٌ مَمْدُودٌ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ، وَعِتْرَتِي اَهْلَ بَيْتِي، وَاَنَّهُمَا لَنْ يَفْتَرِقَا حَتَّى يَرِدَا عَلَيَّ الْحَوْضَ، فَانْظُرُوا كَيْفَ تَخْلُفُونِي فِيهِمَا

ہیں کہ آپ نے فرمایا: گویا مجھے بلاوا آیا تو میں نے پسند کیا کیونکہ میں تم میں دو بھاری چیزیں چھوڑ کر جا رہا ہوں' ایک قرآن پاک ہے' وہ ایک ایسی رسّی ہے جو آسمان و زمین کے درمیان بندھی ہوئی ہے اور میری اہل بیت' یہ دونوں کبھی ایک دوسرے سے جدا نہیں ہوں گے یہاں تک کہ میرے حوضِ کوثر پر دونوں ایک ساتھ میرے پاس آئیں گے' تم دیکھو کہ میرے بعد ان دونوں سے کیا سلوک کرتے ہو۔

2614 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا نَصْرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْوَشَّاءُ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْحَسَنِ الْاَنْمَاطِيُّ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّتِهِ يَوْمَ عَرَفَةَ وَهُوَ عَلَى نَاقَتِهِ الْقَصْوَاءِ، فَخَطَبَ، فَسَمِعْتُهُ وَهُوَ يَقُولُ: اَيُّهَا النَّاسُ، قَدْ تَرَكْتُ فِيكُمْ مَا اِنْ اَخَذْتُمْ بِهِ لَنْ تَضِلُّوا: كِتَابَ اللّٰهِ وَعِتْرَتِي اَهْلَ بَيْتِي

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو حجۃ الوداع کے موقع پر عرفہ کے دن قصواء اونٹنی پر خطبہ دیتے ہوئے دیکھا' آپ نے خطبہ دیا' میں نے آپ کو فرماتے ہوئے سنا: اے لوگو! میں تم میں وہ چیز چھوڑ کر جا رہا ہوں' اگر تم نے ان کے دامن کو پکڑے رکھا تو تم ہرگز گمراہ نہ ہو گے' وہ یہ ہیں: قرآن پاک اور میری اہل بیت۔

2615 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ حُمَيْدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُكَيْرٍ الْغَنَوِيُّ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّي لَكُمْ فَرَطٌ، وَاِنَّكُمْ وَارِدُونَ عَلَيَّ الْحَوْضَ، عَرْضُهُ مَا بَيْنَ صَنْعَاءَ اِلَى بُصْرَى، فِيهِ عَدَدُ الْكَوَاكِبِ مِنْ قِدْحَانِ الذَّهَبِ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں تمہارا انتظار کروں گا' تم میرے حوض پر آؤ گے' اس کی چوڑائی صنعاء سے لے کر بصریٰ تک ہے' اس میں سونے اور چاندی کے برتن' ستاروں کی تعداد کے برابر ہوں گے' تم دیکھو کہ میرے بعد ان دونوں بھاری چیزوں سے کیا سلوک کرتے ہو۔ ایک آدمی کھڑا ہوا' اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ

2614- اخرجه الترمذى فى سننه جلد5صفحه662 رقم الحديث: 3786 عن جعفر بن محمد عن أبيه عن جابر به .

وَالْفِضَّةِ، فَانْظُرُوا كَيْفَ تَخْلُفُونِي فِي الثَّقَلَيْنِ؟ فَقَامَ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَمَا الثَّقَلَانِ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْاَكْبَرُ كِتَابُ اللّٰهِ، سَبَبٌ طَرَفُهُ بِيَدِ اللّٰهِ، وَطَرَفُهُ بِاَيْدِيكُمْ، فَتَمَسَّكُوا بِهِ لَنْ تَزَالُوا، وَلَنْ تَضِلُّوا، وَالْاَصْغَرُ عِتْرَتِي، وَاِنَّهُمَا لَنْ يَفْتَرِقَا حَتَّى يَرِدَا عَلَيَّ الْحَوْضَ، وَسَاَلْتُ لَهُمَا ذَاكَ رَبِّي، فَلَا تَقْدُمُوهُمَا فَتَهْلِكُوا، وَلَا تُعَلِّمُوهُمَا؛ فَاِنَّهُمَا اَعْلَمُ مِنْكُمْ

دونوں بھاری چیزیں کیا ہیں؟ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ایک بڑی ہے وہ قرآن پاک ہے' اس کا ایک حصہ اللہ کے قبضۂ قدرت میں ہے اور ایک تمہارے پاس ہے' اسے مضبوطی سے پکڑے رکھو' ہمیشہ ہرگز گمراہ نہیں ہو گے' اور چھوٹی میری اولاد ہے' دونوں جدا نہیں ہوں گے' دونوں میرے حوض پر آئیں گے' میں نے دونوں کے لیے اپنے رب سے مانگا ہے' دونوں سے آگے نہ بڑھو ورنہ ہلاک ہو جاؤ گے' ان دونوں سے سیکھو کیونکہ دونوں تم سے زیادہ علم والے ہیں۔

2616 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُرْسٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْيَمَامِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ ابْنِ اَبِي نَجِيحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الْعَصْرِ، فَلَمَّا كَانَ فِي الرَّابِعَةِ اَقْبَلَ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ حَتَّى رَكِبَا عَلَى ظَهْرِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا سَلَّمَ وَضَعَهُمَا بَيْنَ يَدَيْهِ، وَاَقْبَلَ الْحُسَيْنُ، فَحَمَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَسَنَ عَلَى عَاتِقِهِ الْاَيْمَنِ، وَالْحُسَيْنَ عَلَى عَاتِقِهِ الْاَيْسَرِ، ثُمَّ قَالَ: اَيُّهَا النَّاسُ، اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ النَّاسِ جَدًّا وَجَدَّةً؟ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ النَّاسِ عَمًّا وَعَمَّةً؟ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ النَّاسِ خَالًا وَخَالَةً؟ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ النَّاسِ اَبًا وَاُمًّا؟ هُمَا الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ، جَدُّهُمَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نمازِ عصر پڑھا رہے تھے' جب چوتھی رکعت میں تھے تو حضرت امام حسن و حسین رضی اللہ عنہما تشریف لائے' دونوں حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پشت پر سوار ہوئے' جب حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سلام پھیرا' دونوں کو اپنے آگے رکھا' حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کو دائیں کندھے اور امام حسین رضی اللہ عنہ کو بائیں کندھے پر سوار کیا۔ پھر فرمایا: اے لوگو! کیا تمہیں لوگوں میں سب سے بہتر نانا اور نانی کے لحاظ سے ان کے متعلق نہ بتاؤں؟ کیا تمہیں لوگوں میں سے بہتر چچا اور پھوپھی کے لحاظ سے نہ بتاؤں؟ کیا تمہیں لوگوں میں سے بہتر خالہ اور خالو کے لحاظ سے نہ بتاؤں؟ کیا تمہیں لوگوں میں سے بہتر والدہ اور والد کے لحاظ سے نہ بتاؤں؟ وہ دونوں حسن و حسین ہیں' دونوں کے نانا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم' دونوں کی نانی خدیجہ بنت خویلد ہیں' دونوں کی والدہ

وَجَدَّتُهُمَا خَدِيجَةُ بِنْتُ خُوَيْلِدٍ، وَأُمُّهُمَا فَاطِمَةُ بِنْتُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَبُوهُمَا عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَعَمُّهُمَا جَعْفَرُ بْنُ أَبِي طَالِبٍ، وَعَمَّتُهُمَا أُمُّ هَانِءٍ بِنْتُ أَبِي طَالِبٍ، وَخَالُهُمَا الْقَاسِمُ بْنُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَخَالَاتُهُمَا زَيْنَبُ، وَرُقَيَّةُ، وَأُمُّ كُلْثُومٍ بَنَاتُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، جَدُّهُمَا فِي الْجَنَّةِ، وَأَبُوهُمَا فِي الْجَنَّةِ، وَعَمُّهُمَا فِي الْجَنَّةِ، وَعَمَّتُهُمَا فِي الْجَنَّةِ، وَخَالَاتُهُمَا فِي الْجَنَّةِ، وَهُمَا فِي الْجَنَّةِ، وَمَنْ أَحَبَّهُمَا فِي الْجَنَّةِ

فاطمہ بنت رسول اللہ ہیں' دونوں کے والد علی بن ابوطالب ہیں' دونوں کے خالو قاسم بن رسول اللہ ﷺ ہیں' دونوں کی خالہ زینب' رقیہ اور کلثوم' رسول اللہ ﷺ کی شہزادیاں ہیں' دونوں کے نانا نانی جنتی' دونوں کے والدین جنتی' دونوں کے چچا اور پھوپھی جنتی ہیں' دونوں کی خالہ جنتی' یہ دونوں جنتی' جو ان دونوں سے محبت کرے گا وہ بھی جنتی ہے۔

2617 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، وَزَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، قَالَا: ثنا نَصْرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْوَشَّاءُ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْحَسَنِ الْأَنْمَاطِيُّ، ثنا مَعْرُوفُ بْنُ خَرَّبُوذَ، عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ أَسِيدٍ الْغِفَارِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ، إِنِّي فَرَطٌ لَكُمْ، وَارِدُونَ عَلَيَّ الْحَوْضَ، حَوْضٌ أَعْرَضُ مَا بَيْنَ صَنْعَاءَ وَبُصْرَى، فِيهِ عَدَدُ النُّجُومِ قِدْحَانٌ مِنْ فِضَّةٍ، وَإِنِّي سَائِلُكُمْ حِينَ تَرِدُونَ عَلَيَّ عَنِ الثَّقَلَيْنِ، فَانْظُرُوا كَيْفَ تَخْلُفُونِي فِيهِمَا؟ السَّبَبُ الْأَكْبَرُ كِتَابُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، سَبَبٌ طَرَفُهُ بِيَدِ اللّٰهِ، وَطَرَفُهُ بِأَيْدِيكُمْ، فَاسْتَمْسِكُوا بِهِ، وَلَا تَضِلُّوا وَلَا تُبَدِّلُوا، وَعِتْرَتِي أَهْلُ بَيْتِي، فَإِنَّهُ قَدْ نَبَّأَنِي

حضرت حذیفہ بن اُسید غفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے لوگو! میں تمہارا حوض پر انتظار کروں گا' میرا حوض صنعاء سے لے کر بصریٰ تک چوڑا ہے' اس میں چاندی کے برتن ستاروں کی تعداد کے برابر ہیں' میں نے تمہارے لیے مانگے ہیں' جب تم میرے پاس حوض پر آؤ گے تو میں تم سے ان دو بھاری چیزوں کے بارے پوچھوں گا' تم دیکھو کہ میرے بعد ان دونوں کا کیا کرتے ہو؟ ایک بڑی ہے' وہ قرآن پاک ہے کہ اس کا ایک حصہ اللہ کے دستِ قدرت میں ہے اور دوسرا تمہارے پاس ہے' اسے مضبوطی سے پکڑے رکھو' تم نہ گمراہ ہو گے نہ تبدیل ہو گے اور میری اولاد میری اہل بیت ہے۔ مجھے لطیف الخبیر نے بتایا ہے کہ دونوں ایک دوسرے سے جدا نہ ہوں حتیٰ کہ دونوں ایک ساتھ میرے حوض پر پیش کیے

اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ أَنَّهُمَا لَنْ يَنْقَضِيَا حَتَّى يَرِدَا عَلَيَّ الْحَوْضَ

جائیں گے۔

2618 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي السَّوَّارِ الضُّبَعِيِّ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: رُفِعَ الْكِتَابُ، وَجَفَّ الْقَلَمُ، وَأُمُورٌ يُقْضَى فِي كِتَابٍ قَدْ خَلَا

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ کتاب اُٹھالی گئی ہے' قلم لکھ کر خشک ہو گیا ہے' جن اُمور کا فیصلہ کتاب میں ہے' وہ ہو چکے ہیں۔

2619 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ، عَنْ جَدَّتِهِ أَنَّ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ يَعْزِلُ عَنْهَا، وَكَانَتْ سَرِيَّتَهُ

حضرت علی بن حسن اپنی دادی جان سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما ان سے علیحدہ رہتے تھے' یہ ہی آپ کی سیرت تھی۔

2620 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ جَحْشٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ أَنَّهُ سُئِلَ عَنِ الْجُبْنِ، فَقَالَ: ضَعِ السِّكِّينَ، وَسَمِّ وَكُلْ

حضرت حسن بن علی' حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ سے پنیر کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: تُو چھری رکھ' اللہ کا نام لے اور کھا۔

2621 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو النُّعَيْمِ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَمَّارٍ الدُّهْنِيِّ، عَنْ أَبِي شُعْبَةَ، قَالَ: رَأَيْتُ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا طَافَا بَعْدَ الْعَصْرِ وَصَلَّيَا رَكْعَتَيْنِ

حضرت ابوشعبہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت امام حسن و حسین رضی اللہ عنہما کو دیکھا' دونوں نے عصر کے بعد طواف کیا اور دو رکعت برائے طواف پڑھے۔

2622 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمُنْذِرِ الطَّرِيقِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيدٍ الزَّيَّاتُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ أَبُو رَجَاءٍ الْحَبَطِيُّ التُّسْتَرِيُّ، ثنا شُعْبَةُ بْنُ الْحَجَّاجِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ أَنَّ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ سَأَلَ

حضرت حارث رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنے لختِ جگر امام حسن رضی اللہ عنہ سے مروّت کے متعلق پوچھا' فرمایا: اے میرے بیٹے! اس سے راہنمائی کیسے ہے؟ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے ابوجان! برائی کو نیکی سے

ابْنَهُ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنْ اَشْيَاءَ مِنْ اَمْرِ الْمُرُوءَةِ، فَقَالَ: يَا بُنَيَّ، مَا السَّدَادُ؟ قَالَ: يَا اَبَهْ، السَّدَادُ دَفْعُ الْمُنْكَرِ بِالْمَعْرُوفِ. قَالَ: فَمَا الشَّرَفُ؟ قَالَ: اصْطِنَاعُ الْعَشِيرَةِ، وَحَمْلُ الْجَرِيرَةِ، ومُوَافَقَةُ الْاِخْوَانِ، وَحِفْظُ الْجِيرَانِ. قَالَ: فَمَا الْمُرُوءَةُ؟ قَالَ: الْعَفَافُ، وَاِصْلَاحُ الْمَالِ. قَالَ: فَمَا الدِّقَّةُ؟ قَالَ: النَّظَرُ فِي الْيَسِيرِ، وَمَنْعُ الْحَقِيرِ. قَالَ: فَمَا اللُّومُ؟ قَالَ: اِحْرَازُ الْمَرْءِ نَفْسَهُ، وبَذْلُهُ عُرْسَهُ. قَالَ: فَمَا السَّمَاحَةُ؟ قَالَ: الْبَذْلُ مِنَ الْعَسِيرِ وَالْيَسِيرِ. قَالَ: فَمَا الشُّحُّ؟ قَالَ: اَنْ تَرَى مَا اَنْفَقْتَهُ تَلَفًا. قَالَ: فَمَا الْاِخَاءُ؟ قَالَ: الْمُوَاسَاةُ فِي الشِّدَّةِ وَالرَّخَاءِ. قَالَ: فَمَا الْجُبْنُ؟ قَالَ: الْجُرْاَةُ عَلَى الصَّدِيقِ، وَالنُّكُولُ عَنِ الْعَدُوِّ. قَالَ: فَمَا الْغَنِيمَةُ؟ قَالَ: الرَّغْبَةُ فِي التَّقْوَى، وَالزَّهَادَةُ فِي الدُّنْيَا هِيَ الْغَنِيمَةُ الْبَارِدَةُ. قَالَ: فَمَا الْحِلْمُ؟ قَالَ: كَظْمُ الْغَيْظِ، وَمِلْكُ النَّفْسِ. قَالَ: فَمَا الْغِنَى؟ قَالَ: رِضَى النَّفْسِ بِمَا قَسَمَ اللّٰهُ تَعَالَى لَهَا وَاِنْ قَلَّ، وَاِنَّمَا الْغِنَى غِنَى النَّفْسِ. قَالَ: فَمَا الْفَقْرُ؟ قَالَ: شَرَهُ النَّفْسِ فِي كُلِّ شَيْءٍ. قَالَ: فَمَا الْمَنَعَةُ؟ قَالَ: شِدَّةُ الْبَاسِ، ومُنَازَعَةُ اَعِزَّاءِ النَّاسِ. قَالَ: فَمَا الذُّلُّ؟ قَالَ: الْفَزَعُ عِنْدَ الْمَصْدُوقَةِ. قَالَ: فَمَا الْعِيُّ؟ قَالَ: الْعَبَثُ بِاللِّحْيَةِ، وَكَثْرَةُ الْبَزْقِ عِنْدَ الْمُخَاطَبَةِ. قَالَ: فَمَا الْجُرْاَةُ؟ قَالَ: مُوَافَقَةُ الْاَقْرَانِ. قَالَ: فَمَا الْكُلْفَةُ؟ قَالَ: كَلَامُكَ فِيمَا لَا يَعْنِيكَ. قَالَ: فَمَا الْمَجْدُ؟

دور کرنا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: عزت کیا ہے؟ حضرت امام حسن نے فرمایا: رشتے داروں سے اچھا سلوک کرنا' جرم اپنے سر لینا' بھائیوں کا خیال کرنا' پڑوسیوں کا خیال کرنا۔ حضرت علی نے فرمایا: مروّۃ کیا ہے؟ حضرت امام حسن نے عرض کی: پاکیزہ رہنا' لوگوں کے مال کی اصلاح کرنا۔ حضرت علی نے فرمایا: باریکی کیا ہے؟ حضرت امام حسن نے عرض کی: تھوڑے کو دیکھنا' حقیر شی دینے سے روکنا۔ حضرت علی نے فرمایا: شرمندگی کیا ہے؟ حضرت امام حسن نے عرض کی: آدمی کا اپنے آپ کو بچانا اور اپنی خوشی کو خرچ کرنا۔ حضرت علی نے فرمایا: درگذر کیا ہے؟ حضرت امام حسن نے عرض کی: تنگی اور آسانی میں خرچ کرنا۔ حضرت علی نے فرمایا: کنجوسی کیا ہے؟ حضرت امام حسن نے عرض کی: خرچ کیے ہوئے مال کو ضائع خیال کرنا۔ حضرت علی نے فرمایا: بھائی چارہ کیا ہے؟ حضرت امام حسن نے عرض کی: خوشحالی اور تنگدستی میں غمگساری کرنا۔ حضرت علی نے فرمایا: بزدلی کیا ہے؟ حضرت امام حسن نے عرض کی: دوست پر جرأت کرنا اور دشمن کو چھوڑنا۔ حضرت علی نے فرمایا: غنیمت کیا ہے؟ حضرت امام حسن نے عرض کی: تقویٰ کی کوشش کرنا' دنیا سے بے رغبتی کرنا' یہ ہی ٹھنڈی غنیمت ہے۔ حضرت علی نے فرمایا: بردباری کیا ہے؟ حضرت امام حسن نے عرض کی: غصہ پینا اور نفس قابو میں رکھنا۔ حضرت علی نے فرمایا: غناء کیا ہے؟ حضرت امام حسن نے عرض کی: جو اللہ نے اس کے لیے

قَالَ: اَنْ تُعْطِيَ فِي الْغُرْمِ، وَتَعْفُوَ عَنِ الْجُرْمِ. قَالَ: فَمَا الْعَقْلُ؟ قَالَ: حِفْظُ الْقَلْبِ كُلَّمَا اسْتَوْعَيْتَهُ. قَالَ: فَمَا الْخُرْقُ؟ قَالَ: مُعَازَتُكَ اِمَامَكَ، وَرَفْعُكَ عَلَيْهِ كَلَامَكَ. قَالَ: فَمَا حُسْنُ الثَّنَاءِ؟ قَالَ: اِتْيَانُ الْجَمِيلِ وَتَرْكُ الْقَبِيحِ. قَالَ: فَمَا الْحَزْمُ؟ قَالَ: طُولُ الْاَنَاةِ، وَالرِّفْقُ بِالْوُلَاةِ. قَالَ: فَمَا السَّفَهُ؟ قَالَ: اتِّبَاعُ الدُّنَاءَةِ، وَمُصَاحَبَةُ الْغُوَاةِ. قَالَ: فَمَا الْغَفْلَةُ؟ قَالَ: تَرْكُكَ الْمَسْجِدَ، وَطَاعَتُكَ الْمُفْسِدَ. قَالَ: فَمَا الْحِرْمَانُ؟ قَالَ: تَرْكُكَ حَظَّكَ وَقَدْ عُرِضَ عَلَيْكَ. قَالَ: فَمَا الْمُفْسِدُ؟ قَالَ: الْاَحْمَقُ فِي مَالِهِ، الْمُتَهَاوِنُ فِي عِرْضِهِ. ثُمَّ قَالَ عَلِيٌّ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا فَقْرَ اَشَدُّ مِنَ الْجَهْلِ، وَلَا مَالَ اَعْوَدُ مِنَ الْعَقْلِ، وَلَا وَحْدَةَ اَوْحَشُ مِنَ الْعُجْبِ، وَلَا اسْتِظْهَارَ اَوْفَقُ مِنَ الْمُشَاوَرَةِ، وَلَا عَقْلَ كَالتَّدْبِيرِ، وَلَا حَسَبَ كَحُسْنِ الْخُلُقِ، وَلَا وَرَعَ كَالْكَفِّ، وَلَا عِبَادَةَ كَالتَّفَكُّرِ، وَلَا اِيمَانَ كَالْحَيَاءِ وَالصَّبْرِ، وَآفَةُ الْحَدِيثِ الْكَذِبُ، وَآفَةُ الْعِلْمِ النِّسْيَانُ، وَآفَةُ الْحِلْمِ السَّفَهُ، وَآفَةُ الْعِبَادَةِ الْفَتْرَةُ، وَآفَةُ الظَّرْفِ الصَّلَفُ، وَآفَةُ الشَّجَاعَةِ الْبَغْيُ، وَآفَةُ السَّمَاحَةِ الْمَنُّ، وَآفَةُ الْجَمَالِ الْخُيَلَاءُ، وَآفَةُ الْحَسَبِ الْفَخْرُ. يَا بُنَيَّ، لَا تَسْتَخِفَّنَّ بِرَجُلٍ تَرَاهُ اَبَدًا، فَاِنْ كَانَ خَيْرًا مِنْكَ فَاحْسَبْ اَنَّهُ اَبُوكَ، وَاِنْ كَانَ مِثْلَكَ فَهُوَ اَخُوكَ، وَاِنْ كَانَ اَصْغَرَ مِنْكَ فَاحْسَبْ اَنَّهُ ابْنُكَ. قَالَ اَبُو الْقَاسِمِ: لَمْ يَرْوِ

تقسیم کے وقت لکھا ہے اگرچہ تھوڑا ہے اس پر خوش ہوجانا یہ دل کا غنی ہونا ہے۔ حضرت علی نے فرمایا: فقر کیا ہے؟ حضرت امام حسن نے عرض کی: ہر شی میں نفس کا لالچ کرنا۔ حضرت علی نے فرمایا: روکنا یا دفاع وحفاظت کرنا کیا ہے؟ حضرت امام حسن نے عرض کی: مصیبت کا سخت ہونا اور لوگوں کے قریبی رشتہ داروں سے جھگڑنا۔ حضرت علی نے فرمایا: ذلت کیا ہے؟ حضرت امام حسن نے عرض کی: صدقہ دیتے وقت پریشان ہونا۔ حضرت علی نے فرمایا: فضول کیا ہے؟ حضرت امام حسن نے عرض کی: داڑھی سے کھیلنا اور کسی سے بات کرتے وقت کثرت سے تھوکنا۔ حضرت علی نے فرمایا: جرات کیا ہے؟ حضرت امام حسن نے عرض کی: ہم عصروں کی موافقت کرنا۔ حضرت علی نے فرمایا: کلفت کیا ہے؟ حضرت حسن نے عرض کی: لایعنی گفتگو کرنا۔ حضرت علی نے فرمایا: بزرگی کیا ہے؟ حضرت امام حسن نے عرض کی: چٹی میں دینا اور جرم معاف کرنا۔ حضرت علی نے فرمایا: عقل کیا ہے؟ حضرت امام حسن نے عرض کی: دل کا حفاظت کرنا جب بھی تو یاد کرے۔ حضرت علی نے فرمایا: جہالت و بے وقوفی کیا ہے؟ حضرت امام حسن نے عرض کی: آپ کے امام کی عزت نہ کی جائے اور اس پر اونچی گفتگو کی جائے۔ حضرت علی نے فرمایا: اچھی تعریف کیا ہے؟ حضرت امام حسن نے عرض کی: بُری باتوں کو چھوڑنا اور اچھی باتیں اپنانا۔ حضرت علی نے فرمایا: احتیاط کیا ہے؟ حضرت حسن نے عرض کی: ہمیشہ کا

بقیۃ اخبار الحسن بن علی رضی اللہ عنہما

هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ أَبُو رَجَاءٍ الْحَبَطِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ عُثْمَانُ بْنُ سَعِيدٍ الزَّيَّاتُ، وَلَا يُرْوَى، عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

دیکار اور بردباری کی اُمید کرنا اور حاکموں سے نرمی کرنا۔ حضرت علی نے فرمایا: بیوقوفی کیا ہے؟ حضرت امام حسن نے عرض کی: کمینگی کی اتباع کرنا' گمراہ کو دوست بنانا۔ حضرت علی نے فرمایا: غفلت کیا ہے؟ اور حضرت امام حسن نے عرض کی: مسجد کو چھوڑنا اور فسادی آدمی کی اطاعت کرنا۔ حضرت علی نے فرمایا: حرمان کیا ہے؟ حضرت امام حسن نے عرض کی: جب اس کو اس کا حصہ دیا جائے تو وہ چھوڑ دے۔ حضرت علی نے فرمایا: کون کیا ہے؟ حضرت امام حسن نے عرض کی: اپنے مال میں حماقت کرنے والا' اپنی عزت میں سستی کرنے والا۔ پھر حضرت علی نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جہالت سے زیادہ کوئی محتاجی نہیں' عقل سے زیادہ نفع بخش کوئی مال نہیں' اکیلے رہنے سے زیادہ وحشت ہوتی ہے' مشاورت سے زیادہ کوئی غلبہ نہیں ہے' تدبیر جیسی کوئی عقل نہیں ہے' حسن خلق جیسا حسب نہیں ہے' گناہوں سے روکنے جیسے تقویٰ نہیں ہے' تفکر جیسی کوئی عبادت نہیں ہے' حیاء وصبر جیسا کوئی ایمان نہیں ہے' بات کی آفت جھوٹ ہے' علم کی آفت بھولنا ہے' بردباری کی آفت بیوقوفی ہے' عبادت کی آفت تھکنا' برتن کی آفت تنگ ہونا' شجاعت کی آفت بغاوت ہے' نیکی کی آفت احسان جتانا ہے' خوبصورتی کی آفت تکبر ہے' حسب کی آفت فخر ہے' اے میرے بیٹے! کسی آدمی کو حقیر نہ جاننا' اگر وہ تجھ سے اچھا ہے تو سمجھنا وہ تیرا باپ ہے' اگر تیری طرح ہے تو وہ تیرا بھائی

ہے اگر تم سے چھوٹا ہے تو تیرا بیٹا ہے۔ امام طبرانی فرماتے ہیں: یہ حدیث شعبہ سے محمد بن عبداللہ ابورجاء حبطی روایت کرتے ہیں ان سے روایت کرنے میں عثمان بن سعید الزیات اکیلے ہیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

2623 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، حَدَّثَنَا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ نُسَيْرِ بْنِ ذُعْلُوقٍ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ عِيَاضٍ، قَالَ: سَاَلْتُ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنْ رَكْعَتَيِ الْجُمُعَةِ، فَقَالَ: هُمَا قَاضِيَتَانِ عَمَّا سِوَاهُمَا

حضرت مسلم بن عیاض فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہ سے جمعہ کی دو رکعتوں کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا: ان دونوں کو ضرور ادا کرنا ہے سوائے ان دو کے یعنی دو کے علاوہ باقی سنتیں ہیں فرض صرف دو ہیں۔

2624 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: كَانَ زِيَادٌ يَتَتَبَّعُ شِيعَةَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَيَقْتُلُهُمْ، فَبَلَغَ ذَلِكَ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ تَفَرَّدْ بِمَوْتِهِ، فَاِنَّ الْقَتْلَ كَفَّارَةٌ

حضرت حسن فرماتے ہیں کہ زیاد حضرت علی رضی اللہ عنہ سے محبت کرنے والوں کو تلاش کرتا انہیں مارتا۔ یہ بات حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما تک پہنچی تو آپ نے عرض کی: اے اللہ! اس کو اکیلے موت دے کیونکہ اس کا قتل کرنا ہی کفارہ ہے۔

2625 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَكَمِ بْنِ اَبِي زِيَادٍ، ثنا اَبُو اُسَامَةَ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَصَمِّ، عَنْ عَمِّهِ يَزِيدَ بْنِ الْاَصَمِّ، قَالَ: خَرَجْتُ مَعَ الْحَسَنِ، وَجَارِيَةٌ تَحُتُّ شَيْئًا مِنَ الْحِنَّاءِ عَنْ اَظْفَارِهِ، فَجَاءَتْهُ اِضْبَارَةٌ مِنْ كُتُبٍ، فَقَالَ: يَا جَارِيَةُ هَاتِ الْمِخْضَبَ. فَصَبَّ فِيهِ مَاءً، وَاَلْقَى الْكُتُبَ فِي الْمَاءِ، فَلَمْ يَفْتَحْ مِنْهَا شَيْئًا، وَلَمْ يَنْظُرْ اِلَيْهِ، فَقُلْتُ: يَا اَبَا مُحَمَّدٍ، مِمَّنْ هَذِهِ الْكُتُبُ؟ قَالَ:

حضرت یزید بن اصم فرماتے ہیں کہ میں حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کے ساتھ نکلا آپ کی لونڈی آپ کے ناخنوں سے مہندی اتار رہی تھی خطوط کا گٹھا آیا آپ نے فرمایا: اے لونڈی! یہ مہندی کا برتن لاؤ اور اس میں پانی ڈالو سارے خط پانی میں ڈالا آپ نے اس سے کوئی شی نہ کھولی اس کو دیکھا نہیں۔ میں نے عرض کی: اے ابومحمد! یہ خط کس کے ہیں؟ آپ نے فرمایا: عراق والوں کا ایسی قوم کا جو حق کی طرف نہیں لوٹتی ہے باطل سے پیچھے نہیں ہوتی مجھے اپنے اوپر کوئی خوف نہیں

مِنْ اَهْلِ الْعِرَاقِ، مِنْ قَوْمٍ لَا يَرْجِعُوْنَ اِلَى حَقٍّ، وَلَا يُقْصِرُوْنَ عَنْ بَاطِلٍ، اَمَا اِنِّي لَسْتُ اَخْشَاهُمْ عَلَى نَفْسِي، ولَكِنِّي اَخْشَاهُمْ عَلَى ذَلِكَ . وَاَشَارَ اِلَى الْحُسَيْنِ

ہے مجھے اس پر ان کا خوف ہے۔ آپ نے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی طرف اشارہ کیا۔

2626 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اَبُو اُسَامَةَ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ رَقَبَةَ بْنِ مَصْقَلَةَ، قَالَ: لَمَّا حُضِرَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: اَخْرِجُوْنِي اِلَى الصَّحْرَاءِ لَعَلِّي اَنْظُرُ فِي مَلَكُوتِ السَّمَاوَاتِ . يَعْنِي الْآيَاتِ، فَلَمَّا اُخْرِجَ بِهِ قَالَ: اللّٰهُمَّ اِنِّي اَحْتَسِبُ نَفْسِي عِنْدَكَ، فَاِنَّهَا اَعَزُّ الْاَنْفُسِ عَلَيَّ. وَكَانَ مِمَّا صَنَعَ اللّٰهُ لَهُ اَنَّهُ احْتَسَبَ نَفْسَهُ

حضرت رقبہ بن مصقلہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کی وفات کا وقت قریب آیا تو آپ نے فرمایا: مجھے میدان میں نکالو تاکہ میں آسمان کی بادشاہی کو دیکھوں یعنی نشانیاں دیکھوں۔ جب آپ کو نکالا گیا تو آپ نے یہ دعا کی: اے اللہ! میں اپنے کو تیرے پاس خیال کرتا ہوں تجھ سے ثواب حاصل کرتا ہوں کیونکہ یہ جان مجھ پر تمام جانوں سے زیادہ عزیز ہے۔ راوی کا بیان لگتا ہے: اور اللہ نے جو سلوک ان سے فرمایا وہ یہ کہ انہیں خوب خوب ثواب عطا فرمایا۔

2627 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ يَقُولُ: تُوُفِّيَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَهُوَ ابْنُ سَبْعٍ وَاَرْبَعِينَ

حضرت محمد بن عبداللہ بن نمیر فرماتے ہیں کہ حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کا وصال ہوا اُس وقت آپ کی عمر 47 سال تھی۔

2628 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ اَبِي بُكَيْرٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ حَفْصٍ اَنَّ سَعْدًا وَالْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا مَاتَا فِي زَمَنِ مُعَاوِيَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَيَرَوْنَ اَنَّهُ سَمَّهُ

حضرت ابوبکر بن حفص فرماتے ہیں کہ حضرت سعد اور امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کا وصال حضرت امیر معاویہ کے زمانہ میں ہوا یہ خیال کیا جاتا ہے کہ آپ کو زہر دیا گیا تھا۔

2629 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت عبداللہ بن نمیر فرماتے ہیں کہ حضرت امام

الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ يَقُولُ: تُوُفِّيَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ سَنَةَ تِسْعٍ وَاَرْبَعِينَ فِي شَهْرِ رَبِيعٍ الْاَوَّلِ

حسن بن علی رضی اللہ عنہما کا وصال ربیع الاوّل کے مہینے میں 49 ہجری کو ہوا۔

2630 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ الْمِصْرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: تُوُفِّيَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ سَنَةَ تِسْعٍ وَاَرْبَعِينَ، وَصَلَّى عَلَيْهِ سَعِيدُ بْنُ الْعَاصِ، وَكَانَ مَوْتُهُ بِالْمَدِينَةِ وَسِنُّهُ سِتٌّ اَوْ سَبْعٌ وَاَرْبَعُونَ

حضرت یحییٰ بن بکیر فرماتے ہیں کہ حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کا وصال 49 ہجری کو ہوا' آپ کا جنازہ حضرت سعید بن العاص نے پڑھا' آپ کا وصال مدینہ میں 46 یا 47 ہجری کو ہوا۔

2631 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ الطُّوسِيُّ، ثنا اَبُو اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ عَدَوِيَّةَ، حَدَّثَنِي شُرَحْبِيلُ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَاُخْرِجَ بِسَرِيرِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَاَرَادَ اَنْ يَدْفِنَهُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَخَافَ اَنْ يَمْنَعَهُ بَنُو اُمَيَّةَ، فَلَمَّا انْتَهَوْا بِهِ اِلَى الْمَسْجِدِ قَامَتْ بَنُو اُمَيَّةَ، فَقَامَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ، فَقَالَ: اِنِّي سَمِعْتُهُ يَقُولُ: اِنْ مَنَعُوكُمْ فَادْفِنُونِي مَعَ اُمِّي

حضرت شرحبیل فرماتے ہیں کہ میں حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما کے ساتھ تھا' حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کا جنازہ نکالا گیا' آپ کو حضور ﷺ کے ساتھ دفن کرنے کا ارادہ تھا' بنوامیہ کے منع کرنے کا خوف تھا' جب آپ کا جنازہ مسجد تک لے جایا گیا تو بنوامیہ کھڑے ہوئے' حضرت عبداللہ بن جعفر نے فرمایا: میں نے آپ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ اگر یہ مجھے یہاں دفن نہ کرنے دیں تو مجھے میری والدہ کے ساتھ دفن کر دینا۔

2632 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ بُنْدَارٌ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ الصَّبَّاحِ الْمِسْمَعِيُّ، ثنا عِمْرَانُ بْنُ حُدَيْرٍ، اَظُنُّهُ عَنْ اَبِي مِجْلَزٍ، قَالَ: قَالَ عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ وَالْمُغِيرَةُ بْنُ شُعْبَةَ لِمُعَاوِيَةَ: اِنَّ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ عَيِيٌّ، وَاِنَّ لَهُ كَلَامًا وَرَاْيًا، وَاِنَّهُ قَدْ عَلِمْنَا كَلَامَهُ، فَيَتَكَلَّمُ كَلَامًا

حضرت ابومجلز فرماتے ہیں کہ حضرت عمرو بن عاص اور مغیرہ بن شعبہ نے حضرت معاویہ سے کہا کہ حسن بن علی تھک گئے ہیں' ان کی بات اور رائے ہے' ہم ان کی گفتگو کو جانتے ہیں' ایسا کلام کیا' جیسا کلام پایا نہیں۔ حضرت امیر معاویہ نے کہا: ایسا نہ کرو' انہوں نے انکار کیا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ منبر پر چڑھے

فَلا يَجِدُ كَلامًا. فَقَالَ: لَا تَفْعَلُوا. فَأَبَوْا عَلَيْهِ، فَصَعِدَ عَمْرُو الْمِنْبَرَ، فَذَكَرَ عَلِيًّا وَوَقَعَ فِيهِ، ثُمَّ صَعِدَ الْمُغِيرَةُ بْنُ شُعْبَةَ، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ وَقَعَ فِي عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، ثُمَّ قِيلَ لِلْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ: اصْعَدْ، فَقَالَ: لَا أَصْعَدُ وَلَا أَتَكَلَّمُ حَتَّى تُعْطُونِي إِنْ قُلْتُ حَقًّا أَنْ تُصَدِّقُونِي، وَإِنْ قُلْتُ بَاطِلًا أَنْ تُكَذِّبُونِي. فَأَعْطَوْهُ، فَصَعِدَ الْمِنْبَرَ، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ، فَقَالَ: بِاللّٰهِ يَا عَمْرُو وَأَنْتَ يَا مُغِيرَةُ تَعْلَمَانِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَعَنَ اللّٰهُ السَّائِقَ وَالرَّاكِبَ أَحَدُهُمَا فُلَانٌ؟ قَالَا: اللّٰهُمَّ نَعَمْ بَلَى. قَالَ: أَنْشُدُكَ اللّٰهَ يَا مُعَاوِيَةُ وَيَا مُغِيرَةُ أَتَعْلَمَانِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ عَمْرًا بِكُلِّ قَافِيَةٍ قَالَهَا لَعْنَةً؟ قَالَا: اللّٰهُمَّ بَلَى. قَالَ: أَنْشُدُكَ اللّٰهَ يَا عَمْرُو وَأَنْتَ يَا مُعَاوِيَةُ بْنَ أَبِي سُفْيَانَ، أَتَعْلَمَانِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ قَوْمَ هَذَا؟ قَالَا: بَلَى. قَالَ الْحَسَنُ: فَإِنِّي أَحْمَدُ اللّٰهَ الَّذِي وَقَعْتُمْ فِيمَنْ تَبَرَّأَ مِنْ هَذَا. وَذَكَرَ الْحَدِيثَ

حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ذکر کیا اور اُتر گئے' حضرت مغیرہ بن شعبہ منبر پر چڑھے' اللہ کی حمد وثناء کی اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے متعلق گفتگو کی۔ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ سے عرض کی گئی: آپ چڑھیں! آپ نے فرمایا: نہ میں چڑھوں گا نہ گفتگو کروں گا یہاں کہ مجھے وعدہ دو کہ اگر میں حق کہوں گا تو میری تصدیق کرنا اور اگر حق نہ کہوں تو مجھے جھٹلانا۔ اُنہوں نے اقرار کیا تو آپ منبر پر تشریف فرما ہوئے' اللہ کی حمد وثناء کی' فرمایا: اے عمرو! اے مغیرہ! اللہ کی قسم! تم دونوں جانتے ہو کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ کی لعنت ہو آگے سے پکڑ کر چلائے اور سوار ہونے والے پر' ان میں سے ایک فلاں ہے؟ دونوں نے کہا: جی ہاں! کیوں نہیں! آپ نے فرمایا: اے امیر معاویہ! آپ کو اللہ کی قسم دیتا ہوں' اور اے مغیرہ! کیا تم دونوں جانتے ہو کہ حضور ﷺ نے عمر پر لعنت فرمائی ہے۔ دونوں نے کہا: جی ہاں! کیوں نہیں! آپ نے فرمایا: اے عمرو! اور اے معاویہ بن سفیان! تم دونوں کو قسم دیتا ہوں کہ کیا تم دونوں جانتے ہو؟ حضور ﷺ نے اس قوم پر لعنت فرمائی ہے' ان دونوں نے کہا: کیوں نہیں! حضرت امام حسن نے فرمایا: میں اللہ کی حمد کرتا ہوں جس نے تم کو اس میں مبتلا کیا ہے' جس سے میں بری ہوں۔

2633 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَوْنٍ السِّيرَافِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْوَاسِطِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَنَا حَرِيزُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف فرماتے ہیں کہ حضرت عمرو بن عاص اور ابوالاعور سلمی نے حضرت امیر معاویہ سے کہا: حسن بن علی تھکنے والا آدمی ہے۔

عَوْفٍ، قَالَ: قَالَ عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ وَاَبُو الْاَعْوَرِ السُّلَمِيُّ لِمُعَاوِيَةَ: اِنَّ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا رَجُلٌ عَيِيٌّ . فَقَالَ مُعَاوِيَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: لَا تَقُولَا ذٰلِكَ؛ فَاِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ تَفَلَ فِي فِيهِ، وَمَنْ تَفَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي فِيهِ فَلَيْسَ بِعَيِيٍّ . فَقَالَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَمَّا اَنْتَ يَا عَمْرُو فَاِنَّهُ تَنَازَعَ فِيكَ رَجُلَانِ، فَانْظُرْ اَيُّهُمَا اَبُوكَ، وَاَمَّا اَنْتَ يَا اَبَا الْاَعْوَرِ فَاِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ رِعْلًا وَذَكْوَانَ وَعَمْرَو بْنَ سُفْيَانَ

حضرت معاویہ نے کہا: دونوں ایسے نہ کہو کیونکہ حضور ﷺ نے آپ کے منہ میں لعابِ دہن ڈالا ہے اور جس کے منہ میں رسول اللہ ﷺ نے لعابِ دہن ڈالا ہو وہ تھکتا نہیں ہے۔ حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اے عمرو! آپ کے بارے دو آدمی جھگڑتے تھے' دیکھو ان دونوں میں آپ کا باپ کون ہے؟ اے ابواعور! حضور ﷺ نے قبیلہ رعل' ذکوان اور عمرو بن سفیان پر لعنت فرمائی ہے۔

وَمَا اَسْنَدَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہ کی روایت کردہ احادیث

عَائِشَةُ عَنِ الْحَسَنِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا' حضرت امام حسن سے روایت کرتی ہیں

2634 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدِ بْنِ بَشِيرٍ الرَّازِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ دَاوُدَ الْمُنْكَدِرِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ شَهْرَيَارَ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زُرَارَةَ الرَّقِّيُّ، قَالَا: ثنا ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ، حَدَّثَنِي اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عُقْبَةَ،

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے وتروں میں پڑھنے کے لیے یہ دعا سکھائی: ''اللّٰهم اهدنا فِيمَنْ هَدَيْتَ الى آخره''۔

2634- أخرج نحوه الحاكم في مستدركه جلد 3 صفحه 188 رقم الحديث: 4800' والطبراني في الأوسط جلد 4 صفحه 169 رقم الحديث: 3887 كلاهما عن عروة عن عائشة عن الحسن به .

عَنْ عَمِّهِ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: اَخْبَرَنِي الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: عَلَّمَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دُعَاءَ الْقُنُوتِ فِي الْوِتْرِ: اللّٰهُمَّ اهْدِنَا فِيمَنْ هَدَيْتَ، وَعَافِنَا فِيمَنْ عَافَيْتَ، وَتَوَلَّنَا فِيمَنْ تَوَلَّيْتَ، وَبَارِكْ لَنَا فِيمَا اَعْطَيْتَ، وَقِنَا شَرَّ مَا قَضَيْتَ؛ اِنَّكَ تَقْضِي وَلَا يُقْضَى عَلَيْكَ، وَاِنَّهُ لَا يَذِلُّ مَنْ وَالَيْتَ، تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ

اَبُو الْحَوْرَاءِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

حضرت ابوالحوراء حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں

2635 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ وَاضِحٍ الْعَسَّالُ الْمِصْرِيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، عَنْ اَبِي الْحَوْرَاءِ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: عَلَّمَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَقُولَ فِي الْوِتْرِ: اللّٰهُمَّ اهْدِنِي فِيمَنْ هَدَيْتَ، وَعَافِنِي فِيمَنْ عَافَيْتَ، وَتَوَلَّنِي فِيمَنْ تَوَلَّيْتَ، وَبَارِكْ لِي فِيمَا اَعْطَيْتَ، وَقِنِي شَرَّ مَا قَضَيْتَ؛ اِنَّكَ تَقْضِي وَلَا يُقْضَى عَلَيْكَ، اِنَّهُ لَا يَذِلُّ مَنْ وَالَيْتَ، وَلَا يَعِزُّ مَنْ عَادَيْتَ، تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے وتروں میں پڑھنے کے لیے یہ دعا سکھائی: ''اللّٰهم اهدنی فِيمَنْ هَدَيْتَ، الی آخرہ''۔

2636 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا الْحَكَمُ بْنُ مَرْوَانَ، ثنا اِسْرَائِيلُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، عَنْ اَبِي الْحَوْرَاءِ، قَالَ: قِيلَ لِلْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا: اَيَّ شَيْءٍ حَفِظْتَ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: مَا حَفِظْتُ مِنْهُ اِلَّا كَلِمَاتٍ اَقُولُهُنَّ فِي الْوِتْرِ: اللّٰهُمَّ اهْدِنِي فِيمَنْ هَدَيْتَ، وَعَافِنِي فِيمَنْ عَافَيْتَ، وَتَوَلَّنِي فِيمَنْ تَوَلَّيْتَ، وَبَارِكْ لِي فِيمَا اَعْطَيْتَ، وَقِنِي شَرَّ مَا قَضَيْتَ؛ اِنَّكَ تَقْضِي وَلَا يُقْضَى عَلَيْكَ، تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَيْتَ

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے وتروں میں پڑھنے کے لیے یہ دعا سکھائی: ''اللّٰھم اھدنی فِیمَنْ ھَدَیْتَ، الی آخرہ''۔

2637 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ حَكِيمٍ الْاَوْدِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، وَيَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالُوا: ثنا شَرِيكٌ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، عَنْ اَبِي الْحَوْرَاءِ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: عَلَّمَنِي جَدِّي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَلِمَاتٍ اَقُولُهُنَّ فِي الْوِتْرِ: اللّٰهُمَّ اهْدِنِي فِيمَنْ هَدَيْتَ، وَعَافِنِي فِيمَنْ عَافَيْتَ، وَبَارِكْ لِي فِيمَا اَعْطَيْتَ، وَقِنِي شَرَّ مَا قَضَيْتَ؛ اِنَّكَ تَقْضِي وَلَا يُقْضَى عَلَيْكَ، اِنَّهُ لَا يَذِلُّ مَنْ وَالَيْتَ، وَلَا يَعِزُّ مَنْ عَادَيْتَ، تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَيْتَ

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے وتروں میں پڑھنے کے لیے یہ دعا سکھائی: ''اے اللہ! مجھے بھی ان لوگوں میں ہدایت دے جن کو تُو نے ہدایت دی ہے جس کو تُو نے عافیت دی مجھے بھی ان میں عافیت دے' مجھے برکت دے' اس میں جو تُو نے مجھے عطا کیا ہے' جس تکلیف دینے کا تُو نے فیصلہ کیا' مجھے اس سے بچا' تو اپنی مرضی سے فیصلے کرتا ہے تیرے خلاف کوئی بھی فیصلہ نہیں کر سکتا ہے' کیونکہ جس کو تُو والی بنائے اسے کوئی ذلیل نہیں کر سکتا' جس کو تُو دشمن بنائے اسے کوئی عزت نہیں دے سکتا ہے' اے ہمارے رب! تُو برکت والا ہے اور تُو بلند و بالا ہے۔

2638 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، ثنا اَبُو اِسْحَاقَ،

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے وتروں میں پڑھنے کے لیے یہ

عَنْ بُرَيْدِ بنِ اَبِي مَرْيَمَ، عَنْ اَبِي الْحَوْرَاءِ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ قَالَ: عَلَّمَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَللّٰهُمَّ اهْدِنِي فِيمَنْ هَدَيْتَ، وَعَافِنِي فِيمَنْ عَافَيْتَ، وَتَوَلَّنِي فِيمَنْ تَوَلَّيْتَ، وَقِنِي شَرَّ مَا قَضَيْتَ؛ اِنَّكَ تَقْضِي وَلَا يُقْضَى عَلَيْكَ، لَا يَذِلُّ مَنْ وَالَيْتَ، وَلَا يَعِزُّ مَنْ عَادَيْتَ تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ

دعا سکھائی: ''اللّٰهم اهدنی فِیمَنْ هَدَیْتَ، الی آخرہ''۔

2639 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، عَنْ اَبِي الْحَوْرَاءِ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: عَلَّمَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَلِمَاتٍ اَقُولُهُنَّ فِي قُنُوتِ الْوِتْرِ: اَللّٰهُمَّ اهْدِنِي فِيمَنْ هَدَيْتَ، وَعَافِنِي فِيمَنْ عَافَيْتَ، وَتَوَلَّنِي فِيمَنْ تَوَلَّيْتَ، وَبَارِكْ لِي فِيمَا اَعْطَيْتَ، وَقِنِي شَرَّ مَا قَضَيْتَ؛ اِنَّكَ تَقْضِي وَلَا يُقْضَى عَلَيْكَ، اِنَّهُ لَا يَذِلُّ مَنْ وَالَيْتَ، وَلَا يَعِزُّ مَنْ عَادَيْتَ، تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَيْتَ

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے وتروں میں پڑھنے کے لیے یہ دعا سکھائی: ''اللّٰهم اهدنی فِیمَنْ هَدَیْتَ، الی آخرہ''۔

2640 - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ الطَّبَرَانِيُّ، ثنا اَبُو صَالِحٍ الْفَرَّاءُ، ثنا اَبُو اِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، عَنْ اَبِي الْحَوْرَاءِ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: عَلَّمَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَقُولَ هَؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ فِي الْوِتْرِ: اَللّٰهُمَّ اهْدِنِي فِيمَنْ هَدَيْتَ، وَعَافِنِي فِيمَنْ عَافَيْتَ، وَتَوَلَّنِي فِيمَنْ

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے وتروں میں پڑھنے کے لیے یہ دعا سکھائی: ''اللّٰهم اهدنی فِیمَنْ هَدَیْتَ، الی آخرہ''۔

تَوَلَّيْتَ، وَبَارِكْ لِي فِيمَا اَعْطَيْتَ، وَقِنِي شَرَّ مَا قَضَيْتَ، اِنَّكَ تَقْضِي وَلَا يُقْضَى عَلَيْكَ، وَلَا يَذِلُّ مَنْ وَالَيْتَ، تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَيْتَ

2641 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، اَنَا شُعْبَةُ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، عَنْ اَبِي الْحَوْرَاءِ، قَالَ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُولُ: عَلَّمَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَقُولَ فِي الْوِتْرِ: اللّٰهُمَّ اهْدِنِي فِيمَنْ هَدَيْتَ، وَتَوَلَّنِي فِيمَنْ تَوَلَّيْتَ، وَعَافِنِي فِيمَنْ عَافَيْتَ، وَبَارِكْ لِي فِيمَا اَعْطَيْتَ، وَقِنِي شَرَّ مَا قَضَيْتَ، اِنَّكَ تَقْضِي وَلَا يُقْضَى عَلَيْكَ، اِنَّهُ لَا يَذِلُّ مَنْ وَالَيْتَ، وَلَا يَعِزُّ مَنْ عَادَيْتَ، تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے مجھے وتروں میں پڑھنے کے لیے یہ دعا سکھائی: ''اللّٰھم اھدنی فِیمَنْ ھَدَیْتَ، الی آخرہ''۔

2642 - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ الطَّبَرَانِيُّ، ثنا اَبُو صَالِحٍ الْفَرَّاءُ، ثنا اَبُو اِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، عَنْ اَبِي الْحَوْرَاءِ، قَالَ: قُلْتُ لِلْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا: مِثْلُ مَنْ كُنْتَ فِي عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ وَمَا عَقَلْتَ عَنْهُ؟ قَالَ: عَقَلْتُ عَنْهُ اَنِّي سَمِعْتُهُ يَقُولُ: دَعْ مَا يَرِيبُكَ اِلَى مَا لَا يَرِيبُكَ، فَاِنَّ الشَّرَّ رِيبَةٌ، وَالْخَيْرَ طُمَاْنِينَةٌ، وَعَقَلْتُ عَنْهُ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسَ، وَكَلِمَاتٍ اَقُولُهُنَّ عِنْدَ انْقِضَائِهِنَّ، قَالَ: قُلِ: اللّٰهُمَّ اهْدِنِي فِيمَنْ هَدَيْتَ، وَعَافِنِي فِيمَنْ عَافَيْتَ، وَتَوَلَّنِي فِيمَنْ تَوَلَّيْتَ، وَبَارِكْ لِي فِيمَا اَعْطَيْتَ، وَقِنِي شَرَّ مَا

حضرت ابوحوراء فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے کہا: آپ کی مثل یعنی عمر رسول اللہﷺ کے زمانہ میں کس کے برابر تھی؟ آپ نے حضورﷺ سے کیا سمجھا؟ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں سمجھدار تھا' میں نے آپ کو فرماتے ہوئے سنا: جو شک میں ڈالے اس کو چھوڑ دے' جو نہ ڈالے اس کو اختیار کر کیونکہ شر ہی شک ہے اور نیکی میں طمانیت ہے' میں نے رسول اللہﷺ سے پانچ نمازیں سیکھیں اور نمازوں میں مانگی جانے والی دعائیں سیکھی ہیں' آپ نے فرمایا: ''اللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ الی آخرہ''۔ حضرت بریدہ بن ابومریم فرماتے ہیں کہ میں حضرت محمد بن علی کے پاس آیا گھاٹی میں' ان سے میں

قَضَيْتَ؛ اِنَّكَ تَقْضِي وَلَا يُقْضَى عَلَيْكَ، اِنَّهُ لَا يَذِلُّ مَنْ وَالَيْتَ، تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَيْتَ . قَالَ بُرَيْدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ: فَدَخَلْتُ عَلَى مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ فِي الشِّعْبِ، فَحَدَّثْتُهُ بِهَذَا الْحَدِيثِ، عَنْ اَبِي الْحَوْرَاءِ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ: صَدَقَ، هُنَّ كَلِمَاتٌ عَلَّمْنَاهُنَّ اَنْ نَقُولَهُنَّ فِي الْقُنُوتِ

نے یہ حدیث بیان کی۔ حضرت ابوالحوراء' حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے سچ فرمایا' وہ کلمات ہیں جو ہم نے سکھائے کہ ان کو وتروں میں پڑھیں۔

ابو الحوراء عن الحسن بن علی رضی اللہ عنہما

2643 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ، ثنا اَبُو اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، ثنا الْعَلَاءُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، عَنْ اَبِي الْحَوْرَاءِ، قَالَ: قُلْتُ لِلْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: مَا حَفِظْتَ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ: الصَّلَوَاتِ الْخَمْسَ

حضرت ابوالحوراء فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے عرض کی: آپ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کیا یاد کیا؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: پانچ نمازیں۔

2644 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ مُسَاوِرٍ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا عَفَّانُ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، عَنْ اَبِي الْحَوْرَاءِ، قَالَ: قُلْتُ لِلْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ: مَا تَذْكُرُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: اَذْكُرُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنِّي اَخَذْتُ تَمْرَةً مِنْ تَمْرِ الصَّدَقَةِ، فَجَعَلْتُهَا فِي فِيَّ، فَنَزَعَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلُعَابِهَا، فَجَعَلَهَا فِي التَّمْرِ، فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا عَلَيْكَ مِنْ هَذِهِ التَّمْرَةِ لِهَذَا الصَّبِيِّ؟ فَقَالَ: اِنَّا آلَ مُحَمَّدٍ لَا تَحِلُّ لَنَا الصَّدَقَةُ

حضرت ابوالحوراء فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے دریافت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حوالے سے آپ کو کوئی شی یاد ہے؟ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے یاد کیا کہ میں نے صدقے کی کھجوریں لیں' میں نے اپنے منہ میں رکھیں' تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کھجوروں کے لعاب سمیت ان کو نکال لیا۔ عرض کی گئی: یارسول اللہ! آپ نے بچہ کو یہ کھجور کھانے دیتی تھی؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہم آلِ محمد زکوٰۃ نہیں کھاتے ہیں۔

2645 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ

حضرت ابوحوراء فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت

2645- اخرجه الترمذي في سننه جلد4صفحه668 رقم الحديث: 2518' والدارمي في سننه جلد 2صفحه319 رقم الحديث: 2532' واحمد في مسنده جلد1صفحه200 رقم الحديث: 1723 .

الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُمَارَةَ، حَدَّثَنِي بُرَيْدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، عَنْ اَبِي الْحَوْرَاءِ، قَالَ: قُلْتُ لِلْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: مِثْلَ مَا كُنْتَ يَوْمَ مَاتَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ وَمَا تَعْقِلُ مِنْهُ؟ عَقَلْتُ عَنْهُ اَنَّ رَجُلًا جَاءَهُ يَوْمًا، فَسَاَلَهُ عَنْ شَيْءٍ، فَقَالَ: دَعْ مَا يَرِيبُكَ اِلَى مَا لَا يَرِيبُكَ؛ فَاِنَّ الشَّرَّ رِيبَةٌ، وَاِنَّ الْخَيْرَ طُمَانِينَةٌ، وَعَقَلْتُ عَنْهُ اَنِّي مَرَرْتُ بِهِ يَوْمًا وَبَيْنَ يَدَيْهِ فِي جُرْنٍ مِنْ جِرَانِ تَمْرِ الصَّدَقَةِ، فَاَخَذْتُ تَمْرَةً فَطَرَحْتُهَا فِي فِيَّ، فَاَخَذَ بِقَفَايَ، ثُمَّ اَدْخَلَ يَدَهُ فِي فِيَّ فَانْتَزَعَهَا بِلُعَابِهَا، ثُمَّ طَرَحَهَا فِي الْجُرْنِ، فَقَالَ لَهُ اَصْحَابُهُ: لَوْ تَرَكْتَ الْغُلَامَ فَاَكَلَهَا؟ فَقَالَ: اِنَّ الصَّدَقَةَ لَا تَحِلُّ لِآلِ مُحَمَّدٍ. قَالَ: وَعَلَّمَنِي كَلِمَاتٍ اَدْعُو بِهِنَّ فِي آخِرِ الْقُنُوتِ: اللّٰهُمَّ اهْدِنِي فِيمَنْ هَدَيْتَ، وَتَوَلَّنِي فِيمَنْ تَوَلَّيْتَ، وَعَافِنِي فِيمَنْ عَافَيْتَ، وَبَارِكْ لِي فِيمَا اَعْطَيْتَ، وَقِنِي شَرَّ مَا قَضَيْتَ؛ اِنَّكَ تَقْضِي وَلَا يُقْضَى عَلَيْكَ، وَاِنَّهُ لَا يَذِلُّ مَنْ وَالَيْتَ، تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ

ثُمَّ سَارَ خَالِدٌ اِلَى مُسَيْلِمَةَ، فَسِرْنَا مَعَهُ، فَلَمَّا فَرَغْنَا مِنْ مُسَيْلِمَةَ وَاَصْحَابِهِ، اَقْبَلْنَا اِلَى نَاحِيَةِ الْبَصْرَةِ، فَلَقِينَا هُرْمُزَ بِكَاظِمَةٍ فِي جَمْعٍ عَظِيمٍ، وَلَمْ يَكُنْ اَحَدٌ اَعْدَى لِلْعَرَبِ مِنْ هُرْمُزَ قَالَ اَبُو السُّكَيْنِ: وَبِهِ يُضْرَبُ الْمَثَلُ تَقُولُ الْعَرَبُ: اَنْتَ اَكْفَرُ مِنْ هُرْمُزَ فَبَرَزَ لَهُ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ وَدَعَا اِلَى

سفید زمین ہے جو میرے لیے اُٹھائی گئی' یہ شیماء بنت بقیلہ ازدیہ ہے جو شہباء خچر پر ہے' اپنے آپ کو سیاہ چادر میں لپیٹا ہوا ہے' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم حیرہ کے پاس آئے' میں نے اس کو اس طرح پایا کیا یہ میرے لیے ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تمہارے لیے ہے' پھر عرب کے لوگ مرتد ہوئے' ان میں سے کوئی بھی بنوطی سے مرتد نہیں ہوا' ہم بنی اسد کے ساتھ لڑے' ان میں طلیحہ بن خویلد فقعسی تھے' حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے ہماری تعریف کی' جو اُنہوں نے کہا اس میں یہ اشعار بھی تھے:

''ہماری طرف سے بنوطی قبیلہ کو ان کے ملک میں جزا دے' نوجوانوں کی لڑائی کے بدلے بہترین جزا ہو'

درگزر اور سخاوت کے لشکروں کے جھنڈے ان کے ہاتھ میں ہیں' جب محبت نے ہر خیمہ کو اپنی لپیٹ میں لے لیا'

اُنہوں نے دین کے نام پر قیس کو مارا' بعد اس کے کہ تاریکی اور نابینا پن کے پکارنے والے کی پکار کو وہ قبول کر چکے تھے''۔

پھر حضرت خالد رضی اللہ مسیلمہ کی طرف چلے' ہم ان کے ساتھ چلے' جب ہم مسیلمہ اور ان کے ساتھیوں سے فارغ ہوئے تو ہم بصرہ کی ایک بستی کی طرف گئے' ھرمز نے مقامِ کاظمہ میں ایک جم غفیر کو اکٹھا کیا تھا' ہم اس سے ملے' عرب کے لیے ھرمز سے بھاری کوئی نہیں تھا۔ ابوسکین نے کہا: اس کی مثال دی جاتی۔ عرب کے

الْبِرَازِ فَبَرَزَ لَهُ هُرْمُزُ، فَقَتَلَهُ خَالِدٌ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَكَتَبَ بِذٰلِكَ اِلَى اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَنَفَّلَهُ سَلَبَهُ، فَبَلَغَتْ قَلَنْسُوَةُ هُرْمُزَ مِائَةَ اَلْفِ دِرْهَمٍ، وَكَانَتِ الْفُرْسُ اِذَا اَشْرَفَ فِيهَا رَجُلٌ جَعَلُوا قَلَنْسُوَتَهُ بِمِئَةِ اَلْفِ دِرْهَمٍ، ثُمَّ سِرْنَا عَلَى طَرِيقِ الطَّفِّ حَتّٰى دَخَلْنَا الْحِيرَةَ، فَكَانَ اَوَّلَ مِنْ تَلَقَّانَا فِيهَا شَيْمَاءُ بِنْتُ بُقَيْلَةَ الْاَزْدِيَّةُ عَلَى بَغْلَةٍ لَهَا شَهْبَاءَ بِخِمَارٍ اَسْوَدَ كَمَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَتَعَلَّقْتُ بِهَا وَقُلْتُ: هٰذِهِ وَهَبَهَا لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدَعَانِي خَالِدٌ عَلَيْهَا الْبَيِّنَةَ فَاَتَيْتُهُ بِهَا، فَسَلَّمَهَا اِلَيَّ، وَنَزَلَ اِلَيْنَا اَخُوهَا عَبْدُ الْمَسِيحِ فَقَالَ لِي بِعْنِيهَا، فَقُلْتُ: لَا اَنْقُصُهَا وَاللّٰهِ مِنْ عَشْرِ مِائَةٍ شَيْئًا، فَدَفَعَ اِلَيَّ اَلْفَ دِرْهَمٍ، فَقِيلَ لِي: لَوْ قُلْتَ مِائَةَ اَلْفٍ لَدَفَعَهَا اِلَيْكَ، فَقُلْتُ: مَا اَحْسِبُ اَنَّ مَالًا اَكْثَرَ مِنْ عَشْرِ مِائَةٍ، وَبَلَغَنِي فِي غَيْرِ هٰذَا الْحَدِيثِ اَنَّ الشَّاهِدَيْنِ كَانَا مُحَمَّدَ بْنَ مَسْلَمَةَ، وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ

لوگ کہتے: آپ ھرمز سے زیادہ انکار کرنے والے ہیں۔ پس ھرمز آپ کے سامنے آیا' پس حضرت خالد بن ولید نے اس کو قتل کیا۔ اس سے حاصل ہونے والے مال کو غنیمت بنایا۔ پس ھرمز کی ٹوپی کی قیمت ہزار درہم تک پہنچی۔ پھر ہم طف کے راستے چلے حتیٰ کہ ہم حیرہ پہنچے۔ اس میں سب سے پہلے ہماری ملاقات شیما بنت بقیلہ ازدیہ سے ہوئی' وہ شہباء نامی خچر پر سوار تھی۔ سیاہ چادر اوڑھی ہوئی تھی جیسے رسول کریم ﷺ نے فرمایا تھا' پس میں اس سے لپٹ گیا اور میں نے کہا: یہ تو رسول کریم ﷺ نے مجھے عطا فرمائی ہے۔ پس حضرت خالد بن ولید نے اس پر مجھ سے گواہ طلب کیا' پس میں گواہ لایا۔ پس آپ رضی اللہ عنہ نے وہ میرے حوالے کر دی' اس کا بھائی عبدالمسیح ہمارے پاس آیا۔ اس نے مجھ سے کہا: اس کو میرے ہاتھ بیچ دو۔ میں نے اس سے کہا: قسم بخدا! دس سو سے کوئی چیز کم نہیں کروں گا۔ اس نے ہزار درہم میرے حوالے کیے۔ مجھ سے کہا گیا: اگر تُو لاکھ درہم بھی مانگتا تو وہ تجھے دے دیتا۔ پس میں نے کہا: میں گمراہ یہی تھا کہ دس سو سب سے زیادہ مال ہے۔ اور اس حدیث کے علاوہ ایک اور حدیث سے مجھے معلوم ہوا کہ وہ دو گواہ (جو پیش کیے گئے) حضرت محمد بن مسلمہ اور حضرت عبداللہ بن عمر تھے۔

خُفَافُ بْنُ اِيمَاءَ بْنِ

حضرت خفاف بن ایماء بن رحضہ الغفاری

رَحَضَةَ الْغِفَارِيُّ رضی اللہ عنہ

وَهُوَ خُفَافُ بْنُ إِيمَاءَ بْنِ رَحَضَةَ بْنِ قَحْلَانَ بْنِ حَارِثَةَ بْنِ غِفَارٍ

یہ خفاف بن ایماء بن رحضہ بن قحلان بن حارثہ بن غفار ہیں۔

4059 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْعَلَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، حَدَّثَنِي ابْنُ حَرْمَلَةَ، عَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ عَلِيٍّ الْأَسْلَمِيِّ، أَنَّ خُفَافَ بْنَ إِيمَاءَ الْغِفَارِيَّ، أَخْبَرَهُ وَكَانَتْ لَهُ صُحْبَةٌ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ فِي صَلَاةٍ مِنَ الصَّلَوَاتِ، فَلَمَّا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ الرُّكُوعِ قَالَ: اللَّهُمَّ الْعَنْ لِحْيَانًا وَرِعْلًا وَذَكْوَانَ وَعُصَيَّةَ عَصَتِ اللهَ وَرَسُولَهُ، وَغِفَارُ غَفَرَ اللهُ لَهَا، وَأَسْلَمُ سَالَمَهَا اللهُ .

حضرت خفاف بن ایماء الغفاری رضی اللہ عنہ صحابیٔ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نمازوں کے لیے کھڑے ہوتے' جب آپ رکوع سے سر اُٹھاتے تو یہ دعا کرتے: اے اللہ! لحیان اور رعل' ذکوان اور عصیہ قبیلہ والے جنہوں نے اللہ اور اللہ کے رسول کی نافرمانی کی' پر لعنت فرما اور قبیلہ غفار والوں کو بخش دے اور قبیلہ اسلم والوں کو سلامت رکھ۔

حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ الْعَطَّارُ الْمَكِّيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، ثنا أَبُو ضَمْرَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَرْمَلَةَ، عَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ خُفَافِ بْنِ إِيمَاءَ الْغِفَارِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى صَلَاةً، فَذَكَرَ مِثْلَهُ.

حضرت خفاف بن ایماء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نماز پڑھی' پھر اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ حَمْزَةَ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَرْمَلَةَ، عَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ خُفَافِ بْنِ إِيمَاءَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى

حضرت خفاف بن ایماء رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

4059- أورده أبو بكر الشيباني في الآحاد والمثاني جلد2 صفحه240' رقم الحديث: 995 عن ابن حرملة عن حنظلة بن الأسقع عن خفاف بن ايماء به .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

4060 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي عِمْرَانُ بْنُ اَبِي اَنَسٍ، عَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ خُفَافِ بْنِ اِيمَاءَ بْنِ رَحَضَةَ الْغِفَارِيِّ اَنَّهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي صَلَاةٍ: اللّٰهُمَّ الْعَنْ بَنِي لِحْيَانَ وَرِعْلًا وَذَكْوَانَ وَعُصَيَّةَ عَصَوُا اللّٰهَ، وَغِفَارُ غَفَرَ اللّٰهُ لَهَا، وَاَسْلَمُ سَالَمَهَا اللّٰهُ

حضرت خفاف بن ایماء الغفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نمازوں کے لیے کھڑے ہوتے‘ جب آپ رکوع سے سر اُٹھاتے تو یہ دعا کرتے: اے اللہ! لحیان اور رعل‘ ذکوان اور عصیہ قبیلہ والے جنہوں نے اللہ اور اللہ کے رسول کی نافرمانی کی‘ پر لعنت فرما اور قبیلہ غفار والوں کو بخش دے اور قبیلہ اسلم والوں کو سلامت رکھ۔

4061 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ الْوَهْبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ اَبِي اَنَسٍ، عَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ عَلِيٍّ الْاَسْلَمِيِّ، عَنْ خُفَافِ بْنِ اِيمَاءَ بْنِ رَحَضَةَ الْغِفَارِيِّ، قَالَ: صَلَّى بِنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْفَجْرَ، فَلَمَّا رَفَعَ رَاْسَهُ مِنَ الرَّكْعَةِ الْآخِرَةِ قَالَ: لَعَنَ اللّٰهُ لِحْيَانًا وَرِعْلًا وَذَكْوَانَ وَعُصَيَّةَ عَصَتِ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ، اَسْلَمُ سَالَمَهَا اللّٰهُ، وَغِفَارُ غَفَرَ اللّٰهُ لَهَا ثُمَّ خَرَّ سَاجِدًا، فَلَمَّا قَضَى الصَّلَاةَ اَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ بِوَجْهِهِ، فَقَالَ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنِّي لَسْتُ اَنَا قُلْتُ هَذَا، وَلَكِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَالَهُ

حضرت خفاف بن ایماء بن رحضہ الغفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمیں نمازِ فجر پڑھاتے‘ آخری رکعت کے رکوع سے سر اُٹھاتے تو یہ دعا کرتے: اللہ کی لعنت ہو لحیان اور رعل‘ ذکوان اور عصیہ قبیلہ والوں پر جنہوں نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی‘ اللہ عزوجل قبیلہ اسلم کو سلامت رکھے اور قبیلہ غفار کو اللہ بخشے‘ پھر آپ سجدہ میں گئے‘ پس جب نماز سے فارغ ہوئے تو اپنا چہرۂ اقدس لوگوں کی طرف کر لیا اور فرمایا: اے لوگو! یہ میں نے نہیں کہا بلکہ اللہ تعالیٰ نے یہ فرمایا ہے۔

4062 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا

حضرت خفاف بن ایماء بن رحضہ الغفاری رضی

حَجَّاجُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْأَزْرَقُ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَرْمَلَةَ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ خُفَافِ بْنِ إِيمَاءَ، قَالَ: قَالَ خُفَافُ بْنُ إِيمَاءَ: رَكَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ فَقَالَ: غِفَارُ غَفَرَ اللّٰهُ لَهَا، وَأَسْلَمُ سَالَمَهَا اللّٰهُ، وَعُصَيَّةُ عَصَتِ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ، اللّٰهُمَّ الْعَنْ بَنِي لِحْيَانَ وَرِعْلًا وَذَكْوَانَ، ثُمَّ إِنَّهُ وَقَعَ سَاجِدًا. قَالَ خُفَافٌ: فَجُعِلَتْ لَعْنَةُ الْكَفَرَةِ مِنْ أَجْلِ ذَلِكَ

اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ ہمیں نمازِ فجر پڑھاتے' آخری رکعت کے رکوع سے سر اُٹھاتے تو یہ دعا کرتے: اللہ کی لعنت ہولحیان اور رعل' ذکوان اور عصیہ قبیلہ والوں پر جنہوں نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی' اللہ عزوجل قبیلہ اسلم کو سلامت رکھے اور قبیلہ غفار کو اللہ بخشے' پھر آپ سجدہ میں گئے۔ حضرت خفاف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: کافروں پر اسی وجہ سے لعنت کی گئی ہے۔

4063 - حَدَّثَنَا إِدْرِيسُ بْنُ جَعْفَرٍ الْعَطَّارُ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَرْمَلَةَ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ خُفَافِ بْنِ إِيمَاءَ بْنِ رَحَضَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: رَكَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَرْمَلَةَ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ خُفَافِ بْنِ إِيمَاءَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: رَكَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ فَقَالَ: غِفَارُ غَفَرَ اللّٰهُ لَهَا وَأَسْلَمُ سَالَمَهَا اللّٰهُ، وَعُصَيَّةُ عَصَوُا اللّٰهَ وَرَسُولَهُ، اللّٰهُمَّ الْعَنْ بَنِي لِحْيَانَ، اللّٰهُمَّ الْعَنْ رِعْلًا وَذَكْوَانَ اللّٰهُ أَكْبَرُ ثُمَّ خَرَّ سَاجِدًا

حضرت خفاف بن ایماء بن رحضہ الغفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے رکوع کر کے اس سے سر اُٹھایا تو کہا: بنوغفار کی اللہ مغفرت فرمائے! بنوسالم کو اللہ سلامت فرمائیے اور عصیہ نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی! اللہ کی لعنت ہولحیان اور رعل' ذکوان اللہ سب سے بڑا ہے' پھر آپ سجدہ میں گئے۔

4064 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت خفاف بن ایماء بن رحضہ الغفاری رضی

الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عُبَيْدُ بْنُ يَعِيشَ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ أَبِي أَنَسٍ، عَنْ مِقْسَمٍ، عَنْ خُفَافِ بْنِ إِيمَاءَ بْنِ رَحَضَةَ الْغِفَارِيِّ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا جَلَسَ فِي آخِرِ صَلَاتِهِ يُشِيرُ بِأُصْبُعِهِ السَّبَّابَةِ، وَكَانَ الْمُشْرِكُونَ يَقُولُونَ يَسْحَرُ بِهَا وَكَذَبُوا، وَلَكِنَّهُ التَّوْحِيدُ

اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب نماز کے آخر میں التحیات میں بیٹھتے تو اپنی سبابہ انگلی سے اشارہ کرتے، مشرکین کہتے تھے: اس کے ذریعہ یہ جادو کرتے ہیں، وہ جھوٹ بولتے تھے بلکہ آپ ﷺ تو توحید کا اقرار کرتے تھے۔

خَشْخَاشٌ الْعَنْبَرِيُّ

حضرت خشخاش العنبری رضی اللہ عنہ

4065 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ح وَحَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ الْوَاسِطِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالُوا: ثنا هُشَيْمٌ، ثنا يُونُسُ، عَنْ حُصَيْنِ بْنِ أَبِي الْحُرِّ، أَنَّ الْخَشْخَاشَ الْعَنْبَرِيَّ، قَالَ: جِئْتُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعِي ابْنِي فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَجْنِي عَلَيْهِ وَلَا يَجْنِي عَلَيْكَ

حضرت خشخاش العنبری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا اور میرے ساتھ میرا بیٹا بھی تھا، حضور ﷺ نے فرمایا: تیرے بیٹے کے قصور کا تجھ سے اور تیرے قصور کا تیرے بیٹے سے مواخذہ نہ ہوگا۔

خَلِيفَةُ بْنُ عَدِيٍّ

حضرت خلیفہ بن عدی الانصاری

4065- أورده ابن ماجه في سننه جلد 2 صفحه 890، رقم الحديث: 2671 عن يونس عن حصين بن أبي الحر عن الخشخاش به .

الْاَنْصَارِيُّ بَدْرِيٌّ

4066 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ضِرَارُ بْنُ صُرَدٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ، فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ مَعَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مِنَ الْاَنْصَارِ، خَلِيفَةُ بْنُ عَدِيٍّ مِنْ بَنِي بَيَاضَةَ بَدْرِيٌّ

بدری رضی اللہ عنہ

حضرت محمد بن عبیداللہ بن ابورافع اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ انصار میں سے شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت خلیفہ بن عدی بنی بیاضہ بدری کا بھی ہے۔

خِذَامٌ
اَبُو وَدِيعَةَ

4067 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، وَمُجَمِّعٍ ابْنَيْ يَزِيدَ بْنِ جَارِيَةَ، قَالَا: اَنْكَحَ خِذَامٌ ابْنَتَهُ وَهِيَ كَارِهَةٌ رَجُلًا وَهِيَ ثَيِّبٌ، فَاَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَتْ ذَلِكَ لَهُ فَرَدَّ نِكَاحَهَا

حضرت خذام ابوودیعہ رضی اللہ عنہ

حضرت عبدالرحمٰن اور مجمع' یزید بن جاریہ کے بیٹے دونوں فرماتے ہیں کہ حضرت خذام رضی اللہ عنہ نے اپنی بیٹی کا نکاح ایسے آدمی سے کیا جس کو یہ ناپسند کرتی تھی' یہ ثیب تھی' حضور ﷺ کے پاس آئی اور اس بات کا ذکر کیا تو آپ ﷺ نے نکاح ختم کردیا۔

خَرَشَةُ
الْمُحَارِبِيُّ

4068 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي

حضرت خرشہ المحاربی رضی اللہ عنہ

حضرت ابوکثیر المحاربی فرماتے ہیں کہ میں نے

4067- أخرجه البخاری فی صحيحه جلد 5صفحه1974' رقم الحديث: 4845 عن يحيیٰ بن سعيد عن القاسم بن محمد عن عبد الرحمٰن ومجمع ابنی يزيد بن جارية به .

4068- أورده أبو يعلیٰ فی مسنده جلد 2صفحه225' رقم الحديث: 924' جلد12صفحه257 رقم الحديث: 6854 عن ثابت بن عجلان عن أبی كثير عن خرشة به .

مُوسَى الْاَنْطَاكِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ كَعْبٍ الْحَلَبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حِمْيَرٍ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ الْحِمْصِيُّ، حَدَّثَنَا اَبِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُهَاجِرٍ كِلَاهُمَا، عَنْ ثَابِتِ بْنِ عَجْلَانَ، حَدَّثَنِي اَبُو كَثِيرٍ الْمُحَارِبِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ خَرَشَةَ الْمُحَارِبِيَّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَتَكُونُ فِتَنٌ النَّائِمُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْيَقْظَانِ، وَالْجَالِسُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْقَائِمِ، وَالْقَائِمُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْمَاشِي، وَالْمَاشِي خَيْرٌ مِنَ السَّاعِي، اَلَا فَمَنْ اَتَتْ عَلَيْهِ فَلْيَمْشِ بِسَيْفِهِ اِلَى الصَّفَاةِ فَلْيَضْرِبْهُ حَتَّى يَنْكَسِرَ، ثُمَّ يَضْطَجِعُ حَتَّى تَنْجَلِيَ عَمَّا انْجَلَتْ

حضرت خرشہ المحاربی رضی اللہ عنہ کوفرماتے ہوئے سنا کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عنقریب فتنے ہوں گے ان فتنوں کے دنوں میں سونے والا جاگنے والے سے بہتر ہوگا اور بیٹھنے والا کھڑے ہونے والے سے بہتر ہوگا اور کھڑا ہونے والا چلنے والے سے بہتر ہوگا اور چلنے والا دوڑنے والے سے بہتر ہوگا' اگر تُو اس وقت ہوا تو اپنی تلوار لے کر صفا پہاڑ کی طرف جانا' اس کو وہاں مارنا یہاں تک کہ وہ ٹوٹ جائے پھر پہلو کے بل لیٹ جانا حتیٰ کہ چھٹ جائے جو چھٹ جاتا ہے۔

خَرَشَةُ بْنُ الْحَارِثِ

حضرت خرشہ بن حارث رضی اللہ عنہ

4069 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ خَرَشَةَ بْنِ الْحَارِثَةِ صَاحِبِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَشْهَدُ اَحَدٌ مِنْكُمْ قَتِيلًا قُتِلَ صَبْرًا فَعَسَى اَنْ يُقْتَلَ مَظْلُومًا،

حضرت خرشہ بن حارثہ صحابیٔ رسول ﷺ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی ایسی لڑائی میں حاضر نہ ہو جہاں باندھ کر مارا جائے' یہ بھی ہوسکتا ہے کہ وہ ظلماً کیا جارہا ہو' ان پر اللہ کا غضب اُترے' ان کے ساتھ تجھے بھی پہنچے۔

4069- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 6 صفحه 284' جلد 7 صفحه 300 وقال: رواه أحمد والطبراني الا أنه قال: فعسى أن يقتل مظلومًا فتنزل السخطة عليهم فتصيبه معهم وفيه ابن لهيعة وحديثه حسن وفيه ضعف وبقية رجالهما رجال الصحيح .

فَتَنْزِلَ السَّخْطَةُ عَلَيْهِمْ فَتُصِيبَهُ مَعَهُمْ

الْخِرْبَاقُ

4070 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَبِي الْمُهَلَّبِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، قَالَ: سَلَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ثَلَاثِ رَكَعَاتٍ مِنَ الْعَصْرِ، فَدَخَلَ فَقَامَ إِلَيْهِ رَجُلٌ يُقَالُ لَهُ الْخِرْبَاقُ، وَكَانَ طَوِيلَ الْيَدَيْنِ، فَقَالَ: أَقُصِرَتِ الصَّلَاةُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ فَخَرَجَ مُغْضَبًا يَجُرُّ رِدَاءَهُ فَقَالَ: أَصَدَقَ، فَقَالُوا: نَعَمْ، فَقَامَ فَصَلَّى تِلْكَ الرَّكْعَةَ

حضرت خرباق رضی اللہ عنہ

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے نمازِ عصر کی تین رکعتیں پڑھائیں' آپ داخل ہوئے تو ایک آدمی کھڑا ہوا' اس کو خرباق کہا جاتا تھا' اس کے دونوں ہاتھ لمبے تھے' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا نماز میں کمی کا حکم نازل ہوا ہے؟ آپﷺ غصہ کی حالت میں چادر گھسیٹتے ہوئے نکلے' آپ نے فرمایا: کیا یہ سچ بولتا ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! جی ہاں! آپ کھڑے ہوئے اور ایک رکعت مکمل فرمائی۔

خِدَاشُ أَبُو سَلَامَةَ السُّلَمِيُّ

4071 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ حَكِيمٍ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ شَرِيكٍ، ثنا أَبِي، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: نَزَلَ بِنَا أَبُو سَلَامَةَ السُّلَمِيُّ فَأَضَفْنَاهُ شَهْرَيْنِ

حضرت خداش ابوسلامہ السلمی رضی اللہ عنہ

حضرت عاصم بن عبید اللہ بن عاصم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابوسلامہ السلمی رضی اللہ عنہ ہمارے پاس آئے اور ہمارے پاس دو ماہ تک رہے۔

4072 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، أنا شَيْبَانُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عُرْفُطَةَ السُّلَمِيِّ، عَنْ

حضرت خداش ابوسلامہ رضی اللہ عنہ' حضورﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپﷺ نے فرمایا: آدمی کو ماں باپ اور غلاموں کے متعلق بھلائی کا حکم دیا گیا ہے'

4070- أخرج نحوه مسلم فی صحيحه جلد 1 صفحه 404' رقم الحديث: 574 عن أبی قلابة عن أبی المهلب عن عمران بن حصين به .

خِدَاشِ اَبِی سَلَامَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اُوصِی امْرَاً بِاُمِّهِ، اُوصِی امْرَاً بِاَبِیهِ، اُوصِی امْرَاً بِمَوْلَاهُ الَّذِی یَلِیهِ، وَاِنْ کَانَ عَلَیْهِ اَذًی یُؤْذِیهِ

اور اگر ان کو تکلیف ہو تو اس کو تکلیف ہونی چاہیے۔

4073 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ رَاهَوَیْهِ، ثنا اَبِی، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَیْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِیُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِی شَیْبَةَ، ثنا جَرِیرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِیٍّ، عَنْ خِدَاشٍ اَبِی سَلَامَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اُوصِی امْرَاً بِاُمِّهِ، اُوصِی امْرَاً بِاَبِیهِ، اُوصِی امْرَاً بِمَوْلَاهُ الَّذِی یَلِیهِ، وَاِنْ کَانَ عَلَیْهِ مِنْهُ اَذًی یُؤْذِیهِ

حضرت خداش ابوسلامہ رضی اللہ عنہ، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: آدمی کو ماں باپ اور غلاموں کے متعلق بھلائی کا حکم دیا گیا ہے اگر ان کو تکلیف ہو تو اس کو تکلیف ہونی چاہیے۔

4074 - حَدَّثَنَا عُبَیْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَکْرِ بْنُ اَبِی شَیْبَةَ، ثنا شَرِیکٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِیٍّ، عَنْ اَبِی سَلَامَةَ السُّلَمِیِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اُوصِی امْرَاً بِاُمِّهِ، اُوصِی امْرَاً بِاُمِّهِ، اُوصِی امْرَاً بِاَبِیهِ، اُوصِی امْرَاً بِمَوْلَاهُ الَّذِی یَلِیهِ، وَاِنْ کَانَتْ عَلَیْهِ فِیهِ اَذًی یُؤْذِیهِ.

حضرت خداش ابوسلامہ رضی اللہ عنہ، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: آدمی کو ماں باپ اور غلاموں کے متعلق بھلائی کا حکم دیا گیا ہے اگر ان کو تکلیف ہو تو اس کو تکلیف ہونی چاہیے۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ، ثنا جُبَارَةُ بْنُ مُغَلِّسٍ، ثنا عَبِیدَةُ بْنُ حُمَیْدٍ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ عُرْفُطَةَ، عَنْ اَبِی

حضرت ابوسلامہ رضی اللہ عنہ، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

4073- أورده ابن ماجه فی سننه جلد 2 صفحه 1206، رقم الحدیث: 3657 عن منصور عن عبید الله بن علی عن خداش

سَلَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

خَزْرَجٌ الْاَنْصَارِيُّ

حضرت خزرج انصاری رضی اللہ عنہ

4075 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ دَاوُدَ الصَّوَّافُ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَقِيلٍ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبَانَ، ثنا عَمْرُو بْنُ شِمْرٍ الْجُعْفِيُّ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ الْحَارِثَ بْنَ الْخَزْرَجِ، يَقُولُ: حَدَّثَنِي، اَبِي، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: وَنَظَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى مَلَكِ الْمَوْتِ عَلَيْهِ السَّلَامُ عِنْدَ رَاْسِ رَجُلٍ مِنَ الْاَنْصَارِ، فَقَالَ: يَا مَلَكَ الْمَوْتِ ارْفُقْ بِصَاحِبِي فَاِنَّهُ مُؤْمِنٌ، فَقَالَ مَلَكُ الْمَوْتِ عَلَيْهِ السَّلَامُ: طِبْ نَفْسًا وَقَرَّ عَيْنًا، وَاعْلَمْ اَنِّي بِكُلِّ مُؤْمِنٍ رَفِيقٌ، وَاعْلَمْ يَا مُحَمَّدُ اَنِّي لَاَقْبِضُ رُوحَ ابْنِ آدَمَ فَاِذَا صَرَخَ صَارِخٌ مِنْ اَهْلِهِ قُمْتُ فِي الدَّارِ وَمَعِي رُوحُهُ، فَقُلْتُ: مَا هَذَا الصَّارِخُ؟ وَاللّٰهِ مَا ظَلَمْنَاهُ وَلَا سَبَقْنَا اَجَلَهُ وَلَا اسْتَعْجَلْنَا قَدَرَهُ، وَمَالَنَا فِي قَبْضِهِ مِنْ ذَنْبٍ، فَاِنْ تَرْضَوْا بِمَا صَنَعَ اللّٰهُ تُؤْجَرُوا، وَاِنْ تَحْزَنُوا وَتَسْخَطُوا تَاْثَمُوا وَتُؤْزَرُوا، مَا لَكُمْ عِنْدَنَا مِنْ عُتْبَى، وَاِنَّ لَنَا عِنْدَكُمْ

حضرت حارث بن خزرج فرماتے ہیں کہ مجھے میرے والد نے بتایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضور ﷺ نے ملک الموت کو دیکھا' اس کو سلام کیا' ملک الموت انصار کے ایک آدمی کے سر کے پاس تھے' آپ ﷺ نے فرمایا: اے ملک الموت! میرے صحابی پر نرمی کرنا کیونکہ یہ مؤمن ہے' ملک الموت نے عرض کی: آپ اپنے آپ کو خوش کریں اور اپنی آنکھ کو ٹھنڈا کریں اور جان لیں کہ میں ہر مؤمن کے ساتھ نرمی کرتا ہوں' اے محمد ﷺ! جان لیں کہ میں ابن آدم کی روح قبض کرتا ہوں' اس کے گھر والے چیختے ہیں تو میں گھر سے اُٹھتا ہوں اور اس کی روح میرے پاس ہوتی ہے۔ میں کہتا ہوں: یہ چیخنا کیا ہے؟ اللہ کی قسم! میں نے نہ ظلم کیا نہ اس کی موت وقت سے پہلے ہوئی' نہ ہم کو جلدی نکالنے کی قدرت ہے' ہمارے قبضہ میں ذنب بھی نہیں ہے' اگر تم راضی ہو جو اللہ نے کیا ہے تو ثواب ملے گا' اگر غم زدہ ہو اور ناراض ہو گے تو گناہ گار ہو گے اور گناہ کا بوجھ اُٹھائیں گے' تمہارے لیے ہمارے پاس کوئی اچھا بُرا انجام نہیں' تمہارے پاس ایک

4075- أورده أبو بكر الشيباني في الآحاد والمثاني جلد4صفحه 251' رقم الحديث: 2254 عن جعفر بن محمد عن أبيه عن الحارث بن الخزرج عن أبيه به .

بَعْدُ عَوْدَةً وَعَوْدَةً، فَالْحَذَرَ وَمَا مِنْ اَهْلِ بَيْتٍ يَا مُحَمَّدُ شَعَرٌ وَلَا مَدَرٌ، بَرٌّ وَلَا بَحْرٌ، سَهْلٌ وَلَا جَبَلٌ، اِلَّا اَنَا اَتَصَفَّحُهُمْ فِي كُلِّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ حَتَّى لَاَنَا اَعْرَفُ بِصَغِيرِهِمْ وَكَبِيرِهِمْ مِنْهُمْ بِاَنْفُسِهِمْ، وَاللّٰهِ يَا مُحَمَّدُ لَوْ اَرَدْتُ اَنْ اَقْبِضَ رُوحَ بَعُوضَةٍ مَا قَدَرْتُ عَلَى ذَلِكَ حَتَّى يَكُونَ اللّٰهُ هُوَ اَذِنَ بِقَبْضِهَا قَالَ جَعْفَرٌ: بَلَغَنِي اَنَّهُ اِنَّمَا يَتَصَفَّحُهُمْ عِنْدَ مَوَاقِيتِ الصَّلَاةِ فَاِذَا نَظَرَ عِنْدَ الْمَوْتِ، فَمَنْ كَانَ يُحَافِظُ عَلَى الصَّلَوَاتِ دَنَا مِنْهُ الْمَلَكُ وَدَفَعَ عَنْهُ الشَّيْطَانَ، وَيُلَقِّنُهُ الْمَلَكُ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ، وَذَلِكَ الْحَالُ الْعَظِيمُ

دفعہ کے بعد دوسری دفعہ آتا ہے‘ وہ ڈریں‘ اے محمد! کوئی گھر اور شہر اور دیہات اور خشکی وسمندر اور ہموار زمین و پہاڑ نہیں ہے‘ مگر ہر دن ورات ہم ان کو یاد کرتے ہیں‘ میں ان کے چھوٹے اور بڑوں کو ان سے زیادہ جانتا ہوں‘ قسم بخدا! اے محمد! اگر میں کسی مچھر کی روح نکالنا چاہوں تو میں اس پر قادر نہیں ہوں جب تک اللہ کا حکم نہ ہو قبض کرنے کا۔ حضرت جعفر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مجھے معلوم ہوا کہ نمازوں کے اوقات کے وقت آتا ہے‘ جب ملک الموت اپنے پاس دیکھتا ہے جو پانچ نمازوں پر ہیشگی کرتا ہے‘ فرشتہ اس کے قریب ہوتا ہے اور شیطان کو دور کرتا ہے اور فرشتہ اس کو لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کی تلقین کرتا ہے‘ یہ بڑی حالت ہے۔

خَوْطُ بْنُ عَبْدِ الْعُزَّى وَيُقَالُ حَوْطٌ

حضرت خوط بن عبدالعزیٰ‘ ان کو حوط بھی کہا جاتا ہے

4076 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ حُسَيْنٍ الْمُعَلِّمِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، حَدَّثَنِي خَوْطُ بْنُ عَبْدِ الْعُزَّى، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِقَطْعِ الْجَرَسِ

حضرت خوط بن عبدالعزیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے گھنٹیاں کاٹنے کا حکم دیا۔

4077 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا عَبْدُ

حضرت خوط بن عبدالعزیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قبیلہ مضر کے لوگوں کے پاس سے گزرے‘ ان کے

4076- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**5**صفحه**175** وقال: رواه الطبراني ورجاله رجال الصحيح .

4077- أورد نحوه البخاري في التاريخ الكبير جلد **3**صفحه**90**' رقم الحديث: **314** عن حسين عن ابن بريدة عن حوط به .

الْوَارِثِ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ حُسَيْنٍ الْمُعَلِّمِ، عَنْ اَبِی بُرَيْدَةَ، عَنْ خَوْطِ بْنِ عَبْدِ الْعُزَّى، اَنَّهُ حَدَّثَنِی اَنَّ رُفْقَةً مَرَّتْ مِنْ مُضَرَ وَفِيهَا جَرَسٌ، فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقْرَبُ الْمَلَائِكَةُ رُفْقَةً فِيهَا جَرَسٌ

پاس گھنٹیاں ہوں' نبی پاک ﷺ نے فرمایا: اس کے قریب فرشتے نہیں ہوتے جس کے پاس گھنٹی ہو۔

خُبَيْبُ بْنُ عَدِيٍّ الْاَنْصَارِیُّ

حضرت خبیب بن عدی انصاری رضی اللہ عنہ

4078 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِیُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِی سُفْيَانَ الثَّقَفِیِّ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ، قَالَ: بَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرِيَّةً عَيْنًا لَهُ، وَاَمَّرَ عَلَيْهِمْ عَاصِمَ بْنَ ثَابِتٍ، وَهُوَ جَدُّ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ، فَانْطَلَقَ حَتَّى اِذَا كَانُوا بِبَعْضِ الطَّرِيقِ بَيْنَ عُسْفَانَ وَمَكَّةَ، نُزُولًا ذَكَرُوا لِحَیٍّ هُذَيْلٍ يُقَالُ لَهُمْ بَنُو لِحْيَانَ، فَتَبِعُوهُمْ بِقَرِيبٍ مِنْ رَجُلٍ رَامٍ، فَاقْتَصُّوا آثَارَهُمْ حَتَّى نَزَلُوا مَنْزِلًا، فَوَجَدُوا فِيهِ نَوَاةَ تَمْرٍ تَزَوَّدُوهُ مِنْ تَمْرِ الْمَدِينَةِ، فَقَالُوا: هَذَا مِنْ تَمْرِ يَثْرِبَ، فَاتَّبَعُوا آثَارَهُمْ حَتَّى لَحِقُوهُمْ، فَلَمَّا آنَسَهُمْ عَاصِمُ بْنُ ثَابِتٍ وَاَصْحَابُهُ لَجَئُوا اِلَى فَدْفَدٍ، وَجَاءَ الْقَوْمُ فَاَحَاطُوا بِهِمْ، فَقَالُوا: لَكُمُ الْعَهْدُ وَالْمِيثَاقُ اِنْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم ﷺ نے ایک چھوٹے لشکر کو جاسوس بنا کر بھیجا۔ ان پر حضرت عاصم بن ثابت کو ان پر امیر بنایا اور یہ عاصم بن عمر کے دادا ہیں۔ پس وہ چل کر جب مکہ اور عسفان کے درمیان کسی راستہ پر اُترے ہوئے تھے۔ اُنہوں نے ہذیل قبیلہ کا ذکر کیا جنہیں بنولحیان کہا جاتا تھا۔ پس اُنہوں نے ان کا پیچھا کیا' ایک تیرانداز آدمی کے قریب سے' پس اُنہوں نے ان کی نشانیاں تلاش کیں حتیٰ کہ ان کی منزل پر آ کر پڑاؤ ڈالا۔ پس انہوں نے اُس منزل پر آ کر پڑاؤ ڈالا۔ پس انہوں نے اس منزل پر کھجور کی گٹھلیوں کو پایا جوان کا زادِراہ بنیں' مدینہ کی کھجوروں سے۔ پا اُنہوں نے کہا: یہ تو یثرب کی کھجور ہے۔ پس وہ ان کے آثار دیکھتے دیکھتے ان کو پیچھے سے آ ملے۔ پس جب عاصم بن ثابت اوران کے

4078- أورده عبد الرزاق فی مصنفه جلد 5صفحه353' رقم الحديث: 9730 عن الزهری عن عمرو بن أبی سفيان عن أبی هريرة به .

نَزَلْتُمْ اِلَيْنَا اَنْ لَا نَقْتُلَ مِنْكُمْ رَجُلًا، فَقَالَ عَاصِمُ بْنُ ثَابِتٍ: اَمَّا اَنَا فَلَا اَنْزِلُ فِي ذِمَّةِ كَافِرٍ، اللّٰهُمَّ اَخْبِرْ عَنَّا رَسُولَكَ، قَالَ: فَقَاتَلُوهُمْ فَرَمَوْهُمْ حَتَّى قَتَلُوا عَاصِمًا فِي سَبْعَةِ نَفَرٍ، وَبَقِيَ خُبَيْبُ بْنُ عَدِيٍّ وَزَيْدُ بْنُ دَثِنَةَ حَتَّى بَاعُوهُمَا بِمَكَّةَ، وَاشْتَرَى خُبَيْبًا بَنُو الْحَارِثِ بْنِ عَامِرِ بْنِ نَوْفَلٍ، وَكَانَ قَتَلَ الْحَارِثَ يَوْمَ بَدْرٍ، فَمَكَثَ عِنْدَهُمْ اَسِيرًا حَتَّى اِذَا اَجْمَعُوا عَلَى قَتْلِهِ اسْتَعَارَ مُوسَى مِنْ اِحْدَى بَنَاتِ الْحَارِثِ، فَاَعَارَتْهُ لِيَسْتَحِدَّ بِهَا قَالَ: فَغَفَلَتْ عَنْ صَبِيٍّ لِي، فَدَرَجَ اِلَيْهِ حَتَّى اَتَاهُ، قَالَتْ: فَاَخَذَهُ فَوَضَعَهُ عَلَى فَخِذِهِ، فَلَمَّا رَاَتْهُ فَزِعَتْ فَزَعًا عَرَفَهُ فِيَّ وَالْمُوسَى فِي يَدِهِ، فَقَالَ: اَتَخْشَيْنَ اَنْ اَقْتُلَهُ؟ مَا كُنْتُ لِاَفْعَلَ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ، قَالَ: فَكَانَتْ تَقُولُ: مَا رَاَيْتُ اَسِيرًا خَيْرًا مِنْ خُبَيْبٍ، لَقَدْ رَاَيْتُهُ يَاْكُلُ مِنْ قِطْفِ عِنَبٍ، وَمَا بِمَكَّةَ يَوْمَئِذٍ مِنْ ثَمَرَةٍ، وَاِنَّهُ لَمُوثَقٌ فِي الْحَدِيدِ، وَمَا كَانَ اِلَّا رِزْقٌ رَزَقَهُ اللّٰهُ اِيَّاهُ، قَالَ: ثُمَّ خَرَجُوا بِهِ الْحَرَمَ لِيَقْتُلُوهُ، فَقَالَ: دَعُونِي اُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ، فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ قَالَ: لَوْلَا اَنْ تَرَوْنَ اَنَّ مَا بِي جَزَعٌ مِنَ الْمَوْتِ لَزِدْتُ، فَكَانَ اَوَّلَ مَنْ سَنَّ الرَّكْعَتَيْنِ عِنْدَ الْقَتْلِ هُوَ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ اَحْصِهِمْ عَدَدًا، ثُمَّ قَالَ:

(البحر الطويل)

وَلَسْتُ اُبَالِي حِينَ اُقْتَلُ مُسْلِمًا ... عَلَى اَيِّ

ساتھیوں نے اُن کو محسوس کیا تو ایک جگہ پناہ لی۔ اس قوم نے آ کر گھیرا ڈال لیا اور انہوں نے کہا: تمہارے لیے وعدہ اور پکا معاہدہ ہے (آ جاؤ) اگر تم ہمارے پاس اترے تو ہم تم میں سے کسی آدمی کو شہید نہیں کریں گے۔ تو حضرت عاصم بن ثابت نے کہا: میں تو بھائی کافر کی پناہ میں نہیں اُتروں گا۔ اے اللہ! اپنے رسول کو ہماری خبر کر دے۔ راوی کا بیان ہے: پس ان میں باہم جنگ ہوئی۔ انہوں نے ان پر تیر پھینکے۔ حتیٰ کہ حضرت عاصم سات آدمیوں سمیت شہید ہوئے۔ حضرت خبیب بن عدی اور زید بن دثنہ باقی رہ گئے' حتیٰ کہ وہ ان کو گرفتار کر کے مکے لے گئے اور وہاں ان دونوں کو بیچ دیا' حضرت خبیب کو حارث بن عامر بن نوفل کے بیٹوں نے خریدا۔ وہ حارث جو غزوۂ بدر میں مارا گیا۔ پس آپ ان کے پاس قیدی کی حیثیت سے ٹھہرے رہے حتیٰ کہ جب آپ کے شہید کرنے پر ان کا اتفاق ہو گیا تو آپ نے حارث کی ایک بیٹی سے استرا اُدھار مانگا تو اس نے دے دیا تا کہ آپ اس کے ساتھ زیر ناف بال لیں۔ راوی کہتا ہے: پس وہ عورت اپنے ایک بیٹے سے غافل ہوئی' وہ کمرے میں داخل ہو کر آپ کے پاس آ گیا' وہ کہتی ہے: آپ نے اسے پکڑ کر اپنی ران پہ بٹھا لیا۔ پس جب اس نے دیکھا تو وہ گھبرائی۔ آپ نے اس کی گھبراہٹ کو پہچان لیا جبکہ استرا آپ کے ہاتھ میں تھا۔ آپ نے فرمایا: کیا تجھے یہ ڈر ہے کہ میں اسے قتل کر دوں گا؟ یہ کام کرنا میرے شایانِ شان نہیں ہے

شِقٍّ كَانَ فِي اللّٰهِ مَصْرَعِي

وَذٰلِكَ فِي ذَاتِ الْإِلٰهِ وَإِنْ يَشَأْ... يُبَارِكْ عَلَى أَوْصَالِ شِلْوٍ مُمَزَّعِ

ثُمَّ قَامَ إِلَيْهِ عُقْبَةُ بْنُ الْحَارِثِ، قَالَ: فَقَتَلَهُ، قَالَ: وَبَعَثَتْ قُرَيْشٌ إِلَى عَاصِمٍ لِيُؤْتَوْا بِشَيْءٍ مِنْ جَسَدِهِ يَعْرِفُونَهُ، وَكَانَ قَتَلَ عَظِيمًا مِنْ عُظَمَائِهِمْ يَوْمَ بَدْرٍ، فَبَعَثَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ إِلَيْهِ مِثْلَ الظُّلَّةِ مِنَ الدُّبُرِ، فَحَمَتْهُ مِنْ رُسُلِهِمْ، فَلَمْ يَقْدِرُوا عَلَى شَيْءٍ مِنْهُ.

(میں محمد عربی کا غلام ہوں) اگر اللہ نے چاہا تو میں یہ کام نہیں کروں گا۔ وہ کہنے لگی: میں نے خبیب سے بہتر کوئی قیدی نہیں دیکھا' میں نے اس کو دیکھا کہ وہ انگور کے ٹکڑے کھا رہا ہے جبکہ اس وقت مکہ میں کوئی پھل نہیں ملتا تھا جبکہ وہ لوہے کی بیڑیوں میں جکڑے ہوئے تھے (وہ عورت کہتی ہے:) میں نے یقین کر لیا کہ یہ وہ رزق ہے جو اسے اللہ کی خصوصی جناب سے حاصل ہوا ہے۔ پھر آپ کو شہید کرنے کیلئے حرم میں لے گئے۔ آپ نے فرمایا: مجھے چھوڑو تا کہ میں دو رکعت پڑھ لوں۔ پھر فرمایا: اگر تمہارا خیال یہ نہ ہوتا کہ موت سے مجھے ڈر ہے تو اور نماز پڑھتا۔ پس وہ ہستی جس نے شہادت کے وقت سب سے پہلے دو رکعت نماز پڑھی وہ آپ ہیں۔ پھر کہا: اے اللہ! ان کو شمار کروا لے۔ پھر عرض کی:

''مجھے کوئی پرواہ نہیں ہے کہ جب میں مسلمان شہید ہو رہا ہوں' (اور پرواہ نہیں) جس پہلو پر اللہ کی راہ میں گروں'

اور یہ سارا کچھ ذاتِ الٰہی کیلئے ہے اور اگر وہ چاہے تو روئی کے گالوں کی طرح بنے جسم کے اعضاء پر برکتیں ڈال دے''۔

پھر عقبہ بن عامر آپ کی طرف اُٹھ کھڑا ہوا۔ راوی کا بیان ہے: پس اس نے اسے قتل کیا۔ راوی کہتا ہے: اور اس نے قریش کو حضرت عاصم کی طرف بھیجا تا کہ ان کے جسم کے کسی عضو کو پہچان کر لے آئیں

حالانکہ اُنہوں نے بدن کے دن ان کے بڑوں میں سے ایک بڑے کو مارا تھا' پس اللہ تعالیٰ نے عاصم کی طرف پیچھے سے چھتری کی مانند کوئی چیز بھیجی' پس اس نے آپ کو قاصدوں کے سامنے کوٹلہ کر دیا' وہ آپ کا کوئی عضو دیکھنے پر قادر نہ ہو سکے۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مَنْصُورُ بْنُ اَبِي مُزَاحِمٍ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُمَرَ بْنِ اُسَيْدِ بْنِ جَارِيَةَ الثَّقَفِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: بَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَشَرَةَ رَهْطٍ عَيْنًا مِنْهُمْ خُبَيْبُ بْنُ عَدِيٍّ، وَزَيْدُ بْنُ دَثِنَةَ ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ مَعْمَرٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی کریم ﷺ نے دس گروپ بھیجے' ان میں سے جاسوس حضرت خبیب بن عدی اور زید بن دثنہ تھے۔ پھر معمر کی حدیث جیسی ذکر کی ہے۔

4079 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، وَعَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، قَالَا: ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اِسْمَاعِيلَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، اَخْبَرَنِي جَعْفَرُ بْنُ عَمْرِو بْنِ اُمَيَّةَ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَهُ وَحْدَهُ عَيْنًا اِلَى قُرَيْشٍ، قَالَ: فَجِئْتُ اِلَى خَشَبَةِ خُبَيْبٍ وَاَنَا اَتَخَوَّفُ الْعَيْنَ، فَرَقِيتُ فِيهَا فَحَلَلْتُ خُبَيْبًا، فَوَقَعَ اِلَى الْاَرْضِ، فَانْتَبَذْتُ غَيْرَ بَعِيدٍ، ثُمَّ اَرَى خُبَيْبًا كَاَنَّمَا ابْتَلَعَتْهُ الْاَرْضُ، فَمَا رُؤِيَ خُبَيْبٌ اِلَى السَّاعَةِ . قَالَ اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ: وَقَدْ كَانَ جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ، قَالَ: عَنْ جَعْفَرِ بْنِ

حضرت جعفر بن عمرو بن امیہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نبی پاک ﷺ نے ان کو قریش کے ایک قبیلہ کی طرف بھیجا' میں حضرت خبیب رضی اللہ عنہ کی لکڑی کے پاس آیا' مجھے جاسوس کا ڈر تھا' میں نے حضرت خبیب رضی اللہ عنہ کو اس لکڑی میں رکھا تو حضرت خبیب رضی اللہ عنہ زمین میں دھنس گئے' پھر میں نے حضرت خبیب رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ زمین نے انہیں نگل لیا تھا' اس کے بعد اس گھڑی تک خبیب کو نہیں دیکھا گیا۔ حضرت ابوبکر نے کہا: وہ جعفر بن عون تھا' کہا: حضرت جعفر بن عمرو بن امیہ سے مروی ہے' وہ اپنے باپ سے اور وہ ان کے دادا سے روایت کرتے

4079- أورده أحمد في مسنده جلد 4 صفحه 139' جلد 5 صفحه 287 رقم الحديث: 22530 عن جعفر بن عمرو بن امية عن أبيه به .

عَمْرِو بْنِ اُمَيَّةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ

خُبَيْبُ بْنُ اِسَافٍ اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ عَمْرٍو

4080 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ ح وَحَدَّثَنَا، الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، ثنا مُسْتَلِمُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا خُبَيْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ خُبَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُرِيدُ وَجْهًا، فَاَتَيْتُ اَنَا وَرَجُلٌ مِنْ قَوْمِي، فَقُلْنَا: اِنَّا نَكْرَهُ اَنْ يَشْهَدَ قَوْمُنَا مَشْهَدًا لَا نَشْهَدُهُ مَعَهُمْ، فَقَالَ: اَسْلَمْتُمَا؟ فَقُلْنَا: لَا، قَالَ: فَاِنَّا لَا نَسْتَعِينُ بِالْمُشْرِكِينَ قَالَ: فَاَسْلَمْنَا وَشَهِدْنَا مَعَهُ فَضَرَبَنِي رَجُلٌ مِنَ الْمُشْرِكِينَ عَلَى عَاتِقِي، فَقَتَلْتُهُ وَتَزَوَّجْتُ ابْنَتَهُ بَعْدَ ذَلِكَ، وَكَانَتْ تَقُولُ: لَا عَدِمْتَ رَجُلًا وَشَّحَكَ هَذَا الْوِشَاحَ، فَاَقُولُ لَهَا: لَا عَدِمْتِ رَجُلًا عَجَّلَ اَبَاكَ اِلَى النَّارِ

ہیں۔

حضرت خبیب بن اساف ابوعبدالرحمٰن بن عتبہ بن عمرو رضی اللہ عنہ

حضرت خبیب بن عبدالرحمٰن بن خبیب اپنے والد سے اور وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نکلے' میں اور میری قوم کا ایک آدمی آیا' ہم نے کہا: ہم اپنی قوم کے ساتھ شریک ہونے کو ناپسند کرتے ہیں اور ان کے ساتھ شریک ہونے کو ناپسند نہیں کرتے۔ آپ نے فرمایا: کیا تم دونوں مسلمان ہو؟ ہم نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: ہم مشرکوں سے مدد نہیں مانگتے۔ حضرت خبیب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم دونوں مسلمان ہوئے اور ہم دونوں آپ کے ساتھ شریک ہوئے' مشرکین میں سے ایک آدمی نے میرے کندھے پر مارا اور میں نے اس کو قتل کر دیا اور اس کے بعد میں نے اس کی بیٹی کے ساتھ نکاح کر لیا اور وہ کہا کرتی تھی: اس شخص کو گم نہ کرے جس شخص نے تجھے دولڑیوں والا ہار پہنایا ہے (تیری کمر پر ضرب لگائی)۔ میں نے اس سے کہا: تُو اس شخص کو گم نہ کر (اللہ کرے) جس نے تیرے باپ کو جہنم کی طرف جلدی بھیجا ہے۔

4080- اورده أحمد في مسنده جلد3صفحه454 عن خبيب بن عبد الرحمن بن خبيب عن أبيه عن جده به .

4081 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، ثنا مُسْتَلِمُ بْنُ سَعِيدٍ، أَنَا خُبَيْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ خُبَيْبٍ الْأَنْصَارِيُّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: أَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَا وَرَجُلٌ مِنْ قَوْمِي قَبْلَ أَنْ نُسْلِمَ، فَقُلْنَا: إِنَّا لَنَسْتَحِي أَنْ يَشْهَدَ قَوْمُنَا مَشْهَدًا لَا نَشْهَدُهُ مَعَهُمْ، فَقَالَ لَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَقَدْ أَسْلَمْتُمْ؟ قُلْنَا: لَا فَقَالَ: أَنَا لَا أَسْتَعِينُ بِالْمُشْرِكِينَ عَلَى الْمُشْرِكِينَ فَأَسْلَمْنَا وَشَهِدْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت خبیب بن عبدالرحمٰن بن خبیب انصاری اپنے والد سے اور وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں اور فرماتے ہیں: میں اور میری قوم کا ایک آدمی رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے ہم نے عرض کی: ہم حیا کرتے ہیں کہ ہم اپنی قوم کے ساتھ شریک ہوں اور آپ کے ساتھ شریک نہ ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں فرمایا: تم مسلمان ہو؟ ہم نے عرض کی: نہیں! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مشرکوں کے خلاف ہم مشرکوں سے مدد نہیں مانگتے۔ ہم مسلمان ہوئے اور ہم آپ کے ساتھ شریک ہوئے۔

4082 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَبَّاسُ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا أَبُو مَسْعُودٍ أَحْمَدُ بْنُ الْفُرَاتِ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعْدٍ الدَّشْتَكِيُّ، ثنا أَبُو جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، عَنْ مُسْتَلِمِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ خُبَيْبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ خُبَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَنَا لَا أَسْتَعِينُ بِمُشْرِكٍ

حضرت خبیب بن عبدالرحمٰن بن خبیب اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہم مشرکوں سے مدد نہیں مانگتے۔

بَابُ الدَّالِ

دِحْيَةُ بْنُ خَلِيفَةَ الْكَلْبِيُّ

باب الدال

حضرت دحیہ بن خلیفہ کلبی رضی اللہ عنہ

4083 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ

حضرت منصور کلبی فرماتے ہیں کہ حضرت دحیہ بن

4083- أورده أبو داؤد في سننه جلد 2صفحه319' رقم الحديث: 2413 عن يزيد بن أبي حبيب عن أبي الخير عن دحية

الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، ثنا يَزِيدُ بْنُ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ اَبِي الْخَيْرِ، عَنْ مَنْصُورٍ الْكَلْبِيِّ، اَنَّ دِحْيَةَ بْنَ خَلِيفَةَ، خَرَجَ مِنْ قَرْيَتِهِ بِدِمَشْقَ الْمَزَّةِ اِلَى قَدْرِ قَرْيَةِ عُقْبَةَ فِي رَمَضَانَ، ثُمَّ اَفْطَرَ وَاَفْطَرَ مَعَهُ النَّاسُ وَكَرِهَ آخَرُونَ اَنْ يُفْطِرُوا، فَلَمَّا رَجَعَ اِلَى قَرْيَتِهِ قَالَ: وَاللّٰهِ لَقَدْ رَاَيْتُ الْيَوْمَ اَمْرًا مَا كُنْتُ اَظُنُّنِي اَرَاهُ، اِنَّ قَوْمًا رَغِبُوا عَنْ هَدْيِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابِهِ، يَقُولُ ذَلِكَ لِلَّذِينَ صَامُوا، ثُمَّ قَالَ عِنْدَ ذَلِكَ: اللّٰهُمَّ اقْبِضْنِي اِلَيْكَ

خلیفہ رضی اللہ عنہ دمشق میں اپنی بستی مزّہ سے نکلے اور حضرت عقبہ رضی اللہ عنہ کی بستی کی طرف گئے' رمضان المبارک میں آپ نے روزہ افطار کیا اور آپ کے ساتھ لوگوں نے بھی افطار کیا اور دوسروں نے افطار کرنے کو ناپسند کیا' جب اپنی بستی کی طرف واپس آئے تو کہا: اللہ کی قسم! آج میں نے ایسے کام کو دیکھا ہے کہ میں اس کو دیکھنے کا گمان بھی نہیں کرتا تھا کہ وہ لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ کے صحابہ کے دین سے بے رغبتی کرتے ہیں کہ وہ کہتے ہیں: ان کو جو روزے کی حالت میں ہیں' پھر اس کے پاس کہا: اے اللہ! مجھے لے جا۔

4084 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، قَالَا: ثنا، يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادٍ، عَنْ دِحْيَةَ الْكَلْبِيِّ، قَالَ: بَعَثَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى قَيْصَرَ صَاحِبِ الرُّومِ بِكِتَابٍ، فَقُلْتُ: اسْتَاْذِنُوا لِرَسُولِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاُتِيَ قَيْصَرُ فَقِيلَ لَهُ: اِنَّ عَلَى الْبَابِ رَجُلًا يَزْعُمُ اَنَّهُ رَسُولُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَفَزِعُوا لِذَلِكَ فَقَالَ: اَدْخِلْهُ، فَاَدْخَلَنِي

حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے روم کے بادشاہ قیصر کی طرف خط دے کر بھیجا' میں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے اجازت مانگی' مجھے قیصر کے پاس لیجایا گیا' کہا گیا: دروازے پر ایک آدمی ہے جس کا گمان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خط دے کر بھیجا ہے۔ وہ ڈر گئے' اُس نے کہا: ان کو داخل ہونے دو! مجھے اس کے پاس داخل کیا گیا تو میں نے وہ خط اس کو دیا' اس کو پڑھا گیا' اس میں لکھا تھا: اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان ہمیشہ رحم کرنے والا ہے! محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے روم

بن خليفة به ولم يذكر منصور الكلبي .

4084- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد5صفحه306 وقال: رواه الطبراني وفيه يحيى بن عبد الحميد الحماني وهو ضعيف .

عَلَيْهِ وَعِنْدَهُ بَطَارِقَتُهُ، فَأَعْطَيْتُهُ الْكِتَابَ فَقُرِءَ عَلَيْهِ، فَإِذَا فِيهِ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ، مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُولِ اللّٰهِ إِلَى قَيْصَرَ صَاحِبِ الرُّومِ فَنَخَرَ ابْنُ أَخٍ لَهُ أَحْمَرُ أَزْرَقُ سَبِطٌ، فَقَالَ: لَا تَقْرَأِ الْكِتَابَ الْيَوْمَ بَدَأَ بِنَفْسِهِ، وَكَتَبَ صَاحِبَ الرُّومِ، لَمْ يَكْتُبْ مَلِكَ الرُّومِ، قَالَ: فَقُرِءَ الْكِتَابُ حَتَّى فَرَغَ مِنْهُمْ، ثُمَّ أَمَرَهُمْ فَخَرَجُوا مِنْ عِنْدِهِ، ثُمَّ بَعَثَ إِلَيَّ فَدَخَلْتُ عَلَيْهِ، فَسَأَلَنِي فَأَخْبَرْتُهُ، فَبَعَثَ إِلَى الْأَسْقُفِ فَدَخَلَ عَلَيْهِ وَكَانَ صَاحِبَ أَمْرِهِمْ يَصْدُرُونَ عَنْ رَأْيِهِ وَعَنْ قَوْلِهِ، فَلَمَّا قَرَأَ الْكِتَابَ قَالَ الْأُسْقُفُ: هُوَ وَاللّٰهِ الَّذِي بَشَّرَنَا بِهِ مُوسَى، وَعِيسَى الَّذِي كُنَّا نَنْتَظِرُ، قَالَ قَيْصَرُ: فَمَا تَأْمُرُنِي؟ قَالَ: أَمَّا أَنَا فَإِنِّي مُصَدِّقُهُ وَمُتَّبِعُهُ، فَقَالَ قَيْصَرُ: أَعْرِفُ أَنَّهُ كَذَلِكَ، وَلَكِنْ لَا أَسْتَطِيعُ أَنْ أَفْعَلَ، إِنْ فَعَلْتُ ذَهَبَ مُلْكِي وَقَتَلَنِي الرُّومُ

کے بادشاہ قیصر کے نام! اس کے بیٹے کے بھائی نے اس کو خط کو پھاڑ دیا' اس نے کہا: آج کے بعد ایسے خط کو نہ پڑھنا جو پہلے اپنے نام سے شروع کیا گیا ہو اور اس نے صاحبِ روم لکھا ہے' روم کا بادشاہ نہیں لکھا' جب خط پڑھ کر فارغ ہوا' پھر اس نے حکم دیا کہ اس کے پاس سے نکل جاؤ' پھر میری طرف پیغام بھیجا' میں اس کے پاس آیا' اس نے مجھ سے پوچھا: میں نے اس کو بتایا کہ اس نے اسقف کی طرف بھیجا' وہ اس کے پاس آیا اور اسقف بادشاہ کی رائے صادر کرتا تھا' جب اس نے خط پڑھا تو اسقف نے کہا: یہ وہی رسول ہے کہ جس کے متعلق ہمیں موسیٰ علیہ السلام نے اور عیسیٰ علیہ السلام نے بشارت دی ہے اور ہم اس کے انتظار میں ہیں۔ قیصر نے کہا: مجھے کیا حکم دیتے ہیں؟ اس نے کہا: یہ حکم دیتے ہیں کہ اس کی تصدیق کر اور اتباع کر۔ قیصر نے کہا: میں جانتا ہوں کہ معاملہ اسی طرح ہے لیکن میں ایسا کرنے کی طاقت نہیں رکھتا' اگر میں نے ایسا کیا تو میری بادشاہی چلی جائے گی اور لوگ مجھے قتل کر دیں گے۔

دحية بن خليفة الكلبي

4085 - حَدَّثَنَا الْمُقَدَّمُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا أَبُو الْأَسْوَدِ النَّضْرُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ مُوسَى بْنِ جُبَيْرٍ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَيَّاشٍ، حَدَّثَهُ عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ مُعَاوِيَةَ، عَنْ دِحْيَةَ الْكَلْبِيِّ، قَالَ: أَخَذَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِبَاطِي فَأَعْطَانِي قُبْطِيَّةً فَقَالَ: اصْدَعْهَا صَدْعَتَيْنِ فَاقْطَعْ أَحَدَهُمَا قَمِيصًا وَأَعْطِ الْآخَرَ امْرَأَتَكَ

حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول پاک ﷺ نے چادر لی اور وہ چادر مجھے دی اور آپ نے فرمایا: اس کے دو ٹکڑے کر لو' ایک کی قمیص بنا لو اور ایک اپنی بیوی کو دو کہ وہ اپنے سر کو ڈھانپے۔ جب میں چلا تو آپ ﷺ نے فرمایا: اپنی بیوی کو حکم دینا کہ اس کے ٹکڑے کے نیچے ایک کپڑا رکھے' سامنے نہ کرے۔

لِتَخْتَمِرَ بِهَا فَلَمَّا اَدْبَرَتْ قَالَ: مُرِ امْرَاَتَكَ اَنْ تَجْعَلَ تَحْتَ صَدْعَتِهَا ثَوْبًا لَا تَصِفُهَا

4086 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ مَنْدَهِ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ الرَّازِيُّ، ثنا، يَحْيَى بْنُ الضُّرَيْسِ، عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ دِحْيَةَ الْكَلْبِيِّ، قَالَ: اُهْدِيَتْ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جُبَّةٌ صُوفٌ وَخُفَّيْنِ فَلَبِسَهُمَا حَتَّى تَخَرَّقَا وَلَمْ يَسْاَلْ عَنْهُمَا ذَكَّيْنَاهُمَا اَمْ لَا

حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول پاک ﷺ کو ایک صوف کپڑا اور موزے دیئے گئے تو آپ نے ان دونوں کو پہنا یہاں تک کہ وہ دونوں پھٹ گئے' ان دونوں کے متعلق پوچھا نہیں کہ موزوں پر لگنے والے چمڑے کو ہم نے پاک کیا تھا یا نہیں۔

دَغْفَلُ بْنُ حَنْظَلَةَ

حضرت دغفل بن حنظلہ رضی اللہ عنہ

4087 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ عَنْ اَبِي هِلَالٍ الرَّاسِبِيِّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ، اَنَّ مُعَاوِيَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَرْسَلَ اِلَى دَغْفَلٍ فَسَاَلَهُ عَنِ الْعَرَبِيَّةِ وَعَنْ اَنْسَابِ النَّاسِ، وَسَاَلَهُ عَنِ النُّجُومِ، فَاِذَا عَالِمٌ فَقَالَ: يَا دَغْفَلُ مِنْ اَيْنَ حَفِظْتَ هَذَا؟ فَقَالَ: حَفِظْتُ هَذَا بِلِسَانٍ سَئُولٍ وَقَلْبٍ عَقُولٍ وَاَنَّ آفَةَ الْعِلْمِ النِّسْيَانُ، قَالَ: فَاذْهَبْ بِيَزِيدَ فَعَلِّمْهُ الْعَرَبِيَّةَ

حضرت عبداللہ بن بریدہ فرماتے ہیں کہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے حضرت دغفل رضی اللہ عنہ کی طرف بلوانے کے لیے بھیجا' آپ سے عربی اور لوگوں کے نسب کے متعلق پوچھا اور ستاروں کے متعلق' آپ اس متعلق جاننے والے تھے۔ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے دغفل! آپ نے یہ کہاں سے یاد کیے ہیں؟ حضرت دغفل رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں نے سوال کرنے والی زبان اور سمجھنے والے دل

4086- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 139 وقال: رواه الطبراني وفيه عنبسة بن سعد عن الشعبي وعنه يحيى بن الضريس ولم أعرفه وبقية رجاله ثقات .

4087- أورده أبو بكر الشيباني في الآحاد والمثاني جلد 3 صفحه 294' رقم الحديث: 1674 عن أبي هلال عن عبد الله بن بريدة عن دغفل به .

وَاَنْسَابَ قُرَيْشٍ وَالنُّجُومَ

سے یاد کیے ہیں' علم کی آفت بھولنا ہے۔ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یزید کے پاس جاؤ اس کو عربی اور قریش کا نسب اور ستاروں کے علم کے متعلق بتاؤ۔

دغفل بن حنظلة

4088 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ح وَحَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ رَاهَوَيْهِ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ شُعَيْبٍ السِّمْسَارُ، قَالَا: ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، قَالُوا: ثنا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ دَغْفَلِ بْنِ حَنْظَلَةَ، قَالَ: تُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ ابْنُ خَمْسٍ وَسِتِّينَ سَنَةً

حضرت دغفل بن حنظلہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کا وصال اس وقت ہوا جب آپ کی عمر 65 سال تھی۔

4089 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، وَجَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، قَالَا: ثنا إِسْحَاقُ بْنُ رَاهَوَيْهِ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ، قَالَا: ثنا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ دَغْفَلِ بْنِ حَنْظَلَةَ، قَالَ: كَانَ عَلَى النَّصَارَى صَوْمُ شَهْرِ رَمَضَانَ فَكَانَ عَلَيْهِمْ مَلِكٌ فَمَرِضَ، فَقَالَ: لَئِنْ شَفَاهُ اللّٰهُ لَيَزِيدَنَّ عَشْرًا، ثُمَّ كَانَ عَلَيْهِمْ مَلِكٌ

حضرت دغفل بن حنظلہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نصاریٰ پر رمضان کے روزے فرض کیے گئے' ان کے اوپر ایک بادشاہ تھا' وہ بیمار ہوگیا تو اُس نے کہا: اگر اللہ نے مجھے شفاء دی تو دس روزے اور زیادہ رکھے گا۔ پھر ان پر ایک اور بادشاہ مقرر کیا گیا' اس کے بعد اس نے گوشت کھایا اور وہ بیمار ہوگیا تو اس نے کہا: اگر اللہ نے مجھے شفاء دی تو دس روزے اور زیادہ رکھے گا۔ پھر اس کے بعد ایک اور بادشادہ مقرر کیا گیا' اس نے کہا:

4088- اورده ابو يعلى في مسنده جلد3صفحه145' رقم الحديث: 1575 عن قتادة عن الحسن بن دغفل به .

4089- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 3صفحه139 وقال: رواه الطبراني في الأوسط مرفوعا ورواه الطبراني في الكبير موقوفا على دغفل ورجال اسنادهما رجال الصحيح .

بَعْدَهُ، فَاَكَلَ اللَّحْمَ فَوَجِعَ، فَقَالَ: لَئِنْ شَفَاهُ اللّٰهُ لَيَزِيدَنَّ ثَمَانِيَةَ اَيَّامٍ، ثُمَّ كَانَ مَلِكٌ بَعْدَهُ، فَقَالَ: مَا نَدَعُ مِنْ هَذِهِ الْاَيَّامِ اَنْ نُتِمَّهَا وَنَجْعَلَ صَوْمَنَا فِي الرَّبِيعِ، فَفَعَلَ فَصَارَتْ خَمْسِينَ يَوْمًا

ہم ان دنوں میں کوئی روزہ نہیں چھوڑیں گے بلکہ مکمل کریں گے اور ہم اپنے روزے موسم بہار میں رکھیں گے اس نے ایسے ہی کیا تو پچاس دن کے روزے ہو گئے۔

دَيْلَمُ بْنُ فَيْرُوزَ الْحِمْيَرِيُّ

حضرت دیلم بن فیروز حمیری رضی اللہ عنہ

4090 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الْمِصْرِيُّ، ثنا اَبُو عَاصِمٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ، قَالَا: ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ الْحَنَفِيُّ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ، اَخْبَرَنِي يَزِيدُ بْنُ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ مَرْثَدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْيَزَنِيِّ، اَنَّ دَيْلَمَ الْحِمْيَرِيَّ، اَخْبَرَهُمْ، اَنَّهُ سَاَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنَّا بِبَلَدٍ بَارِدٍ، وَاِنَّا نَشْرَبُ شَرَابًا نَتَقَوَّى بِهِ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَهَلْ يُسْكِرُ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَلَا تَقْرَبُوهُ ثُمَّ اَعَادَ عَلَيْهِ الْمَسْاَلَةَ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُسْكِرُ؟ فَقَالَ: نَعَمْ، فَقَالَ: لَا تَقْرَبُوهُ، قَالَ: فَاِنَّهُمْ لَنْ يَصْبِرُوا عَنْهُ قَالَ: فَمَنْ لَمْ يَصْبِرْ عَنْهُ فَاقْتُلُوهُ

حضرت مرثد بن عبداللہ الیزنی فرماتے ہیں کہ حضرت دیلم حمیری رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا' عرض کی: یارسول اللہ! ہم ٹھنڈے ملک میں رہتے ہیں' ہم اپنے آپ کو مضبوط کرنے کے لیے شراب پیتے ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: کیا وہ نشہ دیتی ہے؟ عرض کی: جی ہاں! آپ ﷺ نے فرمایا: اس کے قریب بھی نہ جاؤ! پھر دوبارہ آپ سے پوچھا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: کیا وہ نشہ دیتی ہے؟ عرض کی گئی: جی ہاں! آپ ﷺ نے فرمایا: اس کے قریب نہ جاؤ! عرض کی گئی: وہ اس کے بغیر نہیں رہ سکتے ہیں! آپ ﷺ نے فرمایا: جو اس کے بغیر نہ رہ سکے تو اس کو قتل کر دو۔

4091 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ

حضرت دیلم حمیری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا' میں نے عرض کی:

4090- اورده احمد في مسنده جلد4صفحه232 عن يزيد بن أبي حبيب عن مرثد بن عبد الله اليزني عن ديلم به .

التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ، وَاَبُو كُرَيْبٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ مَرْثَدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْيَزَنِيِّ، عَنْ دَيْلَمٍ الْحِمْيَرِيِّ، قَالَ: سَاَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ شَرَابًا مِنْ هَذَا الْقَمْحِ نَتَقَوَّى بِهِ عَلَى اَعْمَالِنَا وَعَلَى بَرْدِ بِلَادِنَا، قَالَ: هَلْ يُسْكِرُ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: فَاجْتَنِبُوهُ، ثُمَّ جِئْتُهُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ، فَقُلْتُ لَهُ مِثْلَ ذَلِكَ قَالَ: هَلْ يُسْكِرُ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: فَاجْتَنِبُوهُ قُلْتُ: اِنَّ النَّاسَ غَيْرُ تَارِكِيهِ قَالَ: فَاِنْ لَمْ يَتْرُكُوهُ فَاقْتُلُوهُمْ

یارسول اللہ! ہم گندم سے شراب بناتے ہیں اس کے ذریعہ ہم اپنے آپ کو مضبوط کرتے ہیں اور ہم ٹھنڈے علاقے میں رہتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا وہ نشہ دیتی ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! آپ ﷺ نے فرمایا: اس سے بچو! پھر میں آپ کے سامنے سے آیا اور میں نے اس کے متعلق پوچھا تو آپ ﷺ نے فرمایا: کیا وہ نشہ دیتی ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! آپ ﷺ نے فرمایا: اس سے بچو! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! لوگ اس کو نہیں چھوڑیں گے! آپ ﷺ نے فرمایا: اگر وہ نہ چھوڑیں تو ان کو قتل کر دو۔

4092 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، وَعَيَّاشِ بْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ اَبِي الْخَيْرِ، عَنْ دَيْلَمٍ الْجَيْشَانِيِّ، قَالَ: اَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنَّا بِاَرْضٍ بَارِدَةٍ شَدِيدَةِ الْبَرْدِ نَصْنَعُ بِهَا شَرَابًا مِنَ الْقَمْحِ اَفَيَحِلُّ شُرْبُهُ قَالَ: اَيُسْكِرُكُمْ؟ قُلْتُ: بَلَى، قَالَ: فَاِنَّهُ خَمْرٌ

الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا يُونُسُ بْنُ حَبِيبٍ، ثنا اَبُو دَاوُدَ، ثنا ابْنُ اَبِي الزِّنَادِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ هَذَا الْمَالَ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ

کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ مال سرسبز اور میٹھا ہے۔

4742 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ الرَّقِّيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ جَدِّي خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ يُونُسَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: رَاَيْتُ رَجُلًا سَاَلَ اَبِي عَنْ رَجُلٍ يَغْزُو وَيَبِيعُ وَيُشْتَرِي وَيَتَّجِرُ فِي غَزْوَتِهِ؟ فَقَالَ لَهُ اَبِي: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِتَبُوكَ نَشْتَرِي وَنَبِيعُ وَهُوَ يَرَانَا فَمَا يَنْهَانَا

حضرت خارجہ بن زید بن ثابت فرماتے ہیں: میں نے ایک آدمی کو دیکھا جس نے میرے والد سے ایک ایسے آدمی کے بارے سوال کیا جو جہاد بھی کرتا ہے' خرید وفروخت بھی کرتا ہے اور اپنے جہاد میں تجارت بھی کرتا ہے؟ پس میرے والد نے اس سے فرمایا: ہم تبوک کے مقام پر رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے' خرید و فروخت کرتے تھے اس حال میں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیں ملاحظہ فرماتے لیکن منع نہیں فرماتے تھے۔

4743 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَوَارِيُّ الْوَاسِطِيُّ، ثنا زَيْدُ بْنُ اَخْرَمَ، ثنا اَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، عَنِ ابْنِ اَبِي الزِّنَادِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: لَيْسَ يَوْمُ عَاشُورَاءَ بِالْيَوْمِ الَّذِي يَقُولُهُ النَّاسُ، اِنَّمَا كَانَ يَوْمَ تُسْتَرُ فِيهِ الْكَعْبَةُ وَتَقْلِسُ فِيهِ الْحَبَشَةُ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ يَدُورُ فِي السَّنَةِ، فَكَانَ النَّاسُ يَاْتُونَ فُلَانًا الْيَهُودِيَّ، فَيَسْاَلُونَهُ، فَلَمَّا مَاتَ الْيَهُودِيُّ اَتَوْا زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ فَسَاَلُوهُ

حضرت خارجہ بن زید اپنے والد سے روایت کرتے ہیں: یومِ عاشورہ نہیں ہے وہ دن جو لوگ کہتے ہیں: بے شک وہ دن ہے جس دن کعبے کو چھپایا گیا' اس میں حبشی رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس بیٹھے گیت گاتے تھے اور یہ سال میں گھومتا رہتا ہے' پس لوگ فلاں یہودی کے پاس پوچھنے آتے تھے' پس جب وہ یہودی مرگیا تو وہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کے پاس آنے لگے۔

4742- أورد نحوه ابن ماجه في سننه جلد2صفحه943' رقم الحديث: 2823 .

4743- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد3صفحه187 وقال: رواه الطبراني في الكبير ولا أدري ما معناه وفيه عبد الرحمٰن بن أبي الزناد وفيه كلام كثير وقد وثق .

4744 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَنْصُورٍ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يَحْيَى الْعَدَوِيُّ، ثنا مَالِكٌ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْعَرَبِ فَسَاَلَهُ اَرْضًا بَيْنَ جَبَلَيْنِ، فَكَتَبَ لَهُ بِهَا، فَاَسْلَمَ، ثُمَّ اَتَى قَوْمَهُ، فَقَالَ لَهُمْ: اَسْلِمُوا، فَقَدْ جِئْتُكُمْ مِنْ عِنْدِ رَجُلٍ يُعْطِي عَطِيَّةَ مَنْ لَا يَخَافُ الْفَاقَةَ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ عرب میں سے ایک آدمی آپ ﷺ کے پاس آیا' پس اس نے آپ سے دو پہاڑوں کے درمیان زمین مانگی' پس آپ نے اسے لکھ دی' پس وہ اسلام لے آیا' پس وہ قوم کے پاس آیا اور ان کو کہا کہ تم سب اسلام لے آؤ! پس تحقیق میں اس آدمی کے پاس سے تمہارے پاس آیا ہوں' وہ اتنا کچھ عطا کرتے ہیں کہ انہیں فاقہ کا خوف نہیں ہوتا۔

عَمْرُو بْنُ وَهْبٍ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدٍ

حضرت عمرو بن وہب' حضرت خارجہ بن زید سے روایت کرتے ہیں

4745 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَسَنٍ الْعَطَّارُ، ثنا اَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ، قَالَا: ثنا اَبُو اُمَيَّةَ بْنُ يَعْلَى، حَدَّثَنِي اَبُو الزِّنَادِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ وَهْبٍ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ: قَالَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ: لَمْ يَقْضِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا ثَلَاثَ قَضِيَّاتٍ فِي الْآمَّةِ وَالْمُنَقِّلَةِ وَالْمُوضِحَةِ، فِي الْآمَّةِ

حضرت خارجہ بن زید بن ثابت سے روایت ہے کہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے کہا کہ آپ ﷺ نے تین کاموں کے متعلق فیصلہ فرمایا الامۃ کے متعلق (وہ زخم جو کھال تک پہنچ جائے) منقلہ کے متعلق (وہ زخم جو ہڈی کو اپنی جگہ سے سرکا دے) اور موضحہ کے متعلق (وہ زخم جس میں ہڈی کھل جائے) الامۃ کے متعلق تینتیس دن اور منقلہ کے متعلق پندرہ دن اور موضحہ کے متعلق پانچ دن اور آپ ﷺ نے

4744- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد9صفحه13 وقال: رواه الطبراني وفيه عبد الرحمٰن بن يحيىٰ العدوي وقيل فيه مجهول وبقية رجاله وثقوا .

4745- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد6صفحه298 وقال: رواه الطبراني وفيه أبو أمية بن يعلى وهو ضعيف .

عمرو بن وهب عن خارجة بن زيد

ثَلاثًا وَثَلاثِينَ، وَفِي الْمُنَقِّلَةِ خَمْسَ عَشْرَةَ، وَفِي الْمُوضِحَةِ خَمْسًا، وَقَضَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي عَيْنِ الدَّابَّةِ رُبْعَ ثَمَنِهَا

عین دیت کے متعلق چوتھائی حصہ۔

سَالِمُ اَبُو النَّضْرِ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدٍ

حضرت سالم ابوالنضر' حضرت خارجہ بن زید سے روایت کرتے ہیں

4746 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، حَدَّثَنِي اَبُو النَّضْرِ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ عُثْمَانَ بْنَ مَظْعُونٍ لَمَّا قُبِرَ قَالَتْ اُمُّ الْعَلَاءِ: طِبْ اَبَا السَّائِبِ نَفْسًا اِنَّكَ فِي الْجَنَّةِ، فَسَمِعَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَنْ هَذِهِ؟ فَقَالَتْ: اَنَا يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، فَقَالَ: وَمَا يُدْرِيكِ؟ قَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُونٍ قَالَ: اَجَلْ مَا رَاَيْنَا اِلَّا خَيْرًا، اَنَا رَسُولُ اللّٰهِ وَاللّٰهِ مَا اَدْرِي مَا يُصْنَعُ بِي

حضرت خارجہ بن زید اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ جب حضرت عثمان بن مظعون کو دفن کیا گیا تو اُم العلاء نے کہا کہ اے ابا السائب! تُو بہت اچھا ہے اور تُو جنت میں ہے' جب آپ ﷺ نے یہ سنا تو آپ نے فرمایا: یہ کون ہے؟ تو وہ بولی: میں ہوں! اے اللہ کے نبی! آپ ﷺ نے فرمایا: تُو کیا جانتی ہے؟ تو اُس نے کہا: یارسول اللہ! عثمان بن مظعون نے فرمایا: ہاں! ہم نے بھی ان کی زندگی کو خیر کے علاوہ کچھ نہیں پایا' میں اللہ کا رسول ہوں' مجھے معلوم نہیں' اللہ میرے ساتھ کیا کرے گا۔

قَيْسُ بْنُ سَعْدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدٍ

حضرت قیس بن سعد بن زید بن ثابت' حضرت خارجہ بن زید سے روایت کرتے ہیں

4747 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

حضرت خارجہ بن زید بن ثابت اپنے والد حضرت

4746- أورده أحمد في مسنده جلد6صفحه436' رقم الحديث: 27499 .

4747- أورده الترمذي في سننه جلد4صفحه292' رقم الحديث: 1865 .

عَرَّسٍ الْمَرْوَزِيُّ الْمِصْرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ الْمَدِينِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ قَيْسٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِيهِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا اَسْكَرَ كَثِيرُهُ فَقَلِيلُهُ حَرَامٌ

زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: نشہ زیادہ دے یا کم' یہ حرام ہے' یا جو نشہ دے' اس کی زیادہ اور کم مقدار حرام ہے۔

4748 - حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ مُحَمَّدٍ السِّمْسَارُ الْوَاسِطِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ خَالِدٍ الْعُثْمَانِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرِو بْنِ وَهْبٍ، مَوْلَى زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِيهِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا كَانَ بَيْنَ عُثْمَانَ وَرُقَيَّةَ وَلُوطٍ مِنْ مُهَاجِرٍ يَعْنِي اَنَّهُمَا اَوَّلُ مَنْ هَاجَرَ اِلَى اَرْضِ الْحَبَشَةِ

حضرت خارجہ بن زید بن ثابت اپنے والد حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں ہے عثمان' رقیہ اور حضرت لوط کے درمیان مہاجر میں سے' یعنی ان دونوں نے سب سے پہلے حبشہ کی زمین کی طرف ہجرت کی ہے۔

سُلَيْمَانُ بْنُ خَارِجَةَ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدٍ

حضرت سلیمان بن خارجہ' حضرت خارجہ بن زید سے روایت کرتے ہیں

4749 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ اَبِي الْوَلِيدِ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ،

حضرت خارجہ بن زید بن ثابت فرماتے ہیں کہ ایک گروہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' انہوں نے کہا: کچھ لوگوں نے ہمیں رسول اللہ ﷺ کی حدیث بیان کی ہے! حضرت زید رضی اللہ

4748- ذکرہ الھیثمی فی مجمع الزوائد جلد9صفحہ81 وقال: رواہ الطبرانی وفیہ عثمان بن خالد العثمانی وھو متروک .

4749- ذکرہ الھیثمی فی مجمع الزوائد جلد9صفحہ17 وقال: رواہ الطبرانی واسنادہ حسن .

أَنَّهُ قَالَ: دَخَلَ نَفَرٌ عَلَى زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، فَقَالُوا: حَدِّثْنَا بَعْضَ حَدِيثِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: وَمَا أُحَدِّثُكُمْ؟ كُنْتُ جَارَهُ، فَكَانَ إِذَا نَزَلَ الْوَحْيُ أَرْسَلَ إِلَيَّ، فَكَتَبْتُ الْوَحْيَ، وَكَانَ إِذَا ذَكَرْنَا الْآخِرَةَ ذَكَرَهَا مَعَنَا، وَإِذَا ذَكَرْنَا الدُّنْيَا ذَكَرَهَا مَعَنَا، وَإِذَا ذَكَرْنَا الطَّعَامَ ذَكَرَهُ مَعَنَا، فَكُلُّ هَذَا أُحَدِّثُكُمْ عَنْهُ

عنہ نے فرمایا: میں تم کو بیان کیا کروں؟ میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس رہتا تھا' جب آپ پر وحی نازل ہوتی تو آپ میری طرف پیغام بھیجتے میں وحی لکھتا تھا' جب آپ ہمیں آخرت یاد کرواتے تو ہم آپ کے ساتھ ہوتے تھے' جب ہم کو دنیا کے متعلق بتاتے تو ہم آپ کے ساتھ ہوتے تھے' جب ہم کھانے کا ذکر کرتے تو اس کے متعلق بتاتے تو آپ ہمارے ساتھ ہوتے' میں تم کو ان سب چیزوں کے متعلق بتاؤں گا۔

سَعِيدُ بْنُ يَسَارٍ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدٍ

حضرت سعید بن یسار' حضرت خارجہ بن زید سے روایت کرتے ہیں

4750 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي الشَّوَارِبِ، ثنا أَبُو صَدَقَةَ الْجُدِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَامِرٍ الْأَنْصَارِيُّ ثُمَّ الْأَسْلَمِيُّ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَلَا أَدُلُّكُمْ عَلَى كَنْزٍ مِنْ كُنُوزِ الْجَنَّةِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ

حضرت خارجہ بن زید بن ثابت اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا میں تمہیں جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ کے متعلق نہ بتاؤں: وہ لاحول ولاقوۃ الا باللہ ہے۔

سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ خَارِجَةَ

حضرت سعید بن سلیمان' حضرت خارجہ بن زید سے روایت

بْنِ زَيْدٍ

کرتے ہیں

4751 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا اَبُو مُوسَى الْاَنْصَارِيُّ، ثنا اَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَامِرٍ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ سُلَيْمَانَ مِنْ آلِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلَا اَدُلُّكُمْ عَلَى كَنْزٍ مِنْ كُنُوزِ الْجَنَّةِ قَالُوا: بَلَى، قَالَ: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

حضرت خارجہ بن زید بن ثابت اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کیا میں تمہیں جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ کے متعلق نہ بتاؤں: وہ لاحول ولاقوۃ الا باللہ ہے۔

4752 - حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَلْطِيُّ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَامِرٍ الْاَسْلَمِيُّ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلَا اَدُلُّكَ عَلَى كَنْزٍ مِنْ كُنُوزِ الْجَنَّةِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَمْ يَذْكُرْ اَبُو نُعَيْمٍ خَارِجَةَ

حضرت خارجہ بن زید بن ثابت اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کیا میں تمہیں جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ کے متعلق نہ بتاؤں: وہ لاحول ولاقوۃ الا باللہ ہے۔ حضرت ابونعیم نے حضرت خارجہ کا ذکر نہیں کیا۔

كَثِيرُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدٍ

کثیر بن زید' حضرت خارجہ بن زید سے روایت کرتے ہیں

4753 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ثنا اَبُو بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ، ثنا كَثِيرُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، حَدَّثَنِي زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُطَوِّلُ الْقِرَاءَةَ فِي

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ظہر اور نمازِ عصر میں لمبی قرأت کرتے' آپ کے دونوں ہونٹ حرکت کرتے تھے' میں نے معلوم کیا کہ آپ کے دونوں ہونٹ قرأت کی وجہ سے حرکت کر رہے ہوتے تھے۔

4753- أورد نحوه أحمد في مسنده جلد5صفحه182' رقم الحديث: **21620** .

الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ، وَيُحَرِّكُ شَفَتَيْهِ، وَقَدْ عَلِمْتُ إِنَّمَا يُحَرِّكُ الشَّفَتَيْنِ لِلْقِرَاءَةِ

سُلَيْمَانُ بْنُ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِيهِ

4754 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا فَرْوَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنُ سَلَمَةَ الْأَنْصَارِيُّ، بِالْأَبْوَاءِ، ثنا هَارُونُ بْنُ يَحْيَى الْحَاطِبِيُّ، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ يَعْقُوبَ بْنِ إِسْمَاعِيلَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِيهِ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ عَمِّهِ سُلَيْمَانَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: قَالَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ: غَدَوْنَا يَوْمًا غُدْوَةً مِنَ الْغَدَوَاتِ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى كُنَّا فِي مَجْمَعِ طُرُقِ الْمَدِينَةِ، فَبَصُرْنَا بِأَعْرَابِيٍّ آخِذَ بِخِطَامِ بَعِيرِهِ حَتَّى وَقَفَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ حَوْلَهُ، فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ، فَرَدَّ عَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: كَيْفَ أَصْبَحْتَ؟ قَالَ: وَرَغَا الْبَعِيرُ، وَجَاءَ رَجُلٌ كَأَنَّهُ حَرَسِيٌّ، فَقَالَ الْحَرَسِيُّ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ هَذَا الْأَعْرَابِيُّ سَرَقَ الْبَعِيرَ، فَرَغَا الْبَعِيرُ سَاعَةً وَحَنَّ، فَأَنْصَتَ لَهُ

حضرت سلیمان بن زید بن ثابت اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم ایک دن رسول اللہ ﷺ کے ساتھ چل رہے تھے جب ہم مدینہ کے کسی راستے میں اکٹھے ہوئے تو ہم نے ایک دیہاتی کو دیکھا کہ اپنے اونٹ کی نکیل پکڑے ہوئے تھا' وہ رسول اللہ ﷺ کے پاس رُکا' ہم آپ کے اردگرد تھے' اس نے عرض کی: اے غیب کی خبریں بتانے والے! آپ پر سلامتی ہو اور اللہ کی رحمت اور برکت ہو! حضور ﷺ نے اسے سلام کا جواب دیا' آپ نے فرمایا: تُو نے صبح کیسے کی ہے؟ اس نے عرض کی: اونٹ نے آواز نکالی اور ایک آدمی آیا وہ حرسی تھا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ دیہاتی اونٹ چوری کر کے لایا ہے' اس وقت اونٹ بولنے لگا اور رونے لگا' حضور ﷺ نے اس کے بولنے اور رونے کی آواز سن کر اس کو خاموش کروایا' پھر حضور ﷺ اس کی طرف متوجہ ہوئے' آپ نے فرمایا: واپس چلے جاؤ! یہ اونٹ گواہی دیتا ہے کہ تُو جھوٹا ہے۔ وہ حرسی چلا گیا'

4754- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد9صفحه11 وقال: رواه الطبراني وفيه من لم أعرفه .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْمَعُ رُغَاءَهُ وحَنِينَهُ، فَلَمَّا هَدَأَ الْبَعِيرُ أَقْبَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْحَرَسِيِّ فَقَالَ: انْصَرِفْ عَنْهُ فَإِنَّ الْبَعِيرَ شَهِدَ عَلَيْكَ أَنَّكَ كَاذِبٌ فَانْصَرَفَ الْحَرَسِيُّ، وَأَقْبَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْأَعْرَابِيِّ فَقَالَ: أَيُّ شَيْءٍ قُلْتَ حِينَ جِئْتَنِي؟ قَالَ: قُلْتُ: بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ حَتَّى لَا تَبْقَى صَلَاةٌ، اللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلَى مُحَمَّدٍ حَتَّى لَا تَبْقَى بَرَكَةٌ، اللّٰهُمَّ سَلِّمْ عَلَى مُحَمَّدٍ حَتَّى لَا يَبْقَى سَلَامٌ، اللّٰهُمَّ وَارْحَمْ مُحَمَّدًا حَتَّى لَا تَبْقَى رَحْمَةٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَزَّ أَبْدَاهَا لِي وَالْبَعِيرُ يَنْطِقُ بِعُذْرِهِ، وَإِنَّ الْمَلَائِكَةَ قَدْ سَدُّوا الْأُفُقَ

حضور ﷺ اس دیہاتی کی طرف متوجہ ہوئے' آپ نے فرمایا: جس وقت تُو میرے پاس آیا کیا پڑھ رہا تھا؟ اُس نے عرض کی: میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! میں نے پڑھا: ''اللّٰهم صل علٰی محمدٍ الٰی آخرہ'' حضور ﷺ نے فرمایا: میرے لیے ظاہر ہوا کہ اونٹ عذر کے ساتھ گفتگو کر رہا تھا اور فرشتے اُفق کو رُوکے ہوئے تھے۔

4755 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ دُحَيْمٌ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَحْيَى الْمَعَافِرِيُّ، عَنْ نَافِعِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَقِيلِ بْنِ خَالِدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ ابْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: كُنْتُ أَكْتُبُ الْوَحْيَ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ يَشْتَدُّ نَفَسُهُ وَيَعْرَقُ عَرَقًا شَدِيدًا مِثْلَ الْجُمَانِ، ثُمَّ يُسَرَّى عَنْهُ، فَأَكْتُبُ وَهُوَ يُمْلِي عَلَيَّ، فَمَا أَفْرُغُ حَتَّى يَثْقُلَ، فَإِذَا فَرَغْتُ قَالَ: اقْرَأْ فَأَقْرَأُهُ، فَإِنْ كَانَ فِيهِ سَقْطٌ أَقَامَهُ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس میں وحی لکھا کرتا تھا' وہ آپ ﷺ پر بہت سخت ہوتی' آپ ﷺ کو پسینہ آ جاتا تھا' جیسے موتی پھر وہ کیفیت ختم ہو جاتی۔ میں لکھتا تھا اور حضور ﷺ لکھواتے تھے' پس فارغ نہ ہوتا یہاں تک کہ (بعض اوقات) آپ ﷺ کی طبیعت بوجھل ہو جاتی' پس جب میں فارغ ہوتا تو آپ فرماتے: پڑھ! پس میں پڑھتا' پس اگر اس میں کوئی لفظ رہ گیا ہوتا تو آپ ﷺ پورا کروا دیتے۔

4756 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

الطَّحَّانُ الْمِصْرِيُّ، ثنا اَبُو الطَّاهِرِ بْنُ السَّرْحِ قَالَ: وَجَدْتُ فِي كِتَابِ خَالِي عَبْدِ الْحَمِيدِ، حَدَّثَنِي عَقِيلُ، حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، اَخْبَرَهُ عَنْ اَبِيهِ سُلَيْمَانَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: كُنْتُ اَكْتُبُ الْوَحْيَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ اِذَا نَزَلَ عَلَيْهِ اَخَذَتْهُ بُرَحَاءُ شَدِيدَةٌ وَعَرِقَ عَرَقًا شَدِيدًا مِثْلَ الْجُمَانِ، ثُمَّ سُرِّيَ عَنْهُ، فَكُنْتُ اَدْخُلُ عَلَيْهِ بِقِطْعَةِ الْقَتَبِ اَوْ كِسْرَةٍ فَاَكْتُبُ وَهُوَ يُمْلِي عَلَيَّ، فَمَا اَفْرَغُ حَتَّى تَكَادَ رِجْلَيَّ تَنْكَسِرُ مِنْ ثِقَلِ الْقُرْآنِ حَتَّى اَقُولَ لَا اَمْشِي عَلَى رِجْلَيَّ اَبَدًا، فَاِذَا فَرَغْتُ قَالَ: اقْرَاْهُ فَاِنْ كَانَ فِيهِ سَقْطٌ اَقَامَهُ، ثُمَّ اَخْرَجُ بِهِ اِلَى النَّاسِ

حضورﷺ کے حکم سے میں وحی لکھا کرتا تھا اور جب آپﷺ پر وحی نازل ہوتی تو آپﷺ کو سخت تکلیف ہوتی' موتیوں کی طرح آپﷺ کی پیشانی پر پسینہ چمکنے لگتا تھا۔ پھر اس سے فرصت ملتی تو میں آپﷺ کی خدمت میں کجاوے کے ٹکڑے لے کر حاضر ہوتا۔ آپﷺ لکھواتے جاتے' میں لکھتا جاتا' پس فارغ ہونے سے قبل قرآن کے بوجھ سے میری ٹانگیں ٹوٹنے کو آ جاتیں حتیٰ کہ میں دل میں کہتا کہ اب ان ٹانگوں کے ساتھ میں کبھی نہیں چل سکوں گا۔ پس جب فارغ ہوتا' آپﷺ فرماتے: اسے پڑھ! اگر اس میں کوئی لفظ چھوٹ گیا ہوتا تو آپ لکھوا دیتے تھے پھر میں اس کو لے کر لوگوں کی طرف نکلتا۔

اَبَانُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ

حضرت ابان بن عثمان بن عفان' حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4757 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، ثنا شُعْبَةُ قَالَ: سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ سُلَيْمَانَ، يُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبَانَ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: نَضَّرَ اللّٰهُ امْرَاً سَمِعَ مِنَّا حَدِيثًا فَحَفِظَهُ فَبَلَّغَهُ، فَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ لَيْسَ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: اللہ اس کو خوش رکھے جو ہم سے حدیث سنے' اس کو یاد کرے' آگے اس کو پہنچائے' بسا اوقات جس کو سنا رہا ہے وہ زیادہ فقیہ ہوتا ہے' سننے والے سے۔

4757- أورد نحوه الترمذي في سننه جلد5صفحه33' رقم الحديث: 2656 .

بِفِقْهِهِ

4758- ثَلَاثٌ لَا يُغِلُّ عَلَيْهِنَّ قَلْبُ مُسْلِمٍ اَبَدًا: اِخْلَاصُ الْعَمَلِ لِلّٰهِ، وَمُنَاصَحَةُ وُلَاةِ الْاَمْرِ وَلُزُومُ الْجَمَاعَةِ، فَاِنَّ دَعْوَتَهُمْ تُحِيطُ مِنْ وَرَائِهِمْ

تین کاموں میں مؤمن کا دل خیانت نہیں کرتا ہے: (۱) اللہ کے لیے اخلاص کے ساتھ عمل کرنے میں (۲) حکمرانوں کو نصیحت کرنے میں اور (۳) جماعت کے ساتھ رہنے میں کیونکہ ان کی دعا ان کے پیچھے سے ان کو گھیر لیتی ہے۔

4759 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، قَالَ سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ سُلَيْمَانَ، يُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبَانَ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَانَتْ نِيَّتُهُ الْآخِرَةَ جَمَعَ اللّٰهُ لَهُ شَمْلَهُ، وَجَعَلَ غِنَاهُ فِي قَلْبِهِ، وَاَتَتْهُ الدُّنْيَا رَاغِمَةً، وَمَنْ كَانَتْ نِيَّتُهُ الدُّنْيَا فَرَّقَ اللّٰهُ عَلَيْهِ اَمْرَهُ، وَجَعَلَ فَقْرَهُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ، وَلَمْ يَاْتِهِ مِنَ الدُّنْيَا اِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کی نیت آخرت ہو اللہ عزوجل اس سے دنیا و آخرت اکٹھی کر دے گا اور غناء اس کے دل میں رکھے گا اور دنیا اس کے پاس ذلیل ہو کر آئے گی اور جس کی نیت دنیا کی ہو کہ اللہ عزوجل اس پر کشادہ کر دے گا' لیکن محتاجی اسکے دل میں رکھے گا اور دنیا اس کو وہی ملے گی جو اللہ نے اس کے لیے لکھی ہے۔

4760- وَسُئِلَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ، عَنْ صَلَاةِ الْوُسْطَى؟ قَالَ: هِيَ الْعَصْرُ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے نمازِ وسطیٰ کے متعلق پوچھا گیا' فرمایا: یہ نمازِ عصر ہے۔

بُسْرُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ

حضرت بسر بن سعید' حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4761 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

4759- أورد نحوه أحمد في مسنده جلد5صفحه183 .

4761- أخرج نحوه البخاري في صحيحه جلد6صفحه2658' رقم الحديث: 6860 .

مُعَلَّى بْنُ اَسَدٍ الْعَمِّيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُخْتَارٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ سَالِمٍ اَبِي النَّضْرِ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَجَرَ حُجْرَةً حَسِبَهُ بِحَصِيرٍ، فَصَلَّى فِيهَا فَسَمِعَ بِذَلِكَ قَوْمٌ، فَجَعَلَ بَعْضُهُمْ يَتَنَحْنَحُ فَخَرَجَ اِلَيْهِمْ فَقَالَ: مَا زَالَ بِكُمْ مَا رَاَيْتُ مِنْ صَنِيعِكُمْ حَتَّى خَشِيتُ اَنْ تُكْتَبَ عَلَيْكُمْ، وَلَوْ كُتِبَتْ عَلَيْكُمْ مَا قُمْتُمْ بِهَا، فَصَلُّوا اَيُّهَا النَّاسُ فِي بُيُوتِكُمْ، فَاِنَّ اَفْضَلَ صَلَاةِ الْمَرْءِ فِي بَيْتِهِ اِلَّا الصَّلَاةَ الْمَكْتُوبَةَ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حجرہ بنوایا اور چٹائی رکھی اور اس میں نماز پڑھی لوگوں نے سنی ایک ان میں سے کھانسنے لگا آپ باہر تشریف لائے آپ نے فرمایا: میں ہمیشہ اگر کرتا رہتا جو تم نے مجھے کرتے دیکھا تو مجھے ڈر تھا کہ تم پر فرض نہ ہو اگر تم پر فرض ہوتی تو تم ادا نہ کر سکتے اے لوگو! گھروں میں نماز پڑھا کرو (مراد تراویح) آدمی کی افضل نماز فرضوں کے علاوہ گھر میں ہے۔

4762 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ الصَّنْعَانِيُّ، وَعَلِيُّ بْنُ جَبَلَةَ الْاَصْبَهَانِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ نَصْرٍ الصَّائِغُ، قَالُوا: ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ، حَدَّثَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بَرْدَانَ بْنِ اَبِي النَّضْرِ، مَوْلَى عُمَرَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: صَلَاةُ الْمَرْءِ فِي بَيْتِهِ اَفْضَلُ مِنْ صَلَاتِهِ فِي مَسْجِدِي اِلَّا الْمَكْتُوبَةَ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: آدمی کی افضل نماز وہ ہے جو گھر میں پڑھی جائے فرضوں کے علاوہ۔

حَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنِي بُرْدَانُ بْنُ اَبِي النَّضْرِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

4762- أورد نحوه أبو داؤد في سننه جلد1 صفحه274، رقم الحديث: 1044

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

4763 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِنْدٍ، ثنا سَالِمٌ اَبُو النَّضْرِ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ: احْتَجَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُجْرَةً فِي الْمَسْجِدِ فَكَانَ يُصَلِّي فِيهَا، فَرَآهُ رَجُلٌ فَصَلُّوا بِصَلَاتِهِ، حَتَّى اِذَا كَانَتْ لَيْلَةٌ حَضَرُوهُ وَهُوَ لَمْ يَخْرُجْ اِلَيْهِمْ، فَتَنَحْنَحُوا وَحَصَبُوا الْبَابَ، وَرَفَعُوا اَصْوَاتَهُمْ، فَخَرَجَ اِلَيْهِمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُغْضَبًا فَقَالَ: اَيُّهَا النَّاسُ مَا زَالَ بِكُمْ صَنِيعُكُمْ حَتَّى ظَنَنْتُ اَنَّهُ سَتُكْتَبُ، فَعَلَيْكُمْ بِالصَّلَاةِ فِي بُيُوتِكُمْ فَاِنَّ خَيْرَ صَلَاةِ الْمَرْءِ فِي بَيْتِهِ اِلَّا الْمَكْتُوبَةَ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مسجد میں حجرہ بنوایا اور اس میں نماز پڑھی لوگوں میں سے ایک نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا' پس لوگوں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی' یہاں تک کہ جب ایک رات آئی تو لوگ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس حاضر ہوئے لیکن آپ تشریف نہیں لائے' پس لوگ کھانسنے لگے اور بعض نے دروازے پر کنکریاں ماریں اور اُنہوں نے آوازیں بلند کیں۔ پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم باہر نکلے اس حال میں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غصے میں تھے۔ آپ نے فرمایا: اے لوگو! میں ہمیشہ اگر کرتا رہتا جو تم نے مجھے کرتے دیکھا تو مجھے ڈر تھا کہ تم پر فرض نہ ہو' اگر تم پر فرض ہوتی تو تم قیام نہ کرتے' اے لوگو! گھروں میں نماز پڑھا کرو (مراد تراویح) آدمی کی افضل نماز فرضوں کے علاوہ گھر میں ہے۔

4764 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِنْدٍ، عَنْ سَالِمٍ اَبِي النَّضْرِ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَرَ حُجْرَةً فَكَانَ يُصَلِّي فِيهَا، فَفَطِنَ لَهُ اَصْحَابُهُ، فَكَانُوا يُصَلُّونَ بِصَلَاتِهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَفْضَلُ الصَّلَاةِ صَلَاةُ الرَّجُلِ فِي بَيْتِهِ اِلَّا الْمَكْتُوبَةَ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے (مسجد میں) حجرہ بنوایا اور اس میں نماز پڑھی' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ سمجھ گئے' اُنہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی' آپ نے فرمایا: آدمی کی افضل نماز فرضوں کے علاوہ گھر میں ہے۔

عَامِرُ بْنُ سَعْدِ بْنِ اَبِی وَقَّاصٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ

4765 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْجَهْمِ السُّمَّرِیُّ، ثنا اَزْهَرُ بْنُ جَمِيلٍ، ثنا حَاتِمُ بْنُ وَرْدَانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا سَمِعْتُمْ بِالطَّاعُونِ بِاَرْضٍ فَلَا تَدْخُلُوهَا وَاِذَا وَقَعَ وَاَنْتُمْ بِاَرْضٍ بِهَا فَلَا تَخْرُجُوا مِنْهَا

حضرت عامر بن سعد بن ابووقاص' حضرت زید بن ثابت سے روایت کرتے ہیں

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جب تم سنو کہ اگر کسی ملک میں طاعون ہو تو وہاں داخل نہ ہو' جب ایسے شہر میں ہو کہ وہاں ہو تو وہاں سے نہ نکلو۔

كَثِيرُ بْنُ اَفْلَحَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ

4766 - حَدَّثَنَا اِدْرِيسُ بْنُ جَعْفَرٍ الْعَطَّارُ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِی شَيْبَةَ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، ثنا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِیُّ، ثنا هَدِيَّةُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْمَرْوَزِیُّ، ثنا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، اَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ عَنِ ابْنِ

حضرت بن افلح' حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم ہر فرض نماز کے بعد تینتیس دفعہ سبحان اللہ' چونتیس مرتبہ اللہ اکبر' تینتیس مرتبہ الحمد للہ پڑھنے کا حکم دیا کرتے تھے۔ انصار کے ایک آدمی نے خواب میں دیکھا کہ تمہارے نبی تمہیں ایسے سبحان اللہ' الحمد للہ' اللہ اکبر پڑھنے کا حکم دیا' آپ نے فرمایا: پچیس مرتبہ لا الٰہ

4765- أخرج نحوه البخاري في صحيحه جلد5صفحه2163' رقم الحديث: 5396 .

4766- أخرج نحوه ابن حبان في صحيحه جلد5صفحه360' رقم الحديث: 2017 .

سِيرِينَ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ اَفْلَحَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: اَمَرَنَا اَنْ نُسَبِّحَ فِي دُبُرِ كُلِّ صَلَاةٍ ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ وَنَحْمَدُ ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ وَنُكَبِّرُ اَرْبَعًا وَثَلَاثِينَ، فَرَاَى رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ فِيمَا يَرَى النَّائِمُ، فَقَالَ: اَمَرَكُمْ نَبِيُّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تُسَبِّحُوا كَذَا وَتَحْمَدُوا كَذَا وَتُكَبِّرُوا كَذَا قَالَ: نَعَمْ، فَقَالَ: اجْعَلُوهَا خَمْسًا وَعِشْرِينَ وَزِيدُوا فِيهَا التَّهْلِيلَ، فَجَاءَ الْاَنْصَارِيُّ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَخْبَرَهُ بِرُؤْيَاهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اجْعَلُوهَا كَمَا قَالَ

الا اللہ کا اضافہ کرلو انصاری آیا' رسول اللہ ﷺ کے پاس آپ ﷺ کو خواب بتائی' حضور ﷺ نے اس طرح کہا' اس کو بھی ساتھ ملالو۔

قَبِيصَةُ بْنُ ذُؤَيْبٍ الْخُزَاعِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ

حضرت قبیصہ بن ذویب الخزاعی' حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4767 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ رَاهَوَيْهِ، انا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ جُمْهُورٍ التِّنِّيسِيُّ السِّمْسَارُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ الرَّازِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ ذُؤَيْبٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: كُنْتُ اَكْتُبُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِي: اكْتُبْ (لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُونَ مِنَ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں رسول کریم ﷺ کا کاتب تھا' پس آپ ﷺ نے مجھے فرمایا: لکھ ''یستوی القاعدون من المؤمنین'' تو حضرت عبداللہ بن اُم مکتوم رضی اللہ عنہ آئے' اُنہوں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میں اللہ کی راہ میں جہاد کو پسند کرتا ہوں لیکن مجھے جو بیماری ہے جو آپ ملاحظہ فرمارہے ہیں کہ میری بصارت چلی گئی ہے۔ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: پس

الْمُؤْمِنِينَ) (النساء : 95) (وَالْمُجَاهِدُونَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ) (النساء : 95) فَجَاءَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أُمِّ مَكْتُومٍ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنِّي أُحِبُّ الْجِهَادَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَلَكِنْ بِي مِنَ الزَّمَانَةِ مَا تَرَى، ذَهَبَ بَصَرِي، قَالَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ: فَثَقُلَتْ فَخِذُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى فَخِذِي حَتَّى خَشِيتُ أَنْ يَرُضَّهَا، ثُمَّ قَالَ: (لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ غَيْرُ أُولِي الضَّرَرِ وَالْمُجَاهِدُونَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ) (النساء :95)

رسول کریم ﷺ کی ران مبارک بھاری ہونے لگی' جو میری ران پر تھی حتیٰ کہ مجھے اس کے ٹوٹنے کا ڈر لگا۔ پھر فرمایا:''لا یستوی القاعدون الٰی آخرہٖ''۔

4768 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاوِيَةَ النَّيْسَابُورِيُّ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ هُبَيْرَةَ، عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ ذُؤَيْبٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الصَّلَاةِ بَعْدَ الْعَصْرِ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے نمازِ عصر کے بعد نماز پڑھنے سے منع کیا۔

عُبَيْدُ بْنُ السَّبَّاقِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ

حضرت عبید بن سباق' حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4769 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْأَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ خَالِدِ بْنِ مُسَافِرٍ، عَنِ ابْنِ

حضرت ابن سباق سے روایت ہے کہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے میری طرف پیغام بھیجا' اہل یمامہ کے

4768- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد1صفحه566' رقم الحديث: 825 .

4769- أخرجه البخاري في صحيحه جلد4صفحه1720 رقم الحديث: 4402' جلد4صفحه1907 رقم الحديث: 4701 .

شِهَابٍ، عَنِ ابْنِ السَّبَّاقِ، اَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ، حَدَّثَهُ قَالَ: اَرْسَلَ اِلَيَّ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مَقْتَلَ اَهْلِ الْيَمَامَةِ، فَاِذَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عِنْدَهُ، فَقَالَ اَبُو بَكْرٍ: اِنَّ عُمَرَ اَتَانِي، فَقَالَ لِي: اِنَّ الْقَتْلَ قَدِ اسْتَحَرَّ بِاَهْلِ الْيَمَامَةِ مِنْ قُرَّاءِ الْمُسْلِمِينَ، وَاِنِّي اَخْشَى اَنْ يَسْتَحِرَّ الْقَتْلُ بِالْقُرَّاءِ فِي مَوَاطِنَ، فَيَذْهَبُ كَثِيرٌ مِنَ الْقُرْآنِ لَا يُوعَى، وَاِنِّي اَرَى اَنْ تَاْمُرَ بِجَمْعِ الْقُرْآنِ، فَقُلْتُ لِعُمَرَ: كَيْفَ اَفْعَلُ شَيْئًا لَمْ يَفْعَلْهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ عُمَرُ: هُوَ وَاللّٰهِ خَيْرٌ، فَلَمْ يَزَلْ يُرَاجِعُنِي فِي ذَلِكَ حَتَّى شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرِي بِذَلِكَ، وَرَاَيْتُ فِيهِ الَّذِي رَاَى عُمَرُ، فَقَالَ لِزَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ وَعُمَرُ جَالِسٌ عِنْدَهُ لَا يَتَكَلَّمُ: اِنَّكَ رَجُلٌ شَابٌّ لَا نَتَّهِمُكَ، وَكُنْتَ تَكْتُبُ الْوَحْيَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَتَتَبَّعِ الْقُرْآنَ فَاجْمَعْهُ ، فَقَالَ زَيْدٌ: فَوَاللّٰهِ لَوْ كَلَّفُونِي نَقْلَ جَبَلٍ مِنَ الْجِبَالِ مَا كَانَ اَثْقَلَ عَلَيَّ مِمَّا اَمَرَنِي بِهِ مِنْ جَمْعِ الْقُرْآنِ، قُلْتُ: كَيْفَ تَفْعَلُونَ شَيْئًا لَمْ يَفْعَلْهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: هُوَ وَاللّٰهِ خَيْرٌ، فَلَمْ يَزَلْ اَبُو بَكْرٍ يُرَاجِعُنِي حَتَّى شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرِي لِلَّذِي شَرَحَ لَهُ صَدْرَ اَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ، فَقُمْتُ فَتَتَبَّعْتُ الْقُرْآنَ اَجْمَعُهُ مِنَ الرِّقَاعِ وَالْاَكْتَافِ وَالْاَقْتَابِ وَالْعُسُبِ وَصُدُورِ الرِّجَالِ حَتَّى وَجَدْتُ آخِرَ سُورَةِ التَّوْبَةِ مَعَ خُزَيْمَةَ بْنِ

قتل ہونے کے وقت' پس (میں حاضر خدمت ہوا) تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی وہاں موجود تھے۔ پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بے شک حضرت عمر میرے پاس آئے اور کہا: یمامہ کی جنگ میں بہت سارے مسلمان قاری شہید ہو گئے ہیں اور مجھے ڈر ہے کہ مختلف جگہ قراء شہید ہوئے' تو قرآن کا بہت سا حصہ چلا جائے گا' جو یاد نہیں کیا گیا ہوگا' بے شک میری رائے ہے کہ آپ قرآن جمع کرنے کا حکم دیں۔ میں نے عمر سے کہا: میں وہ کام کیسے کرسکتا ہوں جو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہیں کیا؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: قسم بخدا! یہ اچھا کام ہے۔ پس وہ بار بار مجھے کہتے رہے حتیٰ کہ اللہ نے مجھے انشراح صدر عطا فرمایا اور میری رائے عمر کی رائے سے متفق ہوگئی۔ آپ نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے کہا جبکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ پاس موجود تھے' لیکن وہ کلام نہیں کر رہے تھے: بے شک تُو جوان آدمی ہے اور میں تجھے کسی معاملے میں تہمت نہیں لگاتا' آپ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حکم سے وحی لکھا کرتے تھے۔ پس (اب) قرآن کو تلاش کر کے اکٹھا کرو (ایک جگہ لکھو) پس حضرت زید پہاڑ کو اپنی جگہ سے منتقل کرنے کا مکلّف بناتے تو مجھ پر اتنا بھاری نہ ہوتا جتنا انہوں نے مجھے قرآن جمع کرنے کا حکم فرمایا' میں نے عرض کی: آپ لوگ' وہ کام کیسے کر سکتے ہیں' جو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہیں کیا؟ آپ نے فرمایا: قسم بخدا! یہ اچھا کام ہے۔ پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بار بار

ثَابِتٍ الْاَنْصَارِيِّ لَمْ اَجِدْهَا مَعَ اَحَدٍ غَيْرِهِ (لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِنْ اَنْفُسِكُمْ) (التوبة: 128) وَكَانَتِ الصُّحُفُ عِنْدَ اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حَيَاتَهُ حَتَّى تَوَفَّاهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ، ثُمَّ عِنْدَ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حَتَّى تَوَفَّاهُ اللّٰهُ، ثُمَّ عِنْدَ حَفْصَةَ بِنْتِ عُمَرَ حَتَّى جَمَعَ عُثْمَانُ الْقُرْآنَ مِنْهَا فِي الْمَصَاحِفِ

مجھے یہ کام ارشاد فرماتے رہے یہاں تک کہ اللہ نے میرا سینہ کھول دیا' اس کام کیلئے جس کیلئے حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کا سینہ کھولا تھا' پس میں اُٹھ کھڑا ہوا۔ میں نے قرآن تلاش کر کے اکٹھا کرنا شروع کر دیا' کچھ کاغذ کے ٹکڑوں پہ تھا' اونٹ کے کندھے کی ہڈیوں پر' پالان یا کجاووں پر اور کچھ قرآن کھجور کی پتے اتاری ہوئی ٹہنیوں پر موجود تھے اور قرآن کا کچھ حصہ مجھے لوگوں کے سینوں سے موصول ہوا۔ حتیٰ کہ سورۂ توبہ کی آخری آیت مجھے حضرت خزیمہ بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ کے پاس ملی' لیکن ان کے علاوہ کسی گرد بشر کے پاس نہ تھی: ''لقد جاء کم رسول من انفسکم'' سارے صحیفے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی زندگی میں ان کے پاس رہے حتیٰ کہ ان کا وصال ہوا' پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس رہے حتیٰ کہ وہ بھی شہید ہوئے' پھر حضرت حفصہ بنت عمر اُم المؤمنین کے پاس رہے' پھر وہ وقت آیا جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اس سے مصاحف میں قرآن کو جمع فرمایا۔

4770 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ كَامِلٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَخْبَرَنِي ابْنُ السَّبَّاقِ، اَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ قَالَ: اَرْسَلَ اِلَيَّ اَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مَقْتَلَ اَهْلِ الْيَمَامَةِ، فَاِذَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عِنْدَهُ فَقَالَ اَبُو بَكْرٍ: اَتَانِي هٰذَا الرَّجُلُ فَقَالَ لِي: اِنَّ الْقَتْلَ قَدِ اسْتَحَرَّ بِاَهْلِ

حضرت ابن شہاب (امام زہری) سے روایت ہے کہ مجھے حضرت ابن سباق نے خبر دی کہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے میری طرف پیغام بھیجا' یمامہ میں جنگ لڑنے والوں (قاریوں) کے قتل ہونے کے وقت (میں حاضر خدمت ہوا) اچانک میری نگاہ پڑی تو حضرت عمر بن خطاب بھی آپ کے پاس موجود تھے' پس حضرت

الْيَمَامَةِ مِنْ قُرَّاءِ الْمُسْلِمِينَ، وَإِنِّي أَخْشَى أَنْ يَسْتَحِرَّ الْقَتْلُ بِالْقُرَّاءِ فِي الْمَوَاطِنِ، فَيَذْهَبُ كَثِيرٌ مِنَ الْقُرْآنِ لَا يُوعَى، وَإِنِّي أَرَى أَنْ تَأْمُرَ بِجَمْعِ الْقُرْآنِ، فَقُلْتُ لِعُمَرَ: كَيْفَ أَفْعَلُ شَيْئًا لَمْ يَفْعَلْهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ عُمَرُ: هُوَ وَاللّٰهِ خَيْرٌ، فَلَمْ يَزَلْ يُرَاجِعُنِي فِي ذَلِكَ حَتَّى شَرَحَ اللّٰهُ بِذَلِكَ صَدْرِي، وَرَأَيْتُ فِيهِ الَّذِي رَأَى عُمَرُ وَعُمَرُ جَالِسٌ عِنْدَهُ لَا يَتَكَلَّمُ، قَالَ أَبُو بَكْرٍ: إِنَّكَ رَجُلٌ شَابٌّ عَاقِلٌ وَلَا نَتَّهِمُكَ، وَكُنْتَ تُكْتِبُ الْوَحْيَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاتَّبِعِ الْقُرْآنَ فَاجْمَعْهُ ، قَالَ زَيْدٌ: فَوَاللّٰهِ لَوْ كَلَّفَنِي نَقْلَ جَبَلٍ مِنَ الْجِبَالِ مَا كَانَ أَثْقَلَ عَلَيَّ مِمَّا أَمَرَنِي بِهِ مِنْ جَمْعِ الْقُرْآنِ ، قَالَ: قُلْتُ: كَيْفَ تَفْعَلُونَ شَيْئًا لَمْ يَفْعَلْهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: هُوَ وَاللّٰهِ خَيْرٌ، فَلَمْ يَزَلْ أَبُو بَكْرٍ يُرَاجِعُنِي حَتَّى شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرِي لِلَّذِي شَرَحَ بِهِ صَدْرَ أَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ قَالَ: فَقُمْتُ فَتَتَبَّعْتُ الْقُرْآنَ أَجْمَعُهُ مِنَ الرِّقَاعِ وَالْأَكْتَافِ وَالْأَقْتَابِ وَالْعُسُبِ وَصُدُورِ الرِّجَالِ حَتَّى وَجَدْتُ آخِرَ سُورَةِ التَّوْبَةِ آيَتَيْنِ مَعَ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ الْأَنْصَارِيِّ لَمْ أَجِدْهُمَا مَعَ أَحَدٍ غَيْرِهِ (لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِنْ أَنْفُسِكُمْ) (التوبة: 128) ، فَكَانَتِ الصُّحُفُ الَّتِي جَمَعْتُ فِيهَا الْقُرْآنَ عِنْدَ أَبِي بَكْرٍ حَيَاتَهُ حَتَّى تَوَفَّاهُ اللّٰهُ، ثُمَّ عِنْدَ عُمَرَ حَتَّى تَوَفَّاهُ اللّٰهُ، ثُمَّ عِنْدَ حَفْصَةَ بِنْتِ

ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرے پاس یہ شخص آیا اور مجھ سے کہا: بے شک اہل یمامہ کے ساتھ مسلمانوں کے قاریوں (کے قتل ہونے) سے جنگ کا بازار گرم ہو گیا ہے۔ مجھے ڈر ہے کہ مختلف مقامات پر قاریوں کے شہید ہونے کا۔ پس قرآن میں سے بہت سا حصہ ہمارے ہاتھ سے چلا جائے گا' جسے کسی نے یاد نہیں کیا ہوگا' میری رائے ہے (جتنا جلدی ہو سکے) آپ قرآن ایک جگہ جمع کرنے کا فرمان جاری فرمائیں۔ میں نے عمر سے کہا: میں وہ کام کیسے کر سکتا ہوں جو رسول کریم ﷺ نے نہیں کیا؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: قسم بخدا! یہ کام اچھا ہے۔ پس اس سلسلہ میں مسلسل وہ میری طرف رجوع کرتے رہے حتیٰ کہ اس نے اس کے ساتھ میرا سینہ کھول دیا اور میری اور عمر کی رائے ایک ہو گئی حالانکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ آپ کے پاس ہی تشریف فرما تھے لیکن اُنہوں نے کوئی کلام نہ کیا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بے شک آپ جوانمرد ہیں' عقلمند ہیں' ہم آپ کو متہم نہیں کرتے۔ آپ رسول کریم ﷺ کے لیے بھی وحی لکھتے تھے' پس (اب) قرآن تلاش کر کے جمع کرو۔ حضرت زید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: قسم بخدا! اگر آپ مجھے پہاڑوں میں سے کسی پہاڑ کو منتقل کرنے کی تکلیف دیتے تو وہ مجھ پر بھاری نہ تھا' اس سے جو آپ نے مجھے جمع قرآن کا حکم دیا۔ فرماتے ہیں: میں نے عرض کی: کیسے آپ لوگ وہ کام کرتے ہیں جو رسول کریم ﷺ نے نہیں کیا؟ آپ نے فرمایا: قسم بخدا! یہ

عُمَرَ

اچھا کام ہے۔ پس حضرت ابوبکر مسلسل یہ بات میرے سامنے دُہراتے رہے حتیٰ کہ اللہ نے اس چیز کیلئے میرا سینہ کھول دیا جس کے ساتھ ابوبکر و عمر کا سینہ کھولا تھا۔ فرماتے ہیں: پس میں اُٹھا' میں نے قرآن کو تلاش کیا' کاغذ کے ٹکڑوں' کندھوں کی ہڈیوں' کجاووں کی لکڑیوں یا پالانوں کے جوڑوں' کھجور کی ٹہنیوں پر سے اور لوگوں کے سینوں سے میں نے قرآن کو اکٹھا کیا حتیٰ کہ سورۂ توبہ کی آخری دو آیتوں کو میں نے حضرت خزیمہ بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ کے پاس پایا' ان کے علاوہ کسی کے پاس یہ دو آیتیں نہیں تھیں: ''لقد جاء کم رسول من انفسکم'' پس وہ صحیفے میں نے جن میں قرآن جمع کیا' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی زندگی میں ان کے پاس رہے پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ' ان کی وفات کے بعد حضرت حفصہ بنت عمر اُم المؤمنین کے پاس۔

4771 - حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا اَبُو الْوَلِيدِ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، ثنا ابْنُ شِهَابٍ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ السَّبَّاقِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ: اَرْسَلَ اِلَيَّ اَبُو بَكْرٍ مَقْتَلَ اَهْلِ الْيَمَامَةِ، فَاِذَا عُمَرُ جَالِسٌ عِنْدَهُ، قَالَ اَبُو بَكْرٍ: اِنَّ عُمَرَ جَاءَنِي، فَقَالَ: اِنَّ الْقَتْلَ قَدِ اسْتَحَرَّ بِاَهْلِ الْيَمَامَةِ بِقُرَّاءِ الْقُرْآنِ قَالَ: قُلْتُ: وَكَيْفَ اَفْعَلُ شَيْئًا لَمْ يَفْعَلْهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ عُمَرُ: هُوَ وَاللّٰهِ خَيْرٌ، فَلَمْ يَزَلْ يُرَاجِعُنِي فِي ذَلِكَ حَتَّى شَرَحَ اللّٰهُ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: یمامہ کے جنگ لڑنے والوں کی شہادت کے وقت حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے میری طرف پیغام بھیجا' پس عمر بھی ان کے پاس بیٹھے تھے۔ ابوبکر نے فرمایا: بے شک عمر نے میرے پاس آ کر کہا: بے شک جنگ کا بازار گرم ہو گیا ہے' اہل یمامہ کے ساتھ بہت سارے قاریٔ قرآن کام آ گئے ہیں۔ وہ فرمانے لگے: میں نے کہا: کیسے میں وہ کام کر سکتا ہوں جو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہیں کیا۔ پس عمر نے کہا: قسم بخدا! یہ کام بہتر ہے۔

صَدْرِی لِلَّذِی شَرَحَ صَدْرَ عُمَرَ، وَرَاَیْتُ فِی ذَلِكَ الَّذِی رَاَی عُمَرُ، فَقَالَ اَبُو بَكْرٍ لِزَیْدٍ: اِنَّكَ رَجُلٌ شَابٌّ عَاقِلٌ لَا نَتَّهِمُكَ، قَدْ كُنْتَ تَكْتُبُ الْوَحْیَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَتَتَبَّعِ الْقُرْآنَ فَاجْمَعْهُ ، قَالَ زَیْدٌ: فَوَاللّٰهِ لَوْ كَلَّفُونِی نَقْلَ جَبَلٍ مِنَ الْجِبَالِ مَا كَانَ اَثْقَلَ مِمَّا اَمَرَنِی بِهِ مِنْ جَمْعِ الْقُرْآنِ قَالَ: قُلْتُ: وَكَیْفَ تَفْعَلُونَ شَیْئًا لَمْ یَفْعَلْهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: هُوَ وَاللّٰهِ خَیْرٌ، فَلَمْ یَزَلْ بِی اَبُو بَكْرٍ یُرَاجِعُنِی حَتّٰی شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرِی لِلَّذِی شَرَحَ صَدْرَ اَبِی بَكْرٍ قَالَ: فَتَتَبَّعْتُ الْقُرْآنَ اَجْمَعُهُ مِنَ الرِّقَاعِ وَالْعُسُبِ وَصُدُورِ الرِّجَالِ حَتّٰی وَجَدْتُ آخِرَ سُورَةِ التَّوْبَةِ مَعَ خُزَیْمَةَ اَوْ اَبِی خُزَیْمَةَ الْاَنْصَارِیِّ لَمْ اَجِدْهَا مَعَ اَحَدٍ غَیْرِهِ (لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِنْ اَنْفُسِكُمْ) (التوبة: 128) حَتّٰی خَاتِمَةِ بَرَاءَةَ وَكَانَتِ الصُّحُفُ عِنْدَ اَبِی بَكْرٍ حَتّٰی تَوَفَّاهُ اللّٰهُ، ثُمَّ عِنْدَ عُمَرَ حَیَاتَهُ حَتّٰی تَوَفَّاهُ اللّٰهُ، ثُمَّ عِنْدَ حَفْصَةَ بِنْتِ عُمَرَ

پس وہ لگاتار مجھے کہتے رہے حتیٰ کہ مجھے انشراحِ صدر ملا' اس کیلئے جس کام کیلئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو انشراح صدر حاصل ہوا تھا اور میں نے اس میں وہی رائے قائم کی جو عمر نے کی تھی۔ پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حضرت زید رضی اللہ عنہ سے فرمایا: آپ نوجوان ہیں' عقل مند ہیں' ہم آپ پر کوئی تہمت نہیں لگائیں گے۔ تحقیق آپ رسول کریم ﷺ کیلئے وحی لکھا کرتے تھے۔ پس آپ قرآن تلاش کر کے جمع کریں۔ حضرت زید فرماتے ہیں: قسم بخدا! اگر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ مجھے مکلّف بناتے کہ میں پہاڑوں میں ایک پہاڑ منتقل کر دوں تو وہ مجھ پر بھاری نہ ہوتا' اس سے جو اُنہوں نے مجھے قرآن جمع کرنے کا حکم دیا۔ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: کیسے آپ لوگ وہ کام کرتے ہیں جو رسول کریم ﷺ نے نہیں کیا۔ آپ نے فرمایا: قسم بخدا! یہ کام بہتر ہے۔ پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ لگاتار مجھے فرماتے رہے حتیٰ کہ اللہ نے اس کام کیلئے مجھے انشراحِ صدر عطا فرمایا جس کیلئے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو انشراح صدر عطا کیا تھا۔ فرماتے ہیں: میں نے تلاش کر کے قرآن جمع کیا۔ کاغذ کے ٹکڑوں' کھجور کی ٹہنیوں اور لوگوں کے سینوں سے حتیٰ کہ سورۂ توبہ کا آخری حصہ مجھے حضرت خزیمہ یا ابوخزیمہ انصاری کے پاس ملا۔ میں نے ان کے علاوہ اسے کسی کے پاس نہ پایا۔ ''لقد جاء کم رسولٌ من انفسکم'' حتیٰ کہ سورۂ براءۃ مکمل ہوئی اور صحیفے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی زندگی

میں آپ کے پاس رہے حتیٰ کہ ان کا وصال ہوا پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی زندگی میں ان کے پاس رہا حتیٰ کہ ان کی شہادت ہوئی' پھر اُم المؤمنین حضرت حفصہ بنت عمر رضی اللہ عنہا کے پاس رہا۔

4772 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُجَمِّعٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ السَّبَّاقِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: سَمِعْتُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آيَةً وطَلَبْتُها فَلَمْ اَجِدْهَا حَتَّى وَجَدْتُهَا مَعَ رَجُلٍ مِنَ الْاَنْصَارِ (لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِنْ اَنْفُسِكُمْ) (التوبة: 128) الْآيَةَ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے رسول کریم ﷺ سے ایک آیت سنی تھی' لیکن (اب) اس کو نہ پایا باوجود اس کے کہ میں نے اس کو خوب تلاش کیا یہاں تک کہ میں نے اسے ایک انصاری آدمی کے پاس پایا' (وہ آیت یہ تھی:) ''لقد جاء کم رسولٌ من انفسکم''۔

عَوْفُ بْنُ مُجَالِدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ

حضرت عوف بن مجالد' حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4773 - حَدَّثَنِي اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، وَيَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْعَلَّافُ قَالَا، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اَبِي الزِّنَادِ، حَدَّثَنِي اَبِي اَنَّ عَوْفَ بْنَ مُجَالِدٍ الْحَضْرَمِيَّ، اَخْبَرَهُ قَالَ: وَكَانَ امْرَاً صِدْقٍ قَالَ: وَاَخْبَرَنِي وَنَحْنُ عِنْدَ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: قُلْتُ لِزَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ: يَا اَبَا سَعِيدٍ، اِنَّا نَجِدُ فِي سُورَةِ الْفُرْقَانِ

حضرت خارجہ بن زید فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے کہا: اے ابوسعید! ہم سورۂ فرقان کی آیت پاتے ہیں: ''والذین لا یدعون الٰی آخرہ'' اور سورۂ نساء میں پاتے ہیں: ''ومن یقتل مؤمنًا الٰی آخرہ'' ہم ان دونوں میں سے ایک میں توبہ پاتے ہیں اور دوسری میں اسے چھوڑ دیا گیا ہے' حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

4773- اورد نحوه البيهقي في سننه جلد8صفحه16 .

(وَالَّذِينَ لَا يَدْعُونَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا آخَرَ وَلَا يَقْتُلُونَ النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُونَ) (الفرقان: 68)- اِلَى قَوْلِهِ - (وَكَانَ اللّٰهُ غَفُورًا رَحِيمًا) (النساء :96) ونَجِدُ فِي سُورَةِ النِّسَاءِ (وَمَنْ يَقْتُلْ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا فَجَزَاؤُهُ جَهَنَّمُ خَالِدًا فِيهَا وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهُ وَاَعَدَّ لَهُ عَذَابًا عَظِيمًا) (النساء : 93) فَنَجِدُ لَهُ فِي اِحْدَاهُمَا تَوْبَةً وَفِي الْاُخْرَى مُسْجَلَةً، فَقَالَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ: هَذِهِ الْغَلِيظَةُ بَعْدَ هَذِهِ اللَّيِّنَةِ بِسِتَّةِ اَشْهُرٍ، فَنَسَخَتِ الْغَلِيظَةُ اللَّيِّنَةِ

یہ سختی ہے نرمی کے بعد چھ ماہ کے بعد ہوئی سختی نے نرمی کو منسوخ کر دیا ہے۔

4774 - حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ اَنَا خَالِدٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنْ مُجَالِدِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: نَزَلَتْ آيَةُ تَشْدِيدِ قَتْلِ النَّفْسِ الَّتِي فِي سُورَةِ النِّسَاءِ بَعْدَ الَّتِي فِي الْفُرْقَانِ بِسِتَّةِ اَشْهُرٍ قَوْلُهُ: (وَمَنْ يَفْعَلْ ذَلِكَ يَلْقَ اَثَامًا) (الفرقان:68)

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: سورۂ نساء میں جان کو قتل کرنے کی کئی سورۂ فرقان کے چھ ماہ کے بعد نازل ہوئی: ''ومن یفعل ذلك الی آخرہ''۔

مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ

حضرت محمد بن عبدالرحمن بن ثوبان حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4775 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

4775- أخرج نحوه البخاري في صحيحه جلد4صفحه1614' رقم الحديث: 4177 .

الْمَكِّيُّ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا ابْنُ اَبِي ذِئْبٍ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَعَنَ اللّٰهُ الْيَهُودَ اتَّخَذُوا قُبُورَ اَنْبِيَائِهِمْ مَسَاجِدًا

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہود پر اللہ کی لعنت ہو! انہوں نے اپنے انبیاء کی قبروں کو مسجدیں بنایا۔

عِكْرِمَةُ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے غلام عکرمہ' حضرت زید بن ثابت سے روایت کرتے ہیں

4776 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ اَنَّ عَلِيًّا دَخَلَ بِفَاطِمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُمَا قَبْلَ اَنْ يُقْطِعَهَا شَيْئًا

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ' حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے' ان کو کوئی شی دینے سے پہلے۔

اَبُو صَالِحٍ السَّمَّانُ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ

حضرت ابوصالح السمان' حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4777 - حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُهَاجِرِ الْمِصْرِيُّ، ثنا حَرْمَلَةُ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ،

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک گواہ اور قسم کے ساتھ فیصلہ کیا۔

4776- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد4صفحه283 وقال: رواه الطبراني وفيه الحجاج بن أرطاة وهو مدلس وبقية رجاله ثقات .

4777- أورده أبو عوانة في مسنده جلد4صفحه57' رقم الحديث: 6019 .

اَخْبَرَنِی عُثْمَانُ بْنُ الْحَكَمِ الْجُذَامِیُّ، حَدَّثَنِی زُهَیْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ سُهَیْلِ بْنِ اَبِی صَالِحٍ، عَنْ اَبِیهِ، عَنْ زَیْدِ بْنِ ثَابِتٍ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَضَی بِالْیَمِینِ مَعَ الشَّاهِدِ

شُرَحْبِیلُ بْنُ سَعْدٍ اَبُو سَعْدٍ، عَنْ زَیْدِ بْنِ ثَابِتٍ

حضرت شرحبیل بن سعد ابوسعد' حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4778 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّازِیُّ، قَالَا: ثنا عَلِیُّ بْنُ الْجَعْدِ، اَخْبَرَنِی ابْنُ اَبِی ذِئْبٍ، عَنْ شُرَحْبِیلَ، قَالَ: كُنْتُ بِالْاَسْوَاقِ مَعَ زَیْدِ بْنِ ثَابِتٍ، فَاَخَذُوا طَیْرًا، فَدَخَلَ زَیْدٌ، فَدَفَعُوهُ فِی یَدِی، فَاَخَذَ الطَّیْرَ فَاَرْسَلَهُ، ثُمَّ ضَرَبَ فِی قَفَایَ وَقَالَ: لَا اُمَّ لَكَ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حَرَّمَ مَا بَیْنَ لَابَتَیْهَا

حضرت شرحبیل فرماتے ہیں: میں بازار میں حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کے ساتھ بازاروں میں تھا' پس انہوں نے ایک پرندہ پکڑا' حضرت زید رضی اللہ عنہ داخل ہوئے' انہوں نے وہ میرے ہاتھ میں پکڑا دیا پس آپ نے وہ پرندہ پکڑ کر آزاد کر دیا' پھر میری گردن پر مارا' فرمایا: تیری ماں روئے! کیا آپ کو علم نہیں ہے کہ حضور ﷺ نے اس (مدینہ) کے دونوں کناروں کے درمیان کو حرام قرار دیا ہے۔

4779 - حَدَّثَنَا عُبَیْدُ بْنُ غَنَّامٍ، حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِی شَیْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَیْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِیُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِی شَیْبَةَ قَالَا: ثنا اَبُو اُسَامَةَ، عَنِ الْوَلِیدِ بْنِ كَثِیرٍ، ثنا شُرَحْبِیلُ اَبُو سَعْدٍ، اَنَّهُ دَخَلَ الْاَسْوَاقَ فَاصْطَادَ بِهَا نَهَسًا- یَعْنِی طَائِرًا- فَقَالَ زَیْدُ بْنُ ثَابِتٍ: خَلِّ سَبِیلَهُ لَا اُمَّ

حضرت شرحبیل ابوسعد فرماتے ہیں کہ وہ بازار داخل ہوئے' ایک پرندہ شکار کیا' حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس کو چھوڑ دے' تیری ماں نہ ہو! کیا آپ کو معلوم نہیں ہے کہ حضور ﷺ نے مدینہ کے دونوں کناروں کے شکار کو حرم قرار دیا ہے۔

4779- اوردہ البیهقی فی سننه الكبری جلد5صفحه199' رقم الحدیث: 7951 .

لَكَ اَمَا عَلِمْتَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرَّمَ صَيْدَ طَيْرٍ مَا بَيْنَ لَابَتَيْهَا

4780 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ، ثنا سُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ، ح وَحَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى زَحْمَوَيْهِ قَالَا: ثنا ابْنُ اَبِي الزِّنَادِ، اَخْبَرَنِي شُرَحْبِيلُ بْنُ سَعْدٍ، اَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ، وَجَدَهُ قَدِ اصْطَادَ طَيْرًا يُقَالُ لَهُ نَهَسٌ، قَالَ: فَاَخَذَهُ مِنِّي وَاَرْسَلَهُ وَضَرَبَنِي، وَقَالَ: يَا عَدُوَّ اللّٰهِ اَمَا عَلِمْتَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرَّمَ مَا بَيْنَ لَابَتَيِ الْمَدِينَةِ يَعْنِي مَا بَيْنَ حَرَّتَيْهَا

حضرت شرحبیل بن سعد فرماتے ہیں کہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے ایک پرندے کا شکار پایا' اس پرندہ کو نہس کہا جاتا تھا' آپ نے اس کو پکڑا اور اس کو چھوڑ دیا اور مجھے مارا' فرمایا: اے اللہ کے دشمن! کیا تجھے معلوم نہیں ہے کہ حضور ﷺ نے مدینہ کے دونوں کناروں کو حرم قرار دیا ہے۔

4781 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ الرَّازِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي عُمَرَ الْعَدَنِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ شُرَحْبِيلَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرَّمَ صَيْدَهَا يَعْنِي الْمَدِينَةَ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مدینہ کے شکار کو حرام قرار دیا۔

الْمُطَّلِبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَنْطَبٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ

حضرت یزید بن حیان فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے پوچھا: آلِ محمد کون ہیں؟ کہا: وہ آلِ علی' آلِ عباس' آلِ جعفر اور آلِ عقیل ہیں۔

4885 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَيَّانَ الْمَازِنِيُّ، ثنا كَثِيرُ بْنُ يَحْيَى، ثنا اَبُو عَوَانَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ حَيَّانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّي تَارِكٌ فِيكُمُ الثَّقَلَيْنِ، كِتَابَ اللّٰهِ وَعِتْرَتِي، فَانْظُرُوا كَيْفَ تَخْلُفُونِي فِيهِمَا قُلْنَا: وَمَنْ اَهْلُ بَيْتِهِ؟ قَالَ: آلُ عَلِيٍّ وَآلُ جَعْفَرٍ وَآلُ عَقِيلٍ وَآلُ الْعَبَّاسِ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں تم میں دو چیزیں چھوڑ کر جا رہا ہوں: (۱) قرآن (۲) اہل بیت' تم دیکھو کہ کیسا سلوک کرتے ہو ان سے۔ ہم نے کہا: اہل بیت کون ہیں؟ کہا: آلِ علی' آلِ جعفر' آلِ عقیل اور آلِ عباس۔

4886 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَيَّانَ الْمَازِنِيُّ، ثنا كَثِيرُ بْنُ يَحْيَى، ثنا حَسَّانُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَسْرُوقٍ، اَوْ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ حَيَّانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: دَخَلْنَا عَلَيْهِ، فَقُلْنَا: لَقَدْ رَاَيْتَ خَيْرًا، اَصَحِبْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَصَلَّيْتَ خَلْفَهُ، قَالَ: لَقَدْ رَاَيْتُ خَيْرًا، وَخَشِيتُ اَنْ اَكُونَ اِنَّمَا اُخِّرْتُ لِشَرٍّ، مَا حَدَّثْتُكُمْ فَاقْبَلُوا، وَمَا سَكَتُّ عَنْهُ فَدَعُوهُ، قَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِوَادٍ بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِينَةِ، فَخَطَبَنَا، ثُمَّ قَالَ: اَنَا بَشَرٌ يُوشِكُ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم آپ کے پاس آئے' ہم نے کہا: آپ نے بھلائی دیکھی' رسول اللہ ﷺ نے صبح کی' آپ کے پیچھے نماز ادا کی' کہا کہ آپ نے بھلائی دیکھی' مجھے خواب ہوا کہ کسی بُرائی کی وجہ سے پیچھے نہ کیا جاؤں' جو تم کو بیان کروں قبول کرو' جس کو بیان نہ کروں اس کو چھوڑ دو' حضور ﷺ مکہ اور مدینہ کے درمیان ایک وادی میں کھڑے ہوئے' ہمیں خطبہ دیا' پھر فرمایا: میں (بظاہر) انسان ہوں' ہوسکتا ہے اپنے رب کے بلوانے کو قبول کروں' میں تم میں دو چیزیں چھوڑ کر جا رہا ہوں:

اَنْ اُدْعَى فَاُجِيبَ، وَاِنِّي تَارِكٌ فِيكُمُ اثْنَيْنِ اَحَدُهُمَا كِتَابُ اللّٰهِ فِيهِ حَبْلُ اللّٰهِ، مَنِ اتَّبَعَهُ كَانَ عَلَى الْهُدَى، وَمَنْ تَرَكَهُ كَانَ عَلَى ضَلَالَةٍ، وَاَهْلُ بَيْتِي؟ اُذَكِّرُكُمُ اللّٰهَ فِي اَهْلِ بَيْتِي ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَقُلْنَا: مَنْ اَهْلُ بَيْتِهِ نِسَاؤُهُ؟ قَالَ: لَا، اِنَّ الْمَرْاَةَ قَدْ يَكُونُ يَتَزَوَّجُ بِهَا الرَّجُلُ الْعَصْرَ مِنَ الدَّهْرِ، ثُمَّ يُطَلِّقُهَا فَتَرْجِعُ اِلَى اَبِيهَا وَاُمِّهَا، اَهْلُ بَيْتِهِ اَهْلُهُ وَعَصَبَتُهُ الَّذِينَ حُرِمُوا الصَّدَقَةَ بَعْدَهُ، آلُ عَلِيٍّ وَآلُ الْعَبَّاسِ وَآلُ جَعْفَرٍ وَآلُ عَقِيلٍ

(۱) قرآن پاک' یہ اس کی ہے جس نے اس کی اتباع کی' جس نے اس کو چھوڑا وہ گمراہ ہے اور (۲) میری اہل بیت' میں تم کو اپنی اہل بیت کے متعلق نصیحت کرتا ہوں' تین مرتبہ۔ ہم نے عرض کی: بیویاں بھی اہل بیت سے ہوتی ہیں؟ آپ نے فرمایا: نہیں! عورت سے آدمی شادی کرتا ہے پھر اس کو طلاق دے دیتا ہے' وہ اپنے والد اور والدہ کے گھر چلی جاتی ہے' اہل بیت اور گھر والے اور عصبہ وہ ہیں جن پر اس کے بعد صدقہ حرام ہے' وہ آل علی' آل عباس' آل جعفر اور آل عقیل ہیں۔

4887 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ حَيَّانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنْشُدُكُمُ اللّٰهَ فِي اَهْلِ بَيْتِي قُلْنَا لِزَيْدٍ: وَمَنْ اَهْلُ بَيْتِهِ؟ قَالَ: الَّذِينَ يُحْرَمُونَ الصَّدَقَةَ، آلُ عَلِيٍّ وَآلُ الْعَبَّاسِ وَآلُ عَقِيلٍ وَآلُ جَعْفَرٍ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں تمہیں اپنی ہل بیت کے متعلق وصیت کرتا ہوں' حضرت یزید بن حیان فرماتے ہیں کہ ہم نے زید سے کہا: اہل بیت کون ہیں؟ فرمایا: جن پر صدقہ حرام ہے' وہ آل علی' آل عباس' آل عقیل اور آل جعفر ہیں۔

4888 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا

حضرت یزید بن حیان فرماتے ہیں کہ میں اور حصین بن سبرہ اور عمر بن مسلم' حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کی طرف گئے' ہم ان کے پاس بیٹھے' آپ سے حصین بن سبرہ نے کہا: اے زید! آپ نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا ہے' آپ سے جوشی سنی ہے اور آپ

4888- أورده البيهقي في سننه الكبرى جلد 2 صفحه 148 رقم الحديث: 2679' جلد 7 صفحه 30 رقم الحديث: 13017 .

اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، جَمِيعًا، عَنْ اَبِي حَيَّانَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ حَيَّانَ، قَالَ: انْطَلَقْتُ اَنَا وَحُصَيْنُ بْنُ سَبْرَةَ وَعُمَرُ بْنُ مُسْلِمٍ اِلَى زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، فَلَمَّا جَلَسْنَا اِلَيْهِ قَالَ لَهُ حُصَيْنُ بْنُ سَبْرَةَ: يَا زَيْدُ، رَاَيْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَمِعْتَ حَدِيثَهُ وَغَزَوْتَ مَعَهُ، لَقَدْ اَصَبْتَ يَا زَيْدُ خَيْرًا كَثِيرًا، حَدِّثْنَا يَا زَيْدُ مَا شَهِدْتَ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا سَمِعْتَ، قَالَ: يَا ابْنَ اَخِي، وَاللّٰهِ لَقَدْ كَبِرَتْ سِنِّي وَقَدِمَ عَهْدِي، وَنَسِيتُ بَعْضَ الَّذِي كُنْتُ اَعِي مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَا اُحَدِّثُكُمْ فَاقْبَلُوهُ وَمَا لَمْ اُحَدِّثْكُمُوهُ فَلَا تُكَلِّفُونِيهِ، ثُمَّ قَالَ: قَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فِينَا خَطِيبًا بِمَاءٍ يُدْعَى: خُمٌّ بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِينَةِ، فَحَمِدَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَاَثْنَى عَلَيْهِ وَوَعَظَ وَذَكَّرَ ثُمَّ قَالَ: اَمَّا بَعْدُ اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ يُوشِكُ اَنْ يَاْتِيَنِي رَسُولُ رَبِّي فَاُجِيبَهُ، وَاِنِّي تَارِكٌ فِيكُمُ الثَّقَلَيْنِ اَحَدُهُمَا كِتَابُ اللّٰهِ فِيهِ الْهُدَى وَالنُّورُ فَخُذُوا بِكِتَابِ اللّٰهِ وَاسْتَمْسِكُوا بِهِ فَحَثَّ عَلَى كِتَابِ اللّٰهِ وَرَغَّبَ فِيهِ ثُمَّ قَالَ: اَهْلُ بَيْتِي اُذَكِّرُكُمُ اللّٰهَ فِي اَهْلِ بَيْتِي قَالَهَا ثَلَاثًا قَالَ لَهُ حُصَيْنٌ: مَنْ اَهْلُ بَيْتِهِ يَا زَيْدُ، اَلَيْسَ نِسَاؤُهُ مِنْ اَهْلِ بَيْتِهِ؟ قَالَ: اِنَّ نِسَاءَهُ مِنْ اَهْلِ بَيْتِهِ، وَلَكِنَّ اَهْلَ بَيْتِهِ مَنْ حُرِمَ الصَّدَقَةَ بَعْدَهُ، قَالَ: وَمَنْ هُمْ؟ قَالَ: هُمْ آلُ عَلِيٍّ وَآلُ جَعْفَرٍ

کے ساتھ جہاد کیا ہے' اے زید! آپ نے بہت زیادہ بھلائی دیکھی ہے' اے زید! ہمیں بیان کریں کہ آپ نے رسول اللہ ﷺ سے کیا سنا ہے' کیا دیکھا ہے؟ حضرت زید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے میرے بھائی کے بیٹے! اللہ کی قسم! میری عمر زیادہ ہوگئی ہے اور موت کا وقت قریب ہے' میں بعض چیزیں بھول گیا' جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے یاد کی تھیں' جو تم کو بیان کروں' قبول کرلو اور جو بیان نہ کروں اس کا مجھے مکلف نہ بناؤ۔ پھر فرمایا: حضور ﷺ ہم میں کھڑے ہوئے خطبہ دینے کے لیے' اس مقام میں جسے غدیر خم کہا جاتا ہے مکہ اور مدینہ کے درمیان' آپ نے اللہ کی حمد اور ثناء کی' وعظ و نصیحت کی' پھر اس کے بعد فرمایا: اے لوگو! میں (بظاہر) انسان ہوں' میرے رب کا قاصد آئے اور میں قبول کر لوں' میں تم میں دو بھاری چیزیں چھوڑ کر جا رہا ہوں: (۱) قرآن پاک' اس میں ہدایت اور نور ہے' قرآن پر عمل کرو' اس پر سختی سے عمل کرو' آپ نے قرآن پر عمل کرنے کے لیے اُبھارا اور رغبت دلائی' پھر فرمایا: اور میری اہل بیت' میں تم کو ان کے متعلق نصیحت کرتا ہوں' یہ آپ نے تین مرتبہ فرمایا۔ حضرت حصین نے آپ سے عرض کی: اے زید! آپ ﷺ کے اہل بیت کون ہیں؟ آپ نے کہا: آپ ﷺ کی ازواج پاک اہل بیت سے نہیں ہیں' فرمایا: ازواج پاک اہل بیت سے ہیں لیکن اہل بیت وہ ہیں جن پر آپ کے بعد صدقہ حرام ہے' کہا: وہ کون ہیں؟ فرمایا: آل علی' آل جعفر'

وَآلُ الْعَبَّاسِ وَآلُ عَقِيلٍ قِيلَ: كُلُّ هَؤُلَاءِ حَرَّمَ الصَّدَقَةَ، قَالَ: نَعَمْ

آل عباس اور آل عقیل۔ عرض کی گئی: ان تمام پر صدقہ حرام ہے' فرمایا: جی ہاں!

4889 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ حَيَّانَ، قَالَ: سَأَلْتُ زَيْدَ بْنَ أَرْقَمَ، مَنْ آلُ مُحَمَّدٍ؟ قَالَ: آلُ عَلِيٍّ وَآلُ الْعَبَّاسِ وَآلُ عَقِيلٍ وَآلُ جَعْفَرٍ

حضرت یزید بن حیان فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے پوچھا: آل محمد کون ہیں؟ فرمایا: آل علی' آل عباس' آل عقیل اور آل جعفر۔

صُبَيْحٌ مَوْلَى أُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ

حضرت اُم سلمہ کے غلام حضرت صبیح' حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4890 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَمُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، قَالَا: ثنا أَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، ثنا أَسْبَاطُ بْنُ نَصْرٍ الْهَمْدَانِيُّ، عَنِ السُّدِّيِّ، عَنْ صُبَيْحٍ، مَوْلَى أُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَلِيٍّ وَفَاطِمَةَ وَحَسَنٍ وَحُسَيْنٍ: أَنَا سِلْمٌ لِمَنْ سَالَمْتُمْ وَحَرْبٌ لِمَنْ حَارَبْتُمْ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت علی و فاطمہ و حسن و حسین رضی اللہ عنہم کے متعلق فرمایا: میں ان سے دوستی رکھوں گا جو تم سے دوستی رکھے گا اور میں ان سے ناراض ہوں گا جو تم سے بغض رکھے گا۔

4891 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَاشِدٍ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ قَرْمٍ، عَنْ أَبِي الْجَحَّافِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ حضرت فاطمہ و علی و حسن و حسین رضی اللہ عنہم کے پاس سے گزرے' فرمایا: جو ان سے دشمنی رکھے گا میں ان سے دشمنی رکھوں گا اور جو ان سے دوستی

4890- أورده ابن ماجه في سننه جلد1 صفحه52' رقم الحديث: 145 .

صُبَيحٍ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى بَيْتٍ فِيهِ فَاطِمَةُ وَعَلِيٌّ وَحَسَنٌ وَحُسَيْنٌ فَقَالَ: اَنَا حَرْبٌ لِمَنْ حَارَبَهُمْ وَسِلْمٌ لِمَنْ سَالَمَهُمْ

کرے گا میں ان سے دوستی کروں گا۔

حَبِيبُ بْنُ يَسَارٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ

حضرت حبیب بن یسار' حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4892 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا يُوسُفُ بْنُ صُهَيْبٍ، ثنا حَبِيبُ بْنُ يَسَارٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: كُنَّا نَقْرَاُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ كَانَ لِابْنِ آدَمَ وَادِيَانِ مِنْ ذَهَبٍ اَوْ فِضَّةٍ لَتَمَنَّى الثَّالِثَ، وَلَا يَمْلَاُ بَطْنَ ابْنِ آدَمَ اِلَّا التُّرَابُ وَيَتُوبُ اللّٰهُ عَلَى مَنْ تَابَ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے زمانہ میں پڑھتے تھے: اگر انسان کے پاس سونے اور چاندی کی دو وادیاں ہوں تو وہ تیسری کی تمنا کرے گا اور انسان کا پیٹ صرف مٹی ہی بھرے گی اور اللہ توبہ قبول کرتا ہے جو توبہ کرتا ہے۔

4893 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا يُوسُفُ بْنُ صُهَيْبٍ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَمْ يَاْخُذْ مِنْ شَارِبِهِ فَلَيْسَ مِنَّا

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو مونچھیں نہ کاٹے اس کا تعلق ہم سے نہیں ہے (مونچھیں کاٹنے کی ترغیب دلائی ہے)۔

4894 - حَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

4892- اورده أحمد في مسنده جلد4صفحه368 .

4893- الترمذي جلد5صفحه93' رقم الحديث: 2761 .

يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا مِنْدَلُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَمْ يَاْخُذْ مِنْ شَارِبِهِ فَلَيْسَ مِنَّا

حضور ﷺ نے فرمایا: جو مونچھیں نہ کاٹے اس کا تعلق ہم سے نہیں ہے (مونچھیں کاٹنے کی ترغیب دلائی ہے)۔

4895 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ ضُرَيْسٍ، ثنا مُصْعَبُ بْنُ سَلَّامٍ، ثنا الزِّبْرِقَانُ السِّرَاجُ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَمْ يَاْخُذْ مِنْ شَارِبِهِ فَلَيْسَ مِنَّا

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو مونچھیں نہ کاٹے اس کا تعلق ہم سے نہیں ہے (مونچھیں کاٹنے کی ترغیب دلائی ہے)۔

4896 - حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا جَمِيلُ بْنُ يَزِيدَ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا الْمُسَيَّبُ بْنُ شَرِيكٍ، عَنْ حَمْزَةَ الزَّيَّاتِ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَمْ يَاْخُذْ مِنْ شَارِبِهِ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو مونچھیں نہ کاٹے اس کا تعلق ہم سے نہیں ہے (مونچھیں کاٹنے کی ترغیب دلائی ہے)۔

4897 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اُسَيْدٍ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ بَزِيعٍ الْجَزَّارُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ الْاَصْبَاغِيُّ، ثنا يُوسُفُ بْنُ صُهَيْبٍ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ يَسَارٍ، قَالَ: لَمَّا اُصِيبَ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَامَ زَيْدُ بْنُ اَرْقَمَ، اِلَى بَابِ الْمَسْجِدِ، فَقَالَ:

حضرت حبیب بن یسار فرماتے ہیں کہ جب حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا تو حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ مسجد کے دروازے پر کھڑے ہوئے اور فرمایا: کیا تم نے یہ کیا ہے؟ میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اے اللہ! حسن و حسین اور نیک بندوں کو تیرے سپرد کرتا

4897- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 194 وقال: رواه الطبراني وفيه محمد بن سليمان بن بزيع ولم أعرفه وبقية رجاله ثقات .

اَفَعَلْتُمُوهَا اَشْهَدُ اَنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اَللّٰهُمَّ اَسْتَوْدِعُكُهُما وَصَالِحَ الْمُؤْمِنِينَ فَقِيلَ لِعُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زِيَادٍ: اِنَّ زَيْدَ بْنَ اَرْقَمَ قَالَ كَذَا وَكَذَا، فَقَالَ: ذٰلِكَ شَيْخٌ قَدْ ذَهَبَ عَقْلُهُ

ہوں۔عبیداللہ بن زیاد نے کہا: حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ نے ایسے ایسے کہا ہے' ابن زیاد نے کہا: وہ بوڑھا ہوگیا' اس کی عقل چلی گئی ہے۔

اَبُو الْمِنْهَالِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ

حضرت ابومنہال' حضرت زید بن ارقم سے روایت کرتے ہیں

4898 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَفَّانُ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا الْمِنْهَالِ، قَالَ: سَاَلْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ وَزَيْدَ بْنَ اَرْقَمَ، عَنِ الصَّرْفِ، فَهَذَا يَقُولُ: سَلْ هَذَا، وَهَذَا يَقُولُ: سَلْ هَذَا، فَاِنَّهُ خَيْرٌ مِنِّي وَاَعْلَمُ، كِلَاهُمَا يَقُولُ ذٰلِكَ، فَسَاَلْتُهُمَا فَقَالَا: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الْوَرِقِ بِالذَّهَبِ دَيْنًا

حضرت ابوالمنہال فرماتے ہیں: میں نے حضرت براء بن عازب اور حضرت زید بن ارقم سے پوچھا: بیع صرف کے بارے میں۔ پس یہ کہتے ہیں: اس سے سوال کر۔اور یہ فرماتے ہیں: اس سے پوچھ کیونکہ وہ مجھ سے بہتر اور زیادہ جاننے والا ہے۔ان میں دونوں میں سے ہر ایک یہ بات کہتا ہے۔میں نے دونوں سے سوال کیا' پس انہوں نے فرمایا: رسول کریم ﷺ نے ایسی ادھار پر بیع سے منع فرمایا جو چاندی کی سونے کے بدلے ہو۔

4899 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى، عَنْ شُعْبَةَ، ثنا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ، عَنْ اَبِي الْمِنْهَالِ، عَنِ الْبَرَاءِ، وَزَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَا: قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَنَحْنُ

حضرت براء اور زید بن ارقم رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ تشریف لائے' ہم جا رہے تھے' آپ نے فرمایا: نقد نقد جائز ہے اور اُدھار ناپسند ہے۔

4898- اخرجه مسلم في صحيحه جلد3صفحه1212' رقم الحديث: 1589 .

4899- اخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد 3صفحه1212' رقم الحديث: 1589 . والبخاري في صحيحه جلد3 صفحه1433' رقم الحديث: 3724 .

نَصْرِفُ فَقَالَ: لَا بَأْسَ بِهِ يَدًا بِيَدٍ وَتُكْرَهُ النَّسِيئَةُ

عَلِيُّ بْنُ رَبِيعَةَ الْوَالِبِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ

4900 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، ثنا اِسْرَائِيلُ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْمُغِيرَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبِيعَةَ، قَالَ: لَقِيتُ زَيْدَ بْنَ اَرْقَمَ، دَاخِلًا عَلَى الْمُخْتَارِ، اَوْ خَارِجًا، قَالَ: قُلْتُ: حَدِيثًا بَلَغَنِي عَنْكَ سَمِعْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنِّي تَارِكٌ فِيكُمُ الثَّقَلَيْنِ كِتَابَ اللّٰهِ وَعِتْرَتِي؟ قَالَ: نَعَمْ

حضرت علی بن ربیعہ الوالبیؒ حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت علی بن ربیعہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے ملا' حضرت زید' مختار کے پاس آئے' مختار نے آپ سے کہا: مجھے آپ کے حرم سے حدیث پہنچی ہے' آپ نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ میں تم میں دو بھاری چیزیں چھوڑ کر جا رہا ہوں' قرآن اور اپنی اہل بیت؟ حضرت زید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں!

اَبُو سَعْدٍ الْاَزْدِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ

4901 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، قَالَا: ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، ثنا اِسْرَائِيلُ، عَنِ السُّدِّيِّ، عَنْ اَبِي سَعْدٍ الْاَزْدِيِّ، ثنا زَيْدُ بْنُ اَرْقَمَ، قَالَ: غَزَوْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ مَعَنَا

حضرت ابوسعد الازدیؒ حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ جہاد کیا' ہمارے ساتھ دیہات سے کچھ لوگ تھے' وہ ہم سے آگے نکل گئے' ایک دیہاتی اپنے ساتھی سے آگے نکل گیا' اس نے حوض بھرا اور اس کے اردگرد پتھر لگائے' اس پر چمٹا رہا' اس کے ساتھی آئے اور انصار سے ایک آدمی آیا' اس

4901- أورده الترمذي في سننه جلد5صفحه315' رقم الحديث: 3313 .

أُنَاسٌ مِنَ الْأَعْرَابِ يَسْبِقُونَا، فَسَبَقَ الْأَعْرَابِيُّ أَصْحَابَهُ يَمْلَأُ الْحَوْضَ، وَيَجْعَلُ حَوْلَهُ حِجَارَةً، وَيَجْعَلُ النِّطَعَ عَلَيْهِ حَتَّى يَجِيءَ أَصْحَابُهُ، وَأَتَى رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ أَعْرَابِيًّا، فَأَرْخَى زِمَامَ نَاقَتِهِ لِتَشْرَبَ، فَأَبَى أَنْ يَدَعَهُ، فَانْتَزَعَ حَجَرًا فَغَاضَ الْمَاءُ وَمَعَ الْأَعْرَابِيِّ خَشَبَةٌ، فَضَرَبَ بِهَا رَأْسَ الْأَنْصَارِيِّ فَشَجَّهُ، فَأَتَى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أُبَيٍّ رَأْسُ الْمُنَافِقِينَ فَأَخْبَرَهُ، وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِهِ فَغَضِبَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أُبَيٍّ، ثُمَّ قَالَ: (لَا تُنْفِقُوا عَلَى مَنْ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ حَتَّى يَنْفَضُّوا مِنْ حَوْلِهِ) يَعْنِي الْأَعْرَابَ، وَكَانُوا يَحْضُرُونَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ الطَّعَامِ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ لِأَصْحَابِهِ: إِذَا انْفَضُّوا مِنْ عِنْدِ مُحَمَّدٍ ائْتُوا مُحَمَّدًا بِالطَّعَامِ، فَلْيَأْكُلْ هُوَ وَمَنْ عِنْدَهُ، ثُمَّ قَالَ لِأَصْحَابِهِ: إِذَا رَجَعْتُمْ إِلَى الْمَدِينَةِ فَلْيُخْرِجِ الْأَعَزُّ مِنْكُمُ الْأَذَلَّ، قَالَ زَيْدٌ: وَأَنَا رَدِيفُ عَمِّي رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: فَسَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أُبَيٍّ، وَكُنَّا أَخْوَالَهُ، فَأَخْبَرْتُ عَمِّي، فَانْطَلَقَ فَأَخْبَرَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَرْسَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَحَلَفَ وَجَحَدَ، فَصَدَّقَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَذَّبَنِي، فَجَاءَ عَمِّي، فَقَالَ: مَا أَرَدْتَ إِلَّا أَنْ مَقَتَكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَذَّبَكَ الْمُسْلِمُونَ، فَوَقَعَ عَلَيَّ مِنَ الْهَمِّ مَا لَمْ يَقَعْ عَلَى أَحَدٍ قَطُّ، فَبَيْنَا

نے اپنی اونٹنی کی نکیل چھوڑ دی پانی پینے کے لیے' اس دیہاتی نے چھوڑنے سے انکار کر دیا' انصاری نے پتھر کھینچا اور پانی بہہ نکلا' دیہاتی کے پاس لکڑی تھی' اس نے انصاری کے سر پر ماری اور زخمی کر دیا۔ عبداللہ بن ابی منافقوں کا سردار آیا' اس نے بتایا: اس کے ساتھی تھے' عبداللہ بن ابی ناراض ہوا' پھر اس نے کہا: رسول اللہ ﷺ کے پاس بیٹھنے والوں پر خرچ نہ کرو یہاں تک کہ ختم ہو جائیں' اس کے اردگرد دیہاتی اکٹھے ہوئے' رسول اللہ ﷺ کے کھانے کے وقت آئے' انہوں نے کھایا جو آپ کے پاس تھا' پھر عبداللہ نے اپنے ساتھیوں سے کہا: میں محمد کے پاس سے کھانا ختم ہو تو محمد کے پاس کھانا لانا تاکہ وہ اور اس کے پاس والے کھائیں' پھر اس نے اپنے ساتھیوں سے کہا: جب تم مدینہ واپس جاؤ تو تم عزت والے ذلیلوں کو نکال دینا۔ حضرت زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں اپنے چچا کے پیچھے تھا' میں نے عبداللہ بن اُبی کی بات سن لی' ہم اس کے ماموں تھے' میں نے اپنے چچا کو بتایا' وہ چلے اور رسول اللہ ﷺ کو بتایا' رسول اللہ ﷺ نے عبداللہ بن ابی کی طرف آدمی بھیجا' اس نے قسم اُٹھائی اور انکار کر دیا' رسول اللہ ﷺ نے اس کی تصدیق کر دی (بظاہر ورنہ سارا معاملہ جانتے تھے) اور میری تصدیق نہ کی' پس میرے چچا نے آ کر کہا: کیا تو نے رسول کریم ﷺ کو ناراض کرنے کا ارادہ کیا تھا' اور مسلمانوں نے میری تصدیق کا انکار کیا' جتنا غم اس کا مجھ پر ہوا اتنا کبھی نہیں

اَنَا اَسِيرُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ قَدْ خَفَقْتُ بِرَاْسِي مِنَ الْهَمِّ وَاِذَا اَنَا بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَعَرَكَ اُذُنِي وَضَحِكَ فِي وَجْهِي ، فَمَا كَانَ يَسُرُّنِي اَنَّ لِي بِهَا الْخُلْدَ فِي الدُّنْيَا، ثُمَّ اِنَّ اَبَا بَكْرٍ لَحِقَنِي، فَقَالَ: مَا قَالَ لَكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقُلْتُ: مَا قَالَ لِي شَيْئًا اِلَّا اَنْ عَرَكَ اُذُنِي وَضَحِكَ فِي وَجْهِي ، قَالَ: اَبْشِرْ، ثُمَّ لَحِقَنِي عُمَرُ، فَقُلْتُ لَهُ مِثْلَ قَوْلِي لِاَبِي بَكْرٍ، فَلَمَّا اَصْبَحْنَا قَرَاَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُورَةَ الْمُنَافِقِينَ

ہوا' میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ایک سفر میں چل رہا تھا' میں نے غم کی وجہ سے سر جھکایا تھا' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرا کان کھینچا اور میرے سامنے مسکرائے' یہ مسکراہٹ مجھے دنیا و مافیہا سے زیادہ پسند ہے اور دنیا میں میری جنت ہے۔ پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ مجھے ملے' فرمایا: تمہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا فرمایا؟ میں نے کہا: مجھے کچھ نہیں فرمایا' بس میرا کان مروڑا اور میرے سامنے مسکرائے' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: خوشخبری! پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ مجھے ملے اور آپ نے بھی حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ والی بات کی' جب ہم نے صبح کی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سورۂ منافقون کی تلاوت کی۔

اَبُو اِسْحَاقَ السَّبِيعِيُّ، عَنْ زَيْدٍ

ابواسحاق السبیعی' حضرت زید رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4902 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ح وَحَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ، ثنا اَبُو الْوَلِيدِ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا اَبُو الْوَلِيدِ، وَمُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، قَالُوا: ثنا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، قَالَ: خَرَجَ النَّاسُ يَسْتَسْقُونَ وَخَرَجَ فِيهِمْ زَيْدُ بْنُ اَرْقَمَ، فَدَنَوْتُ اِلَيْهِ، فَقُلْتُ: كَمْ غَزَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: تِسْعَ عَشْرَةَ غَزْوَةً ، قُلْتُ: كَمْ غَزَوْتَ مَعَهُ؟ قَالَ:

حضرت ابواسحاق فرماتے ہیں کہ وہ بارش کی دعا کرنے کے لیے نکلے' اُن میں حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ بھی تھے' میں ان کے قریب ہوا' میں نے کہا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کتنے جہاد کیے ہیں؟ فرمایا: سترہ غزوات' میں نے کہا: آپ ان کے ساتھ کتنے غزوات میں شریک ہوئے؟ فرمایا: سترہ' دو رکعتیں نفل پڑھے ابوولید نے اپنی حدیث میں اضافہ کیا کہ میں نے کہا: سب سے پہلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کون سا جہاد کیا؟

4902- اخرجه مسلم في صحيحه جلد3صفحه1447' رقم الحديث: 1254 .

سَبْعَ عَشْرَةَ غَزْوَةً، قَالَ: وَصَلَّى بِالنَّاسِ رَكْعَتَيْنِ - زَادَ اَبُو الْوَلِيدِ فِي حَدِيثِهِ- قُلْتُ: مَا اَوَّلُ مَا غَزَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: ذَا الْعُشَيرَةِ اَوْ ذَا الْعُسَيْرَةِ

حضرت زید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ذوالعشیرہ یا ذوالعسیرہ۔

4903 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا اَبُو اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي زَيْدُ بْنُ اَرْقَمَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَزَا تِسْعَ عَشْرَةَ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ رسول کریم ﷺ نے سترہ غزوات کیے۔

4904 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ، قَالَا: ثنا خَلَّادُ بْنُ يَزِيدَ الْاَرْقَطُ الْبَاهِلِيُّ، ثنا يُونُسُ بْنُ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: غَزَوْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعَ عَشْرَةَ غَزْوَةً

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں رسول کریم ﷺ کے ساتھ سترہ غزوات میں شریک ہوا۔

4905 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَصْبَهَانِيُّ الْخُزَاعِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَسْكَرِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالَا: ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: غَزَوْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعَ عَشْرَةَ غَزْوَةً فَاتَتْنِي ثِنْتَانِ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سترہ غزوات کیے' دو میرے پاس آئے۔

4906 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، اَنَا اَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ الْوَهْبِيُّ، ثنا

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رسول کریم ﷺ کے ساتھ سترہ غزوات میں شریک

اِسْرَائِيلُ، عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: غَزَوْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعَ عَشْرَةَ غَزْوَةً قُلْتُ: كَمْ غَزَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: تِسْعَ عَشْرَةَ غَزْوَةً

ہوا' میں نے عرض کی: رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کل کتنے غزوات کیے؟ فرمایا: سترہ!

4907 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ اِسْرَائِيلَ، عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: غَزَوْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعَ عَشْرَةَ غَزْوَةً سَبَقَنِی بِغَزَاتَيْنِ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ سترہ غزوات کیے' میں دو میں شریک نہ ہوسکا۔

4908 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: غَزَوْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعَ عَشْرَةَ غَزْوَةً سَبَقَنِی بِغَزَاتَيْنِ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ سترہ غزوات کیے' میں دو میں شریک نہ ہوسکا۔

4909 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِی اَبِی، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا اَبُو اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِی زَيْدُ بْنُ اَرْقَمَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَجَّ بَعْدَ مَا هَاجَرَ حَجَّةً وَاحِدَةً لَمْ يَحُجَّ بَعْدَهَا حَجَّةَ الْوَدَاعِ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہجرت کے بعد ایک ہی حج کیا اور اس کے بعد حج نہ کیا' وہی حجۃ الوداع ہی کیا۔

4907- أورده أحمد في مسنده جلد4صفحه371 .

4909- أخرجه مسلم في صحيحه جلد3صفحه1447' رقم الحديث: 1254 . والبخاري في صحيحه جلد4 صفحه1599' رقم الحديث:4142 .

4910 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ وَاقِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ح حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي قَالَا: ثنا زُهَيْرٌ، ثنا اَبُو اِسْحَاقَ، اَنَّهُ سَمِعَ زَيْدَ بْنَ اَرْقَمَ، يَقُولُ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ اَصَابَ النَّاسُ فِيهِ شِدَّةٌ، فَقَالَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنُ اُبَيِّ لِاَصْحَابِهِ: (لَا تُنْفِقُوا عَلَى مَنْ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ حَتَّى يَنْفَضُّوا) (المنافقون: 7) مِنْ حَوْلِهِ، وَقَالَ: (لَئِنْ رَجَعْنَا اِلَى الْمَدِينَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ) (المنافقون: 8) فَاَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَخْبَرْتُهُ فَاَرْسَلَ اِلَى عَبْدِ اللّٰهِ فَسَاَلَهُ فَاجْتَهَدَ بِيَمِينِهِ، فَقَالَ: كَذَبَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَوَقَعَ فِي نَفْسِي مِمَّا قَالُوا شِدَّةٌ، حَتَّى اَنْزَلَ اللّٰهُ تَصْدِيقِي فِي (اِذَا جَاءَكَ الْمُنَافِقُونَ) (المنافقون: 1) فَدَعَاهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيَسْتَغْفِرَ لَهُمْ فَلَوَّوْا رُءُوسَهُمْ وَقَوْلُهُ: (كَاَنَّهُمْ خُشُبٌ مُسَنَّدَةٌ) (المنافقون: 4) قَالَ: كَانُوا رِجَالًا اَجْمَلَ شَيْءٍ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ ایک سفر میں تھے' صحابہ کرام کو سخت بھوک لگی' عبداللہ بن اُبی نے اپنے ساتھیوں سے کہا: رسول اللہ کے پاس والوں پر خرچ نہ کرو یہاں تک کہ ان کے اردگرد والے اُٹھ جائیں''۔ ہم مدینہ واپس آئیں گے تو وہاں سے ذلیلوں کو نکال دیں گے' میں رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا' میں نے آپ کو بتایا' آپ نے عبداللہ بن اُبی کی طرف آدمی بھیجا' آپ نے اس کے لیے سوال کیا اس نے سخت قسم اُٹھائی' اس نے کہا: یارسول اللہ! زید نے جھوٹ بولا' میرے دل میں سخت صدمہ ہوا۔ آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے میری تصدیق نازل فرمائی' جب منافقین آپ کے پاس آئے تو حضور ﷺ نے ان کو بلوایا تاکہ ان کے لیے بخشش مانگیں' وہ سر پھیر کر بھاگ گے اور اللہ نے فرمایا: ''وہ ایسے ہیں جیسے ٹیک لگائی ہوئی لکڑیاں''۔ فرمایا: وہ لوگ کسی شی سے زیادہ خوبصورت ہیں۔

4911 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ الْوَهْبِيُّ، ثنا اِسْرَائِيلُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ عَمِّي فِي غَزْوَةٍ فَسَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ایک جہاد میں اپنے چچا کے ساتھ تھا' میں نے عبداللہ بن اُبی کو کہتے ہوئے سنا کہ اللہ کے رسول کے پاس بیٹھنے والوں پر خرچ نہ کرنا یہاں تک کہ اردگرد

4910- أخرجه البخاري في صحيحه جلد4صفحه1860' رقم الحديث: 4620 .

بْنَ أُبَيٍّ يَقُولُ: (لَا تُنْفِقُوا عَلَى مَنْ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ حَتَّى يَنْفَضُّوا) (المنافقون: 7) مِنْ حَوْلِهِ (لَئِنْ رَجَعْنَا إِلَى الْمَدِينَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْأَعَزُّ مِنْهَا الْأَذَلَّ) (المنافقون: 8) فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِعَمِّي، فَذَكَرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدَعَانِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَرْسَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أُبَيٍّ ابْنِ سَلُولَ وَأَصْحَابِهِ، فَحَلَفُوا مَا قَالُوا، فَكَذَّبَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصَدَّقَهُ وَأَصَابَنِي هَمٌّ لَمْ يُصِبْنِي مِثْلُهُ قَطُّ، فَجَلَسْتُ فِي الْبَيْتِ، فَقَالَ لِي عَمِّي: مَا أَرَدْتَ إِلَّا أَنْ كَذَّبَكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ومَقَتَكَ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ (إِذَا جَاءَكَ الْمُنَافِقُونَ) (المنافقون: 1) فَبَعَثَ إِلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَرَأَهَا ثُمَّ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ صَدَّقَكَ

والے اُٹھ جائیں‘ ہم جب مدینہ جائیں گے وہاں عزت والے ذلیلوں کو نکال دیں گے‘ ہم نے اسکا ذکر اپنے چچا سے کہا تو چچا نے حضور ﷺ سے ذکر کیا‘ رسول اللہ ﷺ نے مجھے حکم دیا‘ حضور ﷺ نے عبداللہ بن ابی کی طرف پیغام بھیجا اور اس کے ساتھیوں کی طرف‘ انہوں نے قسم اُٹھائی جو انہوں نے کہا‘ حضور ﷺ نے میری تصدیق نہ کی‘ اس نے کہا: مجھے پریشانی لاحق ہوئی‘ ایسی کبھی نہیں ہوئی‘ میں اپنے گھر بیٹھ گیا‘ میرے چچا نے کہا: رسول اللہ ﷺ نے تجھے جھٹلانے کا ارادہ نہیں کیا تھا‘ اللہ عزوجل نے یہ سورت نازل کی: ”جب منافقین آپ کے پاس آتے ہیں“ رسول اللہ ﷺ نے میری طرف بلوانے کے لیے بھیجا‘ آپ نے سورۃ پڑھی‘ پھر فرمایا: اللہ عزوجل نے آپ کی تصدیق کی ہے۔

4912 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ الْبَصْرِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْمُبَارَكِ الْعَيْشِيُّ، ثنا سَالِمُ بْنُ قُتَيْبَةَ، ثنا يُونُسُ بْنُ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ زَيْدَ بْنَ أَرْقَمَ، يَقُولُ: رَمِدَتْ عَيْنَايَ، فَعَادَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الرَّمَدِ، فَقَالَ: يَا زَيْدُ، لَوْ أَنَّ عَيْنَيْكَ لِمَا بِهِمَا كَيْفَ كُنْتَ تَصْنَعُ؟ قَالَ: كُنْتُ أَصْبِرُ وَأَحْتَسِبُ، قَالَ: يَا زَيْدُ، لَوْ أَنَّ عَيْنَيْكَ لِمَا

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میری آنکھوں کو بیماری لگ گئی تو رسول کریم ﷺ نے میری عیادت فرمائی‘ فرمایا: اے زید! اگر تیری دونوں آنکھیں‘ (فرض کیا) نہ ہوں تو آپ کیا کریں گے؟ عرض کی: صبر کروں گا اور ثواب کا طلبگار بنوں گا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے زید! اگر تیری یہ دونوں آنکھیں نہ رہیں اور تُو ثواب کی نیت سے ان پر صبر کرے تو جنت سے کم تیرے لیے ثواب نہ ہوگا۔

4912- أورده الطبراني في الأوسط جلد6صفحه109‘ رقم الحديث: 5951 .

بِهِمَا فَصَبَرْتَ وَاحْتَسَبْتَ لَمْ يَكُنْ لَكَ ثَوَابٌ دُونَ الْجَنَّةِ

4913 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِي سِنَانٍ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ (لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ) (النساء: **95**) (وَالْمُجَاهِدُونَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ) (النساء: **95**) جَاءَ ابْنُ اُمِّ مَكْتُومٍ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَمَا لِي رُخْصَةٌ؟ قَالَ: لَا قَالَ ابْنُ اُمِّ مَكْتُومٍ: اللّٰهُمَّ اِنِّي ضَرِيرٌ فَرَخِّصْ لِي فَاَنْزَلَ اللّٰهُ (غَيْرُ اُولِي الضَّرَرِ) (النساء: **95**) فَاَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكِتَابَتِهَا

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت: ''لایستوی القاعدون من المؤمنین والمجاهدون فی سبیل اللّٰه'' اُتری تو حضرت ابن اُم مکتوم نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا میرے لیے رخصت ہے؟ آپ نے فرمایا: نہیں! حضرت ابن اُم مکتوم رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ! میں نابینا ہوں' میرے لیے رخصت نازل فرما! اللہ عزوجل نے نازل فرمایا: ''غیر اولی الضرر'' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کو لکھنے کا حکم دیا۔

4914 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيقٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، اَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: انْهَزَمَ النَّاسُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ حُنَيْنٍ فَقَالَ: اَنَا النَّبِيُّ لَا كَذِبْ اَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبْ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حنین کے دن لوگ بھاگے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں نبی ہوں جھوٹ نہیں ہے' میں عبدالمطلب کا پوتا ہوں۔

4915 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ ضِرَارُ بْنُ صُرَدٍ، ثنا مُوسَى بْنُ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے مجھ پر جان بوجھ کر

4913- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**7**صفحه**9** وقال: رواه الطبراني ورجاله ثقات .

4914- اورده النسائي في السنن الكبرى جلد **5**صفحه**188** رقم الحديث: **8629**' جلد**5**صفحه **191** رقم الحديث: **8638**' جلد**6**صفحه**155** رقم الحديث: **10441** .

عُثْمَانَ الْحَضْرَمِيُّ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

جھوٹ باندھا' اس کو چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنائے۔

4916 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَيْمُونٍ، ثنا مُوسَى بْنُ عُثْمَانَ الْحَضْرَمِيُّ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، وَزَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَا: سَمِعْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ دِمَاءَكُمْ وَاَمْوَالَكُمْ عَلَيْكُمْ حَرَامٌ كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هَذَا فِي بَلَدِكُمْ هَذَا

حضرت براء اور حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: تمہارا خون اور اموال ایک دوسرے پر حرام ہیں جس طرح آج کے دن اور تمہارے اس شہر۔

4917 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا ضِرَارُ بْنُ صُرَدٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْبَغَوِيُّ، قَالَا: ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ صَالِحٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَا: ثنا مُوسَى بْنُ عُثْمَانَ الْحَضْرَمِيُّ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، وَزَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَا: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ غَدِيرِ خُمٍّ، وَنَحْنُ نَرْفَعُ غُصْنَ الشَّجَرَةِ عَنْ رَاْسِهِ فَقَالَ: اِنَّ الصَّدَقَةَ لَا تَحِلُّ لِي وَلَا لِاَهْلِ بَيْتِي، لَعَنَ اللّٰهُ مَنِ

حضرت براء اور حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ غدیر خم کے موقع پر تھے' ہم آپ کے سر انور سے درخت کی ٹہنیاں اُٹھاتے تھے' آپ نے فرمایا: صدقہ میرے لیے اور میری اہل بیت کے لیے جائز نہیں ہے' اللہ کی لعنت ہو اس پر جو اپنا نسب بدلے' اللہ کی لعنت ہو اس غلام پر جو اپنے آقا کے علاوہ کسی اور کی طرف نسبت کرے' بچہ بستر والے کے لیے ہے اور زانی کے لیے پتھر (یعنی رجم کی سزا) ہے اور وارث کے لیے وصیت نہیں ہے۔

4916- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 271 وقال: رواه الطبراني في الكبير والأوسط وفيه ابراهيم بن محمد بن ميمون وهو ضعيف' وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد في موضع آخر جلد 7 صفحه 295 وقال: رواه الطبراني في الأوسط وفيه موسى بن عثمان الحضرمي وهو متروك .

4917- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 14 رواه الطبراني وفيه موسى بن عثمان الحضرمي وهو ضعيف .

ادَّعَى إِلَى غَيْرِ أَبِيهِ، وَلَعَنَ اللَّهُ مَنْ تَوَلَّى غَيْرَ مَوَالِيهِ، الْوَلَدُ لِصَاحِبِ الْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ، لَيْسَ لِوَارِثٍ وَصِيَّةٌ

4918 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ نَائِلَةَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ هُبَيْرَةَ بْنِ يَرِيمَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ وَهْبٍ، وحَبَّةَ الْعُرَنِيِّ، وَزَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ، أَنَّ عَلِيًّا، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ نَاشَدَ النَّاسَ مَنْ سَمِعَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ كُنْتُ وَلِيَّهُ فَعَلِيٌّ وَلِيُّهُ فَقَامَ بَضْعَةَ عَشَرَ فَشَهِدُوا أَنَّهُمْ سَمِعُوا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ كُنْتُ وَلِيَّهُ فَعَلِيٌّ وَلِيُّهُ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ لوگوں سے قسم لی کہ جس نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس کا میں مددگار اس کا علی مددگار ہے' دس سے زیادہ افراد تھے' انہوں نے گواہی دی کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جس کا میں مددگار' اس کا علی مددگار ہے۔

4919 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ الْجُنْدِيسَابُورِيُّ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَيَوَيْهِ، ثنا حَبِيبُ بْنُ حَبِيبٍ، أَخُو حَمْزَةَ الزَّيَّاتُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ ذِي مُرٍّ، وَزَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ، قَالَا: خَطَبَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ غَدِيرِ خُمٍّ، فَقَالَ: مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ، اللَّهُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاهُ وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ وَانْصُرْ مَنْ نَصَرَهُ وَأَعِنْ مَنْ أَعَانَهُ

حضرت عمرو بن ذی مر اور حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے غدیر خم کے موقع پر خطبہ دیا' آپ نے فرمایا: جس کا میں مولا اس کا علی مولا ہے' اے اللہ! تُو اس کو دوست رکھ جو اس سے دوستی رکھے اور جو اس سے دشمنی رکھے تُو اس سے ناراض ہو اور اس کی مدد کر جو اس کی مدد کرے اور اس کی اعانت فرما جو ان کی اعانت کرے۔

4920 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ الْجُنْدِيسَابُورِيُّ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے علی! کیا آپ کو ایسی دعا نہ

4920- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **10** صفحه **180** وقال: رواه الطبراني وفيه حبيب بن حبيب أخو حمزة الزيات وهو ضعيف.

اِسْمَاعِيلَ حَيَوَيْهِ، ثنا حَبِيبُ بْنُ حَبِيبٍ، اَخُو حَمْزَةَ الزَّيَّاتُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ السَّبِيعِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ ذِي مَرٍّ وَزَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَا عَلِيُّ، اَلَا اُعَلِّمُكَ دُعَاءً تَدْعُو بِهِ لَوْ كَانَ عَلَيْكَ مِثْلُ عَدَدِ الذَّرِّ ذُنُوبًا لَغُفِرَتْ لَكَ مَعَ اَنَّهُ مَغْفُورٌ لَكَ؟ قُلِ اللّٰهُ لَا اِلَهَ اِلَّا اَنْتَ الْحَكِيمُ الْكَرِيمُ تَبَارَكْتَ سُبْحَانَكَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ

سکھاؤں جو آپ مانگیں تو اگر تیرے اوپر ذرّوں کے برابر گناہ بھی ہوں تو اللہ ان کو بخش دے؟ باوجودیکہ آپ بخشے ہوئے ہیں'توپڑھ:''لا الـــه الا انــت الحکیم الی آخرہ''۔

الشَّعْبِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ

حضرت شعبی' حضرت زید بن ارقم سے روایت کرتے ہیں

4921 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ ثَعْلَبَةَ، ثنا اَبُو يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا عَبْدُ الْاَعْلَى بْنُ اَبِي الْمُسَاوِرِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: اَرْسَلَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَبَشَّرْتُهُ بِالْجَنَّةِ، ثُمَّ اَرْسَلَنِي اِلَى عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَبَشَّرْتُهُ بِالْجَنَّةِ، ثُمَّ اَرْسَلَنِي اِلَى عُثْمَانَ فَبَشَّرْتُهُ بِالْجَنَّةِ عَلَى بَلْوَى تُصِيبُهُ، فَاَخَذَ عُثْمَانُ بِيَدِي فَانْطَلَقَ اَوْ ذَهَبَ بِي حَتَّى اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا هَذِهِ الْبَلْوَى الَّتِي تُصِيبُنِي؟ فَوَاللّٰهِ مَا تَغَنَّيْتُ وَلَا

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے مجھے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی طرف بھیجا' میں نے ان کو جنت کی خوشخبری دی' پھر مجھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی طرف بھیجا' میں نے ان کو جنت کی خوشخبری دی' پھر مجھے آپ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی طرف بھیجا' میں نے ان کو بھی جنت کی خوشخبری دی آزمائشوں کے ساتھ' حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے میرا ہاتھ پکڑا اور مجھے رسول اللہﷺ کے پاس لائے' عرض کی: یہ کیا آزمائش ہے جو مجھے [illegible] گی' اللہ کی قسم! میں نے تغنی نہیں کی' میں نے [illegible] کی) تمنا نہیں کی اور (اسلام لانے کے بعد [illegible]

الشعبی عن زید بن ارقم

4921- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 56 وقال: فيه عبد الأعلى بن أبي المساور وقد ضعفه الجمهور ووثق في رواية عن يحيى بن معين والمشهور عن تضعيفه .

تَمَنَّيْتُ وَلَا مَسَسْتُ فَرْجِي بِيَمِينِي مُنْذُ اَسْلَمْتُ اَوْ مُنْذُ بَايَعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا زَنَيْتُ فِي جَاهِلِيَّةٍ وَلَا اِسْلَامٍ، فَقَالَ لَهُ: اِنَّ اللّٰهَ مُقَمِّصُكَ قَمِيصًا فَاِنْ اَرَادَكَ الْمُنَافِقُونَ عَلَى خَلْعِهِ فَلَا تَخْلَعْهُ

اپنے دائیں ہاتھ سے اپنی فرج کو نہیں چھوا اور جب سے میں مسلمان ہوں یا جب سے آپ کے دست پر بیعت کی' میں نے شرمگاہ کو مس نہیں کیا اور اسلام اور جاہلیت میں زنا نہیں کیا' آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل اس کو قمیص پہنائے گا جو منافقین اتاریں گے' تم اُسے نہ اُتارنا۔

اَبُو عَمْرٍو الشَّيْبَانِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ

حضرت ابوعمرو شیبانی' حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4922 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، حَدَّثَنِي الْحَارِثُ بْنُ شُبَيْلٍ، عَنْ اَبِي عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: كُنَّا نَتَكَلَّمُ فِي الصَّلَاةِ يُكَلِّمُ اَحَدُنَا اَخَاهُ فِي حَاجَتِهِ، حَتَّى نَزَلَتِ الْآيَةُ (حَافِظُوا عَلَى الصَّلَوَاتِ وَالصَّلَاةِ الْوُسْطَى وَقُومُوا لِلّٰهِ قَانِتِينَ) (البقرة: **238**) فَاُمِرْنَا بِالسُّكُوتِ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نماز میں گفتگو کیا کرتے تھے' ہم میں سے کوئی اپنے بھائی سے گفتگو کرتا تھا اپنی ضرورت سے' یہ آیت نازل ہوئی: ''نماز کی حفاظت کرو اور نمازِ وسطیٰ کی خاص کر اور اللہ کے حضور عاجزی سے کھڑے رہو'' پس ہمیں خاموش رہنے کا حکم دیا گیا۔

4923 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ دُحَيْمٍ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا اَبِي، ثنا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ شُبَيْلٍ، عَنْ اَبِي عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: كُنَّا عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نماز میں گفتگو کرتے رہے' ہم میں سے کوئی اپنے بھائی سے گفتگو کرتا تھا اپنی ضرورت سے' یہ آیت نازل ہوئی: ''نماز کی حفاظت کرو اور نمازِ وسطیٰ کی خاص کر اور اللہ کے حضور عاجزی سے کھڑے رہو'' پس ہمیں خاموش

4922- اخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد **1** صفحه **383**' رقم الحديث: **593** . والبخاري في صحيحه جلد **1** صفحه **402** رقم الحديث: **1142**' جلد **4** صفحه **1648** رقم الحديث: **4260** .

نَتَكَلَّمُ فِي الصَّلَاةِ يُكَلِّمُ اَحَدُنَا صَاحِبَهُ فِي الْحَاجَةِ فِيمَا بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ حَتَّى نَزَلَتْ (حَافِظُوا عَلَى الصَّلَوَاتِ وَالصَّلَاةِ الْوُسْطَى وَقُومُوا لِلَّهِ قَانِتِينَ) (البقرة: 238) فَاُمِرْنَا حِينَئِذٍ بِالسُّكُوتِ

رہنے کا حکم دیا گیا۔

4924 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا اَبِي، ثنا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ شُبَيْلٍ، عَنْ اَبِي عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: كُنَّا فِي عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِذَا كُنَّا فِي الصَّلَاةِ، فَاَرَادَ رَجُلٌ مِنَّا حَاجَةً كَلَّمَهُ وَسَارَهُ فِيمَا بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ حَتَّى نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ (وَقُومُوا لِلَّهِ قَانِتِينَ) (البقرة: 238) فَاُمِرْنَا بِالسُّكُوتِ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نماز میں گفتگو کرتے رہے ہم میں سے کوئی اپنے بھائی سے گفتگو کرتا تھا اپنی ضرورت سے یہ آیت نازل ہوئی: ''نماز کی حفاظت کرو اور نمازِ وسطیٰ کی خاص کر اور اللہ کے حضور عاجزی سے کھڑے رہو'' پس ہمیں خاموش رہنے کا حکم دیا گیا۔

اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ الشَّيْبَانِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ

حضرت ابوعبداللہ شیبانی' حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4925 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ نَائِلَةَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ الشَّيْبَانِيِّ، قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا فِي مَجْلِسِ بَنِي الْاَرْقَمِ، فَاَقْبَلَ رَجُلٌ، مِنْ مُرَادٍ يَسِيرُ عَلَى دَابَّتِهِ حَتَّى وَقَفَ عَلَى الْمَجْلِسِ فَسَلَّمَ، فَقَالَ: اَفِي الْقَوْمِ زَيْدٌ؟ قَالُوا: نَعَمْ، هَذَا زَيْدٌ، فَقَالَ: اَنْشُدُكَ

حضرت ابوعبداللہ شیبانی فرماتے ہیں کہ وہ بنی ارقم کی مجلس میں بیٹھا تھا کہ ایک آدمی قبیلہ مراد سے اپنی سواری پر سوار ہو کر آیا' وہ مجلس میں کھڑا ہوا' اس نے سلام کیا' اس نے کہا: آپ میں زید ہے؟ انہوں نے کہا: جی ہاں! یہ زید ہے' اس نے کہا: میں اللہ کی قسم دیتا ہوں جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے' اے زید! کیا آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ نے

بِاللّٰهِ الَّذِی لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يَا زَيْدُ، اَسَمِعْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لِعَلِيٍّ: مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ، اللّٰهُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاهُ وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَانْصَرَفَ عَنْهُ الرَّجُلُ

حضرت علی رضی اللہ عنہ کے متعلق فرمایا کہ جس کا میں مددگار ہوں اس کا علی مددگار ہے' اے اللہ! جو اس کو دوست رکھے تُو اس کو دوست رکھ اور تُو اس سے دشمنی رکھ جو اس سے دشمنی رکھے؟ حضرت زید نے عرض کی: جی ہاں! وہ آدمی چلا گیا۔

ثُوَيْرُ بْنُ اَبِي فَاخِتَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ

حضرت ثور بن ابی فاختہ' حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4926 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْعُمَرِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْبَاهِلِيُّ، ثنا اَبُو الْجَوَّابِ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ قَرْمٍ، عَنْ هَارُونَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ ثُوَيْرِ بْنِ اَبِي فَاخِتَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: خَطَبَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْغَدِيرِ، فَقَالَ: اَلَسْتُ اَوْلَى بِالْمُؤْمِنِينَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ؟ قَالُوا: بَلَى، فَاَخَذَ بِيَدِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ: مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ، اللّٰهُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاهُ وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمیں رسول اللہ ﷺ نے غدیر خم کے موقع پر خطبہ دیا' فرمایا: کیا میں مؤمنوں کی جانوں سے زیادہ قریب نہیں ہوں! صحابہ کرام نے عرض کی: جی ہاں! آپ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑا اور فرمایا: جس کا میں مددگار اس کا علی مددگار ہے' اے اللہ! تُو اس کو دوست رکھ جو اس سے دوستی رکھے اور تُو اس سے دشمنی رکھ جو اس سے دشمنی رکھے۔

زِيَادُ بْنُ مُطَرِّفٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ

حضرت زید بن مطرف' حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4927 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، ثنا

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

اِبْـرَاهِيـمُ بْنُ عِيسَى التَّنُوخِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ يَعْلَى الْاَسْـلَـمِـيُّ، ثنا عَمَّارُ بْنُ رُزَيْقٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ مُطَرِّفٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ - وَرُبَّمَا لَمْ يَذْكُرْ زَيْدَ بْنَ اَرْقَمَ - قَـالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَـلَيْـهِ وَسَـلَّـمَ: مَـنْ اَحَبَّ اَنْ يَحْيَى حَيَاتِي وَيَـمُوتَ مَوْتَتِي وَيَسْكُنَ جَنَّةَ الْخُلْدِ الَّتِي وَعَدَنِي رَبِّـي، فَـاِنَّ رَبِّـي عَـزَّ وَجَـلَّ غَـرَسَ قَصَبَاتِهَا بِيَدِهِ فَـلْيَتَـوَلَّ عَـلِيَّ بْنَ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَاِنَّهُ لَنْ يُخْرِجَكُمْ مِنْ هُدًى وَلَنْ يُدْخِلَكُمْ فِي ضَلَالَةٍ

(اور بعض سندوں میں زید کا ذکر نہیں ہے) رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو پسند کرتا ہے کہ مجھ جیسی زندگی گزارے اور میرے جیسی موت مرے ہمیشہ کی جنت اس کا ٹھکانہ ہو جس کا وعدہ میرے رب نے مجھ سے فرمایا ہے کیونکہ میرے رب نے (میری جنت میں) درخت بھی اپنے ہاتھ سے لگائے ہیں پس اسے چاہیے کہ علی سے محبت کرے کیونکہ وہ تمہیں ہدایت سے نکالیں گے نہیں اور کسی گمراہی میں تمہیں داخل نہیں کریں گے۔

اَبُو لَيْلَى الْحَضْرَمِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ

حضرت ابولیلیٰ حضرمی حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4928 - حَـدَّثَـنَـا عَبْـدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْعَبَّـاسِ الْاَصْبَهَـانِـيُّ، ثنا اَبُو مَسْعُودٍ اَحْمَدُ بْنُ الْفُـرَاتِ، ثـنـا عَـاصِـمُ بْنُ مَهْجَعٍ، ثنا يُونُسُ بْنُ اَرْقَـمَ، عَـنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي لَيْلَى الْحَضْرَمِيِّ، عَـنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَـلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اَلَسْتُ اَوْلَى بِكُمْ مِنْ اَنْفُسِكُمْ، قَالُوا: بَلَى، قَالَ: فَمَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غدیر خم کے موقع پر خطبہ دیا' فرمایا: کیا میں مؤمنوں کی جانوں سے زیادہ قریب نہیں ہوں! صحابہ کرام نے عرض کی: جی ہاں! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس کا میں مددگار اس کا علی مددگار ہے۔

عَطِيَّةُ الْعَوْفِيُّ، عَنْ

حضرت عطیہ العوفی' حضرت زید

زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ

بن ارقم سے روایت کرتے ہیں

4929 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْحَرَشِيُّ، ثنا عَثَّامُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ، اللّٰهُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاهُ وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ فَاَخَذْتُ اَسْتَزِيدُهُ، فَقَالَ: اِنَّمَا اَنْتَهِي حَيْثُ انْتَهَى بِي

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جس کا میں مددگار علی اس کا مددگار ہے اے اللہ! جو اس سے دوستی رکھے تُو اس سے دوستی رکھ اور جو اس سے دشمنی کرے تُو اس سے دشمنی رکھ پس میں نے اس سے رضافہ شروع کیا تو فرمایا: میں اس کو وہیں ختم کروں گا جہاں میں ختم کروں گا۔

4930 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَمَّارُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ الْاَزْرَقِ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْجُحْفَةِ يَوْمَ غَدِيرِ خُمٍّ، وَهُوَ آخِذٌ بِعَضُدِ عَلِيٍّ، فَقَالَ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ اَلَسْتُمْ تَعْلَمُونَ اَنِّي اَوْلَى بِالْمُؤْمِنِينَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ؟ قَالُوا: بَلَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: فَمَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَهَذَا مَوْلَاهُ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہﷺ نے غدیرخم کے موقع پر جحفہ کے مقام پر اس حال میں تشریف لائے کہ آپﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑا ہوا تھا' فرمایا: کیا میں مؤمنوں کی جانوں سے زیادہ قریب نہیں ہوں! صحابہ کرام نے عرض کی: جی ہاں! آپﷺ نے فرمایا: جس کا میں مددگار اس کا علی مددگار ہے۔

4931 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا مُصْعَبُ بْنُ الْمِقْدَامِ، عَنْ فُضَيْلِ بْنِ مَرْزُوقٍ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں' فرماتے ہیں کہ انہوں نے سنا کہ حضورﷺ نے فرمایا: جس کا میں مددگار علی اس کا مددگار ہے۔

4932 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نَصْرِ بْنِ حُمَيْدٍ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

الْبَزَّازُ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ رَبِيعَةَ، ثنا خَالِدُ بْنُ طَهْمَانَ اَبُو الْعَلَاءِ الْخَفَّافُ، عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَيْفَ اَنْعَمُ وَصَاحِبُ الْقَرْنِ قَدِ الْتَقَمَ الْقَرْنَ يَنْتَظِرُ مَتَى يُؤْمَرُ فَيَنْفُخُ فِيهِ؟ قَالُوا: فَمَا نَقُولُ؟ قَالَ: قُولُوا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ

حضور ﷺ نے فرمایا: میں کیسے نعمتوں سے لطف اندوز ہوسکتا ہوں' حالانکہ صور پھونکنے والا فرشتہ اپنے منہ میں صور لیے ہوئے اس انتظار میں ہے کہ کب اس کو حکم ہو اور وہ پھونکے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: ہم کیا پڑھیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: پڑھو! ''اللہ ہمارے لیے کافی ہے اور وہ کتنا اچھا کارساز ہے''۔

خَلِيفَةُ بْنُ حُصَيْنٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ

مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْقَزَّازُ، ثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ، قَالَا: ثنا شُعْبَةُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلٍ، عَنْ سَعْدٍ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ إِلَى سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ فِي أَمْرِ بَنِي قُرَيْظَةَ، فَجَاءَ سَعْدٌ عَلَى حِمَارٍ قَدْ كَادَتْ رِجْلَاهُ تَبْلُغَانِ الْأَرْضَ، فَلَمَّا رَآهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِأَصْحَابِهِ: قُومُوا إِلَى سَيِّدِكُمْ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ هَؤُلَاءِ قَدْ رَضُوا بِحُكْمِكَ، فَاحْكُمْ فِيهِمْ، قَالَ: أَحْكُمُ فِيهِمْ أَنْ تُقْتَلَ مُقَاتِلَتُهُمْ، وَأَنْ تُسْبَى ذَرَارِيُّهُمْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ حَكَمْتَ بِحُكْمِ اللّٰهِ وَحُكْمِ الْمَلِكِ

حضورﷺ نے حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کی طرف پیغام بھیجا' بنی قریظہ کے معاملہ میں' حضرت سعد رضی اللہ عنہ گدھے پر آئے' آپ کے پاؤں زمین پر لگنے لگے' جب حضورﷺ نے ان کو دیکھا تو آپ نے اپنے صحابہ سے فرمایا: تم اپنے سردار کے لیے کھڑے ہو۔ حضورﷺ نے ان کو فرمایا: یہ تمام تیرے فیصلہ پر راضی ہیں' ان میں فیصلہ کر۔ حضرت سعد نے عرض کی: ان کے باہم لڑائی کرنے والوں کو قتل کیا جائے اور ان کے بچوں کو قیدی کیا جائے۔ حضورﷺ نے فرمایا: آپ نے اللہ عزوجل کے حکم کے ساتھ اور بادشاہ کے فیصلہ کے مطابق فیصلہ کیا ہے۔

5186 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ الْمُقْرِءُ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا صَدَقَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَاءَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَذَا سَيِّدُكُمْ

حضرت سعد بن ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن عوف اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ ہم حضورﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے' حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ آئے' حضورﷺ نے فرمایا: یہ تمہارا سردار ہے۔

5187 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَأَبُو

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے

5186- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 308 وقال: رواه البزار والطبراني وفيه صدقة بن عبد الله السمين وهو ضعيف وبقية رجاله رجال الصحيح .

مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ سَعْدَ بْنَ مُعَاذٍ رُمِيَ فِي أَكْحَلِهِ يَوْمَ الْخَنْدَقِ، فَضَرَبَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خِبَاءً فِي الْمَسْجِدِ لِيَعُودَهُ قَرِيبًا، فَبَرَأَ حَتَّى تَحَجَّرَ كَلْمُهُ لِلْبُرْءِ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ إِنَّكَ تَعْلَمُ أَنَّ أَحَبَّ النَّاسِ كَانَ إِلَيَّ قِتَالًا لَقَوْمٌ كَذَّبُوا نَبِيَّكَ، وَأَخْرَجُوهُ، وَقَاتَلُوهُ، وَفَعَلُوا، وَإِنِّي أَظُنُّ أَنَّكَ قَدْ وَضَعْتَ الْحَرْبَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ، اللّٰهُمَّ إِنْ كُنْتَ أَبْقَيْتَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ قِتَالًا فَأَبْقِنِي لِقِتَالِهِمْ، فَبَيْنَمَا هُوَ ذَاتَ لَيْلَةٍ إِذْ تَفَجَّرَ كَلْمُهُ فَسَالَ الدَّمُ مِنْ جُرْحِهِ، حَتَّى دَخَلَ خِبَاءً إِلَى جَنْبِهِ، فَقَالَ الْهنه أَهْلَ الْخِبَاءِ: يَا أَهْلَ الْخِبَاءِ، مَا هَذَا الَّذِي يَأْتِينَا مِنْ قِبَلِكُمْ، فَنَظَرُوا فَإِذَا سَعْدٌ قَدِ انْفَجَرَ كَلْمُهُ وَالدَّمُ لَهُ هَدِيرٌ، فَمَاتَ

کہ خندق کے دن حضرت سعد بن معاذ کے ٹخنے میں تیر لگا' رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسجد میں ان کیلئے خیمہ نصب کروایا تا کہ قریب سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کی عیادت کر سکیں' پس زخم چھوٹ گیا یہاں تک کہ آپ کا زخم پتھر کی طرح سخت ہو گیا۔ پس آپ رضی اللہ عنہ نے دعا کی: اے اللہ! بے شک تو جانتا ہے کہ جہاد مجھے سب چیزوں سے زیادہ پسند ہے' ایک ایسی قوم ہے جس نے تیرے نبی کو جھٹلایا ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ہجرت کرنے پر مجبور کر دیا' انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جنت کی اور بُرا سلوک کیا۔ میرا گمان ہے کہ تُو ہمارے اور ان کے درمیان جنگ کروائے گا' اے اللہ! اگر تُو نے ہمارے اور ان کے درمیان جنگ باقی رکھنی ہے تو ان کے ساتھ جہاد کیلئے مجھے باقی رکھنا' پس دوران ایک رات ان کے زخم سے خون پھوٹ پڑا تو ان کے زخم سے یوں خون بہا کہ ساتھ والے خیمے میں داخل ہو گیا' پس مسافروں نے کہا: اے خیمہ والو! یہ کیا چیز ہے جو تمہاری طرف سے ہماری طرف آ رہی ہے۔ پس انہوں نے دیکھا تو اچانک نگاہ پڑی کہ حضرت سعد کے زخم سے خون پھوٹ پڑا ہے اور خون اتنا بہا کہ (اسی میں) آپ کا وصال ہو گیا۔

5188 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ عِيسَى بْنِ مَيْسَرَةَ الرَّازِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَامِرِيُّ، ثنا عَبْدُ الْكَرِيمِ أَبُو أُمَيَّةَ،

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کو قریظہ اور نضیر کے دن تیر لگا' ان کا ٹخنہ کٹ گیا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو آگ

5188- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد6صفحه140 وقال: رواه الطبراني وفيه عبد الكريم بن أمية وهو ضعيف.

عَنِ الْحَسَنِ، وَعَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: رُمِيَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَوْمَ قُرَيْظَةَ وَالنَّضِيرِ، فَقُطِعَ اَكْحَلُهُ، فَحَسَمَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَعَفَّرَ وانتفض، فَحَسَمَهُ الثَّانِيَةَ، فَقَالَ سَعْدٌ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اللّٰهُمَّ لَا تَنْزِعْ نَفْسِي حَتَّى تُقِرَّ عَيْنِي مِنْ قُرَيْظَةَ، وَالنَّضِيرِ

سے داغ دیا' وہ اس طرح ہو گیا جیسے مٹی ڈال دی گئی ہو اور پھر جھاڑ دی گئی' دوسری مرتبہ آیا' تو حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ! مجھے موت نہ دینا یہاں تک کہ قبیلہ قریظہ اور نضیر سے آنکھیں ٹھنڈی کروں۔

5189 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ اَنَّ سَعْدَ بْنَ مُعَاذٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ رُمِيَ يَوْمَ الْخَنْدَقِ رَمْيَةً، فَقَطَعَتِ الْاَكْحَلَ مِنْ عَضُدِهِ، فَزَعَمُوا اَنَّهُ رَمَاهُ حِبَّانُ بْنُ قَيْسٍ، اَحَدُ بَنِي عَامِرِ بْنِ لُؤَيٍّ، ثُمَّ اَخُو بَنِي الْعَرِقَةِ، وَيَقُولُ آخَرُونَ: رَمَاهُ اَبُو اُسَامَةَ الْجُشَمِيُّ. فَقَالَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: رَبِّ اشْفِنِي مِنْ بَنِي قُرَيْظَةَ قَبْلَ الْمَمَاتِ ، فَرَقَاَ الْكَلْمُ بَعْدَمَا قَدِ انْفَجَرَ. قَالَ: وَاَقَامَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى بَنِي قُرَيْظَةَ حَتَّى سَاَلُوهُ اَنْ يَجْعَلَ بَيْنَهُ وَبَيْنَهُمْ حَكَمًا يَنْزِلُونَ عَلَى حُكْمِهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اخْتَارُوا مِنْ اَصْحَابِي مَنْ اَرَدْتُمْ، فَلْنَسْتَمِعْ لِقَوْلِهِ ، فَاخْتَارُوا سَعْدَ بْنَ مُعَاذٍ، فَرَضِيَ بِهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَسَلَّمُوا، وَاَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عروہ سے مروی ہے کہ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کو خندق کے دن تیر لگا' جس نے ان کے بازو سے' لوگوں کا گمان ہے کہ آپ کو بنو عامر بن لوی کے ایک آدمی حبان بن قیس نے تیر مارا پھر بنو عرقہ کا بھائی۔ کچھ دوسرے لوگ کہتے ہیں کہ آپ کو ابو اسامہ جشمی نے تیر مارا۔ حضرت سعد بن معاذ دعا کرتے: اے میرے رب! موت سے پہلے مجھے بنو قریظہ سے شفا دے! پس آپ کا زخم پھوٹنے کے بعد خشک ہو گیا۔ راوی کا بیان ہے: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو بنی قریظہ کے سامنے کھڑا کیا حتیٰ کہ انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہا کہ وہ ان کے اور اپنے درمیان ثالث مقرر کریں' وہ آپ کے فیصلے کو مانیں گے۔ پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرے صحابہ میں سے جس کو چاہو چن لو' ہم اس کی بات غور سے سنیں گے۔ پس انہوں نے حضرت سعد بن معاذ کا انتخاب کیا۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں کے ساتھ اپنی رضامندی کا اظہار کیا اور انہوں نے بھی تسلیم کیا۔

5189- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 6 صفحه 138 وقال: قلت في الصحيح بعضه عن عائشة متصل الاسناد رواه الطبراني مرسلا وفيه ابن لهيعة وحديثه حسن وفيه ضعف .

بِاَسْلِحَتِهِمْ، فَجُعِلَتْ فِي بَيْتٍ، وَاَمَرَ بِهِمْ فَكُتِّفُوا، وَاُوثِقُوا، فَجُعِلُوا فِي دَارِ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، وَبَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ، فَاَقْبَلَ عَلَى حِمَارٍ اَعْرَابِيٍّ، يَزْعُمُونَ اَنَّ وَطَاءَةَ بَرْذَعِهِ مِنْ لِيفٍ، وَاتَّبَعَهُ رَجُلٌ مِنْ بَنِي عَبْدِ الْاَشْهَلِ، فَجَعَلَ يَمْشِي مَعَهُ يُعَظِّمُ حَقَّ بَنِي قُرَيْظَةَ، وَيَذْكُرُ حِلْفَهُمْ وَالَّذِي اَبْلَوْهُمْ يَوْمَ بُعَاثٍ، وَاَنَّهُمُ اخْتَارُوكَ عَلَى مَنْ سِوَاكَ رَجَاءَ عَطْفِكَ، وَتَحَنُّنِكَ عَلَيْهِمْ، فَاسْتَبْقِهِمْ، فَاِنَّهُمْ لَكَ جَمَالٌ وَعَدَدٌ، قَالَ: فَاَكْثَرَ ذٰلِكَ الرَّجُلُ، وَلَمْ يَحِرْ اِلَيْهِ سَعْدٌ شَيْئًا، حَتَّى دَنَوْا، فَقَالَ لَهُ الرَّجُلُ: اَلَا تَرْجِعُ اِلَيَّ شَيْئًا، فَقَالَ سَعْدٌ: وَاللّٰهِ لَا اُبَالِي فِي اللّٰهِ لَوْمَةَ لَائِمٍ، فَفَارَقَهُ الرَّجُلُ، فَاَتَى اِلَى قَوْمِهِ، قَدْ يَئِسَ مِنْ اَنْ يَسْتَبْقِيَهُمْ، وَاَخْبَرَهُمْ بِالَّذِي كَلَّمَهُ بِهِ، وَالَّذِي رَجَعَ اِلَيْهِ، وَنَفَذَ سَعْدٌ، حَتَّى اَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا سَعْدُ، اُحْكُمْ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ، فَقَالَ سَعْدٌ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَحْكُمُ فِيهِمْ بِاَنْ تُقْتَلَ مُقَاتِلَتُهُمْ، وَيُغْتَنَمَ سَبْيُهُمْ، وَتُؤْخَذَ اَمْوَالُهُمْ، وَتُسْبَى ذَرَارِيهِمْ وَنِسَاؤُهُمْ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَكَمَ فِيهِمْ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ بِحُكْمِ اللّٰهِ، وَيَزْعُمُ نَاسٌ اَنَّهُمْ نَزَلُوا عَلَى حُكْمِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَرَدَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحُكْمَ فِيهِمْ اِلَى سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ، فَاُخْرِجُوا رَسَلًا رَسَلًا،

پس رسول کریم ﷺ نے ان کو ان اسلحہ کے حوالے سے حکم جاری کیا اور وہ سارا ایک گھر میں رکھ دیا گیا' آپ نے ان کے لیے حکم فرمایا: ان کی مشکین کس دی گئیں اور انہیں بیڑیاں ڈال دی گئیں' پس وہ حضرت اسامہ بن زید کے گھر میں اکٹھے ہو گئے۔ رسول کریم ﷺ نے حضرت سعد بن معاذ کی طرف آدمی بھیجا۔ پس آپ ایک دیہاتی کے گدھے پر آئے' وہ گمان کر رہے تھے کہ اس کی جھل کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی تھی۔ آپ کے پیچھے بنوعبداشہل کا ایک آدمی تھا' پس وہ آپ کے ساتھ چل رہا تھا اور بنوقریظہ کے حق کو ثابت کر رہا تھا' ان کے حلیفوں کا ذکر کر رہا تھا اور اس آدمی کا جس نے ان کو بعاث کی جنگ میں آزمایا تھا اور بے شک اُنہوں نے تیرے سوا کو چھوڑ کر تجھے انتخاب کیا ہے' تیری مہربانی پہ بھروسہ کیا ہے اور جو تیرا ان سے پہلا ہے پس ان کو مدینہ میں باقی رکھنا کیونکہ وہ تیری خوبصورتی اور تعداد ہیں۔ راوی کا بیان ہے: اس آدمی نے بہت باتیں کیں لیکن حضرت سعد نے کسی پر توجہ نہ دھری یہاں تک کہ وہ لوگ قریب ہوئے۔ پس اس آدمی نے آپ سے کہا: مجھے کسی بات کا جواب نہیں دیں گے۔ پس حضرت سعد نے فرمایا: قسم بخدا! اللہ کے معاملہ میں مجھے کسی ملامت کرنے والے کی ملامت کی پرواہ نہیں ہے۔ پس وہ آدمی آپ سے جدا ہو گیا۔ پس وہ اپنی قوم کی طرف اس حال میں آیا کہ وہ ان کو باقی رکھنے سے مایوس ہو چکا تھا۔ اس نے اپنی قوم کے افراد کو

فَضُرِبَتْ اَعْنَاقُهُمْ، وَاُخْرِجَ حُيَيُّ بْنُ اَخْطَبَ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ اَخْزَاكَ اللّٰهُ، فَقَالَ: قَدْ ظَهَرْتَ عَلَيَّ، وَمَا اَلُومُ نَفْسِي فِيكَ، فَاَمَرَ بِهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاُخْرِجَ اِلَى اَحْجَارِ الزَّيْتِ الَّتِي بِالسُّوقِ، فَضُرِبَتْ عُنُقُهُ، كُلُّ ذٰلِكَ بِعَيْنِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ، وَزَعَمُوا اَنَّهُ كَانَ بَرِءَ كَلْمُ سَعْدٍ، وَتَحَجَّرَ بِالْبُرْءِ، ثُمَّ اِنَّهُ دَعَا فَقَالَ: اللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضِ، فَاِنَّهُ لَمْ يَكُنْ فِي الْاَرْضِ قَوْمٌ اَبْغَضُ اِلَيَّ مِنْ قَوْمٍ كَذَّبُوا رَسُولَكَ، وَاَخْرَجُوهُ، وَاِنِّي اَظُنُّ اَنْ قَدْ وَضَعْتَ الْحَرْبَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ، فَاِنْ كَانَ بَقِيَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ قِتَالٌ، فَابْقِنِي اُقَاتِلْهُمْ فِيكَ، وَاِنْ كُنْتَ قَدْ وَضَعْتَ الْحَرْبَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ، فَافْجُرْ هٰذَا الْمَكَانَ، وَاجْعَلْ مَوْتِي فِيهِ، فَفَجَرَهُ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى، وَاِنَّهُ لَرَاقِدٌ بَيْنَ ظَهْرَيِ اللَّيْلِ، فَمَا دَرَوْا بِهِ حَتَّى مَاتَ، وَمَا رَقَاَ الْكَلْمُ حَتَّى مَاتَ رَحِمَهُ اللّٰهُ

اس بات کی خبر دی جو اس نے آپ رضی اللہ عنہ سے کی اور اس کا جو جواب آپ نے دیا اور حضرت سعد آگے بڑھ گئے' یہاں تک کہ رسول کریم ﷺ کے پاس آئے' پس آپ ﷺ نے فرمایا: اے سعد! ہمارے اور ان کے درمیان فیصلہ کیجئے! پس حضرت سعد نے فرمایا: ان کے بارے میرا فیصلہ یہ ہے کہ ان کے باہم لڑنے والوں کو قتل کر دیا جائے' ان کے قیدیوں کو مالِ غنیمت بنا لیا جائے' ان کے مال لے لیے جائیں اور ان کے بچوں اور ان کی عورتوں کو غلام بنا لیا جائے۔ پس رسول کریم ﷺ نے فرمایا: حضرت سعد نے اللہ کے حکم کے ساتھ فیصلہ کیا ہے' لوگ گمان کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول کریم ﷺ کے فیصلے پہ اعتماد کیا تھا اور رسول کریم ﷺ نے حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کی طرف لوٹا دیا' پس آہستہ آہستہ انہیں نکالا گیا' پس ان کی گردنیں مار دی گئیں۔ حیی بن اخطب کو نکالا گیا تو رسول کریم ﷺ نے اس سے فرمایا: اللہ نے تجھے رسوا نہیں کیا۔ اس نے کہا: آپ نے مجھ پر ظاہر کر دیا اور آپ کے بارے میں میں اپنے آپ کو ملامت نہیں کرتا۔ پس رسول کریم ﷺ نے اس کو بازار کے ساتھ ریت کے پتھروں کی طرف نکالنے کا حکم دیا۔ پس اس کی گردن مار دی گئی۔ یہ سارا کام حضرت سعد بن معاذ کی آنکھوں کے سامنے ہوا' لوگوں ل نے گمان کیا کہ حضرت سعد کا زخم چھوٹ گیا ہے جبکہ وہ چھوٹنے کے ساتھ پتھر کی طرح ہو گیا' پھر انہوں نے دعا کی' عرض کی:

اے اللہ! آسمانوں اور زمینوں کے رب! پس تیری زمین میں میرے نزدیک اس قوم سے زیادہ ناپسندیدہ کوئی نہیں جس نے تیرے رسول کو جھٹلایا اور اپنے شہر سے نکال دیا اور میرا کامل گمان ہے کہ ہمارے اور ان کے درمیان جنگ برپا ہوگی۔ پس اگر ہمارے اور ان کے درمیان قتال باقی رہا تو مجھے بھی باقی رکھنا' میں تیری رضا کی خاطر ان سے جہاد کروں گا اور اگر تُو ہمارے اور ان کے درمیان جنگ برپا کر چکا ہے (اور نہیں کرے گا) تو اس جگہ سے خون جاری فرما دے اور میری شہادت کا سبب اسی کو بنا دے' پس اللہ تعالیٰ نے اس سے خون جاری کر دیا' اس حال میں کہ وہ رات کے پچھلے پہر سوئے ہوئے تھے' پس خون بہتا رہا حتیٰ کہ آپ نے شہادت پائی' آپ کی وفات تک وہ زخم خشک نہیں ہوا۔

5190 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مَتُّوَيْهِ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْأُمَوِيُّ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ أَبِي مُسْلِمٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: جَعَلَتْ أُمُّ سَعْدٍ تَقُولُ:

(البحر الرجز)

وَيْلُ أُمِّكَ سَعْدًا... حَزَامَةً وَجِدًّا

، فَقَالَ لَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ اُم سعد کہنے لگیں: تیری ماں کی بربادی ہے' اے سعد! ایک ہی زخم ہے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس سے زیادہ نہ کہنا' اللہ کی قسم! مجھے اس کے متعلق علم ہے' یہ اپنے معاملہ میں محتاط اور اللہ کے معاملہ میں طاقتور تھا۔

5190- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 15 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه مسلم الملائي وهو ضعيف .

تَـزِيـدِينَ عَلَى هَذَا، وَكَانَ وَاللّٰهِ مَا عَلِمْتُ حازِمًا فِي اَمْرِهِ، قَوِيًّا فِي اَمْرِ اللّٰهِ

5191 - حَـدَّثَـنَـا اَبُو شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا اَبُـو جَـعْـفَـرٍ الـنُّـفَيْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُـحَـمَّـدِ بْنِ اِسْحَاقَ، قَالَتْ اُمُّ سَعْدٍ حِينَ احْتُمِلَ نَعْشُهُ وَهِيَ تَبْكِيهِ:

(البحر الرجز)

وَيْلُ اُمِّ سَعْدٍ سَعْدًا

حَزامَةً وَجِدًّا

وسَيِّدًا سُدَّ بِهِ مَسَدًّا

، فَـقَـالَ رَسُـولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّ بَاكِيَةٍ تَكْذِبُ اِلَّا بَاكِيَةُ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ

حضرت محمد بن اسحاق فرماتے ہیں کہ جس وقت حضرت سعد رضی اللہ عنہ کا جنازہ اُٹھایا گیا تو اُم سعد رونے لگیں' اُم سعد کے لیے ہلاکت ہے! اے سعد! دوراندیش ہے' پانے والا ہے اور سردار ہے' جو قائم مقام ہوا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہر رونے والی جھوٹی ہوسکتی ہے سوائے سعد بن معاذ کی رونے والی (ان کی ماں) کے۔

5192 - حَـدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَاَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ، عَـنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: لَمَّا مَـاتَ سَـعْـدُ بْنُ مُعَاذٍ، بَكَى اَبُو بَكْرٍ، وَبَكَى عُمَرُ رَضِـيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، حَتَّى عُرِفَ بُكَاءُ اَبِي بَكْرٍ مِنْ بُـكَـاءِ عُـمَـرَ، وَبُـكَـاءُ عُمَرَ مِنْ بُكَاءِ اَبِي بَكْرٍ، فَـقُـلْـتُ لِـعَـائِشَةَ: هَلْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَـلَـيْـهِ وَسَـلَّـمَ يَبْكِي؟ قَالَتْ: لَا، لَكِنَّهُ كَانَ يَقْبِضُ عَلَى لِحْيَتِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: جب حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کا وصال ہوا تو حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما رونے لگے' ابوبکر کا رونا حضرت عمر کے رونے سے زیادہ تھا اور حضرت عمر کا رونا حضرت ابوبکر سے زیادہ رونا تھا۔ حضرت علقمہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے عرض کی: کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم روئے تھے؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: آپ روئے نہیں تھے لیکن آپ نے اپنی داڑھی کو پکڑا ہوا تھا۔

5193 - حَـدَّثَـنَـا مُـحَـمَّـدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ

5192- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد9صفحه309 وقال: رواه الطبراني ورجاله ثقات وفيي بعضهم خلاف .

الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا، مُؤَمَّلُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الثَّقَفِيُّ، ثنا سَهْلٌ اَبُو حَرِيزٍ مَوْلَى الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: انْصَرَفَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ جِنَازَةِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ، وَدُمُوعُهُ تَحَادَرُ عَلَى لِحْيَتِهِ، وَيَدُهُ فِي لِحْيَتِهِ

حضور ﷺ حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے جنازہ سے فارغ ہوئے تو آپ کی آنکھوں کے آنسو آپ کی داڑھی شریف پر تھے اور آپ کی داڑھی مبارک آپ کے دست مبارک میں تھی۔

بَابُ: اهْتَزَّ الْعَرْشُ لِمَوْتِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ

یہ باب ہے حضرت سعد بن معاذ کے جنازہ میں عرش کانپ اُٹھا

5194 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَاَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا اَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ عَلْقَمَةَ بْنِ وَقَّاصٍ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا قَدِمَ ذَا الْحُلَيْفَةِ، تَلَقَّاهُ غِلْمَانُ الْاَنْصَارِ يُخْبِرُونَهُ عَنْ اَهْلِيهِمْ، فَقِيلَ لِاُسَيْدِ بْنِ حُضَيْرٍ: مَاتَتِ امْرَاَتُكَ، فَبَكَى، وَكُنْتُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: اَتَبْكِي وَاَنْتَ صَاحِبُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَدْ تَقَدَّمَ لَكَ مِنَ السَّوَابِقِ مَا تَقَدَّمَ، قَالَ: فَيَحِقُّ لِي اَنْ لَا اَبْكِي، وَقَدْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اهْتَزَّتْ اَعْوَادُ الْعَرْشِ لِمَوْتِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: حضور ﷺ جب ذی الحلیفہ سے آئے تو آپ کو انصار کے بچے ملے اپنے گھر والوں کے بارے میں خبر دینے لگے حضرت اُسید بن حضیر سے کہا گیا: آپ کی بیوی فوت ہوگئی ہے حضرت اُسید رو پڑے میں اُن کے اور حضور ﷺ کے درمیان تھی میں نے کہا: آپ صحابیٔ رسول ﷺ ہیں آپ رو رہے ہیں آپ نے پالیا جو پانا تھا؟ حضرت اُسید بن حضیر نے کہا: مجھے رونے کا حق نہیں ہے میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: سعد بن معاذ کی موت پر عرش بھی کانپ اُٹھا ہے۔

5195 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ شُعَيْبٍ النَّسَائِيُّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ يَعْنِي ابْنَ رَاهَوَيْهِ، ثنا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْقَزِيُّ، ثنا ابْنُ اِدْرِيسَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: هٰذَا الَّذِي تَحَرَّكَ لَهُ الْعَرْشُ، وَفُتِحَتْ لَهُ اَبْوَابُ السَّمَاءِ، وَشَهِدَهُ سَبْعُونَ اَلْفَ مَلَكٍ مِنَ الْمَلَائِكَةِ، لَقَدْ ضُمَّ ضَمَّةً، ثُمَّ فُرِّجَ عَنْهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: یہ وہ ہے جس کی وجہ سے عرش کانپ اُٹھا ہے اور اسکے لیے آسمان کے دروازے کھول دیئے گئے ہیں اور اس کے لیے ستر ہزار فرشتے حاضر ہوئے ہیں' ان کو قبر نے دبایا ہے پھر وسیع ہوگئی۔

5196 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ، ثنا عَوْفٌ، عَنْ اَبِي نَضْرَةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدِ اهْتَزَّ الْعَرْشُ لِمَوْتِ سَعْدٍ

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: سعد کی موت کی وجہ سے رحمٰن کا عرش کانپ اُٹھا ہے۔

5197 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اهْتَزَّ عَرْشُ الرَّحْمٰنِ لِمَوْتِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: سعد کی موت پر رحمٰن کا عرش کانپ اُٹھا ہے۔

5198 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، اَخْبَرَنِي اَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجِنَازَةُ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ بَيْنَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہﷺ کو فرماتے ہوئے سنا اس حالت میں کہ سب لوگوں کے آگے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کا جنازہ تھا' (فرمایا:) رحمٰن کا عرش ان کے وصال

5195- النسائي في المجتبى جلد4صفحه100' رقم الحديث: 2055 .

5197- البخاري جلد3صفحه1384' رقم الحديث: 3592 .

اَيْدِيهِمْ: اهْتَزَّ لَهَا عَرْشُ الرَّحْمَنِ تَعَالَى

پر کانپ اُٹھا ہے۔

5199 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجِنَازَةُ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ بَيْنَ يَدَيْهِ يَقُولُ: اهْتَزَّ لَهَا عَرْشُ الرَّحْمَنِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا اس حالت میں کہ آپ کے آگے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کا جنازہ تھا' (فرمایا:) رحمٰن کا عرش ان کے وصال پر کانپ اُٹھا ہے۔

5200 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ، ثنا زَيْدُ بْنُ بِشْرٍ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا رِشْدِينُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ قُرَّةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، وَابْنِ لَهِيعَةَ، وَاَبِي عَمْرٍو التُّجَيْبِيِّ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَنَازَةُ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ بَيْنَ اَيْدِيهِمْ: اهْتَزَّ لَهَا عَرْشُ الرَّحْمَنِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا اس حالت میں کہ تمام لوگوں کے آگے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کا جنازہ تھا' (فرمایا:) رحمٰن کا عرش ان کے وصال پر کانپ اُٹھا ہے۔

5201 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي يَحْيَى الْمِصْرِيُّ، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى الْوَقَارُ، ثَنِي بِشْرُ بْنُ بَكْرٍ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَنَازَةُ سَعْدٍ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقَالَ: لَقَدِ اهْتَزَّ لَهَا عَرْشُ الرَّحْمَنِ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا اس حالت میں کہ آپ کے سامنے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کا جنازہ تھا' (فرمایا:) رحمٰن کا عرش ان کے وصال پر کانپ اُٹھا ہے۔

5202 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اِبْرَاهِيمُ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنِي

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت سعد بن معاذ کیلئے فرمایا جس دن وہ فوت ہوئے اس حالت میں کہ انہیں دفن کیا جا رہا تھا: یہ وہ نیک آدمی ہے جس کے لیے رحمٰن کا عرش

5202- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد3صفحه227' رقم الحديث: 4923 .

يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدِ بْنِ اُسَامَةَ اللَّيْثِيُّ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِسَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ يَوْمَ مَاتَ وَهُوَ يُدْفَنُ: لِهَذَا الْعَبْدُ الصَّالِحُ الَّذِي تَحَرَّكَ لَهُ عَرْشُ الرَّحْمَنِ، وَفُتِحَتْ لَهُ اَبْوَابُ السَّمَاءِ، وَشُدِّدَ عَلَيْهِ، ثُمَّ فَرَّجَ اللّٰهُ عَنْهُ

اُٹھا ہے اور آسمان کے دروازے کھول دیئے گئے ہیں۔ قبر نے ان پر سختی کی لیکن اللہ تعالیٰ نے ان سے اس کو دور فرما دیا ہے یا اللہ نے اسے کشادہ کر دیا۔

5203 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، وَعَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، قَالَا: ثنا عَمْرُو بْنُ مَالِكٍ الْعَنْبَرِيُّ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا الْاَوْزَاعِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ مُعَيْقِيبٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اهْتَزَّ الْعَرْشُ لِمَوْتِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ

حضرت معیقیب سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: رحمٰن کا عرش سعد بن معاذ کے وصال کی وجہ سے کانپ اُٹھا ہے۔

5204 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، وَعَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ ثَعْلَبَةَ بْنِ سَوَاءٍ، ثنا عَمِّي مُحَمَّدُ بْنُ سَوَاءٍ، ثنا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجِنَازَةُ سَعْدٍ مَوْضُوعَةٌ: اهْتَزَّ الْعَرْشُ لِمَوْتِ سَعْدٍ

حضرت انس فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ فرمایا اس حالت میں کہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ کا جنازہ رکھا ہوا تھا (فرمایا:) رحمٰن کا عرش سعد کے وصال پر کانپ اُٹھا ہے۔

5205 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّقْرِ السُّكَّرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَبِيبٍ، ثنا عُمَرُ بْنُ سَهْلٍ الْمَازِنِيُّ، ثنا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اهْتَزَّ عَرْشُ الرَّحْمَنِ لِمَوْتِ سَعْدٍ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: رحمٰن کا عرش سعد کے وصال پر کانپ اُٹھا ہے۔

5206 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ رَاشِدٍ، عَنِ امْرَأَةٍ مِنَ الْأَنْصَارِ يُقَالُ لَهَا أَسْمَاءُ بِنْتُ يَزِيدَ بْنِ سَكَنٍ قَالَتْ: لَمَّا خُرِجَ بِجَنَازَةِ سَعْدٍ، صَاحَتْ أُمُّهُ، فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا يَرْقَأُ دَمْعُكِ، وَيَذْهَبُ حُزْنُكِ، فَإِنَّ ابْنَكِ أَوَّلُ مَنْ ضَحِكَ اللّٰهُ لَهُ، وَاهْتَزَّ لَهُ الْعَرْشُ

حضرت اسحاق بن راشد ایک انصاری عورت سے روایت کرتے ہیں جن کا نام اسماء بنت یزید بن سکن ہے' وہ فرماتی ہیں: حضرت سعد رضی اللہ عنہ کا جنازہ نکلا' ان کی والدہ کی بے اختیار چیخ نکل گئی' حضورﷺ نے ان کے لیے فرمایا: کیا اب بھی تیرے آنسو نہیں تھمیں گے اور تیرا غم ختم نہیں ہوگا کیونکہ آپ کا بیٹا وہ پہلا شخص ہے' جس نے جب اللہ سے ملاقات کی تو اللہ عزوجل ان کو دیکھ کر مسکرایا اور اس کے لیے عرش جھوم اُٹھا۔

5207 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، أَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: لَمَّا حُمِلَتْ جِنَازَةُ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ قَالَ الْمُنَافِقُونَ: مَا أَخَفَّ جِنَازَتَهِ لِحُكْمِهِ فِي قُرَيْظَةَ، فَبَلَغَ ذَلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: لَا، وَلَكِنَّ الْمَلَائِكَةَ تَحْمِلُهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کا جنازہ اُٹھایا گیا تو منافقین کہنے لگے: اس کا جنازہ کم وزن والا ہوگیا ہے' قریظہ میں حکم بننے کی وجہ سے' یہ بات حضورﷺ تک پہنچی' آپ نے فرمایا: ایسا نہیں ہے بلکہ ان کے جنازہ کو فرشتے اُٹھائے ہوئے ہیں۔

5208 - حَدَّثَنَا أَبُو شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي مُعَاذُ بْنُ رِفَاعَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْجَمُوحِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: لَمَّا دُفِنَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ وَنَحْنُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبَّحَ، فَسَبَّحَ النَّاسُ مَعَهُ طَوِيلًا، ثُمَّ كَبَّرَ، فَكَبَّرَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کو دفن کیا گیا تو ہم رسول اللہﷺ کے ساتھ تھے' آپ نے سبحان اللہ کہا' لوگ آپ کے ساتھ دیر تک سبحان اللہ کہتے رہے' پھر آپ نے اللہ اکبر کہا' صحابہ نے آپ کے ساتھ اللہ اکبر کہا' صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے سبحان اللہ کیوں کہا ہے؟ یہ قبر اس نیک آدمی پر تنگ ہو

5206- أورده أحمد في مسنده جلد6صفحه456' رقم الحديث: 27622 .

5207- ابو عبد الله الحنبلي في الأحاديث المختارة جلد7صفحه28' رقم الحديث: 2411 .

النَّاسُ مَعَهُ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مِمَّ سَبَّحْتَ؟ قَالَ: لَقَدْ تَضَايَقَ عَلَى هَذَا الرَّجُلِ الصَّالِحِ قَبْرُهُ، حَتَّى فَرَّجَهُ اللّٰهُ بِرَحْمَتِهِ

رہی تھی تو اللہ عزوجل نے اپنی رحمت سے اسے کشادہ کر دیا ہے۔

فائدہ: اس حدیث کی شرح حکیم الامت مفتی احمد یار خان نعیمی قدس سرہ العزیز لکھتے ہیں: اس سے معلوم ہوا کہ بعد دفن قبر پر تسبیح و تکبیر پڑھنا سنت ہے کہ اس سے غضب الٰہی دفع ہو جاتا ہے' لگی ہوئی آگ بجھ جاتی ہے' اس سے قبر پر اذان کا مسئلہ ماخوذ ہے کہ اس میں تکبیر بھی ہے اور تلقین بھی اور یہ اقوال سنت ہیں' یہ تنگی قبر عذاب نہ تھی بلکہ قبر کا پیار تھا' قبر مؤمن کو دباتی ہے جیسے ماں بچے کو گود میں لے کر' مگر میت اس سے ایسے گھبراتی ہے جس طرح ماں کے دبانے پر بچہ روتا ہے' اس میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عبد صالح فرمایا' عذابِ قبر کافر یا گنہگار پر ہوتا ہے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی برکت اور تکبیر و تہلیل کے ذریعہ یہ تنگی بھی دور ہوئی۔ اس سے معلوم ہوا کہ قبر پر تسبیح و تکبیر میت کو مفید ہے' نیز پتا چلا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نگاہ اوپر سے قبر کے اندر کا حال دیکھ لیتی ہے' آپ کے لیے کوئی شی آڑ نہیں ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قدم کی برکت سے قبر کی مصیبتیں دور ہوتی ہیں' یہ تکبیر فرمانا ہم کو تعلیم دینے کے لیے ہے۔

(مرأۃ المناجیح جلد اوّل صفحہ ۱۴۰' مطبوعہ قادری پبلشرز' اُردو بازار' لاہور)

5209 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ زِبْرِيقٍ الْحِمْصِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَالِمٍ، عَنِ الزُّبَيْدِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: أُهْدِيَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُلَّةٌ مِنْ إِسْتَبْرَقٍ، فَجَعَلَ نَاسٌ يَجُسُّونَهَا بِأَيْدِيهِمْ، وَيَتَعَجَّبُونَ مِنْهَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تُعْجِبُكُمْ هَذِهِ، فَوَاللّٰهِ لَمَنَادِيلُ سَعْدٍ فِي الْجَنَّةِ أَحْسَنُ مِنْهَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے استبرق (جنتی ریشم) کا حُلّہ لایا گیا' صحابہ کرام اس کو مس کر کے اس کی نرمی پر تعجب کرنے لگے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم اس کی نرمی پر تعجب کر رہے ہو' اللہ کی قسم! حضرت سعد کے لیے جنت میں جو رومال ہیں وہ اس سے بھی زیادہ اچھے ہیں۔

5210 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

5209- مسلم جلد4صفحہ1916 رقم الحديث: 2468 . والبخاري جلد2صفحہ922 رقم الحديث: 2473' جلد3 صفحہ1187 رقم الحديث: 3076' جلد3صفحہ1383 رقم الحديث: 3591' جلد6صفحہ2448 رقم الحديث: 6264 .

الْقَاضِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، أنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أتَى بِثَوْبِ حَرِيرٍ، فَجَعَلُوا يَعْجَبُونَ مِنْ لِينِهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَمَنْدِيلٌ أَوْ بَعْضُ مَنَادِيلِ سَعْدٍ فِي الْجَنَّةِ أَلْيَنُ مِنْهُ أَوْ خَيْرٌ مِنْهُ

حضورﷺ کے پاس ریشم کا کپڑا لایا گیا' صحابہ کرام اس کی نرمی پر تعجب کرنے لگے' حضورﷺ نے فرمایا: حضرت سعد کا رومال یا ان کے بعض رومال جنت میں اس سے بھی زیادہ نرم یا بہتر ہیں۔

5211 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، قَالَ: كَانَتِ الْخَنْدَقُ فِي شَوَّالٍ سَنَةَ خَمْسٍ، وَفِيهَا مَاتَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت محمد بن اسحاق فرماتے ہیں کہ غزوۂ خندق شوال ۵ ہجری کو ہوا' اس جنگ میں حضرت سعد رضی اللہ عنہ کا وصال ہوا ہے۔

مَا أَسْنَدَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کی وہ احادیث جو رسول اللہﷺ سے روایت کرتے ہیں

5212 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، أنَا إِسْرَائِيلُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: انْطَلَقَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ مُعْتَمِرًا، فَنَزَلَ عَلَى أَبِي صَفْوَانَ أُمَيَّةَ بْنِ خَلَفٍ، وَكَانَ أُمَيَّةُ إِذَا انْطَلَقَ إِلَى الشَّامِ فَمَرَّ بِالْمَدِينَةِ نَزَلَ عَلَى سَعْدٍ، فَقَالَ أُمَيَّةُ لِسَعْدٍ: انْتَظِرْ حَتَّى إِذَا انْتَصَفَ النَّهَارُ وَغَفَلَ النَّاسُ انْطَلَقْتَ فَطُفْتَ، وَبَيْنَا سَعْدٌ يَطُوفُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ عمرہ کے لیے چلے' آپ ابوصفوان امیہ بن خلف کے پاس آئے' امیہ جب شام کی طرف گیا تو مدینہ میں حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے پاس آیا تھا' اُمیہ نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ دیکھیں کہ جب دوپہر کا وقت ہو' لوگ غافل ہوں' آپ جائیں اور طواف کریں۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ طواف کعبہ کر رہے تھے سکون کے ساتھ' ابوجہل

5212- أخرجه البخاري في صحيحه جلد3 صفحه1328' رقم الحديث: 3433 .

بِالْكَعْبَةِ آمِنًا، آتَاهُ اَبُو جَهْلٍ، فَقَالَ: مَنْ هٰذَا الَّذِى يَطُوفُ بِالْكَعْبَةِ آمِنًا؟ فَقَالَ سَعْدٌ: اَنَا سَعْدٌ، فَقَالَ اَبُو جَهْلٍ: تَطُوفُ بِالْبَيْتِ آمِنًا، وَقَدْ آوَيْتُمْ مُحَمَّدًا وَاَصْحَابَهُ؟ فَكَانَ بَيْنَهُمَا، حَتّٰى قَالَ اُمَيَّةُ لِسَعْدٍ: لَا تَرْفَعُ صَوْتَكَ عَلَى اَبِى الْحَكَمِ، فَاِنَّهُ سَيِّدُ اَهْلِ الْوَادِى، فَقَالَ لَهُ سَعْدٌ: وَاللّٰهِ لَئِنْ مَنَعْتَنِى اَنْ اَطُوفَ بِالْبَيْتِ، لَاَقْطَعَنَّ عَلَيْكَ مَتْجَرَكَ اِلَى الشَّامِ، فَجَعَلَ اُمَيَّةُ يَقُولُ لِسَعْدٍ: لَا تَرْفَعْ صَوْتَكَ عَلَى اَبِى الْحَكَمِ يُمْسِكُهُ، فَغَضِبَ سَعْدٌ وَقَالَ: دَعْنَا مِنْكَ، فَاِنِّى سَمِعْتُ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَزْعُمُ اَنَّهُ قَاتِلُكَ، قَالَ: اِيَّاىَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: وَاللّٰهِ مَا يَكْذِبُ مُحَمَّدٌ. فَلَمَّا خَرَجُوا، رَجَعَ اِلَى امْرَاَتِهِ، فَقَالَ: اَمَا عَلِمْتَ مَا قَالَ اَخِى الْيَثْرِبِىُّ، فَاَخْبَرَهَا، فَقَالَتِ امْرَاَةُ اُمَيَّةَ: مَا يَدَعُنَا مُحَمَّدٌ. فَلَمَّا جَاءَ الصَّرِيخُ، وَخَرَجُوا اِلَى بَدْرٍ، قَالَتْ لَهُ: اَمَا تَذْكُرُ مَا قَالَ لَكَ اَخُوكَ الْيَثْرِبِىُّ، فَاَرَادَ اَنْ لَا يَخْرُجَ، فَقَالَ اَبُو جَهْلٍ: اِنَّكَ مِنْ اَشْرَافِ اَهْلِ الْوَادِى، فَسِرْ مَعَنَا يَوْمًا اَوْ يَوْمَيْنِ، فَسَارَ مَعَهُمْ فَقَتَلَهُ اللّٰهُ

ان کے پاس آیا' اس نے کہا: یہ طوافِ کعبہ سکون سے کون کر رہا ہے؟ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں سعد ہوں' ابوجہل نے کہا: تُو طوافِ کعبہ امن سے کر رہا ہے' جبکہ تم نے محمد اور اس کے ساتھیوں کو پناہ دی ہے۔ دونوں کے درمیان گفتگو ہوئی' اُمیہ نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ سے کہا: اپنی آواز اونچی نہ کریں ابوحکم پر کیونکہ یہ اس وادی کا سردار ہے۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے ابوجہل سے کہا: اللہ کی قسم! اگر تُو نے طوافِ کعبہ سے منع کیا تو میں تمہارا شام کی طرف جانے والا تجارت والا راستہ ختم کروں گا۔ اُمیہ نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ سے کہا: ابوالحکم کے سامنے اپنی آواز اونچی نہ کر' یہ تجھے (طواف سے) روک دے گا۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ ناراض ہوئے' حضرت نے فرمایا: ہم کو آپ چھوڑیں! کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو سنا ہے کہ آپ نے فرمایا: ابوجہل قتل ہو گا۔ ابوجہل نے کہا: مجھے حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں! ابوجہل نے کہا: اللہ کی قسم! محمد جھوٹ نہیں بولتا ہے' جب یہ دونوں نکلے تو اُمیہ اپنی بیوی کے پاس آیا' اُس نے کہا: تجھے معلوم ہے کہ میرے یثربی بھائی نے کیا کہا ہے؟ اُمیہ نے اپنی بیوی کو بتایا' اُمیہ کی بیوی نے کہا: ہمیں محمد نہیں چھوڑے گا' جب چیخنے والا آیا' دونوں ابوجہل اور اُمیہ بدر کے میدان کی طرف نکلے' اُمیہ کی بیوی نے کہا: کیا آپ کو یاد ہے کہ تیرے یثربی بھائی نے کیا کہا تھا؟ اس نے نہ جانے کا ارادہ کیا۔ ابوجہل نے کہا: تُو اس وادی

کے بڑے لوگوں میں سے ہے' ہمارے ساتھ ایک یا دو دن چلو' امیہ ان کے ساتھ چلا' اللہ عزوجل نے اس کو ہلاک کر دیا۔

سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ الْاَنْصَارِيُّ ثُمَّ الْخَزْرَجِيُّ عَقَبِيٌّ بَدْرِيٌّ

حضرت سعد بن عبادہ انصاری' پھر خزرجی عقبی بدری رضی اللہ عنہ

اُحُدِيٌّ نَقِيبٌ، يُكْنَى اَبَا ثَابِتٍ، نَزَلَ بِالشَّامِ وَتُوُفِّيَ بِهَا

آپ احدی نقیب ہیں' آپ کی کنیت ابوثابت ہے' آپ ملک شام میں آئے اور وہیں وصال فرمایا۔

5213 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ يَقُولُ: سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ يُكْنَى اَبَا ثَابِتٍ

حضرت محمد بن عبداللہ بن نمیر فرماتے ہیں کہ حضرت سعد بن عبادہ کی کنیت ابوثابت ہے۔

5214 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ الْعَقَبَةَ مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي سَاعِدَةَ بْنِ كَعْبِ بْنِ الْخَزْرَجِ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ بْنِ دُلَيْمِ بْنِ حَارِثَةَ بْنِ خُزَيْمَةَ، وَهُوَ نَقِيبٌ، وَقَدْ شَهِدَ بَدْرًا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت عروہ فرماتے ہیں: انصار اور بنی ساعدہ بن کعب بن خزرج میں سے جو عقبہ میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام سعد بن عبادہ بن دلیم بن حارثہ بن خزرج کا ہے' آپ نقیب ہیں اور آپ بدر میں شریک ہوئے تھے۔

5215 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ الْعَقَبَةَ مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي سَاعِدَةَ بْنِ كَعْبٍ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ، وَهُوَ نَقِيبٌ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں: انصار اور بنی ساعدہ بن کعب بن خزرج میں سے جو عقبہ میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام سعد بن عبادہ بن دلیم بن حارثہ بن خزرج کا ہے' آپ نقیب ہیں اور آپ بدر میں شریک ہوئے تھے۔

5216 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي مَعْبَدُ بْنُ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَخِيهِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِيهِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: خَرَجْنَا اِلَى الْحِجَّةِ الَّتِي بَايَعْنَا فِيهَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْعَقَبَةِ، فَكَانَ نَقِيبَ بَنِي سَاعِدَةَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ، وَالْمُنْذِرُ بْنُ عَمْرٍو

حضرت کعب بن مالک فرماتے ہیں کہ ہم حجہ کی طرف گئے' ہم نے مقامِ عقبہ میں رسول اللہ ﷺ کی بیعت کی' حضرت سعد بن عباد اور منذر بن عمرو بنی ساعدہ کے نقیب تھے۔

5217 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، اَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مِقْسَمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كَانَ لِوَاءُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ بَدْرٍ مَعَ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ وَلِوَاءُ الْاَنْصَارِ مَعَ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ بدر کے دن حضور ﷺ کا جھنڈا حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس تھا اور انصار کا حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کے پاس تھا۔

5218 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا جُبَارَةُ بْنُ الْمُغَلِّسِ، ثنا اَبُو شَيْبَةَ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مِقْسَمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كَانَتْ رَايَةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَوَاطِنِ كُلِّهَا: رَايَةُ الْمُهَاجِرِينَ مَعَ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ، وَرَايَةُ الْاَنْصَارِ مَعَ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ تمام جنگ میں مہاجرین کا جھنڈا حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس تھا اور انصار کا جھنڈا حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کے پاس تھا۔

5216- أخرج نحوه الحاكم في مستدركه جلد3صفحه282' رقم الحديث: 5100 .

5217- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 6صفحه92 وقال: رواه الطبراني وفيه الحجاج بن أرطاة وهو مدلس وبقية رجاله ثقات .

5218- أورد نحوه أحمد في مسنده جلد1صفحه368' رقم الحديث: 3486 .

5219 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: تُوُفِّيَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ بِحَوْرَانَ مِنْ اَرْضِ دِمَشْقَ سَنَةَ سِتَّ عَشْرَةَ

حضرت یحییٰ بن بکیر فرماتے ہیں کہ حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کا وصال ۱۶ ہجری کو دمشق کی سرزمین حوران میں ہوا۔

5220 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ قَالَ: تُوُفِّيَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ لِسَنَتَيْنِ وَنِصْفٍ مِنْ خِلَافَةِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِحَوْرَانَ مِنْ اَرْضِ الشَّامِ، وَيُكْنَى اَبَا ثَابِتٍ

حضرت محمد بن عبداللہ بن نمیر فرماتے ہیں کہ حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کا وصال' حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی ایک تہائی خلافت کے دوران ہوا' ملک شام کے ملک حوران میں' آپ کی کنیت ابوثابت تھی۔

5221 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا اَبُو عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ قَالَ: بَيْنَا سَعْدٌ يَبُولُ قَائِمًا، اِذِ اتَّكَاَ فَمَاتَ، قَتَلَتْهُ الْجِنُّ، فَقَالُوا:

(البحر السريع)

نَحْنُ قَتَلْنَا سَيِّدَ الْخَزْرَجِ... سَعْدَ بْنَ عُبَادَهْ

وَرَمَيْنَاهُ بِسَهْمَيْنِ... فَلَمْ نُخْطِءْ فُؤَادَهْ

حضرت ابن سیرین فرماتے ہیں کہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ کھڑے ہو کر پیشاب کر رہے تھے' اچانک آپ نے ٹیک لگائی اور فوت ہو گئے' آپ کو جنوں نے مارا تھا' جنوں نے کہا: ہم نے آلِ خزرج کے سردار سعد بن عبادہ کو مارا ہے' ہم نے دو تیر مارے' پس ہم نے ان کے دل پر تیر مارنے میں خطا نہیں کی۔

5222 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ قَالَ: قَامَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ يَبُولُ، ثُمَّ رَجَعَ فَقَالَ: اِنِّي لَاَجِدُ فِي ظَهْرِي شَيْئًا، فَلَمْ يَلْبَثْ اَنْ مَاتَ، فَنَاحَتْهُ الْجِنُّ فَقَالُوا:

(البحر السريع)

نَحْنُ قَتَلْنَا سَيِّدَ الْخَزْرَجِ... سَعْدَ بْنَ عُبَادَهْ،

رَمَيْنَاهُ بِسَهْمَيْنِ... فَلَمْ يُخْطِءْ فُؤَادَهْ

حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کھڑے ہو کر پیشاب کر رہے تھے' پھر واپس آئے' آپ نے فرمایا: میں اپنی کمر میں کوئی چیز پاتا ہوں کچھ دیر بعد آپ کا وصال ہوا' جنوں نے آپ پر روتے ہوئے کہا: ہم نے آلِ خزرج کے سردار سعد بن عبادہ کو مارا ہے' ہم نے دو تیر مارے ہیں' کوئی بھی تیر ان کے دل پر لگنے سے خطا نہیں ہوا ہے۔

مَا اَسْنَدَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کی روایت کردہ احادیث

5223 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَعَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ الصَّنْعَانِيُّ، قَالَا: ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيلَ بْنِ سَعِيدِ بْنِ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضَى بِالْيَمِينِ مَعَ الشَّاهِدِ الْوَاحِدِ فِي الْحُقُوقِ

حضرت سعید بن عمرو بن شرحبیل بن سعید بن سعد بن عبادہ اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نے ایک فیصلہ فرمایا' ایک قسم اور ایک گواہ کے ساتھ حقوق میں۔

5224 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ الصَّنْعَانِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عَمْرِو بْنِ قَيْسِ بْنِ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّهُمْ وَجَدُوا فِي كِتَابِ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضَى بِالْيَمِينِ مَعَ الشَّاهِدِ الْوَاحِدِ وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ ابْنِ اَبِي اُوَيْسٍ

حضرت اسماعیل بن عمرو بن قیس بن سعد بن عبادہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے سعد بن عبادہ کے خط میں پایا کہ حضور نے ایک فیصلہ فرمایا' ایک قسم اور ایک گواہ کے ساتھ۔ اور یہ الفاظ حضرت ابن ابواویس کے ہیں۔

5225 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ

حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ان سے فرمایا: بنی فلاں کے صدقے کے لیے کھڑے ہو جاؤ اور دیکھو تم قیامت کے

5223- أورده أبو عوانة في مسنده جلد4صفحه58' رقم الحديث: 6026 .

5225- أحمد في مسنده جلد5صفحه285' رقم الحديث: 22514 .

سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ: قُمْ عَلَى صَدَقَةِ بَنِي فُلَانٍ، وَانْظُرْ لَا تَأْتِيَنَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِبَكْرٍ تَحْمِلُهُ عَلَى عُنُقِكَ أَوْ كَاهِلِكَ لَهُ رُغَاءٌ ، قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اصْرِفْهَا عَنِّي، فَصَرَفَهَا عَنْهُ

دن کسی اونٹنی کے بچے کو اپنی گردن پر اُٹھائے ہوئے نہ آؤ اور وہ بول رہا ہو میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھ سے اس کو پھیر دیں' آپ نے (دعا کر کے) پھیر دیا۔

5226 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، أَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ سَأَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ نَذْرٍ كَانَ عَلَى أُمِّهِ، فَأَمَرَهُ بِقَضَائِهِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ سے اس نذر کے متعلق پوچھا جو ان کی والدہ کے ذمہ تھی' آپ نے اس کو پورا کرنے کا حکم دیا۔

5227 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ اسْتَفْتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ أُمِّي مَاتَتْ وَعَلَيْهَا نَذْرٌ وَلَمْ تَقْضِهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اقْضِهِ عَنْهَا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا' عرض کی: یارسول اللہ! میری والدہ کا وصال ہو گیا ہے' ان کے ذمہ نذر تھی' وہ ادا نہیں کر سکیں' حضور ﷺ نے فرمایا: اس کو پورا کرو۔

5228 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا شُعَيْبُ بْنُ يَحْيَى التُّجِيبِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْأَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ شَاهِينَ الْبَصْرِيُّ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالُوا: ثنا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا' عرض کی: یارسول اللہ! میری والدہ کا وصال ہو گیا ہے' ان کے ذمہ نذر تھی' وہ ادا نہیں کر سکیں گے' حضور ﷺ نے فرمایا: اس کو پورا کرو۔

5227- البخاري في صحيحه جلد3صفحه1015 رقم الحديث: 2610' جلد6صفحه2552 رقم الحديث: 6558 .

عَبَّاسٍ، اَنَّ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ اسْتَفْتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي نَذْرٍ نَذَرَتْهُ اُمُّهُ، ثُمَّ مَاتَتْ قَبْلَ اَنْ تَقْضِيَهُ قَالَ: اقْضِهِ عَنْهَا

5229 - حَدَّثَنَا اَبُو اُسَامَةَ الْحَلَبِيُّ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ اَبِي مَنِيعٍ، ثنا جَدِّي، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ الْاَنْصَارِيَّ اسْتَفْتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي نَذْرٍ كَانَ عَلَى اُمِّهِ، فَتُوُفِّيَتْ قَبْلَ اَنْ تَقْضِيَهُ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اقْضِهِ عَنْهَا فَلْيَسْتَنَّ الْمُسْلِمُونَ فِي كُلِّ شَيْءٍ كَانَ عَلَى امْرِءٍ، فَتُوُفِّيَ قَبْلَ اَنْ يَقْضِيَهُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا' عرض کی: یارسول اللہ! میری والدہ کا وصال ہو گیا ہے' ان کے ذمہ نذر تھی' وہ ادا نہیں کر سکیں' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کو پورا کرو' پس ہر شی میں مسلمانوں نے طریقہ بنالیا کہ جو کسی آدمی پر ہو' وہ اس کو پورا کرنے سے پہلے فوت ہو جائے (تو بعد والے اس کو پورا کریں)۔

5230 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْمَرْوَزِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ كَثِيرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ اُمِّي مَاتَتْ وَعَلَيْهَا نَذْرٌ، فَيُجْزِءُ عَنْهَا اَنْ اَعْتِقَ عَنْهَا؟ قَالَ: اَعْتِقْ عَنْ اُمِّكَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! میری والدہ فوت ہو گئی' اس کے ذمہ نذر تھی' اگر میں اس کی طرف سے غلام آزاد کروں تو ادا ہو جائے گی' آپ نے فرمایا: اپنی والدہ کی طرف سے غلام آزاد کرو۔

5231 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ بُنْدَارٌ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُفْيَانَ الْجَحْدَرِيُّ، ثنا صَالِحُ بْنُ اَبِي الْاَخْضَرِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ اسْتَفْتَى رَسُولَ اللّٰهِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس قرض کے متعلق پوچھا جو ان کی والدہ کے ذمہ غلام تھا کہ کیا میں اپنی والدہ کی طرف سے آزاد کر دوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں!

5230- النسائي في سننه (المجتبى) جلد6صفحه253' رقم الحديث: 3656 .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي دَيْنٍ كَانَ عَلَى اُمِّهِ، رَقَبَةٌ: اَفَاُعْتِقُ عَنْهَا؟ قَالَ: نَعَمْ

5232 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَاشِدٍ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَالِدٍ الْمِصِّيصِيُّ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ، اَنَّهُ قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تُوُفِّيَتْ اُمُّهُ وَهُوَ غَائِبٌ عَنْهَا، فَهَلْ يَنْفَعُهَا شَيْءٌ اِنْ تَصَدَّقْتُ بِهِ عَنْهَا؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَاِنِّي اُشْهِدُكَ اَنَّ حَائِطِي الْمِخْرَافِ صَدَقَةٌ عَنْهَا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ سے عرض کی کہ میری والدہ وصال کر گئی ہیں میں وہاں موجود نہیں تھا اگر میں ان کی طرف سے صدقہ کروں تو ان کے لیے ثواب ہوگا؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں آپ کو گواہ بناتا ہوں کہ یہ مخراف والا باغ ان کی طرف سے صدقہ کر رہا ہوں۔

5233 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ، وَعُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ بَكْرِ بْنِ وَائِلٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: جَاءَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اِنَّ اُمِّي مَاتَتْ وَعَلَيْهَا نَذْرٌ لَمْ تَقْضِهِ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اقْضِهِ عَنْهَا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ کی بارگاہ میں عرض کی کہ میری والدہ فوت ہوگئی ہیں ان کے ذمہ نذر تھی جو وہ ادا نہ کر سکی ہیں؟ حضور ﷺ نے فرمایا: ان کی طرف سے ادا کرو۔

5234 - حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، اَنَا خَالِدٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ،

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا عرض کی: یارسول اللہ! میری والدہ کا وصال

5232- البخاری فی صحیحہ جلد3 صفحہ 1013 رقم الحدیث: 2605 جلد3 صفحہ 1015 رقم الحدیث: 2611.

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: اسْتَفْتَى سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي نَذْرٍ كَانَ عَلَى أُمِّهِ، فَتُوُفِّيَتْ قَبْلَ أَنْ تَقْضِيَهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اقْضِهِ عَنْهَا

ہو گیا ہے' ان کے ذمہ نذر تھی' وہ ادا نہیں کر سکیں' حضور ﷺ نے فرمایا: ان کی طرف سے اس کو پورا کرو۔

5235 - حَدَّثَنَا الْمُفَضَّلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَنَدِيُّ، ثنا أَبُو حُمَةَ مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الزُّبَيْدِيُّ، ثنا أَبُو قُرَّةَ، قَالَ: ذَكَرَ زَمْعَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَطَاءٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ اسْتَفْتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي نَذْرٍ كَانَ عَلَى أُمِّهِ أَنْ يَقْضِيَهُ، فَأَمَرَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَقْضِيَهُ عَنْهَا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا' عرض کی: یارسول اللہ! میری والدہ کا وصال ہو گیا ہے' ان کے ذمہ نذر تھی' وہ ادا نہیں کر سکیں' حضور ﷺ نے فرمایا: اس کو ان کی طرف سے پورا کرو۔

5909 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ يُوسُفَ الصَّيْرَفِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَابِسٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، وَإِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ قَالَا: سُئِلَ عَلِيٌّ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا فَقَالَ: قَرَأَ الْقُرْآنَ وَوَقَفَ عِنْدَ مُتَشَابِهِهِ، فَأَحَلَّ حَلَالَهُ وَحَرَّمَ حَرَامَهُ

حضرت قیس بن ابوحازم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے متعلق پوچھا گیا' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: عبداللہ نے قرآن پڑھا اور اس کے متشابہات کے وقت ٹھہر گیا' اس کے حلال کو حلال اور حرام کو حرام سمجھتا ہے۔

5910 - وَسُئِلَ عَنْ عَمَّارٍ، فَقَالَ: مُؤْمِنٌ نَسِيٌّ، وَإِذَا ذُكِّرَ ذَكَرَ، قَدْ حُشِيَ مَا بَيْنَ قَرْنِهِ إِلَى كَعْبِهِ إِيمَانًا

حضرت عمار رضی اللہ عنہ کے متعلق پوچھا گیا تو فرمایا: مؤمن بھولنے والا ہے جب یاد دلایا جائے تو یاد کرتا ہے' اس کی جان سر سے پاؤں تک ایمان سے بھری ہوئی ہے۔

5911 - وَسُئِلَ عَنْ حُذَيْفَةَ، فَقَالَ: كَانَ أَعْلَمَ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمُنَافِقِينَ، سَأَلَ عَنْهُمْ فَأُخْبِرَهُمْ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے متعلق پوچھا گیا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب میں سے منافقوں کو زیادہ جاننے والا ہے' ان

5909- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 157 وقال: رواه الطبراني من طريقين وفي احسنهما حبان بن علي وقد اختلف فيه وبقية رجالهما رجال الصحيح .

کے بارے میں اس نے پوچھا' اسے ان کی خبر دی گئی۔

5912 - فَقَالُوا: حَدِّثْنَا عَنْ سَلْمَانَ، فَقَالَ: أَدْرَكَ الْعِلْمَ الْأَوَّلَ وَالْعِلْمَ الْآخِرَ، بَحْرٌ لَا يُنْزَحُ مِنَّا أَهْلَ الْبَيْتِ

لوگوں نے کہا: سلمان کے متعلق بتائیں! حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اوّلین و آخرین کا علم رکھنے والا ہے' ایسا سمندر ہے جو ہم سے نہیں نکالا جائے گا' اے اہل بیت!

5913 - قَالُوا: أَخْبِرْنَا عَنْ أَبِي ذَرٍّ، قَالَ: وِعَاءُ عِلْمٍ ضَيَّعَهُ النَّاسُ قَالُوا: فَأَخْبِرْنَا عَنْ نَفْسِكَ، قَالَ: إِيَّاهَا أَرَدْتُمْ، كُنْتُ إِذَا سَأَلْتُ أُعْطِيتُ، وَإِذَا سَكَتُّ ابْتُدِيتُ، وَإِنَّ بَيْنَ الذَّقْنَيْنِ لَعِلْمًا جَمًّا

اُنہوں نے کہا: ہمیں حضرت ابوذر کے متعلق بتائیں! حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: علم کا ایسا برتن ہے جس کو لوگوں نے ضائع کر دیا ہے' لوگوں نے عرض کی: ہمیں آپ اپنے متعلق بتائیں! حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر تم چاہتے ہو! میں جب مانگتا ہوں تو مجھے دیا جاتا ہے' جب میں خاموش ہوتا تھا تو مجھ سے ابتداء کی جاتی تھی' دونوں ٹھوڑیوں کے درمیان کثیر علم ہے۔

5914 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنَا حِبَّانُ بْنُ عَلِيٍّ الْعَنَزِيُّ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ أَبِي حَرْبِ بْنِ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ أَبِيهِ، وَعَنْ رَجُلٍ، عَنْ زَاذَانَ الْكِنْدِيِّ قَالَا: كُنَّا ذَاتَ يَوْمٍ عِنْدَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَوَافَقَ النَّاسُ مِنْهُ طِيبَ نَفْسٍ وَمِزَاجٍ، فَقَالُوا: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، حَدِّثْنَا عَنْ أَصْحَابِكَ، قَالَ: عَنْ أَيِّ أَصْحَابِي؟ قَالَ: عَنْ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: كُلُّ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَصْحَابِي، فَعَنْ أَيِّهِمْ تَسْأَلُونَ؟ قَالُوا: عَنِ الَّذِينَ رَأَيْنَاهُمْ

حضرت زاذان الکندی فرماتے ہیں کہ ہم ایک دن حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس تھے' لوگ آپ کے پاس خوش طبعی اور مذاق کر رہے تھے' اُنہوں نے عرض کی: اے امیر المؤمنین! ہمیں آپ اپنے ساتھیوں کے متعلق بتائیں! آپ نے فرمایا: میرے کس ساتھی کے متعلق پوچھ رہے ہو؟ عرض کی: حضور ﷺ کے اصحاب کے متعلق' آپ نے فرمایا: حضور ﷺ کا ہر صحابی میرا دوست ہے' تم کس کے متعلق پوچھ رہے ہو؟ اُنہوں نے عرض کی: ان کے متعلق جن کو ہم نے دیکھا ہے' ان کے ذکر سے لطف حاصل ہوتا ہے' ان پر رحمت ہے قوم کے علاوہ۔ اُنہوں نے کہا: عبداللہ بن مسعود کے متعلق!

تُلَطِّفُهُمْ بِذِكْرِكَ، وَالصَّلَاةِ عَلَيْهِمْ دُونَ الْقَوْمِ، قَالَ: عَنْ أَيِّهِمْ؟ قَالُوا: عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: قَرَأَ الْقُرْآنَ، وَعَلِمَ السُّنَّةَ، وَكَفَى بِذَلِكَ، قَالَ: فَوَاللَّهِ مَا عَلِمْنَا مَا أَرَادَ بِقَوْلِهِ: كَفَى بِذَلِكَ، كَفَى بِقِرَاءَةِ الْقُرْآنِ وَعِلْمِ السُّنَّةِ، أَوْ كَفَى بِعَبْدِ اللَّهِ

آپ نے فرمایا: عبداللہ بن مسعود نے قرآن پڑھا اور سنت کا علم لیا' اس کے لیے اتنا ہی کافی ہے۔ آپ نے فرمایا: اللہ کی قسم! ہمیں علم نہیں ہے' اس سے مراد کیا ہے کہ اس کے لیے کافی ہے کہ قرآن پڑھنا کافی ہے اور سنت کا علم یا فرمایا: عبداللہ کو کافی ہے۔

5915 - قَالَ: فَسُئِلَ عَنْ أَبِي ذَرٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: كَانَ يُكْثِرُ السُّؤَالَ فَيُعْطَى وَيُمْنَعُ، وَكَانَ حَرِيصًا شَحِيحًا عَلَى دِينِهِ، حَرِيصًا عَلَى الْعِلْمِ، بَحْرًا قَدْ مُلِءَ لَهُ فِي وِعَاءٍ لَهُ حَتَّى امْتَلَأَ

آپ سے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: وہ سوال کثرت سے کرتے تھے' دیا بھی جاتا تھا' روکا بھی جاتا تھا' اپنے دین کے اور علم کے بڑے حریص تھے' علم کے سمندر تھے' اُنہوں نے اپنا پیٹ علم سے بھر دیا تھا۔

5916 - قُلْنَا: فَحَدِّثْنَا عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: عَلِمَ أَسْمَاءَ الْمُنَافِقِينَ، وَسَأَلَ عَنِ الْمُعْضِلَاتِ حَتَّى غَفَلَ عَنْهَا تَجِدُوهُ بِهَا عَالِمًا

ہم نے عرض کی: ہمیں حضرت حذیفہ بن یمان کے متعلق بتائیں! حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ منافقوں کے نام جانتے تھے' ممنوع شی کے متعلق پوچھا گیا تو اس کا علم آپ کے پاس پایا گیا۔

5917 - وَقَالُوا: فَحَدِّثْنَا عَنْ سَلْمَانَ، قَالَ: مَنْ لَكُمْ بِمِثَالِهِ لُقْمَانُ الْحَكِيمِ، ذَلِكَ امْرُؤٌ مِنَّا أَهْلَ الْبَيْتِ، أَدْرَكَ الْعِلْمَ الْأَوَّلَ وَالْعِلْمَ الْآخِرَ، وَقَرَأَ الْكِتَابَ الْأَوَّلَ وَالْكِتَابَ الْآخِرَ، بَحْرٌ لَا يُنْزَفُ

اُنہوں نے عرض کی: ہمیں حضرت سلمان کے متعلق بتائیں' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تمہارے لیے ان کی مثال حضرت لقمان حکیم کی طرح ہے' وہ آدمی ہم اہل بیت سے ہے' اس نے اوّلین و آخرین کا علم پایا ہے' اوّل اور آخر کتاب پڑھی ہے' ایسا علم کا سمندر ہے جو نہ ختم ہونے والا ہے۔

5918 - قُلْنَا: حَدِّثْنَا عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ؟ قَالَ: امْرُؤٌ خَلَطَ اللَّهُ الْإِيمَانَ بِلَحْمِهِ وَدَمِهِ وَشَعْرِهِ وَبَشَرِهِ، حَيْثُ زَالَ مَعَهُ، وَلَا يَنْبَغِي لِلنَّارِ أَنْ تَأْكُلَ

ہم نے عرض کی: ہمیں عمار بن یاسر کے متعلق بتائیں! حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ ایسا آدمی ہے جس کے گوشت اور خون اور بالوں اور چمڑے میں

مِنْهُ شَيْئًا قُلْنَا: فَحَدِّثْنَا عَنْ نَفْسِكَ؟ قَالَ: مَهْلًا نَهَى الله عَنِ التَّزْكِيَةِ، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: فَإِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ، يَقُولُ: (وَأَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ) (الضحى: 11) قَالَ: فَإِنِّي أُحَدِّثُ بِنِعْمَةِ رَبِّي، كُنْتُ إِذَا سَأَلْتُ أُعْطِيتُ، وَإِذَا سَكَتُّ ابْتُدِيتُ

اللہ نے ایمان ملا دیا تھا' جو چلا گیا' آگ اس کو نہیں کھا سکتی ہے۔ ہم نے عرض کی: آپ اپنے متعلق بتائیں گے؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: چھوڑ دو! اللہ عزوجل نے انسان کو اپنی پاکی بیان کرنے سے منع کیا ہے' آپ سے ایک آدمی نے عرض کی: اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ اپنے رب کی نعمت کا چرچا کریں! آپ نے فرمایا: جو مجھ پر میرے رب کی نعمت ہے' اس کو بیان کرتا ہوں کہ جب میں مانگتا ہوں تو مجھے دیا جاتا ہے' جب میں خاموش ہوتا ہوں تو مجھ سے ابتداء کی جاتی ہے۔

5919 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ مَيْمُونٍ الْجَدْعَانِيُّ، ثنا عَتَّابُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ بَذِيمَةَ قَالَ: بِيعَ مَتَاعُ سَلْمَانَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ فَبَلَغَ أَرْبَعَةَ عَشَرَ دِرْهَمًا

حضرت علی بن بذیمہ فرماتے ہیں کہ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کا سامان فروخت کیا گیا تو اس کی قیمت چودہ درہم ہوئی۔

5920 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَبُو هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُوسَى، ثنا شَيْبَانُ، عَنْ فِرَاسٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، حَدَّثَنِي الْجَزْلُ، عَنِ امْرَأَةِ سَلْمَانَ بُقَيْرَةَ قَالَتْ: لَمَّا حَضَرَ سَلْمَانَ الْمَوْتُ دَعَانِي وَهُوَ فِي عُلِّيَّةٍ لَهَا أَرْبَعَةُ أَبْوَابٍ، فَقَالَ: افْتَحِي هَذِهِ الْأَبْوَابَ يَا بُقَيْرَةُ فَإِنَّ لِيَ الْيَوْمَ زُوَّارًا، لَا أَدْرِي مِنْ أَيِّ هَذِهِ الْأَبْوَابِ يَدْخُلُونَ عَلَيَّ، ثُمَّ دَعَا بِمِسْكٍ لَهُ، ثُمَّ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کی زوجہ محترمہ فرماتی ہیں کہ جب حضرت سلمان کی وفات کا وقت قریب آیا تو آپ نے مجھے بلایا' آپ بالا خانہ میں تھے جس کے چار دروازے تھے' آپ نے فرمایا: اے بقیرہ! ان دروازوں کو کھول دے! کیونکہ آج میرے ملاقاتی بہت ہیں' مجھے معلوم نہیں ہے کہ کس دروازے سے آئیں گے' پھر آپ نے خوشبو منگوائی' پھر فرمایا: اس کو برتن میں رکھ' پھر میں نے ایسے ہی کیا' پھر فرمایا: میرے بستر کے

من اخبار سلمان ووفاته

5920- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 344 وقال: رواه الطبراني من طريق الجزل عن بقيرة ولم أعرفهما وبقية رجالهما رجال الصحيح .

قَالَ: اذْبِغِيهِ فِي تَوْرٍ فَفَعَلْتُ، ثُمَّ قَالَ: انْضَحِيهِ حَوْلَ فِرَاشِي، ثُمَّ انْزِلِي فَامْكُثِي فَسَوْفَ تَطَّلِعِينَ قِرْبَتِي عَلَى فِرَاشِي، فَاطَّلَعْتُ فَإِذَا هُوَ قَدْ أُخِذَ رُوحُهُ، فَكَأَنَّهُ نَائِمٌ عَلَى فِرَاشِهِ أَوْ نَحْوًا مِنْ هَذَا

اردگرد پھیلا دو! میرے پاس میرے قریبیوں کو بلاؤ! میں نے دیکھا کہ آپ کی روح نکل گئی' ایسے محسوس ہو رہا تھا کہ آپ اپنے بستر پر سوئے ہوئے ہیں۔

5921 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ الْحَسَنُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ أَبِي رَبِيعَةَ الْبَصْرِيِّ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ثَلَاثَةٌ يُسَاقُ إِلَيْهِمُ الْحُورُ الْعِينُ: عَلِيٌّ، وَعَمَّارٌ، وَسَلْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تین ایسے شخص ہیں جن کی حوریں مشتاق ہیں: علی' عمار' سلمان رضی اللہ عنہم۔

5922 - ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ بَحْرٍ، ثنا سَلَمَةُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَبْرَشُ، ثنا عِمْرَانُ الطَّائِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْجَنَّةَ تَشْتَاقُ إِلَى أَرْبَعَةٍ: عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، وَعَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ، وَسَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ، وَالْمِقْدَادِ بْنِ الْأَسْوَدِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جنت چار آدمیوں کی مشتاق ہے: حضرات علی بن ابوطالب' عمار بن یاسر' سلمان فارسی اور مقداد بن اسود رضی اللہ عنہم۔

5923 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ يُوسُفَ السَّمْتِيُّ، ثنا عَبْدُ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ نے اپنی نگاہ

5921- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 344 وقال: قلت له عند الترمذي أن الجنة تشتاق الى ثلاثة رواه الطبراني ورجاله رجال أبي ربيعة الايادي وقد حسن الترمذي حيثه .

5922- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 307 وقال: رواه الطبراني وسلمة بن الفضل وعمران بن وهب اختلف في الاحتجاج بهما وبقية رجاله ثقات .

5923- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 344 وقال: رواه الطبراني وفيه عبد النور بن عبد الله المسمعي وهو كذاب .

النُّورِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَخَصَ بِبَصَرِهِ إِلَى السَّمَاءِ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا هَذَا؟ قَالَ: رَأَيْتُ مَلَكًا عَرَجَ بِعَمَلِ سَلْمَانَ

مبارک آسمان کی طرف اُٹھائی ہوئی تھی' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ ایسا کیوں کر رہے ہیں؟ آپ نے فرمایا: میں نے فرشتہ دیکھا کہ وہ سلمان کا عمل لے کر جارہا ہے۔

5924 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَيَّانَ الْمَازِنِيُّ، ثنا كَثِيرُ بْنُ يَحْيَى، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عُمَرَ الْعَدَنِيُّ، قَالَا: ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ كَثِيرٍ النَّوَّاءِ، عَنْ أَبِي إِدْرِيسَ، عَنِ الْمُسَيِّبِ بْنِ نَجَبَةَ قَالَ: قَالَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: إِنَّ كُلَّ نَبِيٍّ أُعْطِيَ سَبْعَةَ نُجَبَاءَ رُفَقَاءَ، وَإِنَّا أُعْطِيتُ لَنَا أَرْبَعَةَ عَشَرَ، قُلْنَا لِعَلِيٍّ: مَنْ هُمْ؟ قَالَ: أَنَا، وَابْنَايَ، وَجَعْفَرٌ، وَحَمْزَةُ وَأَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ، وَمُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ، وَبِلَالٌ، وَسَلْمَانُ، وَعَمَّارٌ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ لَمْ يُتِمَّ عَدَدَ الْأَرْبَعَةَ عَشَرَ فِي هَذَا الْحَدِيثِ

حضرت میّب بن نجبہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہر نبی کو سات نجباء دیئے گئے ہیں' چودہ دیئے گئے ہیں۔ ہم نے علی سے کہا: وہ کون ہیں؟ فرمایا: میں اور میرے دو لختِ جگر (حسن وحسین)' جعفر' حمزہ' ابوبکر' عمر' مصعب بن عمیر' بلال' سلمان' عمار' عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہم۔ اس حدیث میں چودہ کی تعداد مکمل نہیں ہے۔

5925 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ كَثِيرٍ النَّوَّاءِ، عَنِ الْمُسَيِّبِ بْنِ نَجَبَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أُعْطِيَ كُلُّ نَبِيٍّ تِسْعَةَ رُفَقَاءَ وَأُعْطِيتُ أَرْبَعَةَ عَشَرَ، فَقِيلَ لِعَلِيٍّ: مَنْ هُمْ؟ قَالَ:

حضرت میّب بن نجبہ روایت فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہر نبی کو سات نجباء دیئے گئے ہیں' چودہ دیئے گئے ہیں۔ ہم نے علی سے کہا: وہ کون ہیں؟ فرمایا: میں اور میرے دولختِ جگر حسن وحسین' جعفر' حمزہ' ابوبکر' عمر' سلمان' طلحہ رضی اللہ عنہم۔ اس حدیث کی سند میں فطر بن خلیفہ' ابن عیینہ کی مخالفت

5924- الآحاد والمثاني جلد 1 صفحه 189' رقم الحديث: 244 .

أَنَا، وَابْنَايَ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ، وَحَمْزَةُ، وَجَعْفَرٌ، وَأَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ، وَالْمِقْدَادُ، وَسَلْمَانُ، وَطَلْحَةُ، وَالزُّبَيْرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَخَالَفَ فِطْرُ بْنُ خَلِيفَةَ ابْنَ عُيَيْنَةَ فِي إِسْنَادِ هَذَا الْحَدِيثِ

کی۔

5926 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا فِطْرُ بْنُ خَلِيفَةَ، عَنْ كَثِيرٍ بَيَّاعِ النَّوَى قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مُلَيْلٍ يَقُولُ: سَمِعْتُ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّهُ لَمْ يَكُنْ نَبِيٌّ قَدْ أُعْطِيَ سَبْعَةَ رُفَقَاءَ نُجَبَاءَ وُزَرَاءَ، وَإِنِّي قَدْ أُعْطِيتُ أَرْبَعَةَ عَشَرَ: حَمْزَةُ، وَجَعْفَرٌ، وَعَلِيٌّ، وَحَسَنٌ، وَحُسَيْنٌ، وَأَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ، وَأَبُو ذَرٍّ، وَالْمِقْدَادُ، وَحُذَيْفَةُ، وَعَمَّارٌ، وَسَلْمَانُ، وَبِلَالٌ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ

حضرت عبداللہ بن ملیل فرماتے ہیں کہ میں نے سنا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہر نبی کو سات نجباء دیئے گئے ہیں' چودہ دیئے گئے ہیں۔ ہم نے علی سے کہا: وہ کون ہیں؟ فرمایا: میں حضرات حمزہ' جعفر' علی' حسن' حسین' ابوبکر' عمر' عبداللہ بن مسعود' ابوذر' مقداد' حذیفہ' عمار' سلمان اور بلال رضی اللہ عنہم۔

5927 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى الْعَنْبَرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سُورٍ الْعَنْبَرِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، أَنَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، أَنَّ أَبَا الدَّرْدَاءِ، ذَهَبَ مَعَ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ يَخْطُبُ عَلَيْهِ امْرَأَةً مِنْ بَنِي لَيْثٍ، فَدَخَلَ، فَذَكَرَ فَضْلَ سَلْمَانَ وَسَابِقَتَهُ وَإِسْلَامَهُ، وَذَكَرَ أَنَّهُ يَخْطُبُ إِلَيْهِمْ فَتَاتَهُمْ فُلَانَةَ، فَقَالُوا: أَمَّا سَلْمَانُ فَلَا نُزَوِّجُهُ، وَلَكِنَّا نُزَوِّجُكَ، فَتَزَوَّجَهَا ثُمَّ خَرَجَ، فَقَالَ: إِنَّهُ كَانَ شَيْءٌ، وَإِنِّي أَسْتَحْيِي أَنْ أَذْكُرَ ذَلِكَ، قَالَ: وَمَا ذَلِكَ؟ فَأَخْبَرَهُ أَبُو الدَّرْدَاءِ بِالْخَبَرِ، فَقَالَ سَلْمَانُ: أَنَا أَحَقُّ أَنْ أَسْتَحْيِيَ مِنْكَ

حضرت ثابت بنانی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ' حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کے ساتھ گئے' بنی لیث کو نکاح کا پیغام دینے کے لیے داخل ہوئے' حضرت سلمان کی فضیلت اور نیک اعمال پر سبقت اور اسلام کا ذکر کیا اور ذکر کیا ان کو نکاح کا پیغام آیا ہے' فلانی نے نکاح کا پیغام دیا ہے' اُنہوں نے کہا: سلمان سے ہم شادی نہیں کریں گے' وہاں ہم آپ سے شادی کریں گے' اُنہوں نے حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے شادی کی' پھر نکلے تو حضرت ابوالدرداء نے کہا: ایک شی تھی جسکا آپ سے ذکر کرنے

أَنْ أَخْطُبَهَا، وَكَانَ اللّٰهُ قَدْ قَضَاهَا لَكَ

کی حیا کرتا تھا۔ سلمان نے کہا: وہ کیا ہے؟ حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ نے بتایا' حضرت سلمان نے فرمایا: میں آپ سے حیا کرنے کا زیادہ حقدار ہوں کہ میں نے اس کو نکاح کا پیغام دیا ہے' جس کا اللہ نے آپ کے لیے فیصلہ کر دیا تھا۔

5928 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، أَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا الثَّوْرِيُّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شِبْلٍ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، أَنَّهُ بَاتَ عِنْدَ سَلْمَانَ لِيَنْظُرَ مَا اجْتِهَادُهُ، قَالَ: فَقَامَ يُصَلِّي مِنْ آخِرِ اللَّيْلِ، فَكَأَنَّهُ لَمْ يَرَ الَّذِي كَانَ يَظُنُّ، فَذَكَرَ ذَلِكَ لَهُ، فَقَالَ سَلْمَانُ رَحِمَهُ اللّٰهُ: حَافِظُوا عَلَى هَذِهِ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ، فَإِنَّهُنَّ كَفَّارَاتٌ لِهَذِهِ الْجِرَاحَاتِ مَا لَمْ تُصَبُ الْمَقْتَلَةُ، فَإِذَا صَلَّى النَّاسُ الْعِشَاءَ صَدَرُوا عَلَى ثَلَاثِ مَنَازِلَ: مِنْهُمْ مَنْ عَلَيْهِ وَلَا لَهُ، وَمِنْهُمْ مَنْ لَهُ وَلَا عَلَيْهِ، وَمِنْهُمْ مَنْ لَا لَهُ وَلَا عَلَيْهِ، فَرَجُلٌ اغْتَنَمَ ظُلْمَةَ اللَّيْلِ فِي غَفْلَةِ النَّاسِ، فَرَكِبَ رَأْسُهُ فِي الْمَعَاصِي، فَذَلِكَ عَلَيْهِ وَلَا لَهُ، وَمَنْ لَهُ وَلَا عَلَيْهِ فَرَجُلٌ اغْتَنَمَ ظُلْمَةَ اللَّيْلِ وَغَفْلَةَ النَّاسِ، فَقَامَ يُصَلِّي فَذَلِكَ لَهُ وَلَا عَلَيْهِ، وَمِنْهُمْ مَنْ لَا لَهُ وَلَا عَلَيْهِ فَرَجُلٌ صَلَّى ثُمَّ نَامَ، فَذَلِكَ لَا لَهُ وَلَا عَلَيْهِ، وَإِيَّاكَ وَالْحَقْحَقَةَ، وَعَلَيْكَ بِالْقَصْدِ وَالدَّوَامِ

حضرت طارق بن شہاب فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کے پاس رات گزاری تا کہ آپ کی عبادت دیکھیں' آپ رات کے آخری حصے کو عبادت کے لیے کھڑے ہوئے' جس کا گمان تھا کہ وہ نہیں دیکھا' اس کا ذکر آپ سے کیا' حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: پانچ نمازیں پڑھنا تمام گناہوں کی بخشش کے لیے کافی ہے' بشرطیکہ قتل نہ کیا ہو۔ پس جب لوگ' نمازِ عشاء پڑھ کر فارغ ہوتے ہیں تو تین درجوں پہ ہو جاتے ہیں: (۱) جس پر وبال ہوتی ہے' نفع نہیں ہوتا (۲) نفع ہوتا ہے' اس کو نقصان نہیں ہوتا (۳) جسکو نہ نفع ہوتا ہے نہ نقصان۔ پس وہ آدمی جس نے رات کی تاریکی کو غنیمت شمار کیا' اس حال میں کہ لوگ غفلت میں ہیں' وہ گناہوں میں پڑ گیا تو رات اس پر وبال ہے' اس کو رات کی تاریکی کا نفع نہیں' وہ جس نے لوگوں کی غفلت میں رات کی تاریکی کو غنیمت جان کر نماز پڑھی اس کو نفع ہے' نہ کہ نقصان۔ پس ان میں سے وہ آدمی جس نے عشاء کی نماز پڑھی اور سو گیا' اس کو رات کی تاریکی کا نہ کوئی نفع ہے اور نہ وہ اس پر وبال ہے' اس

5928- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**1**صفحه**299** وقال: رواه الطبراني في الكبير ورجاله موثقون .

سے بچ کر میانہ روی اور دوام کو اختیار کر۔

5929 - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ الْعَطَّارُ الْمَكِّيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ حَمْزَةَ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ رَبَاحٍ، أَنَّ سَهْلَ بْنَ حُنَيْفٍ، حَدَّثَهُ، أَنَّهُ كَانَ بَيْنَ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ وَبَيْنَ إِنْسَانٍ مُنَازَعَةٌ، فَقَالَ سَلْمَانُ: اللّٰهُمَّ إِنْ كَانَ كَاذِبًا فَلَا تُمِتْهُ حَتَّى يُدْرِكَهُ أَحَدُ الثَّلَاثَةِ، فَلَمَّا سَكَنَ عَنْهُ الْغَضَبُ، قُلْتُ: يَا أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ مَا الَّذِي دَعَوْتَ بِهِ عَلَى هَذَا؟ قَالَ: أُخْبِرُكَ: فِتْنَةُ الدَّجَّالِ، وَفِتْنَةُ أَمِيرٍ كَفِتْنَةِ الدَّجَّالِ، وشُحٌّ شَحِيحٌ يَأْتِي عَلَى النَّاسِ، إِذَا أَصَابَ الرَّجُلُ الْمَالَ لَا يُبَالِي مِمَّا أَصَابَهُ

حضرت سہل بن حنیف فرماتے ہیں کہ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ اور ایک آدمی کے درمیان جھگڑا ہوا' حضرت سلمان نے کہا: اے اللہ! اگر یہ جھوٹا ہے تو اس کو مرنے سے پہلے تین میں سے ایک دکھا دے' جب آپ کا غصہ ٹھنڈا ہوا' میں نے عرض کی: اے ابوعبداللہ! یہ آپ نے کیا بددعا کر دی ہے؟ آپ نے فرمایا: بتاؤں گا! دجال کا فتنہ' فتنۂ دجال کی طرح بادشاہ کا فتنہ' کنجوسی جو لوگوں پر آتی ہے جب آدمی کو مال ملتا ہے' اس کو کوئی پرواہ نہیں ہوتی کہ کہاں سے ملا۔

5930 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ إِسْرَائِيلَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي لَيْلَى الْكِنْدِيِّ قَالَ: أَقْبَلَ سَلْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي اثْنَيْ عَشَرَ رَاكِبًا أَوْ ثَلَاثَةَ عَشَرَ رَاكِبًا مِنْ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا حَضَرَتِ الصَّلَاةُ، قَالُوا: تَقَدَّمْ يَا أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: إِنَّا لَا نَؤُمُّكُمْ، وَلَا نَنْكِحُ نِسَاءَكُمْ، إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ هَدَانَا بِكُمْ، قَالَ: فَتَقَدَّمَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ، فَصَلَّى أَرْبَعَ رَكَعَاتٍ، فَلَمَّا سَلَّمَ قَالَ سَلْمَانُ: مَا

حضرت ابولیلیٰ الکندی فرماتے ہیں کہ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ بارہ یا تیرہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب کے سواروں کے ساتھ آئے' جب نماز کا وقت ہوا تو اُنہوں نے کہا: اے ابوعبداللہ! آپ آگے ہوں! آپ نے فرمایا: ہم تمہاری امامت نہیں کریں گے' اور نہ ہم تمہاری عورتوں سے نکاح کریں گے' کیونکہ اللہ عزوجل نے ہمیں تمہارے ذریعہ ہدایت دی' قوم میں سے ایک آدمی آگے ہوا' اُس نے چار رکعتیں پڑھائیں' جب اس نے سلام پھیرا تو حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے

5929- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 7 صفحه 336 وقال: رواه الطبراني وفيه كثير بن زيد الأسلمي وثقه ابن معين وجماعة وضعفه النسائي وجماعة .

5930- البيهقي في سننه الكبرى جلد 3 صفحه 144' رقم الحديث: 5224 .

لَنَا وَلِلْمَرْبَعَةِ، إِنَّمَا كَانَ يَكْفِينَا نِصْفُ الْمَرْبَعَةِ، وَنَحْنُ إِلَى الرُّخْصَةِ أَحْوَجُ قَالَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ: يَعْنِي فِي السَّفَرِ

فرمایا: ہم نے چار نہیں پڑھنی تھیں' ہمارے لیے دو رکعتیں کافی تھیں' ہمیں اس کی رخصت ہے۔ حضرت عبدالرزاق فرماتے ہیں: یعنی سفر میں۔

5931 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِي الْبَخْتَرِيِّ قَالَ: أَصَابَ سَلْمَانُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ جَارِيَةً، فَقَالَ لَهَا بِالْفَارِسِيَّةِ: صَلِّي، قَالَتْ: لَا، قَالَ: اسْجُدِي وَاحِدَةً قَالَتْ: لَا، قِيلَ: يَا أَبَا عَبْدِ اللَّهِ، وَمَا تُغْنِي عَنْهَا سَجْدَةٌ؟ قَالَ: إِنَّهَا لَوْ صَلَّتْ صَلَّتْ، وَلَيْسَ مَنْ لَهُ سَهْمٌ فِي الْإِسْلَامِ كَمَنْ لَا سَهْمَ لَهُ

حضرت ابوبختری فرماتے ہیں کہ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے ایک لونڈی ملی' آپ نے اس کو فارسی میں کہا: نماز پڑھ! اس نے کہا: نہیں! فرمایا: تو ایک سجدہ کر' اس نے کہا: نہیں! آپ سے عرض کی گئی: اے ابوعبداللہ! ایک سجدہ سے مراد کیا ہے؟ فرمایا: اگر وہ ایک سجدہ کرتی تو پوری نماز پڑھتی' اسلام میں جس کے لیے کوئی حصہ نہیں' اس کے لیے کوئی حصہ نہیں ہے۔

5932 - حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْخَفَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا زُهَيْرُ بْنُ عَبَّادٍ الرُّوَاسِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ عَطَاءٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ سُوَيْدٍ قَالَ: كَانَ سَلْمَانُ الْفَارِسِيُّ يَقُولُ إِذَا فَرَغَ مِنْ طَعَامِهِ: الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي كَفَانَا الْمُؤْنَةَ، وَأَوْسَعَ لَنَا الرِّزْقَ

حضرت حارث بن سوید فرماتے ہیں کہ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ جب کھانا کھالیتے تو یہ دعا کرتے: ''الحمد للّٰه الذی الٰی آخرہٖ''۔

5933 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ

حضرت ابن سیرین فرماتے ہیں کہ حضرت

5931- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 294 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه ضرار بن صرد أبو نعيم وهو ضعيف جدًا .

5932- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 29 وقال: رواه الطبراني وفيه يزيد بن عطاء وهو ضعيف جدًا وقد وثق .

5933- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 199 وقال: رواه الطبراني في الكبير وهو مرسل ورجاله رجال الصحيح .

الـدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَـنِ ابْـنِ سِيـرِيـنَ، كَـانَ أَبُو الدَّرْدَاءِ يُحْيِي لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ، وَيَصُومُ يَوْمَهَا، فَأَتَاهُ سَلْمَانُ وَكَانَ النَّبِيُّ صَـلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آخَى بَيْنَهُمَا، فَنَامَ عِنْدَهُ، فَـأَرَادَ أَبُـو الـدَّرْدَاءِ أَنْ يَـقُومَ لَيْلَتَـهُ، فَقَـامَ إِلَيْـهِ سَلْـمَـانُ، فَلَـمْ يَدَعْهُ حَتَّى نَامَ وَأَفْطَرَ، فَجَاءَ أَبُو الـدَّرْدَاءِ إِلَـى الـنَّبِـيِّ صَـلَّـى الـلّٰـهُ عَلَيْـهِ وَسَلَّمَ، فَـأَخْبَـرَهُ، فَـقَـالَ الـنَّبِـيُّ صَـلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عُـوَيْـمِـرُ، سَـلْـمَـانُ أَعْـلَـمُ مِنْكَ، لَا تَخُصَّ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ بِصَلَاةٍ، وَلَا يَوْمَهَا بِصِيَامٍ

ابوالدرداء رضی اللہ عنہ جمعہ کی رات کو جاگتے اور دن کو روزہ رکھتے' حضرت سلمان رضی اللہ عنہ آپ کے پاس آئے' جبکہ نبی کریم ﷺ نے ان دونوں کے درمیان بھائی چارہ قائم کیا تھا' پس وہ ان کے پاس سو گئے' پس حضرت ابودرداء نے رات کو اُٹھنے کا ارادہ کیا تو سلمان ان کے سامنے کھڑے ہو گئے' آپ نے ان کو چھوڑا نہیں حتیٰ کہ سو گئے اور صبح کو روزہ نہیں رکھا۔ حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ کے پاس آئے' آپ کو بتایا' حضور ﷺ نے فرمایا: اے عویمر! سلمان آپ سے زیادہ علم والا ہے۔ آپ کے نفلوں کے لیے جمعہ کی رات کو نماز سے اور جمعہ کے دن کو روزے سے مختص نہ کرو۔

5934 - حَـدَّثَـنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، ثنا الْهُذَيْلُ بْنُ بِلَالٍ الْـفَزَارِيُّ، عَنْ سَالِمٍ مَوْلَى زَيْدِ بْنِ صُوحَانَ، قَالَ: كُـنْـتُ مَـعَ مَـوْلَايَ زَيْدِ بْنِ صُوحَانَ فِي السُّوقِ، فَمَرَّ عَلَيْنَا سَلْمَانُ الْفَارِسِيُّ وَقَدِ اشْتَرَى وُسْقًا مِنْ طَـعَـامٍ، فَـقَـالَ لَـهُ زَيْـدٌ: يَا أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ تَفْعَلُ هَذَا وَأَنْتَ صَاحِبُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَـقَـالَ: إِنَّ الـنَّـفْسَ إِذَا أَحْرَزَتْ رِزْقَهَا اطْمَأَنَّتْ، وتَفَرَّغَتْ لِلْعِبَادَةِ، وَأَيِسَ مِنْهَا الْوَسْوَاسُ

حضرت زید بن صوحان کے غلام حضرت سالم فرماتے ہیں: میں اپنے آقا زید بن صوحان کے ساتھ تھا' بازار میں ہمارے پاس سے حضرت سلمان رضی اللہ عنہ گزرے' آپ نے ایک وسق گندم خریدا' حضرت زید بن صوحان رضی اللہ عنہ نے کہا: اے ابوعبداللہ! آپ ایسا کرتے ہیں حالانکہ آپ رسول اللہ ﷺ کے صحابی ہیں' آپ نے فرمایا: بے شک نفس جب رزق جمع کرتا ہے تو یہ مطمئن ہو جاتا ہے اور عبادت کیلئے فارغ ہوتا ہے اور وسوسے اس سے مایوس ہو جاتے ہیں۔

5935 - حَـدَّثَـنَـا مُـحَـمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت ابوالبختری فرماتے ہیں کہ حضرت اشعث

5934- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 5صفحه35 وقال: رواه الطبراني وسالم لم أعرفه وفيه أيضًا الهديل بن بلال وثقه أحمد وغيره وضعفه ابن معين وجماعة .

الْحَضْرَمِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ مَعْنٍ الْمَسْعُودِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي الْبَخْتَرِيِّ قَالَ: جَاءَ الْأَشْعَثُ بْنُ قَيْسٍ، وَجَرِيرُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْبَجَلِيُّ إِلَى سَلْمَانَ فَدَخَلَا عَلَيْهِ فِي خُصٍّ فِي نَاحِيَةِ الْمَدَائِنِ، فَأَتَيَاهُ فَسَلَّمَا عَلَيْهِ وحَيَّيَاهُ، ثُمَّ قَالَا: أَنْتَ سَلْمَانُ الْفَارِسِيُّ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَا: أَنْتَ صَاحِبُ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: لَا أَدْرِي، فَارْتَابَا، وَقَالَا: لَعَلَّهُ لَيْسَ الَّذِي نُرِيدُ، قَالَ لَهُمَا: أَنَا صَاحِبُكُمَا الَّذِي تُرِيدَانِ، قَدْ رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَالَسْتُهُ، وَإِنَّمَا صَاحِبُهُ مَنْ دَخَلَ مَعَهُ الْجَنَّةَ فَمَا حَاجَتُكُمَا؟ قَالَا: جِئْنَاكَ مِنْ عِنْدِ أَخٍ لَكَ بِالشَّامِ، قَالَ: مَنْ هُوَ؟ قَالَا: أَبُو الدَّرْدَاءِ، قَالَ: فَأَيْنَ هَدِيَّتُهُ الَّتِي أَرْسَلَ بِهَا مَعَكُمَا؟ قَالَا: مَا أَرْسَلَ مَعَنَا بِهَدِيَّةٍ، قَالَ: اتَّقِيَا اللهَ وَأَدِّيَا الْأَمَانَةَ، مَا جَاءَ أَحَدٌ مِنْ عِنْدِهِ إِلَّا جَاءَ مَعَهُ بِهَدِيَّةٍ، قَالَا: لَا تَرْفَعْ عَلَيْنَا هَذَا، إِنَّ لَنَا أَمْوَالًا فَاحْتَكِمْ فِيهَا، قَالَ: مَا أُرِيدُ أَمْوَالَكُمَا، وَلَكِنِّي أُرِيدُ الْهَدِيَّةَ الَّتِي بَعَثَ بِهَا مَعَكُمَا، قَالَا: وَاللهِ مَا بَعَثَ مَعَنَا بِشَيْءٍ إِلَّا أَنَّهُ قَالَ: إِنَّ فِيكُمْ رَجُلًا كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا خَلَا بِهِ لَمْ يَبْغِ أَحَدٌ غَيْرَهُ، فَإِذَا أَتَيْتُمَاهُ فَأَقْرِآهُ مِنِّي السَّلَامَ، قَالَ: هَدِيَّةً كُنْتُ أُرِيدُ مِنْكُمَا غَيْرَ هَذِهِ، وَأَيُّ هَدِيَّةٍ أَفْضَلُ مِنَ

بن قیس اور حضرت جریر بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہما حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کے پاس آئے دونوں نے آپ کو سلام کیا' آپ نے جواب دیا' پھر دونوں نے عرض کی: آپ سلمان فارسی ہیں؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! آپ سے عرض کی گئی: آپ صحابیٔ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں' آپ نے فرمایا: مجھے معلوم نہیں تو وہ دونوں شک میں پڑ گئے۔ دونوں نے کہا: ہوسکتا ہے کہ وہ نہ ہو ہم جس کے لیے آئے ہیں۔ دونوں سے حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں تمہارا وہی ساتھی ہوں جس کا تم ارادہ کر کے آئے ہو۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا ہے' میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس بیٹھا بھی ہوں' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا صحابی تو وہ ہے جو جنت میں آپ کے ساتھ داخل ہو' آپ کو کیا کام ہے؟ دونوں نے آپ سے عرض کی: ہم آپ کے پاس آپ کے شامی بھائی کی طرف سے آئے ہیں؟ آپ نے فرمایا: وہ کون ہے؟ دونوں نے کہا: ابوالدرداء ہے' آپ نے فرمایا: وہ ہدیہ کہاں ہے جو آپ دونوں کو دے کر بھیجا ہے؟ دونوں نے کہا: ہمیں تو کوئی ہدیہ دے کر نہیں بھیجا' آپ نے فرمایا: اللہ سے ڈرو اور دونوں امانت ادا کرو' آپ کے پاس سے کوئی بھی آتا ہے تو وہ ہدیہ دے کر بھیجتے ہیں' دونوں نے کہا: ہم پر یہ بوجھ نہ ڈالیں' ہمارے اموال ہیں' وہ اپنی مرضی سے لے لو۔ آپ نے فرمایا: مجھے تمہارے اموال لینے کی ضرورت نہیں ہے' بلکہ مجھے اس ہدیہ کی ضرورت ہے جو آپ کے پاس ہے جو حضرت

السَّلامِ؟ تَحِيَّةً مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُبَارَكَةً طَيِّبَةً

5936 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، أَنَّ سَلْمَانَ الْفَارِسِيَّ كَانَ يَلْتَمِسُ مَكَانًا يُصَلِّي فِيهِ، فَقَالَتْ لَهُ عِلْجَةٌ: الْتَمِسْ قَلْبًا طَاهِرًا وَصَلِّ حَيْثُ شِئْتَ، قَالَ: فَقِهْتِ

5937 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا خَلَّادُ بْنُ يَحْيَى، ثنا فِطْرُ بْنُ خَلِيفَةَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْحَجَّاجِ الْأَزْدِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ سَلْمَانَ الْفَارِسِيَّ، بِأَصْبَهَانَ يَقُولُ: لَا يُؤْمِنُ عَبْدٌ حَتَّى يَعْلَمَ أَنَّ مَا أَصَابَهُ لَمْ يَكُنْ لِيُخْطِئَهُ، وَمَا أَخْطَأَهُ لَمْ يَكُنْ لِيُصِيبَهُ

مَا أَسْنَدَ

ابوالدرداء رضی اللہ عنہ نے دے کر بھیجا ہے' دونوں نے کہا: اللہ کی قسم! ہمارے پاس کوئی شی نہیں' ہاں! تم میں ایک آدمی ہے' رسول کریم ﷺ جب اس کے ساتھ تنہائی میں ہوتے تو ان کے علاوہ آپ کو کوئی مطلوب نہ ہوتا' جب ہم ان کے پاس آئے تو اُنہوں نے فرمایا: میرا اسلام کہنا' فرمایا: یہی ہدیہ ہے جس کا تم سے مطالبہ کر رہا تھا' اس کے علاوہ کون سا ہے' سلام سب سے افضل ہدیہ ہے' یہ اللہ کے پاس سے بابرکت پاکیزہ سلام ہے۔

حضرت نافع بن جبیر بن مطعم فرماتے ہیں کہ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: آپ ایک جگہ نماز پڑھنے کے لیے تلاش کر رہے تھے' آپ کو علجہ نے کہا: آپ پاک دل تلاش کریں اور تو جہاں چاہے نماز پڑھ۔ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تو فقیہ ہے۔

حضرت ابوحجاج ازدی فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کو مقامِ اصبہان میں فرماتے ہوئے سنا: کوئی مؤمن نہیں ہوسکتا یہاں تک کہ اس کو علم یقین ہو کہ جو دکھ اسے پہنچا ہے وہ ٹل نہیں سکتا ہے جو نہیں ملا ہے اس کو مل نہیں سکتا ہے۔

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ

5936- عبد الرزاق فی مصنفه جلد **1** صفحه **412**' رقم الحديث: **1612** .

5937- أورد نحوه الترمذی فی سننه جلد **4** صفحه **451**' رقم الحديث: **2144** .

سَلْمَانُ

مَا رَوَى أَبُو هُرَيْرَةَ عَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

5938 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَاشِدٍ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَالِدٍ الْمِصِّيصِيُّ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي سَلْمَانُ بْنُ الْإِسْلَامِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ: اللّٰهُمَّ إِنِّي أُشْهِدُكَ، وَأُشْهِدُ مَلَائِكَتَكَ، وَحَمَلَةَ الْعَرْشِ، وَالسَّمَاوَاتِ وَمَنْ فِيهِنَّ، وَالْأَرَضِينَ وَمَنْ فِيهِنَّ، وَأُشْهِدُ جَمِيعَ خَلْقِكَ، بِأَنَّكَ اللّٰهُ لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ، وَأُكَفِّرُ مَنْ أَبَى ذَلِكَ مِنَ الْأَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُولُكَ، مَنْ قَالَهَا مَرَّةً عُتِقَ ثُلُثُهُ مِنَ النَّارِ، وَمَنْ قَالَهَا مَرَّتَيْنِ عُتِقَ ثُلُثَاهُ مِنَ النَّارِ، وَمَنْ قَالَهَا ثَلَاثًا عُتِقَ مِنَ النَّارِ

کی روایت کردہ احادیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہٗ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے عرض کی: اے اللہ! میں تجھ کو اور تیرے فرشتوں اور عرش اُٹھانے والوں اور آسمان اور زمین والوں اور تیری ساری مخلوق کو گواہ بناتا ہوں کہ تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے جو اوّلین و آخرین میں سے تیر اندازی کرتا ہے اس کا انکار کرتا ہوں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد تیرا بندہ اور تیرا رسول ہے جس نے ایک مرتبہ پڑھا اس کا تہائی حصہ جہنم سے آزاد ہوگا، جس نے دو مرتبہ پڑھا اس کا دوتہائی جہنم سے آزاد ہوگا، جس نے تین مرتبہ پڑھا اسے جہنم سے آزادی ہوگی۔

5939 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الصُّوفِيُّ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنِي حُمَيْدٌ، مَوْلَى آلِ عَلْقَمَةَ

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے عرض کی: اے اللہ! میں تجھ کو اور تیرے فرشتوں اور عرش اُٹھانے والوں اور آسمان اور زمین

5938- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **10** صفحه **87** وقال: رواه الطبراني باسنادين وفي أحدهما أحمد بن اسحاق الصوفي ولم أعرفه وبقية رجاله رجال الصحيح .

الْمَكِّيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ: اللّٰهُمَّ إِنِّي أُشْهِدُكَ، وَأُشْهِدُ مَلَائِكَتَكَ، وَحَمَلَةَ عَرْشِكَ، وَأُشْهِدُ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ أَنَّكَ أَنْتَ اللّٰهُ لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ، وَحْدَكَ لَا شَرِيكَ لَكَ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُولُكَ، مَنْ قَالَهَا مَرَّةً أَعْتَقَ اللّٰهُ ثُلُثَهُ مِنَ النَّارِ، وَمَنْ قَالَهَا مَرَّتَيْنِ أَعْتَقَ اللّٰهُ ثُلُثَيْهِ مِنَ النَّارِ، وَمَنْ قَالَهَا ثَلَاثًا أَعْتَقَ كُلَّهُ مِنَ النَّارِ

والوں اور تیری ساری مخلوق کو گواہ بناتا ہوں کہ تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے جو اوّلین و آخرین میں سے تیر اندازی کرتا ہے اس کا انکار کرتا ہوں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد تیرا بندہ اور تیرا رسول ہے جس نے ایک مرتبہ پڑھا اس کا تہائی حصہ جہنم سے آزاد ہوگا' جس نے دو مرتبہ پڑھا اس کا دو تہائی جہنم سے آزاد ہوگا' جس نے تین مرتبہ پڑھا اسے جہنم سے آزادی ہوگی۔

أَبُو سَعِيدٍ عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ابوسعید' حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

5940 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَسَنِ الثَّعْلَبِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ يَعْلَى، عَنْ نَاصِحِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، لِكُلِّ نَبِيٍّ وَصِيٌّ، فَمَنْ وَصِيُّكَ؟ فَسَكَتَ عَنِّي، فَلَمَّا كَانَ بَعْدُ رَآنِي، فَقَالَ: يَا سَلْمَانُ فَأَسْرَعْتُ إِلَيْهِ، قُلْتُ: لَبَّيْكَ، قَالَ: تَعْلَمُ مَنْ وَصِيُّ مُوسَى؟ قُلْتُ: نَعَمْ يُوشَعُ بْنُ نُونٍ، قَالَ: لِمَ؟ قُلْتُ: لِأَنَّهُ كَانَ أَعْلَمَهُمْ، قَالَ: فَإِنَّ وَصِيِّي وَمَوْضِعُ سِرِّي، وَخَيْرُ مَنْ أَتْرُكُ بَعْدِي، وَيُنْجِزُ عِدَتِي، وَيَقْضِي دَيْنِي

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہر نبی کا وصی ہوتا ہے' آپ کا وصی کون ہے؟ آپ میرا جواب دینے سے خاموش رہے' جب بعد میں مجھے دیکھا' تو آپ نے فرمایا: اے سلمان! میں جلدی آپ کے پاس آیا' میں نے عرض کی: حاضر ہوں! آپ نے فرمایا: تُو جانتا ہے کہ حضرت موسیٰ کا وصی کون تھا؟ میں نے عرض کی: یوشع بن نون! آپ نے فرمایا: کس وجہ سے؟ میں نے عرض کی: کیونکہ وہ سب سے بڑے عالم تھے' آپ نے فرمایا: بے شک میرا وصی اور میرے رازوں کی جگہ میں اپنے بعد بہتر جس کو چھوڑ رہا ہوں اور وہ میرا وعدہ پورا کرے گا اور میرا

5940- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد9صفحه113 وقال: وفي اسناده ناصح بن عبد الله وهو متروك .

عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ، قَالَ أَبُو الْقَاسِمِ: قَوْلُهُ: وَصِيِّ: يَعْنِي أَنَّهُ أَوْصَاهُ فِي أَهْلِهِ لَا بِالْخِلَافَةِ، وَقَوْلُهُ: خَيْرُ مَنْ أَتْرُكُ بَعْدِي: يَعْنِي مِنْ أَهْلِ بَيْتِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

قرض ادا کرے گا' وہ حضرت علی بن ابوطالب ہیں۔ حضرت ابوالقاسم فرماتے ہیں: وصی سے مراد گھر والوں کا وصی نہ کہ خلافت مراد ہے' آپ نے فرمایا: میں اپنے بعد جس بہتر کو چھوڑ رہا ہوں' یعنی اپنے گھر والوں میں۔

كَعْبُ بْنُ عُجْرَةَ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت کعب بن عجرہ' حضرت سلمان سے روایت کرتے ہیں

5941 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا هِشَامُ بْنُ الْغَازِ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ نَسِيٍّ، عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ، أَنَّ سَلْمَانَ، مَرَّ بِهِ وَهُوَ مُرَابِطٌ بِأَرْضِ فَارِسَ، فَقَالَ: أَلَا أُخْبِرُكَ بِأَمْرٍ يَكُونُ لَكَ عَوْنًا عَلَى رِبَاطِكَ؟ قَالَ: بَلَى، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: رِبَاطُ يَوْمٍ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، خَيْرٌ مِنْ صِيَامِ شَهْرٍ وَقِيَامِهِ

حضرت کعب بن عجرہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرا' آپ ایک گھوڑوں کی حفاظت کر رہے تھے' آپ نے فرمایا: کیا آپ کو اس کام کے متعلق بتاؤں! میں آپ کے گھوڑوں کی کیوں حفاظت کر رہا ہوں؟ عرض کی: کیوں نہیں! فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ ایک دن اللہ کی راہ میں نگہبانی کرنا' ایک ماہ روزے رکھنے اور قیام کرنے سے بہتر ہے۔

مَا رَوَى ابْنُ عَبَّاسٍ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت سلمان فارسی سے جو حضرت عباس نے روایات کی ہیں

5942 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْبَرْقِيُّ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ هِشَامٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَكَّائِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے اپنی زبانی مجھے حدیث سنائی' فرمایا: میں فارسی آدمی ہوں' علاقۂ اصفہان کے ایک گاؤں جس کا نام جیّ ہے۔ میرے والد گرامی

5941- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد3صفحه1520' رقم الحديث: 1913 .

5942- أحمد في مسنده جلد5صفحه441' رقم الحديث: 23788 .

مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، ح وَحَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْعَبَّاسِ الرَّازِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِي زَائِدَةَ كُلُّهُمْ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ، عَنْ مَحْمُودِ بْنِ لَبِيدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، حَدَّثَنِي سَلْمَانُ حَدِيثَهُ مِنْ فِيهِ، قَالَ: كُنْتُ رَجُلًا فَارِسِيًّا مِنْ أَهْلِ أَصْبَهَانَ مِنْ قَرْيَةٍ يُقَالُ لَهَا: جَيٌّ، وَكَانَ أَبِي دِهْقَانَ قَرْيَتِهِ، وَكُنْتُ أَحَبَّ خَلْقِ اللّٰهِ إِلَيْهِ، فَلَمْ يَزَلْ بِي حُبُّهُ إِيَّايَ، حَتَّى حَبَسَنِي فِي بَيْتِهِ كَمَا تُحْبَسُ الْجَارِيَةُ، فَاجْتَهَدْتُ فِي الْمَجُوسِيَّةِ، حَتَّى كُنْتُ قَاطِنَ النَّارِ، أُوقِدُهَا لَا أَتْرُكُهَا تَخْبُو سَاعَةً وَاحِدَةً، وَكَانَتْ لِأَبِي ضَيْعَةٌ عَظِيمَةٌ، فَشُغِلَ يَوْمًا، فَقَالَ لِي: يَا بُنَيَّ، إِنِّي قَدْ شُغِلْتُ هَذَا الْيَوْمَ عَنْ ضَيْعَتِي، فَاذْهَبْ إِلَيْهَا فَطَالِعْهَا، فَأَمَرَهُ فِيهَا بِبَعْضِ مَا يُرِيدُ، ثُمَّ قَالَ لِي: لَا تَحْتَبِسْ عَلَيَّ، فَإِنَّكَ إِنِ احْتَبَسْتَ عَلَيَّ كُنْتَ أَهَمَّ عَلَيَّ مِنْ ضَيْعَتِي وَشَغَلْتَنِي عَنْ كُلِّ شَيْءٍ مِنْ أَمْرِي، فَخَرَجْتُ أُرِيدُ ضَيْعَتَهُ أَسِيرُ إِلَيْهَا، فَمَرَرْتُ بِكَنِيسَةٍ مِنْ كَنَائِسِ النَّصَارَى فَسَمِعْتُ أَصْوَاتَهُمْ فِيهَا، وَهُمْ يُصَلُّونَ، وَكُنْتُ لَا أَدْرِي مَا أَمْرُ النَّاسِ لِحَبْسِ أَبِي إِيَّايَ فِي بَيْتِهِ، فَلَمَّا سَمِعْتُ أَصْوَاتَهُمْ دَخَلْتُ عَلَيْهِمْ أَنْظُرُ مَا يَصْنَعُونَ، فَلَمَّا رَأَيْتُهُمْ أَعْجَبَتْنِي صَلَاتُهُمْ، وَرَغِبْتُ فِي دِينِهِمْ، وَقُلْتُ: هَذَا وَاللّٰهِ خَيْرٌ مِنَ الدِّينِ الَّذِي نَحْنُ عَلَيْهِ، فَمَا بَرِحْتُ مِنْ

اپنے گاؤں کے کسان تھے میں ان کو اللہ کی ساری مخلوق سے زیادہ محبوب تھا مجھ سے ان کی محبت مسلسل رہی حتیٰ کہ وہ مجھے گھر میں روک کے رکھتے تھے جس طرح دوشیزہ کو روک کے رکھا جاتا ہے میں نے مجوسیت کو سمجھنے کی کوشش کی حتیٰ کہ میں یوں آگ کا پجاری بن گیا کہ میں اسے جلاتا تھا اور ایک لمحہ بھی اسے بجھا ہوا نہ چھوڑتا تھا۔ میرے باپ کا عظیم مال تھا۔ پس ایک دن وہ مشغول کر دیئے گئے اور مجھ سے کہا: اے میرے بیٹے! میرے ساز و سامان کی طرف جا کر دیکھ۔ پس انہوں نے اس میں سے کچھ لانے کا حکم دیا۔ پھر مجھ سے کہا: وہیں رک نہ جانا کہ میں یہاں انتظار کرتا رہوں کیونکہ اگر تو میرے پاس آنے سے رُک گیا تو تو مجھ پر میرے سامان کا غم ڈالنے والا ہوگا اور تو مجھے میرے ہر کام سے غافل کر دے گا۔ پس میں ان کے سامان کی طرف جانے کا ارادہ لے کر نکلا اس کی طرف چلتا جا رہا تھا تو میں عیسائیوں کی عبادت گاہوں میں سے ایک عبادت گاہ کے پاس سے گزرا۔ میں نے اس میں ان کی آوازیں سنیں اس حال میں کہ وہ نماز پڑھ رہے تھے اور میں نہیں جانتا تھا میرے والد کے مجھے اپنے گھر میں روکنے کی وجہ سے لوگوں کا معاملہ کیا ہے۔ پس جب میں نے ان کی آوازیں سنیں تو میں ان کے پاس گیا تا کہ دیکھوں کہ وہ کیا کر رہے ہیں۔ پس جب میں نے ان کو نماز پڑھتے ہوئے دیکھا تو بہت خوش ہوا اور ان کے دین میں دلچسپی لی اور اپنے دل میں کہا: بے شک یہ اس

عِنْدَهُمْ حَتَّى غَرَبَتِ الشَّمْسُ، وَتَرَكْتُ ضَيْعَةَ أَبِي، ثُمَّ قُلْتُ لَهُمْ: مَنْ أَبْصَرُكُمْ بِهَذَا الدِّينِ؟ قَالُوا: رَجُلٌ بِالشَّامِ، ثُمَّ رَجَعْتُ إِلَى أَبِي وَقَدْ بَعَثَ فِي طَلَبِي، وَقَدْ شَغَلْتُهُ عَنْ عَمَلِهِ، قَالَ أَبِي: بُنَيَّ، أَيْنَ كُنْتَ؟ أَلَمْ أَعْهَدْ إِلَيْكَ مَا عَهِدْتُ؟ قُلْتُ: إِنِّي مَرَرْتُ بِنَاسٍ يُصَلُّونَ فِي كَنِيسَةٍ لَهُمْ، فَدَخَلْتُ إِلَيْهِمْ، فَمَا زِلْتُ عِنْدَهُمْ وَهُمْ يُصَلُّونَ حَتَّى غَرَبَتِ الشَّمْسُ، قَالَ: أَيْ بُنَيَّ، لَيْسَ فِي ذَلِكَ الدِّينِ خَيْرٌ، دِينُكَ وَدِينُ آبَائِكَ خَيْرٌ مِنْهُ، ثُمَّ حَبَسَنِي فِي بَيْتِهِ، وَبَعَثْتُ إِلَى النَّصْرَانِيِّ، فَقُلْتُ: إِذَا قَدِمَ إِلَيْكُمْ رَكْبٌ مِنَ الشَّامِ، فَأَخْبِرُونِي بِهِمْ، فَقَدِمَ عَلَيْهِمْ رَكْبٌ مِنَ الشَّامِ تُجَّارٌ مِنَ النَّصَارَى، فَأَخْبَرُونِي بِهِمْ، فَقُلْتُ لَهُمْ: إِذَا قَضَوْا حَوَائِجَهُمْ وَأَرَادُوا الرَّجْعَةَ إِلَى بِلَادِهِمْ أَخْبِرُونِي بِهِمْ، فَأَلْقَيْتُ الْحَدِيدَ مِنْ رِجْلَيَّ، ثُمَّ خَرَجْتُ مَعَهُمْ حَتَّى قَدِمْتُ الشَّامَ، فَلَمَّا قَدِمْتُهَا قُلْتُ: مَنْ أَفْضَلُ أَهْلِ هَذَا الدِّينِ عِلْمًا؟ قَالُوا: الْأَسْقُفُ فِي الْكَنِيسَةِ، فَجِئْتُهُ فَقُلْتُ: إِنِّي قَدْ رَغِبْتُ فِي هَذَا الدِّينِ، فَأَحْبَبْتُ أَنْ أَكُونَ مَعَكَ أَخْدُمُكَ فِي كَنِيسَتِكَ، وَأَتَعَلَّمُ مِنْكَ، وَأُصَلِّي مَعَكَ، قَالَ: فَادْخُلْ، فَدَخَلْتُ مَعَهُ، وَكَانَ رَجُلَ سُوءٍ يَأْمُرُ بِالصَّدَقَةِ وَيُرَغِّبُهُمْ فِيهَا، فَإِذَا جَمَعُوا بِهِ إِلَيْهِ شَيْئًا مِنْهَا اكْتَنَزَهُ لِنَفْسِهِ، فَلَمْ يُعْطِ إِنْسَانًا مِنْهَا شَيْئًا، حَتَّى جَمَعَ قِلَالًا مِنْ ذَهَبٍ وَوَرِقٍ، فَأَبْغَضْتُهُ بُغْضًا

سے بہتر دین ہے جس میں میں ہوں' سورج غروب ہونے تک میں ان کے پاس رہا؟ اور اپنے باپ کے سامان کو وہیں کا وہیں چھوڑ دیا' پھر میں نے ان سے کہا: تم میں سے سب سے زیادہ اس دین میں بصیرت کس کو حاصل ہے؟ انہوں نے کہا: ایک آدمی ہے جو شام میں رہتا ہے' میں اپنے باپ کی طرف آیا جبکہ وہ میری تلاش میں لوگ بھیج چکے تھے اور میں نے ان کو ان کے کام سے غافل کر دیا تھا۔ میرے باپ نے پوچھا: اے میرے بیٹے! تم کہاں تھے؟ کیا میں نے تم سے وعدہ نہیں لیا تھا جو لیا تھا؟ میں نے جواب دیا: میں کچھ لوگوں کے پاس سے گزرا جو اپنے عبادت خانے میں نماز پڑھ رہے تھے' میں ان کے پاس چلا گیا' بس ان کے پاس ہی رہا وہ نماز میں مصروف رہے حتیٰ کہ سورج غروب ہو گیا۔ انہوں نے کہا: اے میرے بیٹے! اس دین میں کوئی بھلائی نہیں ہے' تیرا اور تیرے آباء واجداد کا دین اس سے بہتر ہے' پھر مجھے اپنے گھر میں روک لیا' میں نے عیسائی کی طرف آدمی بھیجا اور کہا: جب شام سے تمہارے پاس کوئی قافلہ آئے تو مجھے بتانا' پس عیسائی تاجروں کا ایک قافلہ شام سے آیا تو انہوں نے مجھے بتایا' میں نے انہیں فرمایا: جب وہ اپنے کام کاج کر لیں اور اپنے غلاموں میں واپس جانے کا ارادہ کریں تو مجھے خبر دینا۔ پس میں نے اپنے پاؤں سے بیڑیاں اتار کر پھینک دیں پھر ان کے ساتھ نکل کر شام آ گیا۔ پس جب میں ان کے پاس ان کی عبادت گاہ میں آیا تو میں

شَدِيدًا، لِمَا رَأَيْتُهُ يَصْنَعُ، ثُمَّ مَاتَ وَاجْتَمَعَتْ إِلَيْهِ النَّصَارَى لِيَدْفِنُوهُ، فَقُلْتُ لَهُمْ: إِنَّ هَذَا كَانَ رَجُلَ سُوءٍ يَأْمُرُكُمْ بِالصَّدَقَةِ، وَيُرَغِّبُكُمْ فِيهَا، فَإِذَا جِئْتُمُوهُ بِهَا اكْتَنَزَهَا لِنَفْسِهِ، وَلَمْ يُعْطِ الْمَسَاكِينَ مِنْهَا شَيْئًا، قَالُوا: وَمَا عِلْمُكَ بِذَلِكَ؟ قُلْتُ لَهُمْ: فَأَنَا أَدُلُّكُمْ عَلَى كَنْزِهِ، قَالُوا: فَدُلَّنَا عَلَيْهِ، فَدَلَلْتُهُمْ عَلَيْهِ فَاسْتَخْرَجُوا ذَهَبًا وَوَرِقًا فَلَمَّا رَأَوْهَا قَالُوا: وَاللّٰهِ لَا نَدْفِنُهُ أَبَدًا، فَصَلَبُوهُ، ثُمَّ رَجَمُوهُ بِالْحِجَارَةِ، وَكَانَ ثَمَّ رَجُلٌ آخَرُ فَجَعَلُوهُ مَكَانَهُ، قَالَ: يَقُولُ سَلْمَانُ: فَمَا رَأَيْتُ رَجُلًا لَا يُصَلِّي الْخَمْسَ أَفْضَلَ مِنْهُ، أَزْهَدَ فِي الدُّنْيَا، وَلَا أَرْغَبَ فِي الْآخِرَةِ، وَلَا أَدْأَبَ لَيْلًا وَنَهَارًا مِنْهُ، فَأَحْبَبْتُهُ حُبًّا لَمْ أُحِبَّهُ شَيْئًا قَطُّ، فَمَا زِلْتُ مَعَهُ زَمَانًا ثُمَّ حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ، فَقُلْتُ لَهُ: يَا فُلَانُ، إِنِّي قَدْ كُنْتُ مَعَكَ فَأَحْبَبْتُكَ حُبًّا لَمْ أُحِبَّهُ شَيْئًا قَطُّ، وَقَدْ حَضَرَكَ مَا تَرَى مِنْ أَمْرِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، فَإِلَى مَنْ تُوصِي بِي، وَمَا تَأْمُرُنِي؟، قَالَ: أَيْ بُنَيَّ، وَاللّٰهِ مَا أَعْلَمُ أَحَدًا عَلَى مَا كُنْتُ عَلَيْهِ، لَقَدْ هَلَكَ النَّاسُ وَبَدَّلُوا وَتَرَكُوا كَثِيرًا مِمَّا كَانُوا عَلَيْهِ، إِلَّا رَجُلًا بِالْمَوْصِلِ وَهُوَ فُلَانٌ، وَهُوَ عَلَى مَا كُنْتُ عَلَيْهِ، فَالْحَقْ بِهِ، فَلَمَّا مَاتَ وَغُيِّبَ لَحِقْتُ بِصَاحِبِ الْمَوْصِلِ، فَقُلْتُ لَهُ: يَا فُلَانُ، إِنَّ فُلَانًا أَوْصَانِي عِنْدَ مَوْتِهِ أَنْ أَلْحَقَ بِكَ، وَأَخْبَرَنِي أَنَّكَ عَلَى أَمْرِهِ، قَالَ: فَأَقِمْ عِنْدِي، فَأَقَمْتُ عِنْدَهُ، فَوَجَدْتُهُ خَيْرَ

نے ان سے سوال کیا: اس دین والوں میں سے سب سے زیادہ فضیلت و علم رکھنے والا کون ہے؟ انہوں نے کہا: عبادت خانے میں..... پس میں اس کے پاس آیا' میں نے کہا: مجھے اس دین کو حاصل کرنے کا شوق ہے۔ میں آپ کے پاس آپ کے عبادت خانے میں آپ کی خدمت کرنے کی خواہش رکھتا ہوں' آپ سے کچھ سیکھنا چاہتا ہوں اور آپ کے ساتھ مل کر نماز پڑھوں گا۔ اس نے کہا: داخل ہو جائیں۔ پس میں اس کے پاس داخل ہوا جبکہ وہ اچھا آدمی نہ تھا' لوگوں کو حکم دیتا تھا کہ صدقہ دو اور ان لوگوں کو صدقہ کرنے کا شوق دلاتا۔ پس جب وہ لوگ کچھ نہ کچھ صدقہ اس کے پاس جمع کر لیتے تو وہ اسے اپنی ذات کیلئے اکٹھا کر کے رکھ لیتا تھا۔ لوگوں میں سے کسی (غریب) آدمی کو کوئی شی نہ دیتا تھا' حتیٰ کہ اس نے سونا چاندی کے ڈھیر اکٹھے کر لیے۔ پس مجھے اس سے سخت نفرت ہو گئی کیونکہ میں نے اس کا بھیانک کردار دیکھ لیا تھا' پھر وہ مر گیا اور عیسائی اکٹھے ہوئے تا کہ اس کو دفن کریں۔ پس میں نے ان سے کہا: یہ تو بُرا آدمی تھا' تمہیں صدقہ کرنے کا حکم دیتا اور اس میں تمہیں شوق دلاتا' پس جب تم اس کے پاس وہ اکٹھا کر لیتے تھے تو اسے اپنی ذات کیلئے اکٹھا کر کے رکھ لیتا تھا اور اس میں سے مسکینوں کو کوئی شی نہیں دیتا تھا۔ انہوں نے (ایک بار تو) کہا: تمہیں کیا معلوم؟ لیکن میں نے ان سے کہا: آؤ! میں تمہیں اس کا جمع شدہ مال دکھاتا ہوں۔ انہوں نے کہا: دکھاؤ! میں نے انہیں دکھایا' پس

رَجُلٍ عَلَى أَمْرِ صَاحِبِهِ، فَلَمْ أَلْبَثْ أَنْ مَاتَ، فَلَمَّا حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ، قُلْتُ لَهُ: يَا فُلَانُ، إِنَّ فُلَانًا أَوْصَانِي إِلَيْكَ، وَأَمَرَنِي أَنْ أَلْحَقَ بِكَ، وَقَدْ حَضَرَ مِنْ أَمْرِ اللّٰهِ مَا تَرَى، فَإِلَى مَنْ تُوصِي بِي، وَمَا تَأْمُرُنِي؟ قَالَ: يَا بُنَيَّ، مَا أَعْلَمُ بَقِيَ أَحَدٌ آمُرُكَ أَنْ تَأْتِيَهُ إِلَّا رَجُلًا بِعَمُّورِيَّةَ بِأَرْضِ الرُّومِ عَلَى مِثْلِ مَا نَحْنُ عَلَيْهِ، فَلَمَّا مَاتَ وَغُيِّبَ لَحِقْتُ بِصَاحِبِ عَمُّورِيَّةَ فَأَخْبَرْتُهُ خَبَرِي، فَقَالَ: أَقِمْ عِنْدِي، فَأَقَمْتُ عِنْدَ خَيْرِ رَجُلٍ عَلَى هَدْيِ أَصْحَابِهِ وَأَمْرِهِمْ، وَاكْتَسَبْتُ حَتَّى كَانَتْ عِنْدِي بُقَيْرَاتٌ وَغُنَيْمَةٌ، ثُمَّ نَزَلَ بِهِ أَمْرُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، فَلَمَّا حُضِرَ قُلْتُ لَهُ: يَا فُلَانُ، إِنِّي كُنْتُ مَعَ فُلَانٍ فَأَوْصَانِي إِلَى فُلَانٍ، ثُمَّ أَوْصَى فُلَانٌ إِلَى فُلَانٍ، ثُمَّ أَوْصَانِي فُلَانٌ إِلَيْكَ، فَإِلَى مَنْ تُوصِي بِي، وَإِلَى مَنْ تَأْمُرُنِي؟ قَالَ: وَاللّٰهِ مَا أَعْلَمُ أَصْبَحَ عَلَى مِثْلِ مَا نَحْنُ فِيهِ أَحَدٌ مِنَ النَّاسِ آمُرُكَ أَنْ تَأْتِيَهُ، وَلَكِنْ أَظَلَّكَ زَمَانُ نَبِيٍّ هُوَ مَبْعُوثٌ بِدِينِ إِبْرَاهِيمَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَخْرُجُ بِأَرْضِ الْعَرَبِ إِلَى أَرْضٍ -أَظُنُّهُ قَالَ- ذَاتِ نَخْلٍ بِهِ عَلَامَاتٌ لَا تَخْفَى، يَأْكُلُ الْهَدِيَّةَ وَلَا يَأْكُلُ الصَّدَقَةَ، بَيْنَ كَتِفَيْهِ خَاتَمُ النُّبُوَّةِ، فَإِنِ اسْتَطَعْتَ أَنْ تَلْحَقَ بِذَلِكَ الْبِلَادِ فَافْعَلْ، ثُمَّ مَاتَ وَغُيِّبَ، فَمَكَثْتُ بِعَمُّورِيَّةَ مَا شَاءَ اللّٰهُ أَنْ أَمْكُثَ، مَرَّ بِي نَفَرٌ مِنْ كَلْبٍ تُجَّارٌ، فَقُلْتُ لَهُمْ: تَحْمِلُونِي إِلَى أَرْضِ الْعَرَبِ وَأُعْطِيكُمْ

اُنہوں نے سونا چاندی نکالے۔ پس جب اُنہوں نے یہ دیکھا تو کہا: ہم اس کو کبھی بھی دفن نہیں کریں گے۔ پس انہوں نے اسے سولی چڑھا دیا پھر اس کو پتھر مارے اور وہاں ایک اور آدمی تھا جس کو اُنہوں نے اس کے قائم مقام بنا دیا۔ راوی کا بیان ہے: حضرت سلمان فرماتے ہیں کہ پس میں نے پانچ وقت کا نمازی اس سے بہتر نہیں دیکھا' دنیا سے کنارہ کش' آخرت میں راغب' رات دن کی اس کی عادتیں (کمال تھیں) پس میں نے اس سے ٹوٹ کر محبت کی' اتنی کہ کبھی کسی شے سے نہیں کی۔ ایک زمانہ میں اس کے ساتھ رہا پھر اس کے پاس موت کا فرشتہ حاضر ہوا۔ میں نے اس سے کہا: اے فلاں! بے شک میں تیرے ساتھ تھا' پس میں نے تیرے ساتھ اتنی محبت کی جتنی کسی اور شی سے نہیں کی۔ اب تیرے پاس اللہ کے حکم میں سے وہ آ گیا ہے جو تُو خود دیکھ رہا ہے۔ پس اب تو مجھے کسی کی طرف وصیت کرتا ہے اور کیا حکم دیتا ہے؟ اس نے کہا: اے میرے بیٹے! قسم بخدا! لوگوں میں سے کسی کو میں نہیں جانتا جو میری روش پر ہو' تحقیق لوگ ہلاک ہوئے' بدل دیا اور ترک کر دیا' بہت ساری ان چیزوں کو جن کو وہ اپنائے ہوئے تھے مگر ایک آدمی موصل میں رہتا ہے اور وہ فلاں آدمی ہے یعنی نام بتایا۔ وہ میری روش پر ہے۔ پس جا کر اس سے مل جا۔ پس جب وہ مر گیا اور اسے دفن کر دیا گیا تو میں موصل والے آدمی سے جا ملا۔ میں نے کہا: اے فلاں! بے شک فلاں نے مجھے وصیت کی ہے اپنی

بَقَرَاتِي هَذِهِ وَغُنَيْمَتِي هَذِهِ؟ قَالُوا: نَعَمْ، فَأَعْطَيْتُهُمْ وَحَمَلُونِي مَعَهُمْ حَتَّى إِذَا قَدِمُوا وَادِي الْقُرَى ظَلَمُونِي، فَبَاعُونِي مِنْ رَجُلٍ يَهُودِيٍّ، فَكُنْتُ عِنْدَهُ فَرَأَيْتُ النَّخْلَ، فَرَجَوْتُ الْبَلَدَ الَّذِي وَصَفَ لِي صَاحِبِي، وَلَمْ يَحِقَّ فِي نَفْسِي، فَبَيْنَا أَنَا عِنْدَهُ قَدِمَ عَلَيْهِ ابْنُ عَمٍّ لَهُ مِنْ بَنِي قُرَيْظَةَ، وَابْتَاعَنِي مِنْهُ، فَحَمَلَنِي إِلَى الْمَدِينَةِ فَوَاللَّهِ مَا هُوَ إِلَّا أَنْ رَأَيْتُهَا عَرَفْتُهَا بِصِفَةِ صَاحِبِي، فَأَقَمْتُ بِهَا، فَبَعَثَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ رَسُولَهُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَقَامَ بِمَكَّةَ مَا أَقَامَ مَا أَسْمَعُ لَهُ بِذِكْرٍ، مَعَ مَا أَنَا فِيهِ مِنْ شُغْلِ الرِّقِّ، ثُمَّ هَاجَرَ إِلَى الْمَدِينَةِ فَوَاللَّهِ إِنِّي لَفِي رَأْسِ عِذْقٍ لِسَيِّدِي أَعْمَلُ فِيهِ بَعْضَ الْعَمَلِ، وَسَيِّدِي جَالِسٌ تَحْتِي إِذْ أَقْبَلَ ابْنُ عَمٍّ لَهُ حَتَّى وَقَفَ عَلَيْهِ، فَقَالَ: قَاتَلَ اللَّهُ بَنِي قَيْلَةَ، وَاللَّهِ إِنَّهُمْ لَيَجْتَمِعُونَ عَلَى رَجُلٍ قَدِمَ عَلَيْهِمْ مِنْ مَكَّةَ الْيَوْمَ، يَزْعُمُونَ أَنَّهُ نَبِيٌّ، فَلَمَّا سَمِعْتُهَا أَخَذَنِي الْفَرَحُ، حَتَّى ظَنَنْتُ أَنِّي سَأَسْقُطُ عَلَى سَيِّدِي، وَنَزَلْتُ عَنِ النَّخْلَةِ، وَجَعَلْتُ أَقُولُ لِابْنِ عَمِّهِ ذَلِكَ: مَاذَا يَقُولُ؟ فَغَضِبَ سَيِّدِي، فَلَطَمَنِي لَطْمَةً شَدِيدَةً، ثُمَّ قَالَ: مَا لَكَ وَلِهَذَا؟ أَقْبِلْ عَلَى عَمَلِكَ، قُلْتُ: لَا شَيْءَ، إِنَّمَا أَرَدْتُ أَنْ أَسْتَفْتِيَهُ عَمَّا قَالَ، وَقَدْ كَانَ عِنْدِي شَيْءٌ قَدْ جَمَعْتُهُ، فَلَمَّا أَمْسَيْتُ أَخَذْتُهُ ثُمَّ ذَهَبْتُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ بِقُبَاءَ، فَدَخَلْتُ عَلَيْهِ، فَقُلْتُ

موت کے وقت کہ میں تجھ سے ملوں اور مجھے بتایا کہ تیرا اور اس کا عبادت کا طریقہ ایک ہے۔ اس نے کہا: میرے پاس مقیم ہو سکتے ہو۔ پس میں اس کے پاس مقیم ہو گیا۔ پس میں نے پایا کہ اس کا اور اس کے ساتھی کا معاملہ ایک ہے۔ پس میں اس کی موت تک اس کے پاس ہی رہا۔ پس جب اس کی وفات کا وقت آیا تو میں نے اس سے کہا: اے فلاں! بے شک فلاں نے مجھے تیری طرف وصیت کی اور مجھے تجھ سے ملنے کا حکم دیا جبکہ اب تیرا وہ وقت آ گیا ہے جو تُو دیکھ رہا ہے پس تُو مجھے کس کی طرف وصیت کرتا ہے اور کیا حکم دیتا ہے؟ اس نے کہا: اے بیٹے! میں نہیں جانتا ہوں کہ کوئی آدمی رہ گیا ہو جس کی طرف جانے کا میں تجھے حکم دوں۔ ہاں عموریہ میں ایک آدمی ہے روم کی سرزمین پر پس اس کا طریقہ عبادت وہی ہے جو ہمارا ہے۔ پس جب وہ مر گیا اور دفن ہو گیا تو میں عموریہ والے آدمی سے جا ملا۔ پس اسے اپنی خبر دی تو اس نے کہا: میرے پاس رہ سکتے ہو۔ پس میں اس بہتر آدمی کے پاس رہ گیا جس کا گزارہ اپنے دوستوں کے ہدیوں اور کاموں پر تھا۔ میں نے بھی خوب کمائی کی حتیٰ کہ میرے پاس بہت ساری گائیں اور بکریاں جمع ہو گئیں پھر اس پر بھی اللہ کا حکم آیا پس جب اس کی موت کا وقت آیا تو میں نے کہا: اے فلاں! پہلے میں فلاں آدمی کے پاس تھا پھر اس نے مجھے تیری طرف وصیت کی۔ پس اب تُو مجھے کس کی طرف وصیت کرتا ہے؟ اور مجھے کس کے پاس جانے کا

حضرت عبداللہ بن سندر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ہم حضرت زنباع بن سلامہ جذامی کے پاس تھے' یہ ان پر ناراض ہوئے' انہیں خصی کر دیا اور کان کاٹا' وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے اور آپ کو بتایا تو آپ حضرت زنباع سے ناراض ہوئے' اور ان سے آزاد کروا دیا۔ عرض کی: اے اللہ کے رسول! مجھے وصیت فرمائیے! فرمایا: میں ہر مسلمان کے ساتھ خیر خواہی کرنے کی وصیت کرتا ہوں۔

مَنِ اسْمُهُ سَعْرٌ
سَعْرٌ الدُّؤَلِيُّ

6588 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى التَّيْمِيُّ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَبِي

جن کا نام سعر ہے
حضرت سعر الدؤلی رضی اللہ عنہ

حضرت ابوسعر الدؤلی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں مکہ کی ایک بستی میں تھا' ایک مسلمان آدمی آیا' میں اپنی بکریوں کے درمیان تھا' میں نے

6587- قال في المجمع جلد4صفحه239 رواه البزار (120-121 زوائد البزار)' والطبراني وفيه عبد الله ابن سندر ولم أعرفه وبقية رجاله ثقات .

6588- ورواه أحمد جلد3صفحه414-415' وأبو داؤد رقم الحديث: 1566' والنسائي جلد5صفحه32-33' وأبوعبيد في الأموال (1090)' والبيهقي جلد4صفحه96 كلهم من طريق آخر .

مُرَارَةَ الْجُهَنِيّ، عَنْ أَبِي سَعْرٍ الدُّؤَلِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: كُنْتُ فِي نَاحِيَةِ مَكَّةَ، فَجَاءَ رَجُلٌ مُسْلِمٌ وَأَنَا بَيْنَ ظَهْرَانَيْ غَنَمِي، فَقُلْتُ: مَنْ أَنْتَ، فَقَالَ: أَنَا رَسُولُ رَسُولِ اللّٰهِ، فَقُلْتُ: مَرْحَبًا بِرَسُولِ رَسُولِ اللّٰهِ وَأَهْلًا، فَمَا تُرِيدُ؟ قَالَ: أُرِيدُ صَدَقَةَ غَنَمِكَ، قَالَ: فَجِئْتُهُ بِشَاةٍ مَاخِضٍ حِينَ وُلِدَتْ، فَلَمَّا نَظَرَ إِلَيْهَا قَالَ: لَيْسَ حَقُّنَا فِي هَذِهِ، قُلْتُ: فَفِيمَ حَقُّكَ؟ قَالَ: فِي الثَّنِيَّةِ وَالْجَذَعَةِ اللَّحِبَةِ

کہا: آپ کون ہیں؟ اس نے کہا: میں رسول اللہ ﷺ کا بھیجا ہوا ہوں۔ میں نے کہا: رسول اللہ ﷺ کے بھیجے ہوئے کو خوش آمدید! آپ کیا چاہتے ہیں؟ اس نے کہا: میں آپ کی بکریوں کی زکوٰۃ! اس نے کہا: میں حمل والی بکری لینے کے لیے آیا ہوں جب وہ پیدا ہوئی ہے، جب اس نے بکریوں کو دیکھا تو اس نے کہا: اس میں ہمارا حق نہیں ہے، میں نے کہا: تمہارا حق کس میں ہے؟ اس نے کہا: دوسالہ اور چھ ماہ میں۔

مَنِ اسْمُهُ سَمُرَةُ

سَمُرَةُ بْنُ مِعْيَرٍ أَبُو مَحْذُورَةَ الْجُمَحِيُّ مُؤَذِّنُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

وَهُوَ سَمُرَةُ بْنُ مِعْيَرِ بْنِ وَهْبِ بْنِ دَعْمُوصِ بْنِ سَعْدِ بْنِ جُمَحٍ، وَقَدِ اخْتُلِفَ فِي اسْمِهِ قَالَ ابْنُ الْكَلْبِيِّ: اسْمُهُ أَوْسُ بْنُ مِعْيَرٍ

جن کا نام سمرہ ہے

حضرت سمرہ بن معیر ابومحذورہ جمحی رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کے مؤذن

یہ سمرہ بن معیر بن وہب بن دعموص بن سعد بن جمح رضی اللہ عنہ ہیں، آپ کے نام میں اختلاف ہے۔ ابن کلبی فرماتے ہیں: آپ کا نام اوس بن معیر ہے۔

6589 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ،

حضرت ابن محیریز فرماتے ہیں کہ حضرت ابومحذورہ

6589- ورواه أحمد جلد 3 صفحه 408-409، جلد 6 صفحه 401، ومسلم رقم الحديث: 379، وأبو داؤد رقم الحديث: 496 تا 501، والترمذي رقم الحديث: 191، والنسائي جلد 2 صفحه 4-5، والدارمي رقم الحديث: 1199، وابن الجارود رقم الحديث: 162، وابن ماجه رقم الحديث: 709، وابن خزيمة رقم الحديث: 377 تا 379، وابن حبان رقم الحديث: 1672 تا 1674، والطحاوي في شرح معاني الآثار جلد 1 صفحه 130، والبيهقي جلد 1 صفحه 392-393، وما بين المعكوفين بن رواية فاطمة فقط، وليس عند المصنف في مسند الشاميين رقم الحديث: 3548، وكلمة الآذان بين المعكوفين من مسند الشاميين.

ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ الْمُنْذِرِ الْقَزَّازُ، ثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ وَحَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ حَمْدَوَيْهِ الصَّفَّارُ، ثنا عَفَّانُ، قَالُوا: ثنا هَمَّامٌ، ثنا عَامِرٌ الْأَحْوَلُ، حَدَّثَنِي مَكْحُولٌ، أَنَّ ابْنَ مُحَيْرِيزٍ حَدَّثَهُ، أَنَّ أَبَا مَحْذُورَةَ حَدَّثَهُ: أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَّمَهُ الْأَذَانَ تِسْعَ عَشْرَةَ كَلِمَةً، وَالْإِقَامَةَ سَبْعَ عَشْرَةَ كَلِمَةً، الْأَذَانُ: اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ، حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ، حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ، حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَالْإِقَامَةُ مَثْنَى مَثْنَى

رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ حضورﷺ نے مجھے اذان کے سترہ کلمات سکھائے وہ یہ ہیں: اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ، حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ، حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ، حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ اور اقامت کے کلمات بھی دو مرتبہ۔

6590 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ شُعَيْبٍ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ النَّسَائِيُّ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ رَاهَوَيْهِ، ثنا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَامِرٍ الْأَحْوَلِ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے مجھے اذان سکھائی وہ کلمات یہ ہیں: اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، أَشْهَدُ أَنَّ

6590- رواه النسائي جلد2صفحه4-5 .

مُحَيْرِيزٍ، عَنْ أَبِي مَحْذُورَةَ، قَالَ: عَلَّمَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْأَذَانَ، فَقَالَ: اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، ثُمَّ يَعُودُ، فَيَقُولُ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ، حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ، حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ، حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ

مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ، حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ، حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ، حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ .

6591 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ الْبَيْرُوتِيُّ، ثنا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ الْوَاحِدِ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَيْرِيزٍ، عَنْ أَبِي مَحْذُورَةَ، قَالَ: عَلَّمَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْأَذَانَ تِسْعَ عَشْرَةَ كَلِمَةً، وَالْإِقَامَةَ سَبْعَ عَشْرَةَ كَلِمَةً

حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے مجھے اذان کے انیس کلمات اور اقامت کے سترہ کلمات سکھائے۔

6592 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى أَبُو مُوسَى، ثنا أَبُو عَاصِمٍ الضَّحَّاكُ بْنُ مَخْلَدٍ، ثنا ابْنُ جُرَيْجٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ

حضرت عبداللہ بن محیریز بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ کی گود میں پرورش پائی' میں نے ملک شام کی طرف جانے کی تیاری کی' میں نے حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ سے عرض کی: میں ملک شام کی طرف

6592- ورواه البيهقي جلد1صفحه393 .

بْنِ أَبِي مَحْذُورَةَ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مُحَيْرِيزٍ، حَدَّثَهُ وَكَانَ يَتِيمًا فِي حِجْرِ أَبِي مَحْذُورَةَ فَجَهَّزَهُ إِلَى الشَّامِ قَالَ: فَقُلْتُ لِأَبِي مَحْذُورَةَ: إِنِّي خَارِجٌ إِلَى الشَّامِ، فَأَخْشَى أَنْ أُسْأَلَ عَنْ تَأْذِينِكَ، فَأَخْبَرَنِي أَنَّ أَبَا مَحْذُورَةَ أَخْبَرَهُ قَالَ: خَرَجْتُ فِي نَفَرٍ، وَكُنَّا بِبَعْضِ الطَّرِيقِ، فَأَذَّنَ مُؤَذِّنُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالصَّلَاةِ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَمِعْنَا صَوْتَ الْمُؤَذِّنِ وَنَحْنُ عِنْدَهُ، فَصَرَخْنَا نَحْكِيهِ لِيَسْمَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّوْتَ، فَأَرْسَلَ إِلَيْنَا، فَوَقَفْنَا بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّكُمُ الَّذِي سَمِعْتُ صَوْتَهُ قَدِ ارْتَفَعَ؟ فَأَشَارَ الْقَوْمُ كُلُّهُمْ إِلَيَّ، وَصَدَقُوا، فَأَرْسَلَهُمْ كُلَّهُمْ وَحَبَسَنِي، قَالَ: قُمْ فَأَذِّنْ بِالصَّلَاةِ فَقُمْتُ، وَلَا شَيْءَ أَكْرَهُ إِلَيَّ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَا مِمَّا يَأْمُرُنِي بِهِ، فَقُمْتُ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَلْقَى عَلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ التَّأْذِينَ هُوَ بِنَفْسِهِ، فَقَالَ: قُلِ: اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، ثُمَّ قَالَ لِيَ: ارْجِعْ فَمُدَّ مِنْ صَوْتِكَ، فَقُلْ: أَشْهَدُ

جارہا ہوں' مجھے خوف ہے کہ وہ آپ کی اذان کے متعلق مجھ سے پوچھیں گے۔ وہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت محذورہ رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ میں ایک گروہ میں نکلا' ابھی ہم راستے میں ہی تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایک مؤذن نے آپ کے پاس نماز کی اذان دینا شروع کی' ہم نے مؤذن کی آواز سنی اور ہم آپ کے پاس تھے' ہم چیخے تاکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو آواز سنائی دے' آپ نے ہماری طرف پیغام بھیجا' ہم آپ کے سامنے کھڑے ہوئے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کون ہے جس کی میں نے اونچی آواز سنی ہے' سارے لوگوں نے میری طرف اشارہ کیا اور سچ کہا' ان کو میری طرف بھیجا اور مجھے روک لیا گیا' آپ نے فرمایا: اُٹھو اور اذان دو! میں کھڑا ہوا' اذان دی' میں کھڑا ہوا تو مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اور جس کا آپ نے مجھے حکم دیا' اس چیز سے زیادہ کوئی ناپسندشی نہیں تھی' پس میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے کھڑا ہوا' پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بذاتِ خود اذان میرے سامنے ارشاد فرمائی' پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کہہ! اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ پھر مجھے فرمایا: پیچھے لوٹ کر اپنی آواز کو بلند کر کے کہہ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ، حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ حَيَّ عَلَى

أَنْ لَا إِلَـهَ إِلَّا اللّٰـهُ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَـهَ إِلَّا اللّٰـهُ، أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰـهِ، حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ، حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ، اللّٰـهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ، لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ ثُمَّ دَعَانِي حِينَ قَضَيْتُ التَّأْذِينَ، فَأَعْطَانِي صُرَّةً فِيهَا شَيْءٌ مِنْ فِضَّةٍ، ثُمَّ وَضَعَ يَدَهُ عَلَى نَاصِيَةِ أَبِي مَحْذُورَةَ، ثُمَّ أَمَرَّهَا عَلَى وَجْهِهِ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ، ثُمَّ عَلَى كَبِدِهِ، ثُمَّ بَلَغَتْ يَدُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صُرَّةَ أَبِي مَحْذُورَةَ، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَارَكَ اللّٰهُ فِيكَ، وَبَارَكَ عَلَيْكَ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰـهِ، مُرْنِي بِالتَّأْذِينِ بِمَكَّةَ، قَالَ: قَدْ فَعَلْتُ وَذَهَبَ كُلُّ شَيْءٍ كَانَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي قَلْبِي مِنْ كَرَاهِيَةٍ، وَعَادَ ذَلِكَ كُلُّهُ مَحَبَّةً لِرَسُولِ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَدِمْتُ عَلَى عَتَّابِ بْنِ أُسَيْدٍ عَامِلِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَذَّنْتُ مَعَهُ بِالصَّلَاةِ عَنْ أَمْرِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

الْفَلَاحِ، اللّٰـهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ، لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ جب میں اذان مکمل کر چکا تو آپ ﷺ نے مجھے بلایا' مجھے ایک تھیلی عطا فرمائی جس میں کچھ چاندی تھی۔ پھر آپ ﷺ نے حضرت ابومحذورہ کی پیشانی پہ ہاتھ رکھا پھر اسے ان کے چہرے پر پھیرا' پھر ان کے سینے (جگر) پہ پھیرا' پھر رسول کریم ﷺ کا ہاتھ مبارک حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ کی تھیلی پر پہنچا' پھر رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ تجھے اس میں برکت دے اور اللہ تجھ پر برکت فرمائے۔ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! مکہ میں اذان دینے کی ذمہ داری مجھے دے دیں! آپ ﷺ نے فرمایا: تجھے دے دی۔حضرت ابومحذورہ فرماتے ہیں: رسول کریم ﷺ کے حوالے سے میرے دل میں جو ناپسندیدگی وغیرہ تھی سب ختم ہوگئی' اس کی جگہ رسول کریم ﷺ کی محبت نے لے لی۔ پس میں رسول کریم ﷺ کے عامل حضرت عتاب بن اُسید کے پاس آیا تو میں نے رسول کریم ﷺ کے حکم کے تحت ان کے ساتھ نماز کیلئے اذان دی۔

6593 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مَنْصُورٍ الرُّمَّانِيُّ الْمِصِّيصِيُّ، وَجَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، وَأَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عِقَالٍ، قَالُوا: ثنا أَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي مَحْذُورَةَ،

حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے اذان کا ایک ایک حرف سکھایا: اللّٰـهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَـهَ إِلَّا اللّٰـهُ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَـهَ إِلَّا اللّٰـهُ، أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ،

قَالَ: سَمِعْتُ جَدِّيَ عَبْدَ الْمَلِكِ بْنَ أَبِي مَحْذُورَةَ، يَذْكُرُ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا مَحْذُورَةَ، يَقُولُ: أَلْقَى عَلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْأَذَانَ حَرْفًا حَرْفًا، اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ، حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ، حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ، حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ، اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ، لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ

أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ، حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ، حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ، حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ۔

حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ الْمِصْرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ أَبِي مَحْذُورَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ جَدَّهُ أَبَا مَحْذُورَةَ، فَذَكَرَ مِثْلَهُ

حضرت ابراہیم بن ابومحذورہ اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضورﷺ نے میرے دادا ابومحذورہ کو اذان دینے کا حکم دیا' اس کے بعد اس کی مثل حدیث ذکر کی۔

6594 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِي عُثْمَانُ مَوْلَاهُمْ، عَنْ أَبِيهِ الشَّيْخِ مَوْلَى أَبِي مَحْذُورَةَ، وَعَنْ أُمِّ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي مَحْذُورَةَ، قَالَا: قَالَ أَبُو مَحْذُورَةَ: خَرَجْتُ فِي عَشَرَةِ فِتْيَانٍ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى حُنَيْنٍ، وَهُمْ أَبْغَضُ النَّاسِ إِلَيْنَا، فَأَذَّنُوا

حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہﷺ کے ہمراہ دس نوجوانوں کے ساتھ حنین کی طرف نکلا' آپ مجھے لوگوں میں سے سب سے زیادہ ناپسند تھے' اُنہوں نے اذان دی اور ہم کھڑے ہوئے' ہم ان کا مذاق اُڑانے لگے' حضورﷺ نے فرمایا: ان نوجوانوں کو میرے پاس لاؤ' فرمایا: اذان دو! اُنہوں نے اذان دی تو میں ان اذان دینے والوں میں سے آخری تھا' حضورﷺ

وَقُمْنَا نَسْتَهْزِءُ بِهِمْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ائْتُونِي بِهَؤُلَاءِ الْفِتْيَانِ فَقَالَ: أَذِّنُوا ' فَأَذَّنُوا، فَكُنْتُ آخِرَهُمْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ ' هَذَا الَّذِي سَمِعْتُ صَوْتَهُ، اذْهَبْ فَأَذِّنْ لِأَهْلِ مَكَّةَ، وَقُلْ لِعَتَّابِ بْنِ أُسَيْدٍ: أَمَرَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ أُؤَذِّنَ لِأَهْلِ مَكَّةَ وَمَسَحَ عَلَى نَاصِيَتِهِ، فَقَالَ: قُلِ: اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، مَرَّتَيْنِ، ثُمَّ ارْجِعْ، فَقُلْ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، مَرَّتَيْنِ، أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، مَرَّتَيْنِ، حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ مَرَّتَيْنِ، حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ مَرَّتَيْنِ، اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ، لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَإِذَا أَذَّنْتَ بِالْأُولَى مِنَ الصُّبْحِ فَقُلِ: الصَّلَاةُ خَيْرٌ مِنَ النَّوْمِ ' الصَّلَاةُ خَيْرٌ مِنَ النَّوْمِ، وَإِذَا أَقَمْتَ فَقُلْهَا مَرَّتَيْنِ، قَدْ قَامَتِ الصَّلَاةُ ' سَمِعْتَ؟ فَكَانَ أَبُو مَحْذُورَةَ: لَا يَجُزُّ نَاصِيَتَهُ، وَلَا يَفْرُقُهَا؛ لِأَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسَحَ عَلَيْهَا قَالَ أَبُو الْقَاسِمِ: عُثْمَانُ الَّذِي رَوَى ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْهُ هَذَا الْحَدِيثَ هُوَ عُثْمَانُ بْنُ السَّائِبِ مَوْلَى بَنِي جُمَحٍ

نے فرمایا: جس کی آواز میں نے سنی ہے' آپ کی آواز اچھی ہے' جاؤ! مکہ والوں کیلئے اذانیں دو اور حضرت عتاب بن اُسید سے کہنا: مجھے رسول کریم ﷺ نے حکم دیا ہے کہ میں مکہ والوں کے لیے اذان دوں اور ان کی پیشانی پر ہاتھ پھیرا۔ فرمایا: کہو! اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، دومرتبہ پھر ترجیع کرو اور دوبار کہو: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ ' أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ دومرتبہ' حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ دومرتبہ' حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ دومرتبہ' اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ، لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ اور جب صبح کی پہلی اذان کہو تو الصلٰوۃ خیر من النوم' الصلٰوۃ خیر من النوم کہو اور جب اقامت کہو تو دومرتبہ کہو: قد قامت الصلٰوۃ ۔ کیا تُو نے اچھی طرح سن لیا؟ پس حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ کی عادت یہ بن گئی کہ آپ رضی اللہ عنہ نے نہ کبھی پیشانی کے بالوں کو اتارا اور نہ کبھی ان میں مانگ نکالی کیونکہ رسول کریم ﷺ نے ان کو اپنا ہاتھ مبارک لگایا تھا۔ راویٔ حدیث حضرت ابوالقاسم عثمان جن سے اس حدیث کو حضرت ابن جریج نے روایت کیا ہے' یہ بنوجمح کے غلام حضرت عثمان بن سائب ہیں۔

6595 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا

حضرت محمد بن عبدالملک بن ابومحذورہ اپنے والد

6595- رواہ عبد الرزاق رقم الحدیث: 1779' ومن طریقہ أحمد جلد3صفحہ408' والبیہقی جلد1 صفحہ393-394 .

مُسَدَّدٌ، ثنا الْحَارِثُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي مَحْذُورَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، عَلِّمْنِي سُنَّةَ الْأَذَانِ، فَمَسَحَ مُقَدَّمَ رَأْسِهِ، قَالَ: تَقُولُ: اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ، تَرْفَعُ بِهَا صَوْتَكَ، ثُمَّ تَقُولُ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، تَخْفِضُ بِهَا صَوْتَكَ ثُمَّ تَقُولُ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ، حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ، حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ، فَإِنْ كَانَ صَلَاةُ الصُّبْحِ قُلْتَ: الصَّلَاةُ خَيْرٌ مِنَ النَّوْمِ، الصَّلَاةُ خَيْرٌ مِنَ النَّوْمِ، اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ، لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ

سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے سنت اذان سکھائیں آپ نے اپنا دست مبارک سر کے آگے والے حصے پر پھیرا پھر فرمایا: تُو پڑھ: اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ، حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ، صبح کی اذان ہوتو پڑھنا: الصَّلَاةُ خَيْرٌ مِنَ النَّوْمِ، الصَّلَاةُ خَيْرٌ مِنَ النَّوْمِ، اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ، لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ۔

6596 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا دَاوُدُ بْنُ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْقُرَشِيُّ، ثنا مَالِكُ بْنُ دِينَارٍ، قَالَ: صَعِدْتُ إِلَى ابْنِ أَبِي مَحْذُورَةَ فَوْقَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ بَعْدَمَا أَذَّنَ، فَقُلْتُ لَهُ: أَخْبِرْنِي عَنْ أَذَانِ أَبِيكَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ: كَانَ يَبْدَأُ فَيُكَبِّرُ فَيَقُولُ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، حَيَّ

حضرت مالک بن دینار فرماتے ہیں کہ میں مسجد حرام کے اوپر ابومحذورہ کے اذان دینے کے بعد آیا میں نے آپ سے عرض کی: مجھے اپنے والد کی اذان کے متعلق بتائیں جو وہ رسول اللہ ﷺ کے دور میں اذان دیتے تھے فرمایا: وہ اللہ اکبر سے ابتداء کرتے تھے اس کے بعد: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ، مَرَّةً مَرَّةً، ثُمَّ يَرْجِعُ، فَيَقُولُ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، أَشْهَدُ أَنْ

عَلَى الصَّلَاةِ ' حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ، مَرَّةً مَرَّةً ' ثُمَّ يَرْجِعُ، فَيَقُولُ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ ' أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللَّهِ ' أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللَّهِ، حَتَّى يَأْتِيَ إِلَى آخِرِ الْأَذَانِ: اللَّهُ أَكْبَرُ اللَّهُ أَكْبَرُ، لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ

لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللَّهِ ' أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللَّهِ، اللَّهُ أَكْبَرُ اللَّهُ أَكْبَرُ، لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ۔

6597 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، ثنا الْهُذَيْلُ بْنُ بِلَالٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ أَبِي مَحْذُورَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: جَعَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِبَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ السِّقَايَةَ، وَلِبَنِي عَبْدِ الدَّارِ الْحِجَابَةَ، وَجَعَلَ الْأَذَانَ لَنَا وَلِمَوَالِينَا

حضرت ابن ابومحذورہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بنی عبدالمطلب کے لیے پانی پلانا اور بنی عبدالدار کے لیے چوکیداری اور ہمارے اور ہمارے غلاموں کے لیے اذان کی ذمہ داری لگائی۔

6598 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ أَبِي سَلْمَانَ، عَنْ أَبِي مَحْذُورَةَ، قَالَ: كُنْتُ أُؤَذِّنُ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي صَلَاةِ الْفَجْرِ، فَأَقُولُ إِذَا قُلْتُ فِي الْأَذَانِ الْأَوَّلِ: حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ، الصَّلَاةُ خَيْرٌ مِنَ النَّوْمِ، الصَّلَاةُ خَيْرٌ مِنَ النَّوْمِ

حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے فجر کی نماز کی اذان دیتا' میں پہلی اذان میں حی علی الفلاح کے بعد الصلوٰۃ خیر من النوم' الصلوٰۃ خیر من النوم پڑھتا تھا۔

6598- ورواه أحمد جلد 6صفحه401 قال في المجمع جلد 1صفحه336 بعد أن نسبه لأحمد فقط وفيه راو لم يسم . وقال جلد 4صفحه285 رواه أحمد والطبراني في الأوسط (154 مجمع البحرين)' والكبير وفيه هذيل بن بلال الأشعري وثقه أحمد وغيره وضعفه .

6599 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، قَالَا: ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ رُفَيْعٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا مَحْذُورَةَ يَقُولُ: كُنْتُ غُلَامًا صَبِيًّا، فَأَذَّنْتُ بَيْنَ يَدَيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ حُنَيْنٍ، فَلَمَّا انْتَهَيْتُ إِلَى حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ، حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ، قَالَ لِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلْحِقْ فِيهَا: الصَّلَاةُ خَيْرٌ مِنَ النَّوْمِ

حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں بچہ تھا' میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ حنین کے دن اذان دی' جب میں حی علی الصلوٰۃ' حی علی الفلاح پر پہنچا تو مجھے حضور ﷺ نے فرمایا: اس کے ساتھ الصلوٰۃ خیر من النوم ملا لے۔

6600 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْبَاقِي الْمِصِّيصِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ لُوَيْنٌ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَابِرٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا مَحْذُورَةَ: كَيْفَ كُنْتَ تُؤَذِّنُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ أَيُّ شَيْءٍ كُنْتَ تَجْعَلُ آخِرَ أَذَانِكَ؟ قَالَ: كُنْتُ أُثَنِّي الْأَذَانَ، وَأُثَنِّي الْإِقَامَةَ، وَأَجْعَلُ آخِرَ أَذَانِي لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ

حضرت اسود فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا: رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں آپ اذان کیسے دیتے تھے اور اذان کے آخر میں کیا کلمات پڑھتے تھے؟ فرمایا: میں اذان اور اقامت کے کلمات دو دو مرتبہ کہتا تھا اور اذان کے آخر میں لا الٰہ الا اللہ پڑھتا تھا۔

6601 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ زُرَيْقٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ أَبِي مَحْذُورَةَ، قَالَ: كَانَ آخِرَ الْأَذَانِ: اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ، لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ

حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اذان کے آخر میں اللہ اکبر اللہ اکبر لا الٰہ الا اللہ پڑھتا تھا۔

6599- ورواه عبد الرزاق رقم الحديث: 1821.

6602 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ يَزِيدَ الْأَزْرَقُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ نَصْرِ بْنِ خَالِدٍ الْبُخَارِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ حَمْزَةَ، عَنْ رَقَبَةَ بْنِ مَصْقَلَةَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا مَحْذُورَةَ عَنْ آخِرِ الْأَذَانِ؟ فَقَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، وَاللَّهُ أَكْبَرُ

حضرت اسود فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ اذان کے آخر میں کیا پڑھنا ہے؟ فرمایا: لا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر۔

6603 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، قَالَا: ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ أَبِي مَحْذُورَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ أَبِي مَحْذُورَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمُؤَذِّنُونَ أُمَنَاءُ الْمُسْلِمِينَ عَلَى فِطْرِهِمْ وَسُحُورِهِمْ

حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اذان دینے والے سحری وافطاری میں مسلمانوں کے امین ہیں۔

6604 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ، ثنا يَحْيَى، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ أَبِي مَحْذُورَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ أَبِي مَحْذُورَةَ، قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا أَذَّنْتَ الْمَغْرِبَ فَاحْدُرْهَا مَعَ الشَّمْسِ حَدْرًا

حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے مجھے فرمایا: جب تُو مغرب کی اذان دے تو سورج کے غروب ہونے کے ساتھ ہی دے۔

6605 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ السَّرَّاجُ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ

حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: مغرب کا وقت سورج غروب ہونے کے ساتھ ہے۔

-66.- قال في المجمع جلد3صفحه2' واسناده حسن . قلت: فيه يحيى الحمانى وهو ضعيف .

-6605 قال في المجمع جلد1صفحه311' واسناده حسن . قلت: فيه أيضًا يحيى الحمانى .

أَبِي مَحْذُورَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي يَقُولُ: عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَقْتُ الْمَغْرِبِ احْذُرْهَا مَعَ الشَّمْسِ

6606 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو حُذَيْفَةَ، ثنا أَيُّوبُ بْنُ ثَابِتٍ، عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ مَجْزَأَةَ، أَنَّ أَبَا مَحْذُورَةَ، كَانَتْ لَهُ قُصَّةٌ فِي مُقَدَّمِ رَأْسِهِ، إِذَا قَعَدَ أَرْسَلَهَا، فَتَبْلُغُ الْأَرْضَ، فَقَالُوا لَهُ: أَلَا تَحْلِقُهَا؟ فَقَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسَحَ عَلَيْهَا بِيَدِهِ فَلَمْ أَكُنْ لِأَحْلِقَهَا حَتَّى أَمُوتَ، فَلَمْ يَحْلِقْهَا حَتَّى مَاتَ

حضرت صفیہ بنت مجزاہ سے روایت ہے کہ حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ کے سر کے آگے بالوں کا گچھا تھا' جب بیٹھتے تو چھوڑ دیتے تو بال زمین تک لٹکتے تھے' آپ سے عرض کی گئی: آپ ان کو کاٹتے نہیں ہیں؟ آپ نے فرمایا کہ حضور ﷺ نے ان پر اپنا دستِ مبارک پھیرا' میں مرنے تک نہیں کٹاؤں گا' آپ نے یہ مرتے وقت تک نہیں کاٹے تھے۔

6607 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ الْعَسْقَلَانِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ سَهْلٍ الرَّمْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَيْرِيزٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي يُحَدِّثُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَيْرِيزٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: رَأَيْتُ أَبَا مَحْذُورَةَ وَلَهُ شَعَرٌ، فَقُلْتُ لَهُ: أَلَا تَأْخُذُ شَعْرَكَ؟ فَقَالَ: مَا كُنْتُ لِأُحِفَّ شَعَرًا مَسَحَ -أَمَرَّ- رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ عَلَيْهِ

حضرت عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن محیریز اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ کو دیکھا' آپ کے بال تھے' میں نے آپ سے عرض کی: کیا آپ بال نہیں کاٹتے ہیں؟ انہوں نے فرمایا: میں ان بالوں کو کم نہیں کروں گا جن پر رسول اللہ ﷺ نے دستِ مبارک پھیرا ہے۔

6608 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ،

حضرت اوس بن خالد فرماتے ہیں کہ میں حضرت

6606- قال في المجمع جلد1صفحه311' واسناده حسن .

6607- قال في المجمع جلد5صفحه165' وفيه أيوب بن ثابت المكي قال أبو حاتم: لا يصح حديثه .

6608- في رواية فاطمة بدل مسح .

ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَوْسِ بْنِ خَالِدٍ، قَالَ: كُنْتُ إِذَا قَدِمْتُ عَلَى أَبِي مَحْذُورَةَ سَأَلَنِي عَنْ رَجُلٍ، وَإِذَا قَدِمْتُ عَلَى الرَّجُلِ سَأَلَنِي عَنْ أَبِي مَحْذُورَةَ، فَقُلْتُ لِأَبِي مَحْذُورَةَ: إِذَا قَدِمْتُ عَلَيْكَ سَأَلْتَنِي عَنْ فُلَانٍ، وَإِذَا قَدِمْتُ عَلَيْهِ سَأَلَنِي عَنْكَ؟ فَقَالَ: كُنْتُ أَنَا وَأَبُو هُرَيْرَةَ وَفُلَانٌ فِي بَيْتٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: آخِرُكُمْ مَوْتًا فِي النَّارِ فَمَاتَ أَبُو هُرَيْرَةَ، ثُمَّ مَاتَ أَبُو مَحْذُورَةَ، ثُمَّ مَاتَ الرَّجُلُ

ابومحذورہ رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' آپ نے مجھ سے ایک آدمی کے متعلق پوچھا' جب میں اس آدمی کے پاس آیا تو مجھے حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ کے متعلق پوچھا' میں نے حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ سے کہا: جب میں آپ کے پاس آیا تو آپ نے مجھ سے فلاں کے متعلق پوچھا' جب میں اس کے پاس آیا تو اس نے آپ کے متعلق پوچھا۔ حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں اور حضرت ابوہریرہ اور فلاں شخص ایک گھر میں تھے حضورﷺ نے فرمایا: تم میں سے آخر میں جو مرے گا وہ جہنم میں ہوگا' اس کے بعد حضرت ابوہریرہ اوران کے بعد حضرت ابومحذورہ کا وصال ہوا' پھراس آدمی کا وصال ہوا۔

سَمُرَةُ بْنُ جُنْدُبٍ الْفَزَارِيُّ نَزَلَ الْبَصْرَةَ وَمَاتَ بِهَا مِنْ أَخْبَارِهِ

حضرت سمرہ بن جندب فزاری' آپ بصرہ آئے تھے اور یہاں وصال ہوا اورآپ کی باتوں کے متعلق

6609 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ السَّرَّاجُ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْهَرَوِيُّ، ثنا هُشَيْمٌ، أنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ أُمَّ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، مَاتَ عَنْهَا زَوْجُهَا، وَتَرَكَ ابْنَهُ سَمُرَةَ وَكَانَتِ امْرَأَةً جَمِيلَةً، فَقَدِمَتِ الْمَدِينَةَ، فَخُطِبَتْ فَجَعَلَتْ تَقُولُ: لَا أَتَزَوَّجُ رَجُلًا إِلَّا رَجُلًا يَكْفُلُ لَهَا

حضرت عبدالحمید بن جعفر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ کی والدہ کا شوہر وصال کر گیا اور بیٹا سمرہ چھوڑ گیا' ان کی والدہ خوبصورت تھیں' مدینہ میں آپ کو نکاح کا پیغام بھیجا گیا' آپ فرماتیں: میں ایسے آدمی سے شادی کروں گی جو سمرہ کے بیٹے کی بالغ ہونے تک خرچ کی ذمہ داری لے۔ انصار کے ایک آدمی نے اس شرط پر شادی کر لی' آپ اپنی والدہ

6608- فيه علي بن زيد بن جدعان وهو ضعيف، وأوس بن خالد هو ابن أبي أوس مجهول .

بِنَفَقَةِ ابْنِهَا سَمُرَةَ، حَتَّى يَبْلُغَ، فَتَزَوَّجَهَا رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ عَلَى ذَلِكَ، وَكَانَتْ مَعَهُ فِي الْأَنْصَارِ

کے ساتھ انصار میں رہے۔

6610 - وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَعْرِضُ غِلْمَانَ الْأَنْصَارِ فِي كُلِّ عَامٍ، فَمَنْ بَلَغَ مِنْهُمْ بَعَثَهُ، فَعَرَضَهُمْ ذَاتَ عَامٍ، فَمَرَّ بِهِ غُلَامٌ، فَبَعَثَهُ فِي الْبَعْثِ، وَعُرِضَ عَلَيْهِ سَمُرَةُ مِنْ بَعْدِهِ فَرَدَّهُ، فَقَالَ سَمُرَةُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَجَزْتَ غُلَامًا، وَرَدَدْتَنِي، وَلَوْ صَارَعَنِي لَصَرَعْتُهُ؟ قَالَ: فَدُونَكَ، فَصَارِعْهُ قَالَ: فَصَرَعْتُهُ، فَأَجَازَنِي فِي الْبَعْثِ

حضورﷺ کو ہر سال انصار کے بیٹے پیش کیے جاتے' جوان میں سے بالغ ہو جاتا اس کو آپ جنگ کے لیے بھیجتے' آپ پر بچے پیش کیے گئے تو آپ نے جنگ کے لیے بھیجا' اس کے بعد حضرت سمرہ پیش کیے گئے تو آپ نے واپس کر دیا۔ حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے بچے کو اجازت دی ہے اور مجھے واپس کر دیا' اگر آپ میری کشتی کروادیں تو میں گرالوں گا۔ آپﷺ نے فرمایا: ٹھیک ہے! آپ کشتی کروائیں۔ حضرت سمرہ فرماتے ہیں: میں نے گرالیا تو مجھے جہاد پر جانے کی اجازت دے دی گئی۔

مَا أَسْنَدَ سَمُرَةُ بْنُ جُنْدُبٍ

حضرت سمرہ بن جندب کی روایات کردہ احادیث

عَامِرٌ الشَّعْبِيُّ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ

عامر شعبی' حضرت سمرہ بن جندب سے روایت کرتے ہیں

6611- حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

6610- قال في المجمع جلد5صفحه319 رواه الطبراني مرسلًا ورجاله ثقات .

6611- ورواه أحمد جلد5صفحه20,13,11' والطيالسي رقم الحديث: 1381' وأبو داؤد رقم الحديث: 3325' والنسائي جلد 7صفحه315' والحاكم جلد 2صفحه26,25' والبيهقي جلد6صفحه49 قال شيخنا في أحكام الجنائز صفحه 15 أخرجه بعضهم عن الشعبي عن سمرة وبعضهم أدخل بينهما سمعان بن مشنج وهو على الوجه الأول صحيح على شرط الشيخين كما قال الحاكم ووافقه الذهبي' وعلى الوجه الثاني صحيح فقط . وقال في

عَـمْـرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، أَنَا شُعْبَةُ، عَنْ فِرَاسٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّـى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى صَلَاةَ الصُّبْحِ، فَـقَـالَ: هَهُـنَا أَحَدٌ مِنْ بَنِي فُلَانٍ، إِنَّ صَاحِبَكُمْ مَحْبُوسٌ بِبَابِ الْجَنَّةِ بِدَيْنٍ عَلَيْهِ

حضور ﷺ نے نمازِ فجر پڑھائی' فرمایا: یہاں بنی فلاں کا کوئی ہے؟ فرمایا: تمہارا ساتھی جنت کے دروازے پر ہے' اُسے قرض کی وجہ سے روک لیا گیا ہے۔

6612- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا ابْـنُ الْأَصْبَهَانِـيِّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْـمُـحَـارِبِيُّ، عَـنْ يَـزِيـدَ بْـنِ عَبْـدِ الرَّحْمَنِ الـدَّالَانِيِّ، عَنْ فِرَاسٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ سَمُرَةَ بْـنِ جُـنْـدُبٍ، قَالَ: صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى الـلّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْضَ الصَّلَوَاتِ، ثُمَّ قَالَ: مَنْ هَهُـنَا مِنْ رَهْطِ فُلَانٍ؟ إِنَّ صَاحِبَكُمْ قَدِ احْتُبِسَ عَـنِ الْـجَنَّةِ بِدَيْنٍ كَانَ عَلَيْهِ، فَإِمَّا أَنْ تَفْدُوهُ مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ، وَإِمَّا أَنْ تُسْلِمُوهُ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں کوئی نماز پڑھائی' پھر فرمایا: یہاں بنی فلاں کا رہنے والا کوئی ہے؟ فرمایا: تمہارے ساتھی کو جنت کے دروازے پر روک لیا گیا ہے' اس پر قرض ہونے کی وجہ سے' یا تو تم اس کو اللہ کے عذاب سے فدیہ دے کر آزاد کرو' یا اس کو عذاب کے حوالے کر دو۔

6613- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثـنـا الْـفُـضَيْلُ بْنُ الْحُسَيْنِ أَبُو كَامِلٍ الْـجَـحْـدَرِيُّ، ثـنـا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ فِرَاسٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَـنْ سَـمُـرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ: هَهُنَا أَحَدٌ مِنْ بَنِي النَّجَّارِ؟ فَنَادَى ثَلَاثًا لَا يُجِيبُهُ أَحَدٌ، ثُمَّ إِنَّ رَجُلًا أَجَابَهُ، فَقَالَ: سَمِعْتَ نِدَائِي؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: إِنَّ فُلَانًا الَّذِي تُوُفِّيَ مِنْكُمْ قَدِ احْتُبِسَ عَنِ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک دن فرمایا: یہاں کوئی بنی نجار کا رہنے والا ہے؟ تین مرتبہ آپ نے یہی فرمایا لیکن کسی نے جواب نہیں دیا' پھر ایک آدمی نے جواب دیا تو آپ نے فرمایا: میں نے آواز سنی ہے' اس نے عرض کی: جی ہاں! فرمایا: تمہارا ساتھی تم میں سے فوت ہوا ہے' اس کو جنت میں جانے سے روک دیا گیا' اس کے ذمہ قرض ہونے کی وجہ سے' اگر تم چاہو تو اس کو جہنم میں ڈال دو' اگر تم چاہو تو اسے عذابِ الٰہی سے

المجمع جلد 4صفحه129 رواه الطبراني في الأوسط وفيه أسلم ابن سهل الواسطي' قال الذهبي: لينه الدارقطني وهذه عبارة سهلة في التضعيف وبقية رجاله ثقات . لكن فيه زيادة فقال رجل علي دينه يا رسول الله .

الْجَنَّةِ، مِنْ أَجْلِ الدَّيْنِ الَّذِي عَلَيْهِ، فَإِنْ شِئْتُمْ فَافْدُوهُ، وَإِنْ شِئْتُمْ فَأَسْلِمُوهُ إِلَى عَذَابِ اللّٰهِ

بچالو۔

6614- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، ثنا شَيْبَانُ، عَنْ فِرَاسٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ: هَهُنَا مِنْ بَنِي النَّجَّارِ أَحَدٌ؟ فَنَادَى ثَلَاثًا، فَأَجَابَهُ رَجُلٌ فِي الثَّالِثَةِ، فَقَالَ: هَلْ سَمِعْتَ نِدَائِي؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَإِنَّ صَاحِبَكُمْ فُلَانًا احْتَبَسَ عَنِ الْجَنَّةِ مِنْ أَجْلِ الدَّيْنِ الَّذِي كَانَ عَلَيْهِ، فَإِنْ شِئْتُمْ فَافْدُوهُ مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ، وَإِنْ شِئْتُمْ فَأَسْلِمُوهُ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں کوئی نماز پڑھائی' پھر فرمایا: یہاں بنی فلاں کا رہنے والا کوئی ہے؟ فرمایا: تمہارے ساتھی کو جنت کے دروازے پر روک لیا گیا ہے اس پر قرض ہونے کی وجہ سے' یا تو تم اس کو اللہ کے عذاب سے فدیہ دے کر بچالو' یا اس کو عذاب کے سپرد کردو۔

6615- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ الْفَزَارِيِّ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: أَقْبَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ذَاتَ يَوْمٍ عَلَى الْقَوْمِ، فَقَالَ: هَهُنَا مِنْ بَنِي فُلَانٍ أَحَدٌ؟ فَسَكَتَ الْقَوْمُ، وَكَانَ إِذَا ابْتَدَأَهُمْ بِشَيْءٍ سَكَتُوا، ثُمَّ قَالَ: هَهُنَا مِنْ بَنِي فُلَانٍ أَحَدٌ؟ فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: هَذَا فُلَانٌ، قَالَ: إِنَّ صَاحِبَكُمْ مَحْبُوسٌ دُونَ الْجَنَّةِ بِدَيْنِهِ فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: عَلَيَّ دَيْنُهُ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک دن قوم کے پاس آئے' فرمایا: یہاں کوئی بنی فلاں کا رہنے والا ہے؟ لوگ خاموش ہو گئے' آپ ﷺ جب کسی شی کی ابتداء کرتے تو صحابہ کرام خاموش ہو جاتے تھے' پھر فرمایا: یہاں کوئی بنی فلاں کا رہنے والا ہے' کوئی ہے لوگوں میں سے؟ ایک آدمی نے عرض کی: جی ہاں! یہ فلاں ہے' آپ نے فرمایا: تمہارے ساتھی کو جنت میں جانے سے روک لیا گیا ہے' اس کے ذمہ قرض ہونے کی وجہ سے۔ لوگوں میں سے ایک آدمی نے عرض کی: اس کا قرض میرے ذمہ ہے۔

6616- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَتَّاتُ الْكُوفِيُّ، ثنا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، ثنا أَبُو الْأَحْوَصِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ سَمْعَانَ بْنِ مُشَنَّجٍ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ وَحَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا سَعِيدُ الْوَرَّاقُ، ثنا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ سَمْعَانَ بْنِ مُشَنَّجٍ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى عَلَى جِنَازَةٍ، فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ: هٰهُنَا أَحَدٌ مِنْ آلِ فُلَانٍ؟ قَالَ: فَلَمْ يَقُمْ أَحَدٌ، حَتَّى قَالَهَا ثَلَاثًا، فَقَامَ رَجُلٌ، فَقَالَ: أَنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مَنَعَكَ أَنْ تَقُومَ فِي الْمَرَّتَيْنِ الْأُولَيَيْنِ؟ أَمَا إِنِّي لَمْ أُنَوِّهْ بِاسْمِكَ إِلَّا لَخَيْرٍ، إِنَّ فُلَانًا رَجُلٌ مَاتَ مَأْسُورٌ بِدَيْنِهِ قَالَ: فَلَقَدْ رَأَيْتُ أَهْلَهُ وَمَنْ يَحْزَنُ بِأَمْرِهِ، قَالَ: فَقَضَوْا مَا عَلَيْهِ حَتَّى مَا بَقِيَ عَلَيْهِ شَيْءٌ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک نمازِ جنازہ پڑھائی جب سلام پھیرا تو فرمایا: بنی فلاں کا یہاں کوئی رہنے والا ہے؟ کوئی کھڑا نہ ہوا آپ نے تین مرتبہ فرمایا ایک آدمی کھڑا ہوا اور عرض کی: یارسول اللہ! میں ہوں! حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تمہیں دو مرتبہ بلانے پر کھڑے ہونے سے کیا رکاوٹ تھی؟ میں نے تمہارا نام اچھائی کے لیے لیا ہے کہ فلاں آدمی جو مر گیا ہے وہ جنت میں جانے سے روک لیا گیا ہے قرض اس کے ذمہ ہونے کی وجہ سے۔ حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے اس کے گھر والوں کو پریشان دیکھا' آپ نے فرمایا: اس کا قرض دو یہاں تک کہ کوئی شی باقی نہ رہے۔

حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ سَمُرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ، وَلَمْ يَذْكُرْ سَمْعَانَ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں' اس میں سمعان کا ذکر نہیں ہے۔

عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَبِي لَيْلَى

حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ' حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ سے

عَنْ سَمُرَةَ

6617- حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ، ح وَحَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، قَالُوا: ثنا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ أَبِي لَيْلَى، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ رَوَى عَنِّي حَدِيثًا وَهُوَ يَرَى أَنَّهُ كَاذِبٌ فَهُوَ أَحَدُ الْكَاذِبِينَ

روایت کرتے ہیں

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو میرے حوالہ سے کوئی حدیث بیان کرے جبکہ اسے پتا ہو کہ (اس کی بیان کردہ حدیث) جھوٹی ہے تو وہ جھوٹوں میں سے ایک جھوٹا ہے۔

عَلِيُّ بْنُ رَبِيعَةَ الْوَالِبِيُّ عَنْ سَمُرَةَ

6618- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، أنا وِقَاءُ بْنُ إِيَاسٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ: عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ خَطَبَ النَّاسَ، فَنَهَى عَنِ الدُّبَّاءِ وَالْمُزَفَّتِ

علی بن ربیعہ والبی، حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے لوگوں کو خطبہ دیا اور آپ نے دباء ومزفت کے برتنوں سے منع کیا۔

مَيْمُونُ بْنُ أَبِي شَبِيبٍ

حضرت میمون بن ابوشبیب، حضرت

6617- ورواه أحمد جلد 5 صفحه 20,19,14، ومسلم في مقدمه صحيحه جلد 1 صفحه 9، وابن ماجه رقم الحديث: 39، وابن حبان في صحيحه رقم الحديث: 29، وفي كتاب المجروحين جلد 1 صفحه 7 .

6618- ورواه أحمد جلد 5 صفحه 17 قال في المجمع جلد 5 صفحه 58، وفيه وقاء بن اياس وثقه أبو حاتم وابن حبان والثوري وضعفه غيرهم، وبقية رجاله ثقات .

عَنْ سَمُرَةَ | سمرہ سے روایت کرتے ہیں

6619- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، عَنْ مَيْمُونِ بْنِ أَبِي شَبِيبٍ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْبَسُوا هَذِهِ الثِّيَابَ الْبَيَاضَ، وَكَفِّنُوا فِيهَا مَوْتَاكُمْ، فَإِنَّهَا أَطْهَرُ وَأَطْيَبُ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سفید کپڑے پہنو اور اس میں مُردوں کو کفن دو کیونکہ یہ زیادہ پاک اور خوبصورت ہیں۔

6620- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، عَنْ مَيْمُونِ بْنِ أَبِي شَبِيبٍ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْبَسُوا الثِّيَابَ الْبَيَاضَ، فَإِنَّهَا أَطْيَبُ وَأَطْهَرُ، وَكَفِّنُوا فِيهَا مَوْتَاكُمْ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سفید کپڑے پہنو اور اس میں مردوں کو کفن دو کیونکہ یہ زیادہ پاک اور خوبصورت ہیں۔

6621- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، عَنْ مَيْمُونِ بْنِ أَبِي شَبِيبٍ، عَنْ سَمُرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْبَسُوا الثِّيَابَ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سفید کپڑے پہنو اور اس میں مردوں کو کفن دو کیونکہ یہ زیادہ پاک اور خوبصورت ہیں۔

6619- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 6199,6198' وأحمد جلد 5صفحه21,20,19,18,17,13,12,10' والنسائی جلد4صفحه34' والترمذی رقم الحديث: 2962' وابن ماجه رقم الحديث: 3567' وابن الجارود رقم الحديث: 523' والحاكم جلد 4صفحه185' والبيهقی جلد4صفحه403,402' وهو حديث صحيح كما قال الترمذی والحاكم والذهبی والحافظ فی الفتح جلد3صفحه135 .

الْبَيَاضَ، فَإِنَّهَا أَطْيَبُ وَأَطْهَرُ، وَكَفِّنُوا فِيهَا مَوْتَاكُمْ

6622- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزْدَادَ التُّوزِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ سَجَّادَةُ، ثنا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، عَنْ مَيْمُونِ بْنِ أَبِي شَبِيبٍ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أَطْهَرَ ثِيَابِكُمُ الْبَيَاضُ، فَالْبَسُوهَا وَكَفِّنُوا فِيهَا مَوْتَاكُمْ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سفید کپڑے پہنو اور اس میں مردوں کو کفن دو کیونکہ یہ زیادہ پاک اور خوبصورت ہیں۔

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ

حضرت عبداللہ بن بریدہ' حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

6623- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، وَحَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا هَمَّامٌ، ثنا حُسَيْنٌ الْمُعَلِّمُ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ: أَنَّ امْرَأَةً مَاتَتْ فِي نِفَاسِهَا عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصَلَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک عورت حضور ﷺ کے زمانہ میں حالتِ نفاس میں مر گئی' حضور ﷺ نے اس کی نمازِ جنازہ پڑھائی' آپ اس کے درمیان کھڑے ہوئے۔

6623- ورواه أحمد جلد 5صفحه19,14' والبخاري رقم الحديث: 1332,1331' ومسلم رقم الحديث: 964' وأبو داود رقم الحديث: 3179' والنسائي جلد 4صفحه72' والترمذي رقم الحديث: 1040' وابن ماجه رقم الحديث: 1493' وابن الجارود رقم الحديث: 544' والطيالسي رقم الحديث: 777' والطحاوي جلد 1 صفحه 490' والبيهقي جلد4صفحه33-34 .

وَسَلَّمَ عَلَيْهَا، فَقَامَ وَسَطَهَا

6624- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، وَيَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، عَنْ حُسَيْنٍ الْمُعَلِّمِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى عَلَى امْرَأَةٍ، فَقَامَ وَسَطَهَا

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے ایک عورت کی نمازِ جنازہ پڑھائی' آپ اس کے درمیان میں کھڑے ہوئے۔

6625- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْأَنْصَارِيُّ، ثنا شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ حُسَيْنٍ الْمُعَلِّمِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ: أَنَّ امْرَأَةً مَاتَتْ فِي الْبَطْنِ، فَصَلَّى عَلَيْهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَامَ وَسَطَهَا

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک عورت پیٹ کی بیماری میں مری تو حضورﷺ نے اس کی نمازِ جنازہ پڑھائی' آپ اس کے درمیان میں کھڑے ہوئے۔

زَيْدُ بْنُ عُقْبَةَ الْفَزَارِيُّ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ

حضرت زید بن عقبہ فزاری' حضرت سمرہ بن جندب سے روایت کرتے ہیں

6626- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: مانگنے والا آدمی اپنے چہرے کو خراشے گا' جو چاہے اپنے چہرے پر گوشت رکھے اور جو چاہے چھوڑ دے۔

-6624 رواه ابن أبي شيبة جلد3صفحه312 .

-6626 ورواه أحمد جلد 5صفحه22,19,10' وأبو داؤد رقم الحديث: 1623' والترمذي رقم الحديث: 676' وابن حبان رقم الحديث: 843,842 .

جُنْدُبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمَسَائِلُ كَدٌّ يَكُدُّ الرَّجُلُ بِهَا وَجْهَهُ، فَمَنْ شَاءَ أَبْقَى عَلَى وَجْهِهِ، وَمَنْ شَاءَ تَرَكَ

6627- حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا شُعْبَةُ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، وَأَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطِرَانِيُّ، قَالَا: ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، أنا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّمَا الْمَسَائِلُ كُدُوحٌ يَكْدَحُ بِهَا الرَّجُلُ وَجْهَهُ، فَمَنْ شَاءَ أَبْقَى عَلَى وَجْهِهِ، وَمَنْ شَاءَ تَرَكَ، إِلَّا أَنْ يَسْأَلَ ذَا سُلْطَانٍ أَوْ فِي أَمْرٍ لَا يَجِدُ مِنْهُ بُدًّا

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: مانگنے والا آدمی اپنے چہرے کو خراشے گا' جو چاہے اپنے چہرے پر گوشت رکھے اور جو چاہے چھوڑ دے۔ (ایک روایت میں ہے:) ہاں اگر بادشاہ سے مانگے یا ضروری کام کے لیے کہ اس کے بغیر چارہ نہ ہو۔

6628- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مَعْبَدِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ هَذِهِ الْمَسَائِلَ كَدٌّ يَكُدُّ بِهَا أَحَدُكُمْ وَجْهَهُ، إِلَّا أَنْ يَسْأَلَ الرَّجُلُ ذَا سُلْطَانٍ أَوْ أَمْرًا لَا بُدَّ لَهُ مِنْهُ

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: مانگنے والا آدمی اپنے چہرے کو خراشے گا' جو چاہے اپنے چہرے پر گوشت رکھے اور جو چاہے چھوڑ دے۔ (ایک روایت میں ہے:) ہاں اگر بادشاہ سے مانگے یا ضروری کام کے لیے کہ اس کے بغیر چارہ نہ ہو۔

6629- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: مانگنے والا آدمی اپنے چہرے کو خراشے گا' جو چاہے اپنے چہرے پر گوشت رکھے اور جو چاہے چھوڑ دے۔ (ایک روایت میں ہے:) ہاں اگر

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَذِهِ الْمَسَائِلُ كَدٌّ يَكُدُّ بِهَا الرَّجُلُ وَجْهَهُ، إِلَّا أَنْ يَسْأَلَ ذَا سُلْطَانٍ أَوْ فِي أَمْرٍ لَا يَجِدُ مِنْهُ بُدًّا

بادشاہ سے مانگے یا ضروری کام کے لیے کہ اس کے بغیر چارہ نہ ہو۔

6630- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُوسَى، ثنا شَيْبَانُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ عُقْبَةَ الْفَزَارِيِّ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: إِنَّمَا هَذِهِ الْمَسَائِلُ كَدٌّ يَكُدُّ بِهَا الرَّجُلُ وَجْهَهُ، فَمَنْ شَاءَ أَبْقَى عَلَى وَجْهِهِ، وَمَنْ شَاءَ تَرَكَ، إِلَّا أَنْ يَسْأَلَ الرَّجُلُ ذَا سُلْطَانٍ أَوْ فِي أَمْرٍ لَا بُدَّ مِنْهُ

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: مانگنے والا آدمی اپنے چہرے کو خراشے گا' جو چاہے اپنے چہرے پر گوشت رکھے اور جو چاہے چھوڑ دے۔ (ایک روایت میں ہے:) ہاں اگر بادشاہ سے مانگے یا ضروری کام کے لیے کہ اس کے بغیر چارہ نہ ہو۔

6631- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا جَرِيرٌ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عُقْبَةَ، أَوْ فُلَانِ بْنِ عُقْبَةَ الْفَزَارِيِّ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّمَا هَذِهِ الْمَسَائِلُ كَدٌّ يَكُدُّ بِهَا الرَّجُلُ وَجْهَهُ، فَمَنْ شَاءَ أَبْقَى عَلَى وَجْهِهِ، وَمَنْ شَاءَ تَرَكَ، إِلَّا أَنْ يَسْأَلَ الرَّجُلُ ذَا سُلْطَانٍ أَوْ فِي أَمْرٍ لَا بُدَّ مِنْهُ

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: مانگنے والا آدمی اپنے چہرے کو خراشے گا' جو چاہے اپنے چہرے پر گوشت رکھے اور جو چاہے چھوڑ دے۔ (ایک روایت میں ہے:) ہاں اگر بادشاہ سے مانگے یا ضروری کام کے لیے کہ اس کے بغیر چارہ نہ ہو۔

عُمَرَ الْمَكِّيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ عَطَاءَ بْنَ أَبِي رَبَاحٍ، قَالَ: جَاءَ الشَّرِيدُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْفَتْحِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنِّي نَذَرْتُ إِنِ اللَّهُ فَتَحَ عَلَيْكَ مَكَّةَ أَنْ أُصَلِّيَ فِي بَيْتِ الْمَقْدِسِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَهُنَا فَصَلِّ -ثَلَاثَ مَرَّاتٍ

کے دن عرض کی: یارسول اللہ! میں نے نذر مانی تھی کہ اللہ نے اگر مکہ پر فتح دی تو میں بیت المقدس میں نماز پڑھوں گا' حضورﷺ نے فرمایا: یہاں نماز پڑھ لے' تین مرتبہ فرمایا۔

عَمْرُو بْنُ رَافِعٍ، عَنِ الشَّرِيدِ

عمرو بن رافع' حضرت شرید رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

7108 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ، حَدَّثَنِي أَبِي، حَدَّثَنِي أَبُو يُونُسَ الْقُشَيْرِيُّ، ثنا سِمَاكُ بْنُ حَرْبٍ، أَنَّ عَمْرَو بْنَ رَافِعٍ، حَدَّثَهُ، وَكَانَ مَوْلًى لِأَبِي سُفْيَانَ، أَنَّ الشَّرِيدَ بَيْنَمَا هُوَ يَمْشِي بَيْنَ مِنًى وَالشِّعْبِ فِي حَجَّةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّتِي حَجَّ، قَالَ: وَإِذَا وَقْعُ نَاقَةٍ خَلْفِي، فَالْتَفَتُّ فَإِذَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَعَرَفَنِي، فَقَالَ: الشَّرِيدُ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: أَلَا أَحْمِلُكَ خَلْفِي يَا شَرِيدُ؟ ، قُلْتُ: بَلَى يَا رَسُولَ اللَّهِ، قَالَ: مَا بِي إِعْيَاءٌ وَلَا لُغُوبٌ، وَلَكِنْ أَلْتَمِسُ الْبَرَكَةَ فِي مَرْكَبِي مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا شَرِيدُ هَلْ مَعَكَ مِنْ شِعْرِ أُمَيَّةَ بْنِ أَبِي الصَّلْتِ شَيْءٌ؟ ، قُلْتُ: أَنَا أَرْوَى النَّاسِ، قَالَ: هَاتِ

حضرت سماک بن حرب فرماتے ہیں کہ حضرت عمرو بن رافع نے بیان کیا کہ حضرت ابوسفیان کے غلام بیان کرتے ہیں کہ حضرت شرید رضی اللہ عنہ' رسول اللہﷺ کے حج کے دوران منیٰ اور گھاٹی کے درمیان چل رہے تھے' اونٹنی کے قدموں کی آہٹ میرے پیچھے تھی تو میں نے دیکھا کہ وہ رسول اللہﷺ کی ذات تھی' آپ نے مجھے پہچان لیا' فرمایا: شرید ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: اے شرید! کیا تم میرے پیچھے سوار ہوں گے؟ عرض کی: کیوں نہیں! یارسول اللہ! عرض کی: میں نہ تھکا ہوں نہ مجھے ضرورت ہے لیکن میں نے رسول اللہﷺ کے ساتھ سواری کرنے کی برکت حاصل کرنی تھی۔ آپ نے فرمایا: اے شرید! کیا تمہیں امیہ بن ابوصلت کے کچھ اشعار یاد ہیں؟ میں نے عرض کی: مجھے لوگوں سے زیادہ یاد ہیں' آپ نے فرمایا: وہ پڑھو! میں نے پڑھا تو حضورﷺ خاموش ہو گئے' میں بھی خاموش ہو گیا' پھر آپ نے فرمایا: پڑھو! میں

فَأَنْشَدْتُهُ، فَإِذَا سَكَتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَكَتُّ، وَإِذَا قَالَ: إِيهِ أَنْشَدْتُهُ، حَتَّى إِذَا طَالَ ذٰلِكَ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ ذٰلِكَ: عِنْدَ اللّٰهِ عِلْمُ أُمَيَّةَ بْنِ أَبِي الصَّلْتِ

نے پڑھنا شروع کیا' جب یہ بات لمبی ہوئی تو حضور ﷺ نے فرمایا: امیہ بن صلت کا علم اللہ کے پاس ہے۔

بَابُ الصَّادِ

مَنِ اسْمُهُ صَخْرٌ

صَخْرُ بْنُ حَرْبِ بْنِ أُمَيَّةَ بْنِ عَبْدِ شَمْسِ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ أَبُو سُفْيَانَ مَنْ أَخْبَارِ أَبِي سُفْيَانَ وَوَفَاتِهِ

صاد کا باب

جن کا نام صخر ہے

صخر بن حرب بن امیہ بن عبد شمس بن عبد مناف' ابوسفیان کی باتیں اور آپ کے وصال کے بیان میں

7109 - أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ فُسْتُقَةُ، ثنا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، عَنِ الْهَيْثَمِ بْنِ عَدِيٍّ، قَالَ: هَلَكَ أَبُو سُفْيَانَ بْنُ حَرْبٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ لِتِسْعِ سِنِينَ مَضَيْنَ مِنْ إِمَارَةِ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَكَانَ كَفَّ بَصَرَ أَبِي سُفْيَانَ بْنِ حَرْبٍ

حضرت ہیثم بن عدی فرماتے ہیں کہ حضرت ابوسفیان بن حرب رحمہ اللہ کا وصال حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خلافت سات سال گزرنے کے بعد ہوئی' حضرت ابوسفیان آنکھ سے نابینا تھے۔

7110 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَدِينِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، عَنِ الْوَاقِدِيِّ قَالَ: وَفِيهَا مَاتَ أَبُو سُفْيَانَ صَخْرُ بْنُ

حضرت واقدی فرماتے ہیں کہ ابوسفیان صخر بن حرب کا وصال ۸۸ سال کی عمر میں ۳۱ ہجری کو ہوا۔

7109- فی روایة فاطمة حدثنا محمد بن علی .

حَرْبٍ، وَهُوَ ابْنُ ثَمَانٍ وَثَمَانِينَ سَنَةً، يَعْنِي سَنَةَ إِحْدَى وَثَلَاثِينَ

7111 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ مُقْبِلٍ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ شَبِيبٍ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزُّهْرِيُّ، ثنا مُجَاشِعُ بْنُ عَمْرٍو الْأَسَدِيُّ، حَدَّثَنِي لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ نَوْفَلٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ بْنِ حَرْبٍ، أَنَّ أُمَيَّةَ بْنَ أَبِي الصَّلْتِ كَانَ بِغَزَّةَ -أَوْ قَالَ: بِإِيلِيَا -فَلَمَّا قَفَلْنَا، قَالَ لِي أُمَيَّةُ: يَا أَبَا سُفْيَانَ، إِنْ نَتَقَدَّمْ عَنِ الرُّفْقَةِ، فَنَتَحَدَّثْ؟ قُلْتُ: نَعَمْ .قَالَ: فَفَعَلْنَا فَقَالَ لِي: يَا أَبَا سُفْيَانَ، أَيُّهُنَّ عَنْ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ؟ قُلْتُ: أَيُّهُنَّ عَنْ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ؟ قَالَ: كَرِيمُ الطَّرَفَيْنِ، وَيَجْتَنِبُ الْمَظَالِمَ وَالْمَحَارِمَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ .قَالَ: وَشَرِيفٌ مُسِنٌّ؟ قُلْتُ: وَشَرِيفٌ مُسِنٌّ .قَالَ: السِّنُّ وَالشَّرَفُ أَزْرَيَا بِهِ، فَقُلْتُ لَهُ: كَذَبْتَ، مَا ازْدَادَ سِنًّا إِلَّا ازْدَادَ شَرَفًا، قَالَ: يَا أَبَا سُفْيَانَ، إِنَّهَا لَكَلِمَةٌ مَا سَمِعْتُ أَحَدًا يَقُولُهَا لِي مُنْذُ تَنَصَّرْتُ لَا تَعْجَلْ عَلَيَّ حَتَّى أُخْبِرَكَ .قَالَ: هَاتِ، قَالَ: إِنِّي

حضرت معاویہ بن سفیان' حضرت سفیان بن حرب سے روایت کرتے ہیں کہ امیہ بن صلت' غزہ یا ایلیا کے مقام پر تھے' پس جب ہم واپس لوٹے تو امیہ نے مجھ سے کہا: اے ابوسفیان! ہم اپنے ساتھیوں کے قافلہ سے آگے نکل کر چند باتیں نہ کرلیں؟ ہم نے کہا: ٹھیک ہے! فرماتے ہیں: پس ہم نے ایسے ہی کیا۔ اس نے مجھ سے کہا: اے ابوسفیان! عتبہ بن ربیعہ کے بارے میں ان میں سے کون سی بات ہے؟ میں نے بھی آگے سے یہی کہا: عتبہ بن ربیعہ کے بارے میں ان میں سے کون سی بات ہے؟ اس نے کہا: کیا وہ حسب ونسب کے اعتبار سے کریم نہیں ہے' کیا وہ مظالم اور محارم سے اجتناب کرنے والا نہیں ہے؟ میں نے کہا: جی ہاں! اس نے کہا: کیا وہ بزرگ اور عمر رسیدہ نہیں ہے؟ میں نے کہا: وہ بزرگ اور عمر رسیدہ ہے۔ اس نے کہا: عمر اور بزرگی نے اس کو عیب دار بنا دیا ہے۔ میں نے کہا: تُو نے جھوٹ بولا ہے' عمر بزرگی کو زیادہ کرتی ہے۔ اس نے کہا: اے ابوسفیان! یہ ایسی بات ہے جو میں نے کسی سے نہیں سنی کہ اس نے میرے بارے کہی ہو' جب سے میں نصرانی بنا ہوں' مجھ پر جلدی سے کام نہ لے یہاں تک کہ میں تجھے خبر دوں۔ اس نے کہا: لاؤ! اس نے کہا: بے شک

7111- قال في المجمع جلد 8صفحه232' وفيه مجاشع بن عمرو وهو ضعيف . ومن طريقه رواه أبو نعيم في الدلائل (255) . كذا في المخطوطة: ايهن' وفي الدلائل: ايه في المكانين . وفي الدلائل: ﷺ الذي كنت تنعت' بدل: الذي كنت تنتظر .

كُنْتُ أَجِدُ فِي كُتُبِي نَبِيًّا يُبْعَثُ مِنْ حَرَّتِنَا هَذِهِ فَكُنْتُ أَظُنُّ، بَلْ كُنْتُ لَا أَشُكُّ أَنِّي هُوَ، فَلَمَّا دَارَسْتُ أَهْلَ الْعِلْمِ إِذَا هُوَ مِنْ بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ فَنَظَرْتُ فِي بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ، فَلَمْ أَجِدْ أَحَدًا يَصْلُحُ لِهَذَا الْأَمْرِ غَيْرَ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ، فَلَمَّا أَخْبَرْتَنِي بِسِنِّهِ عَرَفْتُ أَنَّهُ لَيْسَ بِهِ حِينَ جَاوَزَ الْأَرْبَعِينَ، وَلَمْ يُوحَ إِلَيْهِ، قَالَ أَبُو سُفْيَانَ: فَضَرَبَ الدَّهْرُ مَنْ ضَرَبَهُ، وَأُوحِيَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَخَرَجْتُ فِي رَكْبٍ مِنْ قُرَيْشٍ أُرِيدُ الْيَمَنَ فِي تِجَارَةٍ، فَمَرَرْتُ بِأُمَيَّةَ بْنِ أَبِي الصَّلْتِ، فَقُلْتُ لَهُ كَالْمُسْتَهْزِءِ بِهِ: يَا أُمَيَّةُ، قَدْ خَرَجَ النَّبِيُّ الَّذِي كُنْتَ تَنْتَظِرُ، قَال: أَمَا إِنَّهُ حَقٌّ فَاتَّبِعْهُ .قُلْتُ: مَا يَمْنَعُكَ مِنَ اتِّبَاعِهِ؟ قَالَ: مَا يَمْنَعُنِي مِنَ اتِّبَاعِهِ إِلَّا الِاسْتِحْيَاءُ مِنْ نَسَيَاتِ ثَقِيفٍ، إِنِّي كُنْتُ أُحَدِّثُهُنَّ أَنِّي هُوَ، ثُمَّ يُرِيَنَّنِي تَابِعًا لِغُلَامٍ مِنْ بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ، ثُمَّ قَالَ أُمَيَّةُ: وَكَأَنِّي يَا أَبَا سُفْيَانَ إِنْ خَالَفْتُهُ قَدْ رُبِطْتُ كَمَا يُرْبَطُ الْجَدْيُ حَتَّى يُؤْتَى بِكَ إِلَيْهِ فَيَحْكُمَ فِيكَ مَا يُرِيدُ

میں نے اپنی کتابوں میں ایک نبی پایا ہے جو ہمارے اس گرم علاقے سے مبعوث ہوگا۔ پس میں گمان کرتا تھا' بلکہ میں شک بھی نہیں کرتا تھا کہ وہ میں ہوں۔ پس جب میں نے علماء سے تبادلۂ خیال کیا تو معلوم ہوا کہ وہ قبیلۂ عبد مناف سے ہوگا' تو میں نے بنوعبدمناف میں نظر دوڑائی تو میں نے سوائے عتبہ بن ربیعہ کے کسی کو اس قابل نہیں پایا۔ پس جب تُو نے مجھے اس کی عمر کی خبر دی تو میں پہچان گیا کہ یہ نہیں ہے' جب اس کی عمر چالیس سے اوپر ہوگئی ہے لیکن اس پر وحی نہیں آئی۔ ابوسفیان نے کہا: پس زمانے نے مارا جس کو مارا حالانکہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس وحی آ چکی ہے۔ میں قریش کے ایک قافلے میں نکلا' میرا ارادہ تھا کہ یمن میں جا کر تجارت کروں گا۔ پس میں اُمیہ بنت صلت کے پاس سے گزرا' پس میں نے اس سے مذاق کرنے والے کی طرح کہا: اے امیہ! وہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لا چکے ہیں' جن کا تُو انتظار کرتا تھا۔ اس نے کہا: بہرحال وہ سچے ہیں' تُو ان کی اتباع کر۔ میں نے کہا: اس کی پیروی سے تجھے کون سی چیز روک رہی ہے؟ اس نے کہا: مجھے ان کی اتباع سے جو چیز روک رہی ہے وہ بنوثقیف قبیلہ کی ذلت سے حیاء ہے کیونکہ میں ان سے کہا کرتا تھا کہ وہ میں ہوں' پھر وہ دیکھیں گے کہ میں بنوعبدمناف کے ایک لڑکے کا تابع ہوں' پھر اُمیہ نے کہا: اے ابوسفیان! گویا کہ میں اگر ان کے مخالف ہوں تو بھی ان سے مربوط ہوں جیسے بچھورا بندھا ہوا ہوتا ہے حتیٰ کہ تجھے ان کی خدمت میں لایا جائے اور وہ تیرے بارے میں جو چاہیں فیصلہ فرمائیں۔

7112 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، قَالَ: ثُمَّ خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي اثْنَيْ عَشَرَ أَلْفًا مِنَ: الْمُهَاجِرِينَ، وَالْأَنْصَارِ، وَغِفَارٍ، وَأَسْلَمَ، وَمُزَيْنَةَ، وَجُهَيْنَةَ، وَبَنِي سُلَيْمٍ، وَقَادُوا الْخُيُولَ حَتَّى نَزَلُوا بِمَرِّ الظَّهْرَانِ، وَلَمْ تَعْلَمْ بِهِمْ قُرَيْشٌ، فَبَعَثُوا بِأَبِي سُفْيَانَ، وَحَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَالُوا: خُذُوا لَنَا مِنْهُ جِوَارًا، أَوْ آذِنُوهُ بِالْحَرْبِ، فَخَرَجَ أَبُو سُفْيَانَ بْنُ حَرْبٍ، وَحَكِيمُ بْنُ حِزَامٍ، فَلَقِيَا بُدَيْلَ بْنَ وَرْقَاءَ، فَاسْتَصْحَبَاهُ حَتَّى إِذَا كَانُوا بِالْأَرَاكِ مِنْ مَكَّةَ، وَذَلِكَ عِشَاءً رَأَوُا الْفَسَاطِيطَ وَالْعَسْكَرَ، وَسَمِعُوا صَهِيلَ الْخَيْلِ، فَرَاعَهُمْ ذَلِكَ، وَفَزِعُوا مِنْهُ، وَقَالُوا: هَؤُلَاءِ بَنُو كَعْبٍ جَاشَتْهَا الْحَرْبُ، قَالَ بُدَيْلٌ: هَؤُلَاءِ أَكْثَرُ مِنْ بَنِي كَعْبٍ، مَا بَلَغَ تَأْلِيبُهَا هَذَا، أَفَتَنْتَجِعُ هَوَازِنُ أَرْضَنَا؟ وَاللّٰهِ مَا نَعْرِفُ هَذَا أَيْضًا، إِنَّ هَذَا لَمِثْلُ حَاجِّ النَّاسِ، وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ بَعَثَ بَيْنَ يَدَيْهِ خَيْلًا يَقْبِضُ الْعُيُونَ، وَخُزَاعَةُ عَلَى الطَّرِيقِ لَا يَتْرُكُونَ أَحَدًا يَمْضِي، فَلَمَّا دَخَلَ أَبُو سُفْيَانَ

حضرت عروہ فرماتے ہیں: پھر رسول کریم ﷺ بارہ ہزار آدمیوں کے جھرمٹ میں نکلے جن میں مہاجرین' انصار' قبیلہ بنوغفار' بنواسلم' مزینہ' جہینہ اور بنوسلیم تھے۔ وہ گھوڑے کے آگے آگے تھے حتیٰ کہ وہ مرالظہر ان کے مقام پر جا اُترے جبکہ قریشیوں کو اس کا علم نہ تھا۔ پس اُنہوں نے ابوسفیان اور حکیم بن حزام کو رسول کریم ﷺ کی خدمت میں بھیجا اور کہا کہ ان سے ہمارے لیے لونڈیاں لینا یا ان کو جنگ کا چیلنج دینا۔ پس ابوسفیان اور حکیم بن حزام نکلے۔ پس وہ بدیل بن ورقاء سے ملے' اُنہوں نے اسے بھی اپنے ساتھ لے لیا یہاں تک کہ وہ مکہ کی جھاڑیوں والی جگہ پر تھے' عشاء کا وقت تھا' اُنہوں نے نگاہ اُٹھائی تو ان کو خیمے ہی خیمے نظر آئے اور عظیم لشکر۔ اُنہوں نے گھوڑوں کے ہنہنانے کی آوازیں بھی سنیں۔ پس وہ تینوں اس سے مرعوب ہو گئے اور اس سے گھبرا گئے۔ اُنہوں نے کہا: یہ قبیلہ بنوکعب والے ہیں' ان کو جنگ کا جوش چڑھا ہے۔ بدیل نے کہا: بنوکعب سے تو ان کی تعداد زیادہ ہے' ان کی اکثریت بھی اس کو نہیں پہنچی' کیا بنوہوازن ہماری زمین سے گھاس تلاش کر رہے ہیں؟ قسم بخدا! ہم اس کو نہیں پہچانتے' بے شک یہ حاجیوں کی تعداد کے برابر ہیں (ان کی مثل ہیں) (ادھر صورتِ حال یہ تھی کہ) رسول کریم ﷺ نے اس کے سامنے گھڑسوار بھیجے ہوئے تھے' جو جاسوسوں کو گرفتار کر لیتے تھے اور بنوخزاعہ راستے پر تھے' وہ

7112- قال في المجمع جلد 6 صفحه 173 رواه الطبراني مرسلًا وفيه ابن لهيعة وحديثه حسن وفيه ضعف . قلت: تقدم ان هذا التحسين خطأ .

وَأَصْحَابُهُ عَسْكَرَ الْمُسْلِمِينَ أَخَذَتْهُمُ الْخَيْلُ تَحْتَ اللَّيْلِ، وَأَتَوْا بِهِمْ خَائِفِينَ لِلْقَتْلِ فَقَامَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، إِلَى أَبِي سُفْيَانَ، فَوَجَأَ عُنُقَهُ، وَالْتَزَمَهُ الْقَوْمُ، وَخَرَجُوا بِهِ لِيَدْخُلُوا بِهِ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَحَبَسَهُ الْحَرَسُ أَنْ يَخْلُصَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَخَافَ الْقَتْلَ، وَكَانَ الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ خَالِصَةً لَهُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَنَادَى بِأَعْلَى صَوْتِهِ: أَلَا تَأُمُّوا بِي إِلَى عَبَّاسٍ، فَأَتَاهُ وَدَفَعَ عَنْهُ، وَسَأَلَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَقْبِضَهُ إِلَيْهِ، وَمَشَى فِي الْقَوْمِ مَكَانَهُ، فَرَكِبَ بِهِ عَبَّاسٌ تَحْتَ اللَّيْلِ، فَسَارَ بِهِ فِي عَسْكَرِ الْقَوْمِ حَتَّى أَبْصَرُوهُ أَجْمَعُ، وَكَانَ عُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَدْ قَالَ لِأَبِي سُفْيَانَ حِينَ وَجَأَ عُنُقَهُ: وَاللَّهِ لَا تَدْنُو مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى تَمُوتَ، فَاسْتَغَاثَ بِعَبَّاسٍ، فَقَالَ: إِنِّي مَقْتُولٌ فَمَنَعَهُ مِنَ النَّاسِ أَنْ يَنْتَهِبُوهُ، فَلَمَّا رَأَى كَثْرَةَ الْجَيْشِ وَطَاعَتَهُمْ قَالَ: لَمْ أَرَ كَاللَّيْلَةِ جَمْعًا لِقَوْمٍ فَخَلَّصَهُ عَبَّاسٌ مِنْ أَيْدِيهِمْ، وَقَالَ: إِنَّكَ مَقْتُولٌ إِنْ لَمْ تُسْلِمْ وَتَشْهَدْ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللَّهِ، فَجَعَلَ يُرِيدُ أَنْ يَقُولَ الَّذِي يَأْمُرُهُ عَبَّاسٌ بِهِ، وَلَا يَنْطَلِقُ لِسَانُهُ، فَبَاتَ مَعَ عَبَّاسٍ، وَأَمَّا حَكِيمُ بْنُ حِزَامٍ، وَبُدَيْلُ بْنُ

صخر بن حرب بن امية بن عبد شمس

کسی کو نہیں گزرنے دیتے تھے۔ پس جب ابوسفیان اور اس کے دونوں ساتھی مسلمانوں کے لشکر میں داخل ہوئے تو گھڑ سواروں نے ان کو اندھیرے میں پکڑ لیا اور ان کو ڈرتے ہوئے لائے کہ کوئی قتل نہ کر دے۔ پس حضرت عمر بن خطاب کھڑے ہوئے ابوسفیان کی طرف' اس کی گردن کو دبوچ لیا۔قوم نے ان کو روک لیا اور اس کو لے کر باہر نکلے تاکہ اس کو رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں لائیں۔ پس رسول کریم ﷺ کے پاس لے جانے سے چوکیدار نے روک دیا' اسے قتل کا خواب ہوا۔حضرت عباس رضی اللہ عنہ زمانۂ جاہلیت میں اس کے خالص دوست تھے۔ پس وہ بلند آواز سے پکارا: تم مجھے عباس کے پاس نہ لے جاؤ گے' پس وہ آپ کے پاس آیا تو آپ نے اس کا دفاع کیا اور رسول کریم ﷺ سے دریافت کیا: وہ ان کو گرفتار کر کے آپ کی بارگاہ میں لائیں اور قوم میں چلیں۔ پس رات کے سائے میں حضرت عباس نے ان کو سوار کر کے قوم کے لشکر میں چلے یہاں تک کہ لوگوں نے اسے دیکھ لیا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جب اس کی گردن دبائی تو ابوسفیان سے کہا تھا: قسم بخدا! تُو رسول کریم ﷺ کے قریب نہیں جا سکے گا یہاں تک کہ تیرے اوپر موت آ جائے۔ پس اس حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے وسیلے سے مدد طلب کی۔ پس اس نے کہا: مجھے قتل کر دیا جائے گا۔ پس حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے ان کی لوگوں سے حفاظت کی کہ اسے لوٹ نہ لیں' پس جب اس نے لشکر کی کثرت اور ان کی اطاعت شعاری ملاحظہ کی تو کہا: آج کی رات کی طرح میں نے کسی قوم کا

وَرْقَاءَ، فَدَخَلا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ، فَأَسْلَمَا وَجَعَلَ يَسْتَخْبِرُهُمَا عَلَى أَهْلِ مَكَّةَ، فَلَمَّا نُودِيَ لِصَلَاةِ الصُّبْحِ تَخَشْخَشَ الْقَوْمُ، فَفَزِعَ أَبُو سُفْيَانَ فَقَالَ: يَا عَبَّاسُ، مَاذَا تُرِيدُونَ؟ قَالَ: هُمُ الْمُسْلِمُونَ تَيَسَّرُوا لِحُضُورِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ، فَخَرَجَ بِهِ عَبَّاسٌ، فَلَمَّا أَبْصَرَهُمْ أَبُو سُفْيَانَ يَمُرُّونَ إِلَى الصَّلَاةِ فِي صَلَاتِهِمْ يَرْكَعُونَ وَيَسْجُدُونَ إِذَا سَجَدَ، قَالَ: يَا عَبَّاسُ، أَمَا يَأْمُرُهُمْ بِشَيْءٍ إِلَّا فَعَلُوهُ؟ فَقَالَ عَبَّاسٌ: لَوْ نَهَاهُمْ عَنِ الطَّعَامِ وَالشَّرَابِ لَأَطَاعُوهُ . فَقَالَ: يَا عَبَّاسُ، فَكَلِّمْهُ فِي قَوْمِكَ هَلْ عِنْدَهُ مِنْ عَفْوٍ عَنْهُمْ؟ فَانْطَلَقَ عَبَّاسٌ بِأَبِي سُفْيَانَ، حَتَّى أَدْخَلَهُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ، فَقَالَ عَبَّاسٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَذَا أَبُو سُفْيَانَ فَقَالَ أَبُو سُفْيَانَ: يَا مُحَمَّدُ، إِنِّي قَدِ اسْتَنْصَرْتُ إِلَهِي، وَاسْتَنْصَرْتُ إِلَهَكَ فَوَاللّٰهِ، مَا لَقِيتُكَ مِنْ مَرَّةٍ إِلَّا ظَهَرْتَ عَلَيَّ، فَلَوْ كَانَ إِلَهِي مُحِقًّا، وإِلَهَكَ مُبْطِلًا لَظَهَرْتُ عَلَيْكَ، فَشَهِدَ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ . فَقَالَ عَبَّاسٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي أُحِبُّ أَنْ تَأْذَنَ لِي إِلَى قَوْمِكَ، فَأُنْذِرُهُمْ مَا نَزَلَ، وَأَدْعُوهُمْ إِلَى اللّٰهِ وَإِلَى رَسُولِهِ، فَأَذِنَ لَهُ . فَقَالَ عَبَّاسٌ: كَيْفَ أَقُولُ لَهُمْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ بَيِّنْ لِي مِنْ ذَلِكَ أَمَانًا

کوئی لشکر نہیں دیکھا۔ پس حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے ان کو لوگوں کے ہاتھوں سے چھڑایا اور فرمایا: اگر تو اسلام قبول نہیں کرے گا تو قتل کر دیا جائے گا اور اس بات کی گواہی نہیں دے گا کہ جن کا نام نامی محمد ہے وہ اللہ کے رسول ہیں۔ پس وہ ارادہ کرنے لگا کہ وہی بات کہے جو حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے اسے فرمائی ہے اور اس کی زبان نہ پھسلے پس اس نے رات حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے پاس گزاری۔ پس جہاں تک بات ہے حضرت حکیم بن حزام اور بدیل بن ورقاء کی تو وہ رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور اسلام قبول کر لیا اور آپ ان سے مکہ والوں کی خبریں لینے لگے۔ پس جب صبح کی نماز کیلئے اذان ہوئی تو صحابہ کے ہتھیاروں کی آوازیں آنے لگیں (کیونکہ وہ ہتھیار لگا کر نماز پڑھتے تھے) پس ابوسفیان گھبرایا اس نے کہا: اے عباس! تمہارا کیا ارادہ ہے؟ آپ نے فرمایا: یہ مسلمان ہیں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں جائیں گے (یہ حاضری کا وقت ہوتا ہے) پس حضرت عباس رضی اللہ عنہ ان کو لے کر چلے پس جب ابوسفیان نے ان کو دیکھا کہ وہ نماز کی طرف جا رہے ہیں جب آپ ﷺ سجدہ کرتے تھے تو وہ سجدہ کرتے ہیں (اور جب آپ ﷺ رکوع کرتے ہیں تو) وہ رکوع کرتے ہیں۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے اس سے کہا: اے عباس! جو کام بھی آپ ﷺ ان کو فرماتے ہیں وہ بجالاتے ہیں؟ تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: (جی ہاں!) اگر آپ ﷺ ان کو کھانے اور پینے سے منع کر دیں تو وہ کھانا پینا چھوڑ

يَطْمَئِنُّونَ إِلَيْهِ؟ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَقُولُ لَهُمْ: مَنْ شَهِدَ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، وَشَهِدَ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، وَكَفَّ يَدَهُ فَهُوَ آمِنٌ، وَمَنْ جَلَسَ عِنْدَ الْكَعْبَةِ فَوَضَعَ سِلَاحَهُ فَهُوَ آمِنٌ، وَمَنْ أَغْلَقَ عَلَيْهِ بَابَهُ فَهُوَ آمِنٌ

دیتے ہیں۔ اس نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے کہا: اے عباس! پس تو آپ ﷺ سے اپنی قوم کے بارے میں بات کر' کیا ان کے پاس ان کو معاف کرنے کی کوئی صورت ہے؟ پس حضرت عباس' حضرت ابوسفیان کو اپنے ساتھ لے کر چلے حتیٰ کہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں لائے' تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے محمد! یہ ابوسفیان ہے! تو ابوسفیان نے کہا: اے محمد! میں نے اپنے معبودوں سے بھی مدد مانگی ہے اور آپ کے معبود سے بھی مدد طلب کی ہے' پس قسم بخدا! جب بھی آپ سے میری جنگ ہوئی تو آپ ہی غالب رہے' پس اگر میرے معبود برحق ہوتے اور آپ کا معبود باطل تو میں آپ پر غالب آتا۔ پس اس نے گواہی دی کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور بے شک محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔ پس حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میں پسند کرتا ہوں کہ آپ مجھے اپنی قوم (مکہ والوں) کے پاس جانے کی اجازت دیں' پس میں ان کو ڈراؤں جو مصیبت اتری ہے اور میں ان کو اللہ اور اس کے رسول کی طرف دعوت دوں۔ پس آپ ﷺ نے ان کو اجازت دے دی۔ پس حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے کہا: میں ان سے کیسے بات کروں' اے اللہ کے رسول! مجھے کوئی امان بتائیں جو میں ان کو بتاؤں' تو وہ مطمئن ہو جائیں۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: ان سے کہنا: جو گواہی دے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں' وہ اکیلا ہے' اس کا کوئی شریک نہیں اور گواہی دے کہ محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں اور اپنا ہاتھ

روک لے تو اسے امان ہے اور جو کعبہ کے پاس آ کر بیٹھ جائے اور اپنے ہتھیار رکھ دے تو اسے امان ہے' جو اپنا دروازہ بند کر لے اسے امان ہے۔

7113 - قَالَ عَبَّاسٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَبُو سُفْيَانَ ابْنُ عَمِّنَا، وَأَحَبَّ أَنْ يَرْجِعَ مَعِي، وَلَوْ أَخْصَصْتَهُ بِمَعْرُوفٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ دَخَلَ دَارَ أَبِي سُفْيَانَ فَهُوَ آمِنٌ فَجَعَلَ أَبُو سُفْيَانَ يَسْتَفْقِهُهُ، وَدَارُ أَبِي سُفْيَانَ بِأَعْلَا مَكَّةَ، وَقَالَ: مَنْ دَخَلَ دَارَ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ، وَكَفَّ يَدَهُ فَهُوَ آمِنٌ وَدَارُ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ بِأَسْفَلِ مَكَّةَ

حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول: !ابوسفیان میرے چچا کا بیٹا ہے اور میں پسند کرتا ہوں کہ وہ میرے ساتھ واپس جائے اور اگر آپ اس کے حوالے سے بھی (اپنی قوم سے) کوئی نیکی مخصوص کر دیں (تو بہتر ہے) پس نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو ابوسفیان کے گھر داخل ہو جائے' اسے امان ہے۔ پس ابوسفیان بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی باتیں سمجھنے لگا' حال یہ تھا کہ ابوسفیان کا گھر اعلائے مکہ میں تھا اور کہا: جو حکیم بن حزام کے گھر داخل ہو اور ہاتھ روک لے وہ امن میں ہو۔ جبکہ حکیم بن حزام کا گھر مکہ کی نچلی طرف تھا۔

7114 - وَحَمَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيًّا عَلَى بَغْلَتِهِ الْبَيْضَاءِ الَّتِي كَانَ أَهْدَاهَا لَهُ دِحْيَةُ الْكَلْبِيُّ، فَانْطَلَقَ عَبَّاسٌ بِأَبِي سُفْيَانَ قَدْ أَرْدَفَهُ، فَلَمَّا سَارَ عَبَّاسٌ بَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أَثَرِهِ فَقَالَ: أَدْرِكُوا عَبَّاسًا، فَرُدُّوهُ عَلَيَّ وَحَدَّثَهُمْ بِالَّذِي خَافَ عَلَيْهِ فَأَدْرَكَهُ الرَّسُولُ، فَكَرِهَ عَبَّاسٌ الرُّجُوعَ، وَقَالَ: أَيَرْهَبُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُرْجِعَ أَبَا سُفْيَانَ رَاغِبًا فِي قِلَّةِ النَّاسِ فَيَكْفُرَ بَعْدَ إِسْلَامِهِ؟ فَقَالَ: احْبِسْهُ، فَحَبَسَهُ

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اپنی سفید اونٹنی پر سوار کیا جو حضرت دحیہ کلبی نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بطور ہدیہ پیش کی تھی۔ حضرت عباس' حضرت ابوسفیان کو اپنی سواری پر اپنے پیچھے بٹھا کر لے چلے۔ پس جب حضرت عباس رضی اللہ عنہ چلے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے پیچھے آدمی بھیجا' فرمایا: حضرت عباس سے مل کر انہیں میرے پاس واپس لے آؤ اور صحابہ کرام سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وہ بات کی جس کا اس پر خوف تھا۔ پس قاصد نے ان کو پالیا۔ پس حضرت عباس نے واپس آنا مناسب نہ سمجھا اور کہا کہ کیا رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس بات کا ڈر ہے کہ

7114- قال في المجمع جلد6صفحه167' ورجاله رجال الصحيح . هو في سيرة ابن هشام جلد4صفحه17-24 .

فَقَالَ أَبُو سُفْيَانَ: أَغَدْرًا يَا بَنِي هَاشِمٍ فَقَالَ عَبَّاسٌ: إِنَّا لَسْنَا نَغْدِرُ، وَلَكِنْ لِي إِلَيْكَ بَعْضُ الْحَاجَةِ .قَالَ: وَمَا هِيَ، فَأَقْضِيَهَا لَكَ؟ فَقَالَ: يُعَادُهَا حِينَ يَقْدَمُ عَلَيْكَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ وَالزُّبَيْرُ بْنُ الْعَوَّامِ، فَوَقَفَ عَبَّاسٌ بِالْمَضِيقِ دُونَ الْأَرَاكِ مِنْ مِنًى، وَقَدْ وَعَى أَبُو سُفْيَانَ عَنْهُ حَدِيثَهُ، ثُمَّ بَعَثَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُبُورَ الْخَيْلِ بَعْضَهَا عَلَى أَثَرِ بَعْضٍ، وَقَسَمَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمِ الْخَيْلَ شَطْرَيْنِ، فَبَعَثَ الزُّبَيْرَ وَرِدْفَهُ خَالِدًا بِالْجَيْشِ مِنْ أَسْلَمَ وَغِفَارٍ وَقُضَاعَةَ، فَقَالَ أَبُو سُفْيَانَ: رَسُولُ اللهِ، هَذَا يَا عَبَّاسُ؟ قَالَ: لَا وَلَكِنْ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ، وَبَعَثَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ بَيْنَ يَدَيْهِ فِي كَتِيبَةٍ مِنَ الْأَنْصَارِ، فَقَالَ: الْيَوْمُ يَوْمُ الْمَلْحَمَةِ، الْيَوْمُ تُسْتَحَلُّ الْحُرْمَةُ، ثُمَّ دَخَلَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ فِي كَتِيبَةِ الْإِيمَانِ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ وَالْأَنْصَارِ، فَلَمَّا رَأَى أَبُو سُفْيَانَ وُجُوهًا كَثِيرَةً لَا يَعْرِفُهَا قَالَ: يَا رَسُولَ اللهِ أَكْثَرْتَ إِذًا، أَوِ اخْتَرْتَ هَذِهِ الْوُجُوهَ عَلَى قَوْمِكَ؟ .قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنْتَ فَعَلْتَ ذَلِكَ وَقَوْمُكَ، إِنَّ هَؤُلَاءِ صَدَّقُونِي إِذْ كَذَّبْتُمُونِي، وَنَصَرُونِي إِذْ أَخْرَجْتُمُونِي .وَمَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

ابوسفیان کم لوگ دکھ کر اسلام لانے کے بعد کفر کی طرف پھر جائے گا' اس لیے واپس بلانا چاہتے ہیں؟ کہا: اسے روکو۔ پس انہوں نے روکا تو ابوسفیان نے کہا: اے بنوہاشم! کیا دھوکہ ہے؟ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے کہا: ہم دھوکہ کرنے والے نہیں ہیں لیکن مجھے آپ سے ایک کام ہے۔ اس نے کہا: وہ کیا ہے؟ جو میں کر دوں؟ تو انہوں نے کہا: اسے دُہرایا جائے گا جب آپ پر حضرت خالد بن ولید اور حضرت زبیر بن عوام آئیں گے۔ پس حضرت عباس رضی اللہ عنہ منیٰ کی جھاڑیوں کے نیچے تنگ جگہ پر رُک گئے اور ابوسفیان نے ان سے ان کی بات کو یاد کیا' پھر رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک دوسرے کے آگے پیچھے گھوڑوں والے بھیجے۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے گھوڑوں کو دو حصوں میں تقسیم فرما دیا' پہلے حضرت زبیر کو اور ان کے پیچھے حضرت خالد کو لشکر دے کر بھیجا جو بنواسلم' بنوغفار اور بنوقضاعہ والوں پر مشتمل تھا۔ پس ابوسفیان نے کہا: اللہ کے رسول یہ ہیں؟ اے عباس! اُنہوں نے کہا: نہیں! بلکہ یہ خالد بن ولید ہیں اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کو اپنے سامنے انصاریوں کے ایک لشکر میں بھیجا۔ پس اُنہوں نے کہا: آج جنگ کا دن ہے' آج کے دن حرام چیز یا عزت حلال کی جائے گی' پھر رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خود داخل ہوئے' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مہاجرین و انصار میں سے ایمان والوں کا ایک مختصر سا لشکر تھا۔ پس جب حضرت ابوسفیان نے بہت سارے چہرے دیکھے تو ان کو پہچان نہ سکا۔ کہا: اے اللہ کے رسول! اب

وَسَلَّمَ يَوْمَئِذٍ الْأَقْرَعُ بْنُ حَابِسٍ وَعَبَّاسُ بْنُ مِرْدَاسٍ وَعُيَيْنَةُ بْنُ بَدْرٍ الْفَزَارِيُّ، فَلَمَّا أَبْصَرَهُمْ حَوْلَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ هَؤُلَاءِ يَا عَبَّاسُ؟ قَالَ: هَذِهِ كَتِيبَةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَعَ هَذِهِ الْمَوْتُ الْأَحْمَرُ، هَؤُلَاءِ الْمُهَاجِرُونَ وَالْأَنْصَارُ، قَالَ: امْضِ يَا عَبَّاسُ، فَلَمْ أَرَ كَالْيَوْمِ جُنُودًا قَطُّ، وَلَا جَمَاعَةً، فَسَارَ الزُّبَيْرُ بِالنَّاسِ حَتَّى وَقَفَ بِالْحَجُونِ، وَانْدَفَعَ خَالِدٌ حَتَّى دَخَلَ مِنْ أَسْفَلِ مَكَّةَ، فَلَقِيَتْهُ أَوْبَاشُ بَنِي بَكْرٍ، فَقَاتَلُوهُمْ، فَهَزَمَهُمُ اللهُ، وَقُتِلُوا بِالْحَزْوَرَةِ حَتَّى دَخَلُوا الدُّورَ، وَارْتَفَعَ طَائِفَةٌ مِنْهُمْ عَلَى الْخَيْلِ عَلَى الْخَنْدَمَةِ، وَاتَّبَعَهُمُ الْمُسْلِمُونَ، فَدَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أُخْرَيَاتِ النَّاسِ، وَنَادَى مُنَادٍ: مَنْ أَغْلَقَ عَلَيْهِ دَارَهُ وَكَفَّ يَدَهُ فَإِنَّهُ آمِنٌ، وَنَادَى أَبُو سُفْيَانَ بِمَكَّةَ: أَسْلِمُوا تَسْلَمُوا، وَكَفَّهُمُ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ عَنْ عَبَّاسٍ، وَأَقْبَلَتْ هِنْدُ بِنْتُ عُتْبَةَ، فَأَخَذَتْ بِلِحْيَةِ أَبِي سُفْيَانَ، ثُمَّ نَادَتْ: يَا غَالِبُ، اقْتُلُوا هَذَا الشَّيْخَ الْأَحْمَقَ، قَالَ: فَأَرْسِلِي لِحْيَتِي فَأُقْسِمُ لَكِ لَئِنْ أَنْتِ لَمْ تُسْلِمِي لَيُضْرَبَنَّ عُنُقُكِ، وَيْلَكِ جَاءَنَا بِالْحَقِّ فَادْخُلِي أَرِيكَتَكِ -أَحْسَبُهُ قَالَ: وَاسْكُتِي

آپ کثیر ہو گئے یا آپ نے ان چہروں کو اپنی قوم کے خلاف لڑنے کیلئے انتخاب فرمایا ہے۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: یہ تیرا اور قوم کا کیا کرایا ہے' بے شک ان لوگوں نے میری تصدیق کی جب تم لوگوں نے میری تکذیب کی۔ انہوں نے میری مدد کی' جب تم نے مجھے نکال دیا۔ اس دن رسول کریم ﷺ کے ساتھ حضرت اقرع بن حابس' عباس بن مرداس اور عیینہ بن بدر فزاری تھے۔ پس جب اس نے ان کو نبی کریم ﷺ کے گرد دیکھا تو کہا: اے عباس! یہ کون ہیں؟ آپ نے فرمایا: یہ نبی کریم ﷺ کا حفاظتی دستہ ہے اور اس کے ساتھ سرخ موت ہے۔ یہ مہاجرین اور انصار ہیں۔ اس نے کہا: اے عباس! چلو! آج کی طرح میں نے کبھی کوئی لشکر نہیں دیکھا اور نہ کوئی جماعت دیکھی ہے۔ پس حضرت زبیر لوگوں کو لے کر چلے یہاں تک کہ حجون کے مقام پر آ کر ٹھہرے۔ حضرت خالد چل کر مکہ کی نچلی طرف سے داخل ہو۔ پس بنوبکر قبیلہ کے اوباشوں سے ان کی مڈھ بھیڑ ہوئی۔ پس اُنہوں نے ان سے قتال کیا' پس اللہ نے ان اوباشوں کو شکست دی۔ حزورہ کے مقام پر قتل کر دیئے گئے حتیٰ کہ وہ گھروں میں داخل ہوئے' ان میں سے ایک گروہ گھوڑوں پر سوار ہو کر خندمہ پر چڑھا' مسلمان ان کے پیچھے گئے۔ پس نبی کریم ﷺ سب لوگوں سے آخر میں داخل ہوئے' ایک منادی نے نداء دی: جو اپنے اوپر دروازہ بند کر لے اور ہاتھ روک لے تو اسے امان ہے۔ اور حضرت ابوسفیان نے مکہ میں نداء دی: اسلام لے آؤ' محفوظ رہو گے۔ اللہ نے ان کو حضرت عباس سے روک لیا

اور ہند بنت عتبہ آگے بڑھی' اُس نے ابوسفیان کو داڑھی سے پکڑ لیا پھر آواز دی: اے غالب (اکثریت) اس بے وقوف جاہل بوڑھے کو قتل کر دو۔ اس نے کہا: میری داڑھی چھوڑ دے! میں تجھے قسم دیتا ہوں کہ اگر تُو نے اسلام قبول نہ کیا تو تیری گردن اُتار دی جائے گی' تیرے لیے ہلاکت ہو' آپ ہمارے پاس حق لے کر آئے ہیں' پس تُو اپنے پلنگ پر چلی جا' میرا گمان ہے ابوسفیان نے کہا: خاموش ہو جا!

7115 - حَدَّثَنَا أَبُو شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ الزُّهْرِيُّ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: ثُمَّ مَضَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاسْتَخْلَفَ عَلَى الْمَدِينَةِ أَبَا رُهْمٍ كُلْثُومَ بْنَ حُصَيْنٍ الْغِفَارِيَّ، وَخَرَجَ لِعَشْرٍ مَضَيْنَ مِنْ رَمَضَانَ، فَصَامَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَصَامَ النَّاسُ مَعَهُ حَتَّى إِذَا كَانَ بِالْكَدِيدِ مَا بَيْنَ عُسْفَانَ وَأَمَجَ أَفْطَرَ، ثُمَّ مَضَى حَتَّى نَزَلَ مَرَّ الظَّهْرَانِ فِي عَشَرَةِ آلَافٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ مِنْ مُزَيْنَةَ وَسُلَيْمٍ، وَفِي كُلِّ الْقَبَائِلِ عَدَدٌ وَإِسْلَامٌ، وَأَوْعَبَ مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْمُهَاجِرُونَ وَالْأَنْصَارُ، فَلَمْ يَتَخَلَّفْ مِنْهُمْ أَحَدٌ، فَلَمَّا نَزَلَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

حضرت عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: پھر رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لے چلے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مدینہ پر ابورہم کلثوم بن حصین غفاری کو نائب بنایا۔ رمضان المبارک کے دس دن گزر گئے' رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے روزہ رکھا' آپ کے ساتھ صحابہ نے بھی روزے رکھے حتیٰ کہ جب آپ عسفان اور امج کے درمیان کدید کے مقام پر تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے افطار کیا (کہ شام ہوگئی) پھر آپ چل کر مرالظہران پر اُترے' دس ہزار مسلمانوں کے لشکر میں جو مزینہ اور بنوسلیم میں تھا۔ ہر قبیلہ سے ایک مخصوص تعداد تھی اور سارے مسلمان تھے۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مل کر (دشمن سے) لڑائی کیلئے نکل کھڑے ہوئے اور مہاجرین و انصار (بھی اسی مقصد کو نکلے) پس ان میں سے کوئی بھی پیچھے نہیں رہا۔ پس جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مرالظہران کے مقام پر اُترے تو قریش کے بارے میں خبریں آنا بند ہو گئیں۔ پس ان کے بارے میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کوئی خبر نہ آئی (یعنی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان

وَسَلَّمَ بِمَرِّ الظَّهْرَانِ، وَقَدْ عَمِيَتِ الْأَخْبَارُ عَنْ قُرَيْشٍ، فَلَمْ يَأْتِهِمْ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَبَرٌ، وَلَا يَدْرُونَ مَا هُوَ فَاعِلٌ، خَرَجَ فِي تِلْكَ اللَّيْلَةِ أَبُو سُفْيَانَ بْنُ حَرْبٍ، وَحَكِيمُ بْنُ حِزَامٍ، وَبُدَيْلُ بْنُ وَرْقَاءَ يَتَحَسَّسُونَ وَيَنْتَظِرُونَ هَلْ يَجِدُونَ خَبَرًا، أَوْ يَسْمَعُونَ بِهِ، وَقَدْ كَانَ الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ أَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبَعْضِ الطَّرِيقِ، وَقَدْ كَانَ أَبُو سُفْيَانَ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِي أُمَيَّةَ بْنِ الْمُغِيرَةِ قَدْ لَقِيَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِيمَا بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِينَةِ، فَالْتَمَسَا الدُّخُولَ عَلَيْهِ، فَكَلَّمَتْهُ أُمُّ سَلَمَةَ فِيهِمَا، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ابْنُ عَمِّكَ وَابْنُ عَمَّتِكَ وَصِهْرُكَ .قَالَ: لَا حَاجَةَ لِي بِهِمَا، أَمَّا ابْنُ عَمِّي فَهَتَكَ عِرْضِي، وَأَمَّا ابْنُ عَمَّتِي وَصِهْرِي، فَهُوَ الَّذِي قَالَ لِي بِمَكَّةَ مَا قَالَ . فَلَمَّا أُخْرِجَ إِلَيْهِمَا بِذَلِكَ، وَمَعَ أَبِي سُفْيَانَ بُنَيٌّ لَهُ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ لَيَأْذَنَنَّ لِي أَوْ لَآخُذَنَّ بِيَدِ ابْنِي هَذَا، ثُمَّ لَنَذْهَبَنَّ فِي الْأَرْضِ حَتَّى نَمُوتَ عَطَشًا وَجُوعًا، فَلَمَّا بَلَغَ ذَلِكَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَقَّ لَهُمَا، ثُمَّ أَذِنَ لَهُمَا فَدَخَلَا وَأَسْلَمَا، فَلَمَّا نَزَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَرِّ الظَّهْرَانِ قَالَ الْعَبَّاسُ:

کا ذکر کرنا چھوڑ دیا) اور نہ ہی ان کو معلوم تھا کہ آپ ﷺ کیا کر رہے ہیں' اس رات ابوسفیان بن حرب' حکیم بن حزام اور بدیل بن ورقاء نکلے' محسوس کر رہے تھے اور انتظار کر رہے تھے کہ کیا وہ کوئی خبر پاتے یا سنتے ہیں (یا نہیں) جبکہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کسی راستے سے رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آئے تھے اور ابوسفیان بن حارث بن عبدالمطلب اور عبداللہ بن ابوامیہ بن مغیرہ بھی رسول کریم ﷺ سے ملے یعنی مکہ اور مدینہ کے درمیان۔ پس ان دونوں نے رسول کریم ﷺ کی خدمت میں حاضری کا راستہ تلاش کیا۔ پس اُم المؤمنین حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے ان کے بارے میں رسول کریم ﷺ سے بات کی' پس عرض کی: اے اللہ کے رسول! ایک آپ کے چچا کا بیٹا ہے اور ایک آپ کی پھوپھی کا بیٹا ہے اور آپ کے سسرال سے ہے۔ فرمایا: مجھے ان کی کوئی ضرورت نہیں' بہرحال میرے چچا کے بیٹے نے میری عزت کا خیال نہیں کیا اور میری پھوپھی کے بیٹے نے مکہ میں مجھے جو کچھ کہا وہ بتانے کے لائق نہیں۔ پس جب ان دونوں تک یہ بات پہنچی اور ابوسفیان کے ساتھ اس کے بیٹے تھے تو اس نے کہا: قسم بخدا! مجھے وہ ضرور اجازت دیں گے یا میں اس بیٹے کا ہاتھ پکڑوں گا' پھر ہم ضرور زمین میں نکل جائیں گے یہاں تک کہ ہم بھوکے پیاسے مر جائیں گے۔ پس جب بات رسول کریم ﷺ تک پہنچی تو آپ ﷺ کا دل ان کے لیے نرم ہوا۔ پھر آپ نے ان دونوں کو اجازت دی' وہ دونوں حاضر ہو کر مسلمان ہو گئے۔ پس جب رسول

وَاصَبَاحَ قُرَيْشٍ، وَاللّٰهِ لَئِنْ دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ عَنْوَةً قَبْلَ أَنْ يَسْتَأْمِنُوهُ، إِنَّهُ لَهَلَاكُ قُرَيْشٍ إِلَى آخِرِ الدَّهْرِ قَالَ: فَجَلَسْتُ عَلَى بَغْلَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْبَيْضَاءِ، فَخَرَجْتُ عَلَيْهَا حَتَّى جِئْتُ الْأَرَاكَ فَقُلْتُ: لَعَلِّي أَلْقَى بَعْضَ الْحَطَّابَةِ، أَوْ صَاحِبَ لَبَنٍ، أَوْ ذَا حَاجَةٍ يَأْتِي مَكَّةَ، فَيُخْبِرُهُمْ بِمَكَانِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيَخْرُجُوا إِلَيْهِ، فَيَسْتَأْمِنُوهُ قَبْلَ أَنْ يَدْخُلَهَا عَلَيْهِمْ عَنْوَةً .قَالَ: فَوَاللّٰهِ، إِنِّي لَأَسِيرُ عَلَيْهَا، وَأَلْتَمِسُ مَا خَرَجْتُ لَهُ إِذْ سَمِعْتُ كَلَامَ أَبِي سُفْيَانَ، وَبُدَيْلِ بْنِ وَرْقَاءَ وَهُمَا يَتَرَاجَعَانِ، وَأَبُو سُفْيَانَ يَقُولُ: مَا رَأَيْتُ كَالْيَوْمِ قَطُّ نِيرَانًا وَلَا عَسْكَرًا قَالَ: يَقُولُ بُدَيْلٌ: هَذِهِ وَاللّٰهِ نِيرَانُ خُزَاعَةَ حَمَشَتْهَا الْحَرْبُ .قَالَ: يَقُولُ أَبُو سُفْيَانَ: خُزَاعَةُ، وَاللّٰهِ أَذَلُّ وَأَلْأَمُ مِنْ أَنْ تَكُونَ هَذِهِ نِيرَانُهَا وَعَسْكَرُهَا .قَالَ فَعَرَفْتُ صَوْتَهُ، فَقُلْتُ: يَا أَبَا حَنْظَلَةَ، فَعَرَفَ صَوْتِي، فَقَالَ أَبُو الْفَضْلِ فَقُلْتُ: نَعَمْ .قَالَ: مَالَكَ فِدَاكَ أَبِي وَأُمِّي .فَقُلْتُ: وَيْحَكَ يَا أَبَا سُفْيَانَ، هَذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي النَّاسِ وَاصَبَاحَ قُرَيْشٍ وَاللّٰهِ قَالَ: فَمَا الْحِيلَةُ، فِدَاكَ أَبِي وَأُمِّي؟ قَالَ: قُلْتُ: وَاللّٰهِ لَئِنْ ظَفِرَ بِكَ لَيَضْرِبَنَّ عُنُقَكَ، فَارْكَبْ مَعِي

کریم ﷺ مرالظہر ان کے مقام پر اُترے۔ حضرت عباس نے عرض کی: ہائے قریشیوں کی (بری) صبح! قسم بخدا! اگر رسول کریم ﷺ جنگ کرتے ہوئے مکہ میں داخل ہو گئے اس سے پہلے کہ مکہ والے آپ سے امان طلب کریں تو قریشیوں کی ہلاکت ہے سارا زمانہ (پھر وہ سنبھل نہ سکیں گے)۔ کہتے ہیں: میں رسول کریم ﷺ کے سفید خچر پر بیٹھ کر نکلا یہاں تک کہ (مکہ کی) جھاڑیوں میں آیا۔ پس میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہا: میں کسی لکڑیاں اُٹھانے والے دودھ والے یا کسی کام والے سے ملوں گا جو مکہ جا کر رسول کریم ﷺ کی جگہ کی ان کو خبر دے گا تاکہ رسول کریم ﷺ کی جگہ کی ان کو خبر دے گا تاکہ وہ آ کر امان مانگ لیں اس سے پہلے کہ رسول کریم ﷺ جنگ کرتے ہوئے مکہ میں داخل ہوں۔ اُنہوں نے جواب دیا: قسم بخدا! میں اس پر چلتا رہوں گا اور وہی چیز تلاش کروں گا جس کے لیے میں نکلا ہوں جب میں نے ابوسفیان اور بدیل بن ورقاء کا کلام سنا جبکہ وہ لوٹ رہے تھے اور ابوسفیان کہہ رہے تھے: آج کی طرح میں نے کبھی اتنی زیادہ آگ نہیں دیکھی اور کبھی کوئی لشکر (دیکھا ہے)۔ فرماتے ہیں: بدیل بن ورقاء کی زبان پر یہ بات تھی: قسم بخدا! اتنی یہ آگیں یہ تو بنوخزاعہ کی آگیں ہیں جنہوں نے جنگ کو بھڑکایا ہے۔ کہتے ہیں: ابوسفیان کہہ رہا تھا: قسم بخدا! خزاعہ تھوڑے اور کم ہیں اس سے کہ یہ ان کی آگ اور ان کا لشکر ہو۔ فرماتے ہیں: میں اس کی آواز پہچان گیا' پس میں نے کہا: اے ابوحنظلہ! پس وہ میری

صخر بن حرب بن امیۃ بن عبد شمس

هَذِهِ الْبَغْلَةَ حَتَّى آتِيَ بِكَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَسْتَأْمِنَهُ لَكَ، قَالَ: فَرَكِبَ خَلْفِي وَرَجَعَ صَاحِبَاهُ، فَحَرَّكْتُ بِهِ كُلَّمَا مَرَرْتُ بِنَارٍ مِنْ نِيرَانِ الْمُسْلِمِينَ قَالُوا: مَنْ هَذَا؟ فَإِذَا رَأَوْا بَغْلَةَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوا: عَمُّ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى بَغْلَتِهِ حَتَّى مَرَرْتُ بِنَارِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، فَقَالَ: مَنْ هَذَا؟ وَقَامَ إِلَيَّ، فَلَمَّا رَأَى أَبَا سُفْيَانَ عَلَى عَجُزِ الْبَغْلَةِ، قَالَ أَبُو سُفْيَانَ عَدُوُّ اللَّهِ، الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي أَمْكَنَ مِنْكَ بِغَيْرِ عَقْدٍ وَلَا عَهْدٍ، ثُمَّ خَرَجَ يَشْتَدُّ نَحْوَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَرَكَضَتِ الْبَغْلَةُ، فَسَبَقَتْهُ بِمَا تَسْبِقُ الدَّابَّةُ الْبَطِيءُ الرَّجُلَ الْبَطِيءَ، فَاقْتَحَمْتُ عَنِ الْبَغْلَةِ، فَدَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَدَخَلَ عُمَرُ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، هَذَا أَبُو سُفْيَانَ قَدْ أَمْكَنَ اللَّهُ مِنْهُ بِغَيْرِ عَقْدٍ وَلَا عَهْدٍ، فَدَعْنِي فَلْأَضْرِبْ عُنُقَهُ .قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنِّي أَجَرْتُهُ، ثُمَّ جَلَسْتُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخَذْتُ بِرَأْسِهِ فَقُلْتُ: لَا وَاللَّهِ لَا يُنَاجِيهِ اللَّيْلَةَ رَجُلٌ دُونِي، فَلَمَّا أَكْثَرَ عُمَرُ فِي شَأْنِهِ قُلْتُ: مَهْلًا يَا عُمَرُ، أَمَا وَاللَّهِ لَوْ كَانَ مِنْ رِجَالِ بَنِي عَدِيِّ بْنِ كَعْبٍ مَا قُلْتُ هَذَا، وَلَكِنَّكَ عَرَفْتَ أَنَّهُ رَجُلٌ

آواز پہچان گیا۔ پس ابوالفضل (عباس) کہتے ہیں: میں نے کہا: جی ہاں! اس نے کہا: تجھے کیا ہے! میرے ماں باپ تیرے اوپر قربان ہوں! پس میں نے کہا: تیرے لیے ہلاکت! اے ابوسفیان! لوگوں میں یہ اللہ کے رسول ہیں' ہائے قریشیوں کی صبح! قسم بخدا! اس نے کہا: کوئی حیلہ بتاؤ؟ میرے ماں باپ تجھ پر قربان! فرماتے ہیں: میں نے کہا: اگر وہ تیرے اوپر غالب آ گئے تو تیری گردن بھی مار دیں گے۔ میرے ساتھ اس خچر پر سوار ہو جا حتیٰ کہ میں تجھے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں لے جاؤں اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے تیرے لیے امان طلب کروں۔ فرماتے ہیں: وہ میرے پیچھے سوار ہوا اور اس کے دونوں ساتھی واپس چلے گئے' پس میں نے اسے ایڑ لگائی' جب بھی میں مسلمانوں میں سے کسی کی آگ کے پاس سے گزرتا تو وہ کہتے: یہ کون ہے؟ پس جب اُنہوں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دراز گوش کو دیکھا تو کہا: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دراز گوش پر رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچا ہیں یہاں تک کہ میں حضرت عمر بن خطاب کی آگ کے پاس سے گزرا تو اُنہوں نے کہا: یہ کون ہے؟ اور اُٹھ کر میری طرف آئے' پس جب اُنہوں نے ابوسفیان کو خچر کی پیٹھ پر دیکھا تو کہا: ابوسفیان اللہ کا دشمن ہے' اللہ کا شکر ہے جس نے بغیر عقد و مجاہدہ کے تجھ سے یہ چیز ممکن بنائی ہے۔ پھر وہ سختی کرتے ہوئے نکلے اور سیدھے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آئے' سواری تیز چلی اور ان سے آگے نکل گئی جس طرح سست سواری بھی سست آدمی سے آگے نکل جاتی ہے' میں سواری سے اُتر کر رسول

مِنْ رِجَالِ بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ قَالَ: مَهْلًا يَا عَبَّاسُ، فَوَاللّٰهِ لَإِسْلَامُكَ يَوْمَ أَسْلَمْتَ كَانَ أَحَبَّ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ إِسْلَامِ الْخَطَّابِ لَوْ أَسْلَمَ، وَمَا بِي إِلَّا أَنِّي قَدْ عَرَفْتُ أَنَّ إِسْلَامَكَ كَانَ أَحَبَّ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ إِسْلَامِ الْخَطَّابِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اذْهَبْ بِهِ إِلَى رَحْلِكَ يَا عَبَّاسُ، فَإِذَا أَصْبَحَ فَائْتِنِي بِهِ . فَذَهَبْتُ بِهِ إِلَى رَحْلِي فَبَاتَ عِنْدِي، فَلَمَّا أَصْبَحَ غَدَوْتُ بِهِ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا رَآهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَيْحَكَ يَا أَبَا سُفْيَانَ، أَلَمْ يَأْنِ لَكَ أَنْ تَعْلَمَ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ؟ قَالَ: بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي، مَا أَكْرَمَكَ وَأَوْصَلَكَ، وَاللّٰهِ لَقَدْ ظَنَنْتُ أَنْ لَوْ كَانَ مَعَ اللّٰهِ غَيْرُهُ لَقَدْ أَغْنَى عَنِّي شَيْئًا قَالَ: وَيْحَكَ يَا أَبَا سُفْيَانَ، أَلَمْ يَأْنِ لَكَ أَنْ تَعْلَمَ أَنِّي رَسُولُ اللّٰهِ؟ قَالَ: بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي، مَا أَحْلَمَكَ وَأَكْرَمَكَ وَأَوْصَلَكَ هَذِهِ، وَاللّٰهِ كَانَ فِي نَفْسِي مِنْهَا شَيْءٌ حَتَّى الْآنَ .قَالَ الْعَبَّاسُ: وَيْحَكَ يَا أَبَا سُفْيَانَ أَسْلِمْ، وَاشْهَدْ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ قَبْلَ أَنْ تُضْرَبَ عُنُقُكَ، قَالَ: فَشَهِدَ بِشَهَادَةِ الْحَقِّ وَأَسْلَمَ . قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ أَبَا سُفْيَانَ رَجُلٌ يُحِبُّ هَذَا الْفَخْرَ، فَاجْعَلْ لَهُ شَيْئًا قَالَ: نَعَمْ مَنْ دَخَلَ

کریم ﷺ کی خدمت میں آیا اور ادھر سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی داخل ہوئے۔ کہا: اے اللہ کے رسول! یہ ابوسفیان ہے۔ اللہ نے بغیر عقد و مجاہدہ کے قدرت دی ہے' پس آپ مجھے اجزت دیں تو اس کی گردن اُتار دوں۔ فرماتے ہیں: میں نے عرض کی: اے اے اللہ کے رسول! میں نے اسے اجر دیا ہے۔ پھر میں رسول کریم ﷺ کے پاس بیٹھ گیا۔ میں نے اس کا سر پکڑ کر کہا: نہیں! قسم بخدا! آج رات میرے سوا کوئی آدمی آپ ﷺ سے سرگوشی نہیں کر سکے گا۔ پس جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ ان کے معاملہ میں بڑھے تو میں نے کہا: اے عمر! ذرا ٹھہرو! قسم بخدا! اگر اس کا تعلق بنو عدی سے ہوتا تو میں یہ بات نہ کہتا لیکن تجھے معلوم ہے کہ بنو عبد مناف کا آدمی ہے۔ اُنہوں نے کہا: ٹھہرو! اے عباس! قسم بخدا! جس دن آپ اسلام لائے' آپ کا اسلام لانا رسول کریم ﷺ کو خطاب کے اسلام لانے سے زیادہ پسند تھا' اگر وہ اسلام لاتے' مجھے کوئی اور بات نہیں ہے مگر میں جانتا ہوں کہ آپ کا اسلام لانا خطاب کے اسلام لانے سے رسول کریم ﷺ کو زیادہ پسند تھا۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اسے اپنی رہائش پر لے جاؤ جب صبح ہو تو اسے لے کر آنا' پس میں اس کو اپنی رہائش پر لے گیا۔ پس اس نے میرے پاس رات گزاری۔ پس جب صبح ہوئی تو میں اس کو رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں لایا' پس جب رسول کریم ﷺ نے اسے دیکھا تو فرمایا: افسوس! اے ابوسفیان! کیا ابھی وہ وقت قریب نہیں آیا کہ تُو جان لے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں'

دَارَ أَبِي سُفْيَانَ فَهُوَ آمِنٌ، وَمَنْ أَغْلَقَ بَابَهُ فَهُوَ آمِنٌ، وَمَنْ دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَهُوَ آمِنٌ . فَلَمَّا ذَهَبَ لِيَنْصَرِفَ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ: يَا عَبَّاسُ، احْبِسْهُ بِمَضِيقِ الْوَادِي عِنْدَ خَطْمِ الْجَبَلِ، حَتَّى تَمُرَّ بِهِ جُنُودُ اللّٰهِ فَيَرَاهَا . قَالَ: فَخَرَجْتُ بِهِ حَتَّى حَبَسْتُهُ حَيْثُ أَمَرَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ أَنْ أَحْبِسَهُ قَالَ: وَمَرَّتْ بِهِ الْقَبَائِلُ عَلَى رَايَاتِهَا كُلَّمَا مَرَّتْ قَبِيلَةٌ قَالَ: مَنْ هَؤُلَاءِ؟ فَأَقُولُ: سُلَيْمٌ . فَيَقُولُ: مَالِي وَلِسُلَيْمٍ؟ قَالَ: ثُمَّ تَمُرُّ الْقَبِيلَةُ قَالَ: مَنْ هَؤُلَاءِ؟ فَأَقُولُ: مُزَيْنَةُ. فَيَقُولُ: مَا لِي وَلِمُزَيْنَةَ؟ حَتَّى تَعَدَّتِ الْقَبَائِلُ لَا تَمُرُّ قَبِيلَةٌ إِلَّا قَالَ: مَنْ هَؤُلَاءِ؟ فَأَقُولُ: بَنُو فُلَانٍ . فَيَقُولُ: مَالِي وَلِبَنِي فُلَانٍ . حَتَّى مَرَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ فِي الْخَضْرَاءِ كَتِيبَةٌ فِيهَا الْمُهَاجِرُونَ وَالْأَنْصَارُ لَا يَرَى مِنْهُمْ إِلَّا الْحَدَقَ، قَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، مَنْ هَؤُلَاءِ يَا عَبَّاسُ؟ قُلْتُ: هَذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ فِي الْمُهَاجِرِينَ وَالْأَنْصَارِ . قَالَ: مَا لِأَحَدٍ بِهَؤُلَاءِ قِبَلٌ وَلَا طَاقَةٌ، وَاللّٰهِ يَا أَبَا الْفَضْلِ، لَقَدْ أَصْبَحَ مُلْكُ ابْنِ أَخِيكَ الْغَدَاةَ عَظِيمًا . قُلْتُ: يَا أَبَا سُفْيَانَ، إِنَّهَا النُّبُوَّةُ . قَالَ: فَنَعَمْ إِذَنْ . قُلْتُ: النَّجَاءُ إِلَى قَوْمِكَ . قَالَ: فَخَرَجَ حَتَّى إِذَا جَاءَهُمْ صَرَخَ بِأَعْلَى صَوْتِهِ يَا

اس نے کہا: میرے ماں باپ آپ پر قربان! آپ کتنے عزت والے ہیں اور کتنے صلہ رحمی کرنے والے ہیں۔ قسم بخدا! میرا یقین ہے کہ اگر اللہ کے ساتھ کوئی دوسرا ہوتا تو وہ مجھے ضرور کوئی فائدہ پہنچاتا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تجھ پر افسوس! اے ابوسفیان! کیا وہ وقت قریب نہیں آیا کہ تجھے معلوم ہو جائے کہ میں اللہ کا سچا رسول ہوں؛ اس نے کہا: میرے ماں باپ آپ پر قربان! آپ کتنے بردبار ہیں؛ کتنے معزز اور کتنے بڑے صلہ رحمی کرنے والے ہیں؛ قسم بخدا! میرے دل میں ایک بات تھی جو اب تک ہے۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے کہا: تجھ پر افسوس! اے ابوسفیان! اسلام قبول کر اور گواہی دے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے رسول ہیں؛ اس سے پہلے کہ تیری گردن مار دی جائے۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اس نے حق کی شہادت دی اور اسلام لایا۔ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! بے شک ابوسفیان ایسا آدمی ہے جو اس فخر کو پسند کرتا ہے؛ پس آپ اس کے لیے کوئی چیز مخصوص فرما دیں۔ آپ نے فرمایا: جی ہاں! جو ابوسفیان کے گھر داخل ہو گیا اسے امان ہے؛ جس نے اپنا دروازہ بند کر لیا اسے امان ہے اور جو مسجد حرام میں داخل ہو گیا اسے امان ہے۔ پس جب واپس جانے کیلئے وہ چلا تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے عباس! پہاڑ کے پاس تنگ وادی میں جا کر اسے روک لینا یہاں تک کہ وہاں سے اللہ کے لشکر گزریں اور یہ ان کو دیکھے۔ فرماتے ہیں: پس میں ان کے ساتھ نکلا حتیٰ کہ میں نے اسے اس مقام پر

مَعْشَرَ قُرَيْشٍ، هَذَا مُحَمَّدٌ قَدْ جَاءَكُمْ بِمَا لَا قِبَلَ لَكُمْ بِهِ، فَمَنْ دَخَلَ دَارَ أَبِي سُفْيَانَ فَهُوَ آمِنٌ، فَقَامَتْ إِلَيْهِ امْرَأَتُهُ هِنْدُ بِنْتُ عُتْبَةَ، فَأَخَذَتْ بِشَارِبِهِ، فَقَالَتْ: اقْتُلُوا الدَّسَمَ الْأَحْمَسَ، فَبِئْسَ مِنْ طَلِيعَةِ قَوْمٍ . قَالَ: وَيْحَكُمْ، لَا تَغُرَّنَّكُمْ هَذِهِ مِنْ أَنْفُسِكُمْ، فَإِنَّهُ قَدْ جَاءَ مَا لَا قِبَلَ لَكُمْ بِهِ، مَنْ دَخَلَ دَارَ أَبِي سُفْيَانَ، فَهُوَ آمِنٌ قَالُوا: وَيْلَكَ وَمَا تُغْنِي عَنَّا دَارُكَ . قَالَ: وَمَنْ أَغْلَقَ بَابَهُ فَهُوَ آمِنٌ، وَمَنْ دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَهُوَ آمِنٌ فَتَفَرَّقَ النَّاسُ إِلَى دُورِهِمْ وَإِلَى الْمَسْجِدِ

روک لیا جس جگہ روکنے کا حکم رسول کریم ﷺ نے دیا تھا۔ فرماتے ہیں: مختلف قبیلے اپنے اپنے جھنڈے لے کر اس کے پاس سے گزرے پس جب بھی کوئی قبیلہ اس کے پاس سے گزرتا تو وہ کہتا: یہ کون ہیں؟ میں کہتا: بنوسلیم۔ پس وہ کہتا: میں بنوسلیم کو کیوں نہیں پہچانتا؟ فرماتے ہیں: پھر قبیلہ گزرتا تو وہ کہتا: یہ کون ہیں: میں کہتا: مزینہ! وہ کہتا: مجھے مزینہ سے کیا غرض ہے؟ حتیٰ کہ متعدد قبیلے گزرے کوئی قبیلہ بھی نہیں گزرا مگر اس نے کہا: یہ کون ہیں؟ میں کہتا رہا: بنوفلاں اور وہ کہتا رہا: مجھے بنوفلاں سے کیا غرض ہے؟ حتیٰ کہ رسول کریم ﷺ گزرے سبزی میں یعنی سبز جھنڈا۔ ایک لشکر تھا جس میں مہاجرین اور انصار تھے اس نے کہا: سبحان اللہ! اے عباس! یہ کون ہیں؟ میں نے کہا: یہ رسول کریم ﷺ ہیں ساتھ مہاجرین وانصار ہیں۔ اس نے کہا: ان کا سامنا کرنے کی کسی میں طاقت نہیں قسم ہے اے ابوالفضل! کل صبح ہر شی تیرے بھائی کے بیٹے کی ملکیت ہو گی۔ میں نے کہا: اے ابوسفیان! یہ نبوت ہے۔ اس نے کہا: پھر تو ٹھیک ہے۔ میں نے کہا: نجات تیری قوم کی طرف ہے۔ فرماتے ہیں: پس وہ نکلا حتیٰ کہ جب وہ ان کے پاس آیا تو بلند آواز سے پکارا: اے گروہِ قریش! یہ محمد ہیں تمہارے پاس وہ چیز لائے ہیں جو پہلے کوئی نہیں لایا۔ پس جو ابوسفیان کے گھر داخل ہوا اسے امان ہے۔ اس کی بیوی ہند بنت عتبہ اُٹھی اس نے اس کی مونچھوں سے پکڑ لیا اور کہا: قتل کر دو اس بوڑھے کو! پس کتنا بُرا قوم کا فرد ہے۔ اس نے کہا: تم پر افسوس! یہ عورت تم کو دھوکہ نہ دے تمہاری

جانوں سے کیونکہ آپ ﷺ وہ چیز لائے ہیں جو پہلے تمہارے پاس کوئی نہیں لایا۔ جو ابوسفیان کے گھر داخل ہو اسے امان ہے۔ اُنہوں نے کہا: تُو برباد ہو! تیرا گھر ہمیں کیا فائدہ دے گا۔ اس نے کہا: جو دروازہ بند کر لے جو مسجد میں داخل ہو اسے امان ہے پس لوگ اپنے گھروں اور مسجد کی طرف لوٹ گئے۔

حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَعْمَرِيُّ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ مُوسَى الْأَنْصَارِيُّ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، فَذَكَرَ مِثْلَ حَدِيثِ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ

ایک اور سند کے ساتھ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے محمد بن اسحاق کی حدیث کی مثل حدیث روایت ہے۔

7116 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَيَّانَ الْمَازِنِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، أَنَا ثَابِتٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَبَاحٍ، قَالَ: وَفَدْنَا إِلَى مُعَاوِيَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَفِينَا أَبُو هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَكَانَ هَذَا يَصْنَعُ يَوْمَ الطَّعَامِ فَيَدْعُو هَذَا، وَيَصْنَعُ هَذَا يَوْمَ الطَّعَامِ فَيَدْعُو هَذَا، قُلْتُ: يَا أَبَا هُرَيْرَةَ، الْيَوْمُ يَوْمِي فَجَاءَ قَبْلَ أَنْ يَحْضُرَ الطَّعَامُ فَقُلْتُ: يَا أَبَا هُرَيْرَةَ، حَدِّثْنَا بِشَيْءٍ سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى يُدْرِكَ طَعَامُنَا، قَالَ: شَهِدْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت عبداللہ بن ابورباح فرماتے ہیں کہ ہم حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس آئے ہم میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بھی تھے یہ دن کھانا بنانے کا تھا اس کی دعوت کی جاتی تھی اس دن کھانا بنایا جاتا تھا اور اس کی دعوت کی جاتی تھی۔ میں نے عرض کی: اے ابوہریرہ! آج کا دن اشارہ کرنے کا ہے کھانا آنے سے پہلے آیا ہے۔ میں نے عرض کی: اے ابوہریرہ! ہمیں ایسی حدیث سنائیں جو آپ نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے کھانا آنے تک۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں فتح مکہ کے دن حضور ﷺ کے پاس تھا آپ نے فرمایا: اے ابوہریرہ! میرے پاس انصار کو بلاؤ! میں نے

7116- رواه أحمد جلد 2 صفحه 538-539 ومسلم رقم الحديث: 1780 وابن أبي شيبة في المصنف جلد 14 صفحه 471-472 .

وَسَلَّمَ يَوْمَ الْفَتْحِ، فَقَالَ: يَا أَبَا هُرَيْرَةَ، ادْعُ لِيَ الْأَنْصَارَ. فَدَعَوْتُهُمْ فَجَاءُوا يُهَرْوِلُونَ، فَقَالَ: هَلْ تَرَوْنَ أَوْبَاشَ النَّاسِ؟ قَالُوا: نَعَمْ. قَالَ: فَإِذَا لَقِيتُمُوهُمْ غَدًا، فَاحْصُدُوهُمْ حَصْدًا، ثُمَّ مَوْعِدُكُمُ الصَّفَا. قَالَ: وَاسْتَعْمَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ عَلَى إِحْدَى الْمُجَنِّبَتَيْنِ، وَالزُّبَيْرَ بْنَ الْعَوَّامِ عَلَى الْمُجَنِّبَةِ الْأُخْرَى رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، وَاسْتَعْمَلَ أَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ الْجَرَّاحِ عَلَى النَّادِفَةِ فِي بَطْنِ الْوَادِي، فَلَمَّا جَاءَ الْقَوْمُ لَقِينَاهُمْ فَمَا تَقَدَّمَ أَحَدٌ إِلَّا أَنَامُوهُ وَفُتِحَ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَاءَ فَصَعِدَ الصَّفَا، وَجَاءَتِ الْأَنْصَارُ فَأَطَافُوا بِالصَّفَا، وَجَاءَ أَبُو سُفْيَانَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أُبِيحَتْ خَضْرَاءُ قُرَيْشٍ لَا قُرَيْشَ بَعْدَ الْيَوْمِ، فَقَالَ: مَنْ أَغْلَقَ بَابَهُ فَهُوَ آمِنٌ، وَمَنْ أَلْقَى السِّلَاحَ فَهُوَ آمِنٌ، وَمَنْ دَخَلَ دَارَ أَبِي سُفْيَانَ فَهُوَ آمِنٌ

ان کو بلایا تو انصار دوڑتے ہوئے آئے' آپ نے فرمایا: کیا تم لوگوں کو ہوشیار دیکھتے ہو؟ اُنہوں نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: جب کل تم نے ان سے ملنا ہے' ان کو مارنا ہے' پھر تمہارے لیے وعدہ کی جگہ' صفا ہے۔ راوی کا بیان ہے: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو دو گروہوں میں سے ایک پر مقرر کیا اور حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ کو دوسرے پر' حضرت ابوعبیدہ بن جراح کو بطن وادی پر۔ جب لوگ آئے تو ان سے ملے' انصار آئے تو اُنہوں نے صفا کا چکر لگایا۔ حضرت سفیان نے آ کر عرض کی: اے اللہ کے رسول! پس آپ نے فرمایا: جو اپنا دروازہ بند کر لے وہ امن والا ہے' جو ہتھیار ڈال دے اسے امن ہے اور جو ابوسفیان کے گھر داخل ہو جائے' وہ امن میں ہے۔

7117 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا شَبَابَةُ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، ثنا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ رَبَاحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا دَخَلَ مَكَّةَ يَوْمَ الْفَتْحِ، جَاءَ أَبُو سُفْيَانَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أُبِيحَتْ قُرَيْشٌ لَا قُرَيْشَ بَعْدَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب فتح مکہ کے دن مکہ میں داخل ہوئے تو ابوسفیان آیا' اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! قریش کو جائز قرار دیا ہے' قریش آج کے بعد نہیں ہے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو اپنا دروازہ بند کرے اُس کے لیے امن ہے' جو ابوسفیان کے گھر داخل ہوا اُس کے لیے امن ہے' اس کے بعد حماد بن سلمہ والی حدیث ذکر کی۔

الْيَوْمِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَغْلَقَ بَابَهُ فَهُوَ آمِنٌ، وَمَنْ دَخَلَ دَارَ أَبِي سُفْيَانَ فَهُوَ آمِنٌ فَذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ

7118 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ أَعْيَنَ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ بِشْرٍ الْبَجَلِيُّ، ثنا الْحَكَمُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: لَمَّا كُنَّا بِسَرِفَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أَبَا سُفْيَانَ قَرِيبٌ مِنْكُمْ، فَاحْذَرُوهُ . فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَسْلِمْ يَا أَبَا سُفْيَانَ . قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَوْمِي قَوْمِي قَالَ: فَإِنَّ قَوْمَكَ مَنْ أَغْلَقَ بَابَهُ فَهُوَ آمِنٌ . قَالَ: اجْعَلْ لِي شَيْئًا . قَالَ: مَنْ دَخَلَ دَارَكَ فَهُوَ آمِنٌ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب ہم مقامِ سرف میں تھے تو حضورﷺ نے فرمایا: ابوسفیان تمہارے قریب ہے اس سے بچو! حضورﷺ نے فرمایا: اے ابوسفیان! ایمان لے آ! حضرت ابوسفیان نے عرض کی: یارسول اللہ! میری قوم! میری قوم! آپ نے فرمایا: اگر تیری قوم دروازہ بند کرے تو اس کے لیے بھی امان ہے۔ حضرت ابوسفیان نے عرض کی: میرے لیے بھی کوئی شی مقرر کریں آپ نے فرمایا: جو تمہارے گھر میں داخل ہو اُس کے لیے بھی امان ہے۔

مَا أَسْنَدَ أَبُو سُفْيَانَ صَخْرُ بْنُ حَرْبٍ

حضرت ابوسفیان صخر بن حرب کی روایت کردہ احادیث

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا: جب حجۃ الوداع کا موقع تھا تو نبی کریم ﷺ کھڑے ہوئے اس دن ایک ہی اونٹ پر حضرت فضل بن عباس آپ ﷺ کے پیچھے سوار تھے تو آپ ﷺ نے فرمایا: اے لوگو! علم ختم ہونے سے پہلے علم حاصل کرلو اور اس سے پہلے کہ علم اُٹھا لیا جائے۔ اسی دوران یہ آیت نازل ہوئی: ''اے ایمان والو! ان چیزوں کے بارے میں نہ پوچھو جو اگر تمہارے لیے ظاہر کر دی جائیں تو تمہیں بُری لگیں''۔ پس ہم اکثر اس کا ذکر کرتے تو یہ آیت ہمیں سوال کرنے سے روکتی۔ پس ہم ایک دیہاتی کے پاس آئے ہم نے اسے ایک چادر دی اس نے دیر لگائی یہاں تک کہ میں نے چادر کا کنارہ اس کے دائیں اَبرو پر دیکھا پھر ہم نے اس سے کہا: نبی کریم ﷺ سے ایک سوال تو کرو۔ پس اس نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! ہم سے علم کیسے اُٹھا لیا جائے گا جبکہ مصاحف ہمارے پاس ہیں ان میں سے ہم نے علم سیکھا ہے اور ہم نے اپنی عورتوں بچوں اور خادموں کو سکھایا ہے۔ نبی کریم ﷺ نے اپنا سر مبارک اوپر اُٹھایا اس حال میں کہ غصے کی سرخی چہرے پر چھا چکی تھی۔ فرمایا: ارے تیری ماں تجھے روئے! یہ یہودی و عیسائی

7775- قال في المجمع جلد 1 صفحه 20' رواه أحمد جلد 5 صفحه 266' والطبراني في الكبير وعند ابن ماجه رقم الحديث: 288 طرف منه واسناد الطبراني اصح' لأن في اسناد أحمد علي بن يزيد وهو ضعيف جدًا' وهو عند الطبراني رقم الحديث: 7906 من طرق في بعضها الحجاج بن أرطاة وهو مدلس صدوق يكتب حديثه' وليس ممن يتعمد الكذب والله أعلم .

الْيَهُودُ وَالنَّصَارَى بَيْنَ أَظْهُرِهِمِ الْمَصَاحِفُ، لَمْ يُصْبِحُوا يَتَعَلَّقُوا بِالْحَرْفِ مِمَّا جَاءَتْهُمْ بِهِ أَنْبِيَاؤُهُمْ، أَلَا وَإِنَّ مِنْ ذَهَابِ الْعِلْمِ أَنْ يَذْهَبَ أَهْلُهُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ

ہیں ان کے درمیان بھی تو مصاحف آسمانی ہیں لیکن ایسے ایک حرف سے بھی ان کا تعلق باقی نہیں رہ گیا ہے جو ان کے نبی لے کر آئے تھے۔ خبردار! علم اس طرح جائے گا کہ اہلِ علم باقی نہ رہیں گے تین بار فرمایا۔

معان بن رفاعة السلامی عن علی بن یزید

7776- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، ثنا أَبُو الْمُغِيرَةِ، ثنا مُعَانُ بْنُ رِفَاعَةَ، أَخْبَرَنِي عَلِيُّ بْنُ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَرِيَّةٍ مِنْ سَرَايَاهُ، فَمَرَّ رَجُلٌ بِغَارٍ فِيهِ شَيْءٌ مِنْ مَاءٍ، فَحَدَّثَتْهُ نَفْسُهُ أَنْ يُقِيمَ فِي ذَلِكَ الْغَارِ، فَيَقُوتَ مَا فِيهِ مِنْ مَاءٍ، وَيُصِيبُ مِمَّا حَوْلَهُ مِنَ الْبَقْلِ، وَيَتَخَلَّى مِنَ الدُّنْيَا، ثُمَّ قَالَ: لَوْ أَنِّي أَتَيْتُ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لَهُ، فَإِنْ أَذِنَ لِي فَعَلْتُ، وَإِلَّا لَمْ أَفْعَلْ . فَأَتَاهُ، فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، إِنِّي مَرَرْتُ بِغَارٍ فِيهِ مَا يَقُوتُنِي مِنَ الْمَاءِ وَالْبَقْلِ، فَحَدَّثَتْنِي نَفْسِي بِأَنْ أُقِيمَ، وَأَتَخَلَّى مِنَ الدُّنْيَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّي لَمْ أُبْعَثْ بِالْيَهُودِيَّةِ وَلَا النَّصْرَانِيَّةِ، وَلَكِنِّي بُعِثْتُ بِالْحَنِيفِيَّةِ السَّمْحَةِ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَغَدْوَةٌ أَوْ رَوْحَةٌ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا، وَلَمَقَامُ أَحَدِكُمْ فِي الصَّفِّ خَيْرٌ مِنْ صَلَاتِهِ سِتِّينَ سَنَةً

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرمایا: ہم حضور ﷺ کے ساتھ سردیوں میں ایک سریہ میں نکلے پس ایک آدمی ایک غار کے پاس سے گزرا جس میں کچھ پانی تھا اس کے نفس کو کشش ہوئی کہ وہ اس غار میں مقیم ہو جائے اور اس تھوڑے بہت پانی کو ہی اپنی خوراک بنا لے اور اس غار کے آس پاس سے کچھ سبزیاں حاصل کر لے اور دنیا سے الگ ہو جائے (اللہ کی عبادت کیلئے)۔ پھر کہا: اگر میں نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں جاؤں اور ان سے ساری صورتِ حال عرض کروں۔ پس اگر تو آپ ﷺ مجھے اجازت دیں تو میں یہ کام کروں ورنہ ایسا نہ کروں۔ پس وہ آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ عرض کی: اے اللہ کے نبی! (اتفاق سے) میں ایک غار کے پاس سے گزرا جس میں گزارے کی خوراک پانی اور سبزی موجود تھی میرے دل نے کہا: میں اس میں مقیم ہو کر دنیا سے الگ تھلگ ہو جاؤں۔ پس نبی کریم ﷺ نے فرمایا: میں یہودیت و نصرانیت دے کر نہیں بھیجا گیا بلکہ مجھے پاکیزہ و نرم شریعت دے کر بھیجا گیا ہے۔ قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے! ایک صبح یا ایک شام اللہ کی راہ میں دنیا و مافیہا سے بہتر ہے اور مجاہدین کی صف میں کھڑا

7776- ورواه أحمد جلد5صفحه266 قال في المجمع جلد5صفحه279 وفيه علي بن يزيد الألهاني وهو ضعيف .

ہونا، تم میں سے کسی ایک کی ساٹھ سال کی عبادت سے بہتر ہے۔

7777- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، ثنا أَبُو الْمُغِيرَةِ، ثنا مُعَانُ بْنُ رِفَاعَةَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ يَزِيدَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْقَاسِمَ يُحَدِّثُ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي يَوْمٍ شَدِيدِ الْحَرِّ نَحْوَ بَقِيعِ الْغَرْقَدِ، فَكَانَ النَّاسُ يَمْشُونَ خَلْفَهُ، فَلَمَّا سَمِعَ صَوْتَ النِّعَالِ، وَقَرَّ ذَلِكَ نَفْسَهُ، فَجَلَسَ حَتَّى قَدَّمَهُمْ أَمَامَهُ لِئَلَّا يَقَعَ فِي قَلْبِهِ شَيْءٌ مِنَ الْكِبْرِ، فَلَمَّا مَرَّ بِبَقِيعِ الْغَرْقَدِ إِذَا بِقَبْرَيْنِ قَدْ دَفَنُوا فِيهِمَا رَجُلَيْنِ، فَوَقَفَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَنْ دَفَنْتُمْ هَهُنَا الْيَوْمَ؟ قَالُوا: يَا نَبِيَّ اللهِ، فُلَانٌ . قَالَ: إِنَّهُمَا لَيُعَذَّبَانِ الْآنَ وَيُفْتَنَانِ فِي قَبْرَيْهِمَا . قَالُوا: يَا رَسُولَ اللهِ، وَمَا ذَاكَ؟ قَالَ: أَمَّا أَحَدُهُمَا فَكَانَ يَمْشِي بِالنَّمِيمَةِ، وَأَمَّا أَحَدُهُمَا فَكَانَ لَا يَتَنَزَّهُ مِنَ الْبَوْلِ . وَأَخَذَ جَرِيدَةً رَطْبَةً فَشَقَّهَا، ثُمَّ جَعَلَهَا عَلَى الْقَبْرَيْنِ . قَالُوا: يَا نَبِيَّ اللهِ، وَلِمَ فَعَلْتَ؟ قَالَ: لِيُخَفِّفَ عَنْهُمَا . قَالُوا: يَا نَبِيَّ اللهِ، وَحَتَّى مَتَى يُعَذَّبَانِ؟ قَالَ: غَيْبٌ لَا يَعْلَمُهُ إِلَّا اللهُ . قَالَ: وَلَوْلَا تَمْرِيجًا فِي قُلُوبِكُمْ، أَوْ تَزَيُّدُكُمْ فِي الْحَدِيثِ سَمِعْتُمْ مَا أَسْمَعُ.

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، فرمایا کہ حضور ﷺ شدید گرمی کے دن میں جنت البقیع کی طرف سے گزرے، پس لوگ آپ ﷺ کے پیچھے چلا کرتے تھے۔ پس جب آپ ﷺ نے لوگوں کی جوتیوں کی آوازیں سنیں۔ اس سے آپ کے دل کو قرار ہوا۔ پس آپ ﷺ نے قدم روک لیے یہاں تک کہ لوگوں کو اپنے آگے کیا تاکہ آپ کے دل میں تکبر میں سے کوئی شی واقع نہ ہو جائے۔ پس جب جنت البقیع کے پاس سے گزرے تو دو قبریں دیکھیں جن میں مردوں کو دفن کر دیا گیا تھا۔ پس نبی کریم ﷺ رُک گئے، فرمایا: آج کے دن تم نے کس کو یہاں دفن کیا ہے؟ صحابہ نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! فلاں آدمی کو (نام لیا)۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اب ان دونوں کو عذاب دیا جا رہا ہے اور اپنی قبروں میں آزمائش میں ہیں۔ صحابہ کرام نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کس سبب سے؟ فرمایا: ایک چغل خور تھا اور دوسرا پیشاب کے قطروں سے نہیں بچتا تھا۔ آپ ﷺ نے کھجور کی تر شاخ پکڑ کر اسے دو حصوں میں تقسیم کیا، پھر ان دونوں قبروں پر رکھ دیا۔ صحابہ نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! آپ کے یہ کام کرنے میں کیا حکمت ہے؟ فرمایا: تاکہ ان دونوں سے عذاب ہلکا ہو جائے۔ صحابہ نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! ان کو کب تک عذاب دیا جاتا رہے گا؟

7777- قال في المجمع جلد3صفحه56 وفيه علي بن يزيد وفيه كلام .

آپ ﷺ نے فرمایا: یہ ایسا غیب ہے جس کو اللہ جانتا ہے (یا اس کے بتانے سے میں جانتا ہوں لیکن تم کو بتانے کی اجازت نہیں)۔ فرمایا: اگر ایسا نہ ہوتا کہ تمہارے دلوں میں حرج واقع ہو جائے گا یا زیادہ باتیں بنانے کا سبب ہوگا تو تم بھی وہ سنتے جو میں سنتا ہوں۔

7778- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، ثنا أَبُو الْمُغِيرَةِ، ثنا مُعَانُ بْنُ رِفَاعَةَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: جَلَسْنَا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَّرَنَا وَرَقَّقَنَا، فَبَكَى سَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ، فَأَكْثَرَ الْبُكَاءَ وَقَالَ: يَا لَيْتَنِي مُتُّ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا سَعْدُ، أَعِنْدِي تَمَنَّ الْمَوْتَ؟ فَرَدَّدَ ذٰلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ قَالَ: يَا سَعْدُ، إِنْ تَكُ خُلِقْتَ لِلْجَنَّةِ، فَمَا طَالَ عُمْرُكَ وَحَسُنَ عَمَلُكَ فَهُوَ خَيْرٌ لَكَ، وَإِنْ تَكُنْ خُلِقْتَ لِلنَّارِ، فَبِئْسَتِ الَّتِي الشَّيْءُ تَتَعَجَّلُ إِلَيْهِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے' آپ نے ہمیں نصیحت کی اور نرم دل کرنے والی گفتگو کی۔ حضرت سعد بن ابووقاص رضی اللہ عنہ رو پڑے' کثرت سے رونے لگے کہنے لگے: کاش! میں مر گیا ہوتا! حضور ﷺ نے فرمایا: اے سعد! کیا تُو نے موت کی تمنا کی ہے؟ یہ بات تین دفعہ کی' پھر فرمایا: اے سعد! اگر تُو جنت کے لیے پیدا کیا گیا ہے تو جو تیری عمر لمبی ہوگی اور تیرے اعمال اچھے ہوں گے تو وہ تیرے لیے بہتر ہوگا' اگر تُو جہنم کے لیے پیدا کیا گیا ہے تو کتنی بُری ہے' وہ چیز جس کی طرف تُو جلدی کر رہا ہے۔

7779- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، ثنا أَبُو الْمُغِيرَةِ، ثنا مُعَانُ بْنُ رِفَاعَةَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ بیٹھے ہوئے تھے' صحابہ کرام نے خیال کیا کہ

7778- ورواه أحمد جلد5صفحه267' قال في المجمع جلد10صفحه203 وفيه علي بن يزيد الألهاني وهو ضعيف . كذا في المخطوطة الشيء' وفي الهامش التي وعليه كلمة لعله .

7779- ورواه أحمد جلد5صفحه265-266' قال في المجمع جلد3صفحه115' وفيه علي بن يزيد فيه كلام . وقال الحافظ ابن كثير في تفسيره جلد1صفحه586 معان بن رفاعة السلامي ضعيف وعلي بن يزيد ضعيف والقاسم أبو عبد الرحمٰن ضعيف أيضًا . وقال في المجمع جلد1صفحه109 ومداره على علي بن يزيد وهو ضعيف .

يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسًا، وَكَانُوا يَظُنُّونَ الْوَحْيَ يَنْزِلُ عَلَيْهِ، فَأَقْصَرُوا عَنْهُ حَتَّى جَاءَ أَبُو ذَرٍّ، فَاقْتَحَمَ فَأَتَاهُ فَجَلَسَ إِلَيْهِ فَأَقْبَلَ عَلَيْهِ، فَقَالَ: يَا أَبَا ذَرٍّ هَلْ صَلَّيْتَ الْيَوْمَ؟ قَالَ: لَا .قَالَ: قُمْ فَصَلِّ .فَلَمَّا صَلَّى أَرْبَعَ رَكَعَاتِ الضُّحَى، أَقْبَلَ عَلَيْهِ فَقَالَ: يَا أَبَا ذَرٍّ، هَلْ تَعَوَّذْتَ مِنْ شَرِّ شَيَاطِينِ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ؟ قَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، وَهَلْ لِلْإِنْسِ شَيَاطِينُ؟ قَالَ: نَعَمْ، شَيَاطِينُ الْإِنْسِ وَالْجِنِّ يُوحِي بَعْضُهُمْ إِلَى بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُورًا

آپ پر وحی نازل ہو رہی ہے وہاں سے صحابہ کرام اُٹھنے لگے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ آپ کے پاس آئے اور بیٹھ گئے آپ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کی طرف متوجہ ہوئے فرمایا: اے ابوذر! کیا آج تو نے نماز پڑھی ہے؟ عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: اُٹھو اور نماز پڑھو! پس جب اُنہوں نے چاشت کی چار رکعتیں پڑھ لیں تو آپ ان کی طرف متوجہ ہوئے۔ پس کہا: اے ابوذر! کیا تُو نے جنوں اور انسانوں میں سے شیطانوں سے اللہ کی پناہ مانگ لی ہے؟ عرض کی: جی ہاں! عرض کی: کیا انسانوں اور جنوں کے شیطان ایک دوسرے کے دل میں بات ڈالتے ہیں اوٹ پٹانگ باتیں دھوکہ دیتے ہوئے۔

7780- ثُمَّ قَالَ: يَا أَبَا ذَرٍّ، أَلَا أُعَلِّمُكَ كَلِمَةً مِنْ كَنْزِ الْجَنَّةِ؟ قُلْتُ: بَلَى، جَعَلَنِي اللّٰهُ فِدَاكَ .قَالَ: قُلْ: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ

پھر فرمایا: اے ابوذر! کیا تمہیں جنت کے خزانوں کے متعلق بتاؤں! میں نے عرض کی: کیوں نہیں! اللہ مجھے آپ پر قربان کرے! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: لاحول ولاقوۃ الا باللہ پڑھ۔

7781- ثُمَّ سَكَتَ عَنِّي حَتَّى اسْتَبْطَأْتُ كَلَامَهُ قَالَ: قُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، إِنَّا كُنَّا أَهْلَ جَاهِلِيَّةٍ، وَعِبَادَةِ أَوْثَانٍ، فَبَعَثَكَ اللّٰهُ رَحْمَةً لِلْعَالَمِينَ أَرَأَيْتَ الصَّلَاةَ مَاذَا هِيَ؟ قَالَ: خَيْرٌ مَوْضُوعٌ فَمَنْ شَاءَ اسْتَقَلَّ، وَمَنْ شَاءَ اسْتَكْثَرَ

پھر آپ مجھ سے گفتگو کرنے سے خاموش رہے میں نے آپ سے گفتگو کی میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں زمانۂ جاہلیت کا تھا اور بتوں کی عبادت کرتا تھا اللہ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تمام کائنات کے لیے رحمت بنا کر بھیجا ہے آپ بتائیں کہ نماز کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بہتر ہے جو چاہے کم کرے اور جو چاہے زیادہ کرے۔

7782- قَالَ: قُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، أَرَأَيْتَ الصِّيَامَ مَاذَا هُوَ؟ قَالَ: أَضْعَافٌ مُضَعَّفَةٌ، وَعِنْدَ اللّٰهِ الْمَزِيدُ

میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ روزہ کے متعلق بتائیں اور یہ کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ کے ہاں دُگنا ثواب ہے۔

7783- قُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، أَيُّ الصَّدَقَةِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: سِرٌّ إِلَى فَقِيرٍ وَجُهْدٌ مِنْ مُقِلٍّ

میں نے عرض کی: یارسول اللہ! افضل صدقہ کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: فقیر کو چھپا کر دینا' محنت کر کے دینا۔

7784- قُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، أَيُّ الشُّهَدَاءِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: مَنْ سُفِكَ دَمُهُ وَعُقِرَ جَوَادُهُ

میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کون سی شہادت افضل ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنا خون بہایا' اپنے گھوڑے کی کونچیں کاٹیں۔

7785- قُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، أَيُّمَا آيَةٍ أُنْزِلَتْ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ عَلَيْكَ أَعْظَمُ؟ قَالَ: (اللّٰهُ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ) (البقرة:255) آيَةُ الْكُرْسِيِّ

میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کون سی آیت جو بڑی آپ پر نازل کی گئی ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللّٰہ لا الہ الا ھو الحی القیوم! آیۃ الکرسی۔

7786- قُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، أَيُّ الرِّقَابِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: أَغْلَاهَا ثَمَنًا، وَأَنْفَسُهَا عِنْدَ أَهْلِهَا

میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کون سا غلام آزاد کرنا افضل ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس کی قیمت زیادہ ہو اور زیادہ پسندیدہ بھی ہو۔

7787- قُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، فَأَيُّ الْأَنْبِيَاءِ كَانَ أَوَّلَ؟ قَالَ: آدَمُ .قُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، أَوَ نَبِيٌّ كَانَ آدَمُ؟ قَالَ: نَعَمْ، نَبِيٌّ مُكَلَّمٌ خَلَقَهُ اللّٰهُ بِيَدِهِ، وَنَفَخَ فِيهِ مِنْ رُوحِهِ، ثُمَّ قَالَ لَهُ: يَا آدَمُ قِبَلًا

میں نے عرض کی: یارسول اللہ! انبیاء میں سے سب سے پہلے کون تھا؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: آدم! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا آدم نبی تھے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں! ان سے اللہ نے کلام کیا اور انہیں اپنے دستِ قدرت سے پیدا کیا' آپ میں روح پھونکی' پھر فرمایا: اے آدم! متوجہ ہو۔

7788- قُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ كَمْ وَفَاءُ عِدَّةِ الْأَنْبِيَاءِ؟ قَالَ: مِائَةُ أَلْفٍ وَأَرْبَعَةٌ وَعِشْرُونَ أَلْفًا، الرُّسُلُ مِنْ ذَلِكَ ثَلَاثُمِائَةٍ وَخَمْسَةَ عَشَرَ جَمًّا غَفِيرًا

میں نے عرض کی: یارسول اللہ! انبیاء کی تعداد کتنی ہے؟ آپ نے فرمایا: ایک لاکھ چوبیس ہزار اور رسولوں کی تعداد تین سو پندرہ کا گروہ۔

7789- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے اللہ کی رضا کے لیے ایک

الدِّمَشْقِيُّ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنِي مُعَانُ بْنُ رِفَاعَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ صَامَ يَوْمًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ بَعَّدَ اللّٰهُ بَيْنَهُ، وَبَيْنَ جَهَنَّمَ مَسِيرَةَ مِائَةِ عَامٍ

روزہ رکھا تو اللہ عزوجل اس کے اور جہنم کے درمیان ایک سو سال کی مسافت جتنا فاصلہ کر دے گا۔

7790- حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا مُعَانُ بْنُ رِفَاعَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، أَنَّ ثَعْلَبَةَ بْنَ حَاطِبٍ الْأَنْصَارِيَّ، أَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَرْزُقَنِي اللّٰهُ .قَالَ: وَيْحَكَ يَا ثَعْلَبَةُ، قَلِيلٌ تُؤَدِّي شُكْرَهُ خَيْرٌ مِنْ كَثِيرٍ لَا تُطِيقُهُ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ثعلبہ بن حاطب انصاری رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ کے پاس آئے' عرض کی: یارسول اللہ! اللہ سے دعا کریں کہ اللہ مجھے مال دے' آپ نے فرمایا: اے ثعلبہ! تیرے لیے ہلاکت ہو! کم مال' جس کا شکر ادا کیا جائے' زیادہ مال دار سے بہتر ہے' تو اس کا شکر کرنے کی طاقت نہیں رکھتا ہے۔

7791- ثُمَّ رَجَعَ إِلَيْهِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَرْزُقَنِي مَالًا، قَالَ: وَيْحَكَ يَا ثَعْلَبَةُ، أَمَا تُرِيدُ أَنْ تَكُونَ مِثْلَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاللّٰهِ لَوْ سَأَلْتُ أَنْ يَسِيلَ لِيَ الْجِبَالَ ذَهَبًا وَفِضَّةً لَسَالَتْ

پھر آپ ﷺ کی طرف لوٹ کر عرض کی: یارسول اللہ! اللہ سے دعا کریں کہ اللہ مجھے مال دے! آپ ﷺ نے فرمایا: اے ثعلبہ! تیرے لیے ہلاک ہو! کیا تو پسند نہیں کرتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی زندگی کی طرح زندگی گزارے' اللہ کی قسم! اگر میں چاہوں تو میرے لیے پہاڑ سونا و چاندی بن جائیں' اور بہہ پڑیں۔

7792- ثُمَّ رَجَعَ إِلَيْهِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَرْزُقَنِي مَالًا، وَاللّٰهِ لَئِنْ آتَانِي اللّٰهُ مَالًا لَأُوتِيَنَّ كُلَّ ذِي حَقٍّ حَقَّهُ، فَقَالَ

پھر آپ کی طرف رجوع کر کے کہا: اے اللہ کے رسول! اللہ تعالیٰ سے دعا کریں کہ وہ مجھے مال عطا فرمائے۔ قسم بخدا! اگر اللہ تعالیٰ مجھے مال دے تو میں ہر حق

7790- قال في المجمع جلد 7 صفحه 32' وفيه علي بن يزيد الألهاني وهو متروك . قلت ورواه ابن جرير رقم الحديث: 16987' وابن أبي حاتم كما ذكره ابن كثير في تفسيره .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُمَّ ارْزُقْ ثَعْلَبَةَ مَالًا فَاتَّخَذَ غَنَمًا، فَنَمَتْ كَمَا يَنْمُو الدُّودُ حَتَّى ضَاقَتْ عَنْهَا أَزِقَّةُ الْمَدِينَةِ، فَتَنَحَّى بِهَا، وَكَانَ يَشْهَدُ الصَّلَاةَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ يَخْرُجُ إِلَيْهَا، ثُمَّ نَمَتْ حَتَّى تَعَذَّرَتْ عَلَيْهِ مَرَاعِي الْمَدِينَةِ، فَتَنَحَّى بِهَا، فَكَانَ يَشْهَدُ الْجُمُعَةَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ يَخْرُجُ إِلَيْهَا، ثُمَّ نَمَتْ فَتَنَحَّى بِهَا، فَتَرَكَ الْجُمُعَةَ وَالْجَمَاعَاتِ فَيَتَلَقَّى الرُّكْبَانُ، وَيَقُولُ: مَاذَا عِنْدَكُمْ مِنَ الْخَبَرِ؟ وَمَا كَانَ مِنْ أَمْرِ النَّاسِ؟ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَى رَسُولِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (خُذْ مِنْ أَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيهِمْ بِهَا) (التوبة:103) قَالَ: فَاسْتَعْمَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الصَّدَقَاتِ رَجُلَيْنِ: رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ، وَرَجُلٌ مِنْ بَنِي سُلَيْمٍ، وَكَتَبَ لَهُمَا سُنَّةَ الصَّدَقَةِ وَأَسْنَانَهَا، وَأَمَرَهُمَا أَنْ يُصَدِّقَا النَّاسَ، وَأَنْ يَمُرَّا بِثَعْلَبَةَ، فَيَأْخُذَا مِنْهُ صَدَقَةَ مَالِهِ، فَفَعَلَا حَتَّى ذَهَبَا إِلَى ثَعْلَبَةَ، فَأَقْرَآهُ كِتَابَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ صَدِّقَا النَّاسَ فَإِذَا فَرَغْتُمَا، فَمُرَّا بِي. فَفَعَلَا، فَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا هَذِهِ إِلَّا أُخَيَّةُ الْجِزْيَةِ، فَانْطَلَقَا حَتَّى لَحِقَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

والے کو حق ادا کروں۔ پس رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اے اللہ! ثعلبہ کو مال دے۔ پس حضرت ثعلبہ رضی اللہ عنہ نے ریوڑ بنایا' پس وہ بڑھا' اس طرح جس طرح کیڑے مکوڑے بڑھتے ہیں یہاں تک کہ مدینہ کی گلیاں ان سے تنگ ہوگئیں۔ پس وہ مدینہ سے دُور ہو گئے لیکن نماز میں رسول کریم ﷺ کے ساتھ شریک ہوتے پھر اس ریوڑ کی طرف جاتے' پھر وہ ریوڑ اور بڑھ گیا یہاں تک کہ مدینہ کی چراگاہیں تنگ ہوگئیں۔ پس وہ کچھ اور دور ہو گئے۔ پس وہ جمعہ اور جماعتیں چھوڑ بیٹھے' پس کوئی اونٹوں پر سوار قافلہ ملتا تو اس سے کہتے: تمہارے پاس (میرے محبوب کی) کوئی خبر ہو؟ اور لوگوں کا معاملہ کیا ہے؟ پس اللہ تعالیٰ نے رسول کریم ﷺ پر یہ حکم نازل فرمایا: ''ان کے مالوں سے صدقہ لے کر اس کے ذریعے ان کو پاک کرو اور ان کا تزکیہ کرو''۔ راوی کا بیان ہے کہ رسول کریم ﷺ نے صدقات وصول کرنے کیلئے دو آدمی عامل مقرر فرمائے۔ ایک انصاری اور دوسرا بنوسلیم سے اور انہیں ایک سال اور کوئی سالوں کا صدقہ لکھ دیا' انہیں حکم دیا کہ وہ دونوں لوگوں سے صدقات وصول کریں اور ایک چکر جناب ثعلبہ کی طرف بھی لگائیں اور اس سے اسکے مال کا صدقہ وصول کریں۔ پس اُنہوں نے حکم پر عمل کیا یہاں تک کہ وہ ثعلبہ کے پاس جا پہنچے۔ پس اُنہوں نے رسول کریم ﷺ کا خط پڑھ کر اسے سنایا تو اس نے جواب دیا: لوگوں سے صدقات وصول کر لو! جب تم فارغ ہو جاؤ تو میرے پاس آنا۔ پس اُنہوں نے ایسا ہی کیا۔ اس نے جواب دیا: قسم بخدا! یہ

وَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَى رَسُولِهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (وَمِنْهُمْ مَنْ عَاهَدَ اللَّهَ لَئِنْ آتَانَا مِنْ فَضْلِهِ) (التوبة:75) إِلَى قَوْلِهِ (يَكْذِبُونَ) (التوبة:77) قَالَ: فَرَكِبَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ قَرِيبٌ لِثَعْلَبَةَ رَاحِلَةً حَتَّى أَتَى ثَعْلَبَةَ، فَقَالَ: وَيْحَكَ يَا ثَعْلَبَةُ، هَلَكْتَ، أَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ فِيكَ مِنَ الْقُرْآنِ كَذَا، فَأَقْبَلَ ثَعْلَبَةُ، وَوَضَعَ التُّرَابَ عَلَى رَأْسِهِ وَهُوَ يَبْكِي، وَيَقُولُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، يَا رَسُولَ اللَّهِ. فَلَمْ يَقْبَلْ مِنْهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدَقَتَهُ حَتَّى قَبَضَ اللَّهُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ أَتَى أَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ بَعْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا أَبَا بَكْرٍ قَدْ عَرَفْتَ مَوْقِعِي مِنْ قَوْمِي، وَمَكَانِي مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاقْبَلْ مِنِّي، فَأَبَى أَنْ يَقْبَلَهُ، ثُمَّ أَتَى عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، فَأَبَى أَنْ يَقْبَلَ مِنْهُ، ثُمَّ أَتَى عُثْمَانَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ فَأَبَى أَنْ يَقْبَلَ مِنْهُ، ثُمَّ مَاتَ ثَعْلَبَةُ فِي خِلَافَةِ عُثْمَانَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

جزیہ ہی کی ایک شکل ہے۔ پس وہ چل کر رسول کریم ﷺ کی خدمت میں آئے تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: ''اوران میں سے بعض وہ ہیں جنہوں نے اللہ سے وعدہ کیا تھا' اگر وہ ہمیں عطا کرے اپنے فضل سے (وہ جھوٹ بولتے ہیں)''۔ پس ایک انصاری حضرت ثعلبہ رضی اللہ عنہ کا قریبی' سواری پر سوار ہوکر حضرت ثعلبہ رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچا۔ کہا: افسوس! اے ثعلبہ! تُو ہلاک ہوا۔ اللہ نے قرآن کی فلاں آیت تیری مذمت میں نازل فرمائی ہے۔ پس حضرت ثعلبہ اس حال میں آئے کہ اُنہوں نے سر پر مٹی ڈالی اور رو رہے تھے' یہ عرض کرتے ہوئے: اے اللہ کے رسول! اے اللہ کے رسول! پس رسول کریم ﷺ نے اس سے اس کی زکوٰۃ قبول نہ فرمائی یہاں تک کہ رسول کریم ﷺ دنیا سے پردہ فرما ہوئے۔ پھر وہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خدمت میں رسول کریم ﷺ کے وصال کے بعد آیا' عرض کی: اے ابوبکر! تُو جانتا ہے کہ میری قوم میں میری کیا حیثیت ہے اور رسول کریم ﷺ کے ساتھ کیا تعلق ہے' تو مجھ سے قبول کر لے۔ پس آپ رضی اللہ عنہ نے بھی قبول کرنے سے انکار کر دیا پھر وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں آیا تو آپ نے بھی اس سے زکوٰۃ قبول کرنے سے انکار کر دیا پھر وہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں آیا تو آپ نے بھی اس سے قبول نہ کی' پھر ثعلبہ' حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں فوت ہوگیا۔

عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاتِكَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ

7793- حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ أَحْمَدَ الْوَاسِطِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَا: ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاتِكَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: أَلَا إِنَّ النَّارَ خُلِقَتْ لِلسُّفَهَاءِ، وَهِيَ لِلنِّسَاءِ إِلَّا الَّتِي أَطَاعَتْ قَيِّمَهَا

7794- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ جَرِيرٍ الصُّورِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاتِكَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، عَلَيْكُمْ بِالْعِلْمِ قَبْلَ أَنْ يُقْبَضَ، الْعَالِمُ وَالْمُتَعَلِّمُ شَرِيكَانِ فِي الْأَجْرِ، وَلَا خَيْرَ فِي سَائِرِ النَّاسِ

7795- حَدَّثَنَا أَبُو عَقِيلٍ أَنَسُ بْنُ سَلْمٍ

عثمان بن ابو العاتکہ، حضرت علی بن یزید سے روایت کرتے ہیں

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: خبردار! جہنم پاگلوں کے لیے پیدا کی گئی ہیں، وہ عورتیں ہیں مگر جو اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کریں۔

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے لوگو! تم علم اُٹھائے جانے سے پہلے حاصل کرلو، علم سیکھنے اور سکھانے والا ثواب میں برابر کے شریک ہیں، اس کے علاوہ لوگوں میں کوئی بھلائی نہیں ہے۔

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

7793- قال في المجمع جلد 4 صفحه 314، وفيه علي بن يزيد الألهاني وهو متروك وقد قيل فيه انه صلح وبقية رجاله ثقات .

7794- ورواه ابن ماجه رقم الحديث: 228 قال في الزوائد في اسناده علي بن يزيد والجمهور على تضعيفه .

7795- ورواه ابن ماجه رقم الحديث: 289، واسناده ضعيف قاله في الزوائد .

الْخَوْلَانِيُّ، ثنا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنِي عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاتِكَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَسَوَّكُوا، فَإِنَّ السِّوَاكَ مَطْيَبَةٌ لِلْفَمِ، مَرْضَاةٌ لِلرَّبِّ

حضورﷺ نے فرمایا: مسواک کرو کیونکہ مسواک منہ کی پاکی اور رب کی رضا کا ذریعہ ہے۔

7796- مَا جَاءَنِي جِبْرِيلُ إِلَّا أَمَرَنِي بِالسِّوَاكِ حَتَّى لَقَدْ حَسِبْتُ أَنْ يَفْرِضَهُ عَلَيَّ وَعَلَى أُمَّتِي، وَلَوْلَا أَنْ أَشُقَّ عَلَى أُمَّتِي فَرَضْتُهُ عَلَيْهِمْ، إِنِّي لَأَسْتَاكُ حَتَّى لَقَدْ خَشِيتُ أَنْ أُحْفِيَ مَقَادِمَ فَمِي

حضرت جبریل علیہ السلام جب میرے پاس آئے تو مجھے مسواک کرنے کو کہا یہاں تک کہ میں نے گمان کیا کہ مسواک مجھ پر اور میری اُمت پر فرض ہو جائے گا۔ اگر مجھے اس بات کا لحاظ نہ ہوتا کہ میری اُمت مشقت میں پڑ جائے گی تو میں ان پر مسواک کرنا فرض کر دیتا' بے شک میں مسواک کرتا رہا حتیٰ کہ مجھے اپنے منہ کے متورم ہونے کا خوف ہوا۔

7797- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنِي عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاتِكَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ فَاتَهُ اللَّيْلُ أَنْ يُكَابِدَهُ، وَبَخِلَ بِمَالِهِ أَنْ يُنْفِقَهُ، وَجَبُنَ عَنِ الْعَدُوِّ أَنْ يُقَاتِلَهُ، فَلْيُكْثِرْ مِنْ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ، فَإِنَّهُمَا أَحَبُّ إِلَى اللّٰهِ مِنْ جَبَلِ ذَهَبٍ وَفِضَّةٍ أَنْفَقَهُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہﷺ نے فرمایا: جو آدمی رات کو جاگنے کی تکلیف گوارا نہ کر سکے' مال کے ساتھ بخیل ہو کر اسے خرچ کرے اور دشمن کے ساتھ مقابلے کے وقت بھی بزدل پڑ جائے تو اسے چاہیے کہ کثرت سے سبحان اللہ وبحمدہ پڑھے کیونکہ یہ دونوں کلمات سونے اور چاندی کا پہاڑ اللہ کی راہ میں خرچ کرنے سے زیادہ اس کو پیارے ہیں۔

7798- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت

7798- قال في المجمع جلد5صفحه77' وفيه علي بن يزيد الألهاني وهو ضعيف . وعلمت حال عثمان .

الدِّمَشْقِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاتِكَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: كَانَ لِمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَدَحٌ مُفَضَّضٌ بِنُحَاسٍ فِيهِ يَسْقِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا شَرِبَ، وَفِيهِ يُوَضِّئُهُ إِذَا تَوَضَّأَ

معاذ رضی اللہ عنہ کے پاس پیالہ تھا' اس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پلایا جاتا' جب آپ نوش فرما لیتے اور وضو کرنے کا ارادہ کرتے تو اس سے وضو کرتے۔

7799- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاتِكَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ كَانَ يُقْسِمُ بِاللّٰهِ ثَلَاثًا لَا يَسْتَثْنِي: مَا عَلَى ظَهْرِ الْأَرْضِ مُسْلِمٌ يَقُولُ حِينَ يُصْبِحُ: اللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ، رَبِّي وَأَنَا عَبْدُكَ، آمَنْتُ بِكَ مُخْلِصًا لَكَ دِينِي، أَصْبَحْتُ عَلَى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ، أَتُوبُ إِلَيْكَ مِنْ سُوءِ عَمَلِي، وَأَسْتَغْفِرُكَ لِذُنُوبِي لَا يَغْفِرُهَا إِلَّا أَنْتَ، فَيَمُوتُ مِنْ يَوْمِهِ ذَلِكَ إِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اللہ کی تین مرتبہ قسم اُٹھائی' اس میں ان شاء اللہ نہ کہا کہ زمین کے اوپر کوئی مسلمان بھی صبح یہ دعا کرے: ''اللّٰهم لك الحمد الی آخره'' کرے اور اس دن اگر مر جائے گا تو جنت میں داخل ہوگا۔

7800- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاتِكَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے ابن آدم! جس نے میرے ولی کی اہانت کی' اس نے میرے ساتھ دشمنی ڈالی' تو ہرگز وہ

7800- قال في المجمع جلد 2 صفحه 248' وفيه علي بن يزيد وهو ضعيف . ورواه أبو نعيم في الطب (جلد 1 صفحه ! نسخة الشيخ الفرجلاني) . وقال ابن رجب في جامع العلوم ولاحكم صفحه 314' وعثمان وعلي بن يزيد ضعيفان قال أبو حاتم الرازي في هذا الحديث: هو منكر جدًا .

يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ أَهَانَ لِي وَلِيًّا فَقَدْ بَارَزَنِي بِالْعَدَاوَةِ ابْنَ آدَمَ، لَنْ تُدْرِكَ مَا عِنْدِي إِلَّا بِأَدَاءِ مَا افْتَرَضْتُ عَلَيْكَ، وَلَا يَزَالُ عَبْدِي يَتَحَبَّبُ إِلَيَّ بِالنَّوَافِلِ حَتَّى أُحِبَّهُ، فَأَكُونَ قَلْبَهُ الَّذِي يَعْقِلُ بِهِ، وَلِسَانَهُ الَّذِي يَنْطِقُ بِهِ، وَبَصَرَهُ الَّذِي يُبْصِرُ بِهِ، فَإِذَا دَعَانِي أَجَبْتُهُ، وَإِذَا سَأَلَنِي أَعْطَيْتُهُ، وَإِذَا اسْتَنْصَرَنِي نَصَرْتُهُ وَأَحَبُّ عِبَادَةِ عَبْدِي إِلَيَّ النَّصِيحَةُ

کچھ نہیں پا سکے گا جو میرے پاس ہے، مگر یہ کہ تُو وہ کام کرے جو میں نے تیرے اوپر فرض کیے، میرا بندہ مسلسل نوافل کے ذریعے میری محبت بڑھاتا رہتا ہے حتیٰ کہ وہ مجھے پسند آ جاتا ہے تو میری خاص قوت اس کا دل بن جاتی ہے جس سے وہ بولتا ہے، اس کی آنکھ بن جاتی ہے جس سے وہ دیکھتا ہے، پس جب وہ مجھ سے دعا کرے تو میں اس کی دعا کو قبول کرتا ہوں، وہ مجھ سے سوال کرے تو میں اسے عطا کرتا ہوں اور جب وہ مجھ سے مدد مانگے تو میں اس کی مدد کرتا ہوں۔ میرے بندے کی طرف میری سب سے پسندیدہ عبادت میرے بندے کا مخلص ہونا ہے۔

7801- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاتِكَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ: مَا اسْتَفَادَ الْمُسْلِمُ فَائِدَةً بَعْدَ تَقْوَى اللّٰهِ تَعَالَى خَيْرًا لَهُ مِنْ زَوْجَةٍ صَالِحَةٍ، إِنْ أَمَرَهَا أَطَاعَتْهُ، وَإِنْ نَظَرَ إِلَيْهَا سَرَّتْهُ، وَإِنْ أَقْسَمَ عَلَيْهَا أَبَرَّتْهُ، وَإِنْ غَابَ عَنْهَا نَصَحَتْهُ فِي نَفْسِهَا

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ فرماتے تھے: مسلمان کو پرہیزگاری کے بعد سب سے بہتر شی نیک بیوی دی گئی ہے، اگر وہ اس کو حکم دے تو وہ اس کی اطاعت کرے، اگر اس کو دیکھے تو خوش ہو، اگر اس پر قسم اُٹھائے تو وہ پوری کرے اور اگر وہ اس کے پاس نہ ہو تب بھی اپنی جان کے معاملے میں اس کے ساتھ مخلص ہو۔

7802- حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ دُحَيْمٍ، ثنا

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

7801- ورواه ابن ماجه رقم الحديث: 1857 قال في الزوائد: في اسناده علي بن يزيد قال البخاري: منكر الحديث، وعثمان ابن أبي العاتكة مختلف فيه، والحديث رواه النسائي من حديث أبي هريرة وسكت عليه وله شاهد من حديث عبد الله بن عمر . قلت والمناوي في الفيض قال أيضًا: فيه هشام بن عمار وفيه كلام . في المخطوطة خير له . وانظر سلسلة الصحيحة جلد4صفحه453-455 حول حديث أبي هريرة .

أَبِي، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاتِكَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ عَمْرَو بْنَ الطُّفَيْلِ إِلَى خَيْبَرَ لِيَسْتَمِدَّ لَهُ قَوْمَهُ، وَقَالَ: يَا عَمْرُو، انْطَلِقْ فَاسْتَمِدَّ لَنَا قَوْمَكَ . فَقَالَ عَمْرٌو: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَرْسَلْتَنِي وَقَدْ نَشِبَ الْقِتَالُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمَا تَرْضَى أَنْ تَكُونَ رَسُولَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟

رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عمرو بن طفیل کو خیبر کی طرف بھیجا تا کہ وہ اپنی قوم سے امداد لے آئے اور فرمایا: اے عمرو! جا اور اپنی قوم سے ہمارے لیے امداد لے کر آ۔ تو حضرت عمرو رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ مجھے ایسے وقت میں بھیج رہے ہیں جب حالت یہ ہے کہ جنگ اپنے زوروں پہ ہے تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا یہ بات تجھے خوش نہیں کرتی کہ تُو اللہ کے رسول کا قاصد ہو؟

7803- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاتِكَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَرَّ بِبَيْتِ عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُونٍ، فَقَامَ عَلَى بَابِ الْبَيْتِ، فَقَالَ: مَالَكِ يَا كُحَيْلَةُ مُبْتَذِلَةً، أَلَيْسَ عُثْمَانُ شَاهِدًا؟ قَالَتْ: بَلَى وَمَا اضْطَجَعَ عَلَى فِرَاشِي مُنْذُ كَذَا وَكَذَا، وَيَصُومُ الدَّهْرَ فَمَا يُفْطِرُ، فَقَالَ: مُرِيهِ أَنْ يَأْتِيَنِي . فَلَمَّا جَاءَ، قَالَتْ لَهُ، فَانْطَلَقَ إِلَيْهِ، فَوَجَدَهُ فِي الْمَسْجِدِ فَجَلَسَ إِلَيْهِ، فَأَعْرَضَ عَنْهُ فَبَكَى، ثُمَّ قَالَ: لَقَدْ عَلِمْتُ أَنَّهُ بَلَغَكَ عَنِّي أَمْرٌ قَالَ: أَنْتَ الَّذِي تَصُومُ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لے چلے پس حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کے گھر کے دروازے پر کھڑے ہو گئے فرمایا: اے کحیلہ! (حضرت عثمان بن مظعون کی بیوی) تجھے کیا ہے! کیوں میلے کچیلے کپڑے پہن رکھے ہیں؟ کیا عثمان گھر میں موجود نہیں ہیں؟ وہ بولیں: کیوں نہیں! (وہ موجود ہیں) لیکن اتنے اتنے عرصے سے وہ میرے بستر پر نہیں سوئے وہ صوم دہر رکھتے ہیں وہ تو افطار کرتے ہی نہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اسے کہنا میرے پاس آئے گا۔ پس جب وہ (گھر میں) آئے تو اُن کی بیوی نے ان سے کہا: (آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ کی حاضری دو وہ فرما گئے ہیں)۔ پس حضرت عثمان آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف چلے۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مسجد میں موجود پایا۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی

7803- قال في المجمع جلد2صفحه260 وفيه علي بن يزيد وهو ضعيف :وعلمت حال عثمان ابن أبي العاتكة .

الدَّهْرَ، وَتَقُومُ اللَّيْلَ لَا تَضَعُ جَنْبَكَ عَلَى فِرَاشٍ؟ قَالَ عُثْمَانُ: قَدْ فَعَلْتُ ذَلِكَ أَلْتَمِسُ الْخَيْرَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِعَيْنِكَ حَظٌّ، وَلِجَسَدِكَ حَظٌّ، وَلِزَوْجِكَ حَظٌّ، فَصُمْ وَأَفْطِرْ، وَنَمْ وَقُمْ، وَائْتِ زَوْجَكَ، فَإِنِّي أَنَا أَصُومُ وَأُفْطِرُ، وَأَنَامُ وَأَقُومُ، وَآتِي النِّسَاءَ، فَمَنْ أَخَذَ بِسُنَّتِي فَقَدِ اهْتَدَى، وَمَنْ تَرَكَهَا ضَلَّ، فَإِنَّ لِكُلِّ عَمَلٍ شِرَّةٌ، وَلِكُلِّ شِرَّةٍ فَتْرَةٌ، فَإِذَا كَانَتِ الْفَتْرَةُ إِلَى الْغَفْلَةِ فَهِيَ الْهَلَكَةُ، وَإِذَا كَانَتِ الْغَفْلَةُ إِلَى الْفَرِيضَةِ، لَا يَضُرُّ صَاحِبَهَا شَيْئًا، فَخُذْ مِنَ الْعَمَلِ بِمَا تُطِيقُ، وَإِنِّي إِنَّمَا بُعِثْتُ بِالْحَنِيفِيَّةِ السَّمْحَةِ، فَلَا تُثْقِلْ عَلَيْكَ عِبَادَةَ رَبِّكَ لَا تَدْرِي مَا طُولُ عُمُرِكَ

خدمت میں جا بیٹھے تو حضور ﷺ نے منہ موڑ لیا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ رو پڑے۔ پھر عرض کی: جی ہاں! مجھے معلوم ہے جو بات میرے حوالے سے آپ کو پہنچی ہے۔ فرمایا: تُو ہی وہ ہے جو صوم دھر رکھتا ہے' پوری پوری رات قیام کرتا ہے اور اپنا پہلو بستر پر نہیں رکھتا ہے؟ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں یہ سب کچھ بھلائی کی تلاش میں کرتا ہوں۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: تیری آنکھوں کا تجھ پر حق ہے' تیرے جسم کا تجھ پر حق ہے' تیری بیوی کا تیرے اوپر حق ہے' روزے بھی رکھ' افطار بھی کر' سو بھی اور قیام بھی کر اور اپنی بیوی (کی خوابگاہ میں اس) کے پاس آ کیونکہ میں روزے بھی رکھتا ہوں' افطار بھی کرتا ہوں' سوتا بھی ہوں اور قیام بھی کرتا ہوں اور اپنی بیویوں کے پاس بھی آتا ہوں' پس جس نے میری سنت پر عمل کیا' وہ ہدایت پا گیا جس نے اسے چھوڑا وہ گمراہ ہو گیا' کیونکہ ہر عمل کیلئے ایک تیزی (چستی' پھرتی) ہے اور ہر تیزی کیلئے ایک سستی (کمزوری' ڈھیلا پن) ہے' پس جب سستی کا رُخ' غفلت کی طرف ہو تو اسی کا نام ہلاکت ہے اور جب غفلت کا رُخ فریضہ کی طرف ہو تو فریضہ والے کو اس کا کوئی نقصان نہیں ہے۔ پس اعمال میں سے وہی کر جس کی تُو طاقت رکھتا ہے۔ میں تو پاکیزہ اور نرم شریعت دے کر بھیجا گیا ہوں۔ پس اپنے رب کی عبادت کو اپنے اوپر بوجھ نہ بنا' تجھے کیا معلوم تیری عمر کتنی لمبی ہے۔

7804- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک دن

7804- قال في المجمع جلد 1 صفحه 336' وفيه علي بن يزيد الألهاني وهو ضعيف . وعلمت حال عثمان .

التُّسْتَرِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ شَابُورٍ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاتِكَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ وَمَعَهُ أَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ، وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ، وَأُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى رَاحِلَتِهِ الْجَدْعَاءِ، فَلَمَّا بَرَزُوا سَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا يَقُولُ: اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ، فَوَقَفَ يَسْتَمِعُ، فَلَمَّا قَالَ: اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: شَهِدَ هَذَا، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ بِشَهَادَةِ الْحَقِّ .فَلَمَّا قَالَ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، قَالَ: بَرِءَ هَذَا، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ مِنَ النَّارِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَذَا صَاحِبُ كِلَابٍ . فَذَهَبَ ابْنُ مَسْعُودٍ وَابْنُ عَبَّاسٍ، فَوَجَدُوهُ كَذَلِكَ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لے چلے' حضرات ابوبکر' عمر' زید بن ثابت' عبداللہ بن مسعود' ابی بن کعب اور عبداللہ بن عباس بھی ساتھ تھے' رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی اونٹنی جدعاء پر سوار تھے۔ پس جب ظاہر ہوئے تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کسی آدمی کو کہتے ہوئے سنا: اللہ سب سے بڑا ہے' اللہ سب سے بڑا ہے۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قدم رُک گئے اور آپ غور سے سننے لگے۔ پس جب اس نے اللہ اکبر' اللہ اکبر کہا تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس نے حق کی گواہی دی' اس ذات کی قسم جس کے قبضے میں میری جان ہے! پس جب اس نے کہا: اشہد ان لا الٰہ الا اللہ! فرمایا: یہ آگ سے بری ہوگیا' قسم اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے! تین بار فرمایا' پھر فرمایا: یہ کتے والا ہے۔ پس حضرت عبداللہ بن مسعود اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما گئے تو اس کو ویسے ہی پایا (جیسے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا)۔

7805- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاتِكَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ذُرْوَةُ سَنَامِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اسلام کے کوہان کی چوٹی اللہ کی راہ میں جہاد کرنا ہے' اس سے افضل کوئی نہیں ہے۔

7805- قال في المجمع جلد5صفحه274' وفيه علي بن يزيد وهو ضعيف . وعلمت حال عثمان .

الْإِسْلَامِ: الْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ لَا يَنَالُهُ إِلَّا أَفْضَلُهُمْ

7806- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ أَبِي السَّرِيِّ الْعَسْقَلَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ، حَدَّثَنِي أَبُو حَفْصٍ الْقَاصُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاتِكَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: أَقْبَلَ ابْنُ أُمِّ مَكْتُومٍ وَهُوَ أَعْمَى، وَهُوَ الَّذِي أُنْزِلَتْ فِيهِ: (عَبَسَ وَتَوَلَّى أَنْ جَاءَهُ الْأَعْمَى) (عبس: 2) ، وَكَانَ رَجُلًا مِنْ قُرَيْشٍ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي، أَنَا كَمَا تَرَانِي قَدْ كَبِرَتْ سِنِّي، وَرَقَّ عَظْمِي، وَذَهَبَ بَصَرِي، وَلِي قَائِدٌ لَا يُلَاوِمُنِي قِيَادَةَ إِيَّايَ، فَهَلْ تَجِدُ لِي مِنْ رُخْصَةٍ أُصَلِّي فِي بَيْتِي الصَّلَوَاتِ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ تَسْمَعُ الْمُؤَذِّنَ مِنَ الْبَيْتِ الَّذِي أَنْتَ فِيهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، يَا رَسُولَ اللّٰهِ .قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا أَجِدُ لَكَ مِنْ رُخْصَةٍ، وَلَوْ يَعْلَمُ هَذَا الْمُتَخَلِّفُ عَنِ الصَّلَاةِ فِي الْجَمَاعَةِ مَا لِهَذَا الْمَاشِي إِلَيْهَا لَأَتَاهَا، وَلَوْ حَبْوًا عَلَى يَدَيْهِ وَرِجْلَيْهِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن اُم مکتوم رضی اللہ عنہ آئے' آپ نابینا تھے' یہ آیت نازل ہوئی: ''تیوری چڑھائی اور منہ پھیرا اس پر کہ آپ کے پاس وہ نابینا حاضر ہوا''۔ قریش سے ایک آدمی حضورﷺ کے پاس آیا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! میں ایسا ہوں جس طرح آپ دیکھ رہے ہیں' میری عمر زیادہ ہوگئی ہے اور میری ہڈیاں کمزور ہوگئی ہیں اور میری بینائی چلی گئی ہے' میرے لیے راہنما ہی کوئی نہیں ہے' کیا میرے لیے اجازت ہے کہ میں گھر میں ہی نمازیں پڑھ لوں؟ حضورﷺ نے فرمایا: جس گھر میں تُو ہوتا ہے' اس سے مؤذن کی آواز سنتا ہے؟ اس نے عرض کی: جی ہاں! اے اللہ کے رسول! رسول کریمﷺ نے فرمایا: میں تیرے لیے کوئی رخصت نہیں دیکھتا ہوں اور اگر جماعت میں شامل ہونے سے پیچھے رہنے والے کو اگر علم ہوتا کہ جماعت کی طرف چل کر جانے والے کیلئے کیا اجر ہے تو ضرور آتا' اگرچہ اپنے دونوں ہاتھوں اور دونوں پاؤں کے بل چل کر آتا۔

7806- قال في المجمع جلد 2 صفحه 43 وفيه علي بن يزيد الألهاني عن القاسم وقد ضعفهما الجمهور' واختلف في الاحتجاج بهما . وعلمت حال عثمان ابن أبي العاتكة .

7807- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاتِكَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: صَلَاةٌ عَلَى أَثَرِ صَلَاةٍ، كِتَابٌ فِي عِلِّيِّينَ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: ایک نماز کے بعد دوسری نماز پڑھنے کا ثواب علیین میں لکھا جائے گا۔

7808- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْبَاقِي الْمِصِّيصِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ الْحِمْصِيُّ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاتِكَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاحَ إِلَى مَكَّةَ مِنْ مِنًى يَوْمَ التَّرْوِيَةِ، فَقَدِمَ وَإِلَى جَانِبِهِ بِلَالٌ مَعَهُ ثَوْبٌ عَلَى عُودٍ يَسْتُرُهُ مِنْ حَرِّ الشَّمْسِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ مکہ سے منیٰ کی طرف جا رہے تھے' آٹھویں ذوالحجہ کے دن آپ آئے' آپ کی ایک طرف حضرت بلال رضی اللہ عنہ تھے' حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے پاس کپڑا تھا' اس کے ذریعہ آپ پر پردہ کیا تھا' سورج کی تپش سے بچنے کے لیے۔

7809- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ الصَّمَدِ الدِّمَشْقِيُّ، وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَعْمَرِيُّ، قَالَا: ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاتِكَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ بَنَى لِلَّهِ مَسْجِدًا بَنَى اللَّهُ لَهُ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ أَوْسَعَ مِنْهُ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جس نے اللہ کی رضا کے لیے مسجد بنائی' اللہ عزوجل اس کے لیے جنت میں اس سے بھی وسیع گھر بنائے گا۔

7808- قال في المجمع جلد 3صفحه232-233' رواه أحمد جلد 5صفحه268 هكذا - أي عن أبي أمامة عمن رأى رسول الله - وفي الاسنادين على بن يزيد وفيه كلام وقد وثق . وعلمت حال عثمان ابن أبي العاتكة .

7809- قال في المجمع جلد2صفحه8' وفيه على بن يزيد وهو ضعيف . وعلمت حال عثمان ابن أبي العاتكة .

7810- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاتِكَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ: (وَأَنْذِرْ عَشِيرَتَكَ الْأَقْرَبِينَ) (الشعراء :**214**) جَمَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَنِي هَاشِمٍ، فَأَجْلَسَهُمْ عَلَى الْبَابِ، وَجَمَعَ نِسَاءَهُ وَأَهْلَهُ، فَأَجْلَسَهُمْ فِي الْبَيْتِ، ثُمَّ اطَّلَعَ عَلَيْهِمْ، فَقَالَ: يَا بَنِي هَاشِمٍ، اشْتَرُوا أَنفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ، وَاسْعَوْا فِي فَكَاكِ رِقَابِكُمْ، وَافْتَكُّوا أَنْفُسَكُمْ مِنَ اللّٰهِ، فَإِنِّي لَا أَمْلِكُ لَكُمْ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت: ''آپ اپنے قریبیوں کو ڈرائیں'' نازل ہوئی تو حضورﷺ نے بنی ہاشم کو جمع کیا' ان کے دروازے کے باہر بٹھایا اور عورتوں اور بچوں کو جمع کیا' ان کو گھر کے اندر بٹھایا' پھر آپ کے پاس آئے' آپ نے فرمایا: اے بنی ہاشم! جہنم سے آزادی کے لیے کوئی اعمال کرو' غلاموں کو آزاد کرو اور اپنے آپ کو جہنم کی آگ سے بچاؤ کیونکہ میں اللہ کے ہاں تمہارے لیے کسی شی کا مالک نہیں ہوں۔

7811- ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَى أَهْلِ بَيْتِهِ، فَقَالَ: يَا عَائِشَةُ بِنْتَ أَبِي بَكْرٍ، وَيَا حَفْصَةُ بِنْتَ عُمَرَ، وَيَا أُمَّ سَلَمَةَ وَيَا فَاطِمَةُ بِنْتَ مُحَمَّدٍ، وَيَا أُمَّ الزُّبَيْرِ عَمَّةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اشْتَرُوا أَنفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ، وَاسْعَوْا فِي فَكَاكِ رِقَابِكُمْ، فَإِنِّي لَا أَطْلُبُ لَكُمْ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا وَلَا أُغْنِي فَبَكَتْ عَائِشَةُ، وَقَالَتْ: يَا حِبِّي، وَهَلْ يَكُونُ ذَلِكَ يَوْمَ لَا تُغْنِي عَنَّا شَيْئًا؟ قَالَ: نَعَمْ فِي ثَلَاثِ مَوَاطِنَ، يَقُولُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (وَنَضَعُ الْمَوَازِينَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيَامَةِ) (الأنبياء : **47**) الْآيَتَيْنِ، فَعِنْدَ ذَلِكَ لَا أُغْنِي

پھر اپنے والوں کے پاس آئے' فرمایا: اے عائشہ بنت ابوبکر! اے حفصہ بنت عمر بن خطاب! اے اُم سلمہ! اے فاطمہ بنت محمد! اے رسول اللہﷺ کی پھوپھی اُم زبیر! اپنے آپ کو جہنم سے بچانے کے لیے اعمال کرو اور غلاموں کو آزاد کرو کیونکہ میں تمہارے لیے اللہ کے ہاں کوئی شی طلب نہیں کروں گا' نہ سختی کروں گا۔ حضرت عائشہ رو پڑیں' عرض کرنے لگیں: اے میرے حبیب! کیا آپ ہمیں قیامت کے دن کوئی نفع نہیں دیں گے؟ آپﷺ نے فرمایا: جی ہاں! تین جگہ' اللہ عزوجل فرماتا ہے: ہم قیامت کے دن انصاف کے ترازو رکھیں گے' پس اس وقت میں تمہارے لیے کسی شی میں سختی نہیں کروں گا' اللہ

7810- قال في المجمع جلد7صفحه86 فيه علي بن يزيد الألهاني وهو متروك . وعلمت حال عثمان ابن أبي العاتكة .

عَنكُمْ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا، وَعِندَ النُّورِ مَنْ شَاءَ اللّٰهُ أَتَمَّ لَهُ نُورَهُ، وَمَنْ شَاءَ أَكَبَّهُ فِي الظُّلُمَاتِ، يَغُمُّهُ فِيهَا، فَلَا أَمْلِكُ لَكُمْ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا، وَلَا أُغْنِي لَكُمْ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا، وَعِندَ الصِّرَاطِ مَنْ شَاءَ اللّٰهُ سَلَّمَهُ وَأَجَازَهُ، وَمَنْ شَاءَ لَيُكِبَّهُ فِي النَّارِ

کے ہاں نور کے پاس جس کیلئے اللہ چاہے گا اس کا نور مکمل فرمائے گا اور جس کو چاہے گا اندھیروں میں اوندھے منہ ڈالے گا اور پل صراط پر جس کو اللہ چاہے گا (نیچے دوزخ میں گرنے سے) محفوظ رکھے گا اور جس کو چاہے گا اوندھے منہ جہنم میں ڈالے گا۔

7812- قَالَتْ عَائِشَةُ: أَيْ حِبِّي، قَدْ عَلِمْنَا الْمَوَازِينَ هِيَ الْكِفَّتَانِ، فَيُوضَعُ فِي هَذِهِ الشَّيْءُ فَيَرْجَحُ أَحَدُهُمَا، وَيَخِفُّ الْأُخْرَى، وَقَدْ عَلِمْنَا مَا النُّورُ، وَمَا الظُّلْمَةُ فَمَا الصِّرَاطُ؟ فَقَالَ: طَرِيقٌ بَيْنَ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ يَجُوزُ النَّاسُ عَلَيْهِ، وَهُوَ مِثْلُ حَدِّ الْمُوسَى، وَالْمَلَائِكَةُ صَافِّينَ يَمِينًا وَشِمَالًا يَخْطِفُوهُمْ بِالْكَلَالِيبِ مِثْلِ شَوْكِ السَّعْدَانِ، وَهُمْ يَقُولُونَ: رَبِّ سَلِّمْ سَلِّمْ، وَاقْتَدِ بِهِمْ هَوَاءً، فَمَنْ شَاءَ اللّٰهُ سَلَّمَهُ، وَمَنْ شَاءَ اللّٰهُ لَيُكِبَّهُ فِيهَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: اے میرے حبیب! ہم کو علم ہے کہ ترازو کے دو پلڑے ہیں ایک میں کوئی شی رکھی جائے گی ان میں سے ایک جھک جائے گا' دوسرا ہلکا ہوگا' ہمیں علم ہے کہ نور کیا ہے اور اندھیرا کیا ہے' پل صراط کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ایک راستہ ہے جو جنت اور جہنم کے درمیان ہے' لوگ اس پر سے گزریں گے وہ اُسترے کی مانند تیز ہے' فرشتے دائیں بائیں جانب صف بنائے ہوں گے' اس کے اردگرد خاردار پودے کے کانٹوں کی طرح کانٹے ہوں گے' وہ دوزخیوں کو ان کے ساتھ اُچک لیں گے' فرشتے عرض کر رہے ہوں گے: اے اللہ! محفوظ رکھ! محفوظ رکھ! جس کو اللہ چاہے گا بچالے گا اور جس کو چاہے گا جہنم میں ڈال دے گا۔

أَبُو عَبْدِ الرَّحِيمِ خَالِدُ بْنُ أَبِي يَزِيدَ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الْمَلِكِ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ،

ابوعبدالرحیم خالد بن ابی یزید' ابوعبدالملک علی بن یزید سے وہ حضرت قاسم سے روایت

عَنِ الْقَاسِمِ

7813- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ الْبَرَاءِ، ثنا الْمُعَافَى بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا مُوسَى بْنُ أَعْيَنَ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ خَالِدِ بْنِ أَبِي يَزِيدَ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، أَنَّ أَبَا ذَرٍّ، قَالَ: يَا رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مَا الصَّدَقَةُ؟ قَالَ: أَضْعَافٌ مُضَعَّفَةٌ، وَعِنْدَ اللهِ الْمَزِيدُ، ثُمَّ قَرَأَ: (مَنْ ذَا الَّذِي يُقْرِضُ اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضَاعِفَهُ لَهُ أَضْعَافًا كَثِيرَةً) (البقرة: **245**)

7814- فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللهِ، فَأَيُّ الصَّدَقَةِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: سِرٌّ إِلَى فَقِيرٍ، أَوْ جُهْدٌ مِنْ مُقِلٍّ، ثُمَّ قَرَأَ: (إِنْ تُبْدُوا الصَّدَقَاتِ فَنِعِمَّا هِيَ، وَإِنْ تُخْفُوهَا وَتُؤْتُوهَا الْفُقَرَاءَ فَهُوَ خَيْرٌ لَكُمْ) (البقرة: **271**) إِلَى آخِرِ الْآيَةِ

7815- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ الْبَرَاءِ، ثنا الْمُعَافَى بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا مُوسَى بْنُ أَعْيَنَ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: جَلَسَ نَبِيُّ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فِي نَفَرٍ مِنْ أَصْحَابِهِ، فَرَفَعَ نَبِيُّ اللهِ صَلَّى اللهُ

کرتے ہیں

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! صدقہ کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کا ثواب دُگنا ہوتا ہے' اللہ کے ہاں اور زیادہ۔ پھر آپ نے یہ آیت پڑھی: ''کون ہے جو اللہ کو قرض حسنہ دے' پس وہ اس کو اس کیلئے کئی گنا زیادہ کر دے''۔

عرض کی: یارسول اللہ! کون سا صدقہ افضل ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو چھپا کر کسی فقیر کو دیا جائے اور محنت کر کے کمایا ہو' پھر آپ نے یہ آیت پڑھی: ''اگر تم صرف صدقات ظاہر کر دو تو یہ بھی بہتر ہے' اگر چھپا کر فقیر کو دو تو یہ بھی تمہارے لیے بہتر ہے''۔

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صحابہ کرام کے ایک گروہ میں بیٹھے ہوئے تھے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا دست مبارک اُٹھایا' فرمایا: کون بیعت کرے گا؟ تین مرتبہ فرمایا' سوائے حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ کے کوئی کھڑا نہ ہوا' حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان

-7813 قال في المجمع جلد3 صفحه116' وفيه علي بن يزيد وفيه كلام .

-7815 قال في المجمع جلد3 صفحه93' وفيه علي بن يزيد وهو ضعيف .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ، فَقَالَ: مَنْ يُبَايِعُنِي؟ ، ثَلَاثَ مَرَّاتٍ فَلَمْ يَقُمْ إِلَيْهِ أَحَدٌ إِلَّا ثَوْبَانُ، فَقَالَ: بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي قَدْ بَايَعْنَاكَ مَرَّةً، وَأَنَا أُبَايِعُكَ الثَّانِيَةَ، فَعَلَامَ أُبَايِعُكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: عَلَى أَنْ لَا تَسْأَلُوا النَّاسَ شَيْئًا وَلَكُمِ الْجَنَّةَ ـ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنْ أَنَا بَايَعْتُكَ، وَلَمْ أَسْأَلِ النَّاسَ شَيْئًا فَلِيَ الْجَنَّةُ؟ قَالَ: نَعَمْ، إِنْ شَاءَ اللّٰهُ ـ قَالَ: لَا وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ، لَا أَسْأَلُ شَيْئًا مَا بَقِيتُ فِي الدُّنْيَا

ہوں! میں نے ایک مرتبہ بیعت کی ہے اب دوسری مرتبہ کروں گا' یارسول اللہ! بیعت کس پر کرنی ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تم لوگوں سے کوئی شی نہ مانگنا تم جنتی ہو گے۔ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم بیعت کرتے ہیں' جب لوگوں سے کوئی شی نہ مانگوں تو میرے لیے جنت ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! اگر اللہ نے چاہا! حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ نے عرض کی: وہ ذات جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے! جب تک میں زندہ رہوں گا کوئی شی نہیں مانگوں گا۔

ابو عبد الرحيم عن ابي عبد الملك عن القاسم

7816- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا مُوسَى بْنُ أَعْيَنَ، حَدَّثَنِي خَالِدُ بْنُ أَبِي يَزِيدَ، ح وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عِقَالٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: مَا صَلَّيْتُ خَلْفَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَنَا قَرِيبٌ مِنْهُ إِلَّا سَمِعْتُهُ يَقُولُ فِي دُبُرِ كُلِّ صَلَاةٍ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي خَطَايَايَ وَذُنُوبِي كُلَّهَا، اللّٰهُمَّ أَنْعِشْنِي وَأَجِرْنِي، وَاهْدِنِي لِصَالِحِ الْأَعْمَالِ وَالْأَخْلَاقِ، فَإِنَّهُ لَا يَهْدِي لِصَالِحِهَا، وَلَا يَصْرِفُ عَنِّي سَيِّئَهَا إِلَّا أَنْتَ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے پیچھے جب بھی نماز پڑھی' میں نے ہر فرض نماز میں یہ دعا کرتے ہوئے سنا: ''اللّٰهم اغفرلی خطایای وذنوبی کلها الٰی آخره''۔

7817- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے

7817- وقال الحافظ الهيثمی فی المجمع جلد7صفحه285 عن هذه الرواية ورجاله وثقوا ـ

بْنِ عِقَالٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: كَلِمَاتٌ حَفِظْتُهُنَّ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَزْدَادُ الْمَالُ إِلَّا إِفَاضَةً، وَلَا يَزْدَادُ النَّاسُ إِلَّا شُحًّا، وَلَا يَزْدَادُ الْأَمْرُ إِلَّا شِدَّةً، وَلَا تَقُومُ السَّاعَةُ إِلَّا عَلَى شِرَارِ النَّاسِ

رسول اللہ ﷺ سے یہ کلمات یاد کیے ہیں: مال دینے سے بڑھتا ہے لوگوں کا اضافہ کنجوسی میں ہے یہ معاملہ سخت ہی ہو گا' قیامت بُرے لوگوں پر آئے گی۔

حضرت ضحاک بن مزاحم فرماتے ہیں: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کو یہ بات پہنچی کہ مروان کہتا ہے:

8984- قال في المجمع جلد7صفحه105 وفيه يحيى الحماني وهو ضعيف .

8987- قال في المجمع جلد7صفحه67-68' واسناده منقطع ويحيى الحماني ضعيف .

سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ مُزَاحِمٍ، قَالَ: بَلَغَ ابْنَ مَسْعُودٍ أَنَّ مَرْوَانَ، يَقُولُ: (وَآتَيْنَاهُ أَهْلَهُ وَمِثْلَهُمْ مَعَهُمْ) (الأنبياء :84) ، قَالَ: أَتَى أَهْلًا غَيْرَ أَهْلِهِ، فَقَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: بَلْ أَتَى بِأَهْلِهِ بِأَعْيَانِهِمْ وَمِثْلِهِمْ مَعَهُمْ

''و آتيناه اهله الٰی آخره'' فرمایا: وہ اپنے اہل کو چھوڑ کر دوسرے اہل کے پاس آیا' تو حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بلکہ مراد ہے کہ وہ بذاتِ خود اپنے اہل کے پاس اوران کے ساتھ ان کی مثل دوسرے اہل کے پاس۔

8988- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا جَرِيرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، (وَذَا النُّونِ إِذْ ذَهَبَ مُغَاضِبًا) (الأنبياء :87) ، قَالَ: هُوَ عَبْدٌ أَبَقَ مِنْ سَيِّدِهِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: ''وذالنون الٰی آخره'' فرمایا: وہ غلام جو اپنے آقا سے بھاگ جائے۔

8989- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ يُونُسَ بْنِ خَبَّابٍ، عَمَّنْ حَدَّثَهُ: عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: إِذَا بَقِيَ فِي النَّارِ مَنْ يُخَلَّدُ فِيهَا جُعِلُوا فِي تَوَابِيتَ مِنْ نَارٍ فِيهَا مَسَامِيرُ مِنْ نَارٍ -قَالَ: ذَلِكَ مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا -فَلَا يَرَوْنَ أَحَدًا فِي النَّارِ يُعَذَّبُ غَيْرُهُمْ ، ثُمَّ قَرَأَ عَبْدُ اللهِ: (لَهُمْ فِيهَا زَفِيرٌ وَهُمْ فِيهَا لَا يَسْمَعُونَ) (الأنبياء :100)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب دوزخ کی آگ میں صرف وہی لوگ رہ جائیں گے جنہوں نے ہمیشہ اس میں رہنا ہے تو ان کو آگ کے تابوتوں میں ڈال دیا جائے گا جس مین کیل بھی آگ کے ہوں گے۔ دو یا تین بار یہ فرمایا۔ ان کے علاوہ جن کو دوزخ میں عذاب دیا جارہا ہوگا وہ کسی کو نہیں دیکھ سکیں گے۔ پھر آپ نے یہ آیت پڑھی: ''لهم فيها زفير الٰی آخره''۔

8990- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا أَبُو مُعَاوِيَةَ،

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ''بیٹے اور پوتے''۔ فرمایا: ان سے مراد ننھیالی رشتہ رکھنے والے

8988- قال في المجمع جلد7صفحه68' وفيه يحيى الحماني وهو ضعيف .

8989- قال في المجمع جلد7صفحه69' وفيه يحيى الحماني وهو ضعيف .

8990- فيه يحيى الحماني وهو ضعيف .

عَنْ أَبَانَ بْنِ تَغْلِبٍ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، (بَنِينَ وَحَفَدَةً) (النحل:72) قَالَ: هُمُ الْأَخْتَانُ

ہیں یعنی نواسے۔

8991- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ بُكَيْرٍ الطَّيَالِسِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: الْحَفَدَةُ الْأَخْتَانُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ان سے مراد نواسے ہیں۔

8992- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، (بَنِينَ وَحَفَدَةً) (النحل:72) قَالَ: هُمُ الْأَخْتَانُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: ''بنين وحفدة''۔ فرمایا: وہ نواسے ہیں۔

8993- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، قَالَ: قَالَ لِي عَبْدُ اللّٰهِ: هَلْ تَدْرِي مَا حَفَدَةٌ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، هُمْ حُفَّادُ الرَّجُلِ مِنْ وَلَدِهِ وَوَلَدِ وَلَدِهِ، قَالَ: لَا هُمُ الْأَصْهَارُ

حضرت زر فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے مجھ سے فرمایا: کیا تُو جانتا ہے کہ حفدة سے کیا مراد ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! اس سے مراد آدمی کے پوتے اور پڑپوتے ہیں۔ فرمایا: نہیں! اس سے مراد سسرالی رشتے والے ہیں۔

8994- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، قَالَ: كُنْتُ آخُذُ عَلَى عَبْدِ اللّٰهِ الْمُصْحَفَ، فَأَتَى عَلَى هَذِهِ الْآيَةِ: (وَجَعَلَ

حضرت زر فرماتے ہیں کہ میں حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے سامنے مصحف پکڑا کرتا تھا' پس اس آیت پر لایا گیا: ''وجعل لكم من ازواجكم الى آخره '' مجھے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا ''حفدة'' کا

8993- انظر ما بعده .

8994- قال في المجمع جلد 7صفحه48' وفيه عاصم ابن أبي النجود وهو حسن الحديث وفيه ضعف وبقية رجاله رجال الصحيح .

لَكُمْ مِنْ أَزْوَاجِكُمْ بَنِينَ وَحَفَدَةً) (النحل: 72) فَقَالَ لِي عَبْدُ اللّٰهِ: أَتَدْرِي مَا الْحَفَدَةُ؟ قُلْتُ: حَشَمُ الرَّجُلِ، قَالَ: لَا، هُمُ الْأَخْتَانُ

مطلب جانتے ہو؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! آدمی کے پوتے وغیرہ۔ فرمایا: نہیں! نواسے۔

8995- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، فِي قَوْلِهِ: (بَنِينَ وَحَفَدَةً) (النحل: 72) قَالَ: الْحَفَدَةُ الْأَخْتَانُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: ''بنين وحفدة''۔ فرمایا: وہ نواسے ہیں۔

8996- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَيُؤَيِّدُ الدِّينَ بِالرَّجُلِ الْفَاجِرِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: بے شک اللہ تعالیٰ (اگر چاہے تو) فاسق و فاجر آدمی سے بھی دین کی مدد کرواتا ہے۔

8997- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: (السَّائِحُونَ) (التوبة: 112) الصَّائِمُونَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ''السائحون'' (سے مراد) روزے رکھنے والے ہیں۔

8998- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، (وَكَأَيِّنْ مِنْ نَبِيٍّ قَاتَلَ مَعَهُ رِبِّيُّونَ كَثِيرٌ) (آل عمران: 146) قَالَ: أُلُوفٌ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: ''وكأين من نبى الى آخره'' فرمایا: کئی ہزار۔

8999- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:

8997- قال في المجمع جلد7صفحه34 وفيه عاصم به بهدلة وقد وثقه جماعة وضعفه آخرون وبقية رجاله رجال الصحيح .

8998- قال في المجمع جلد6صفحه327' وفيه عاصم به بهدلة وثقه النسائي وضعفه جماعة .

8999- قال في المجمع جلد7صفحه138' وفيه عاصم ابن ابى النجود وهو ثقة وفيه ضعف وبقية رجاله رجال الصحيح .

أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ: (وَهَدَيْنَاهُ النَّجْدَيْنِ) (البلد:10) ، قَالَ: سَبِيلُ الْخَيْرِ، وَالشَّرِّ

''وهديناه النجدين ''فرمایا: بھلائی اور بُرائی کے راستے ہیں۔

9000- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا شَرِيكٌ، عَنِ السُّدِّيِّ، عَنْ أَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّهُ: سُئِلَ عَنِ السُّحْتِ؟ قَالَ: الرِّشَا ، قِيلَ: فِي الْحُكْمِ، قَالَ: ذَاكَ الْكُفْرُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ان سے ''سُحت'' کے بارے سوال ہوا' فرمایا: حکم کے حوالے سے عرض کی گئی تو فرمایا: کفر ہے۔

9001- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: السُّحْتُ الرِّشْوَةُ فِي الدِّينِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ سُحت سے مراد دین میں رشوت ہے۔

9002- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ يَحْيَى الْأَبَحُّ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: الرِّشْوَةُ فِي الْحُكْمِ كُفْرٌ، وَهِيَ بَيْنَ النَّاسِ سُحْتٌ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: فیصلہ میں رشوت لینا کفر ہے حالانکہ لوگوں کے درمیان یہی سُحت ہے۔

9003- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ

حضرت مسروق فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن

9000- قال في المجمع جلد 7صفحه15 رواه الطبراني من رواية شريك عن السدى ولم أعرفه وبقية رجاله ثقات . وانظر تفسير ابن جرير رقم الحديث:11945,11952,11958,11960,11961,11963 .

9001- قال في المجمع جلد4صفحه200' وفيه أبو نعيم غير مسمى' فان كان الفضل بن دكين فهو ثقة' وان كان ضرار بن صرد فهو ضعيف' وكلاهما روى عن سفيان وروى عنه علي بن عبد العزيز البغوى .

9002- قال في المجمع جلد4صفحه200' ورجاله رجال الصحيح .

9003- شيخ الطبراني ضعيف قال في المجمع جلد4صفحه199 رواه أبو يعلى وشيخ أبي يعلى محمد بن عثمان ابن عمر لم أعرفه .

سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا إِسْرَائِيلُ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ مَسْرُوقٍ، قَالَ: سَأَلْتُ ابْنَ مَسْعُودٍ، عَنِ الرِّشَا فِي الْحُكْمِ؟ قَالَ: ذَلِكَ الْكُفْرُ

مسعود رضی اللہ عنہ سے فیصلہ میں رشوت لینے کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا: یہ کفر ہے۔

9004- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ السُّدِّيِّ، عَنْ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالُوا: (رَبَّنَا مَنْ قَدَّمَ لَنَا هَذَا فَزِدْهُ عَذَابًا ضِعْفًا فِي النَّارِ) (ص: 61)، قَالَ: أَفَاعِي وَحَيَّاتٌ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہٗ اللہ تعالیٰ کے ارشاد: ''اے ہمارے رب! جو شخص ہمارے سامنے یہ عذاب لایا ہے اسے آگ میں دوگنا عذاب دے'' کی تفسیر کی کہ اس سے مراد یہ ہے کہ بچھو اور سانپ زیادہ کر دے۔

9005- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، فِي قَوْلِهِ: (زِدْنَاهُمْ عَذَابًا فَوْقَ الْعَذَابِ) (النحل: 88)، قَالَ: زِيدُوا عَقَارِبَ أَنْيَابُهَا كَالنَّخْلِ الطِّوَالِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہٗ اللہ تعالیٰ کے ارشاد: ''ہم انہیں دوگنا عذاب دیں گے'' کی تفسیر کرتے ہیں: ایسے بچھو زیادہ کرو جن کی داڑھیں لمبی کھجور کی مانند ہوں۔

9006- حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا يَحْيَى بْنُ عِيسَى، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، فِي قَوْلِهِ: (زِدْنَاهُمْ عَذَابًا فَوْقَ الْعَذَابِ) (النحل: 88) قَالَ: عَقَارِبُ أَنْيَابُهَا كَالنَّخْلِ الطِّوَالِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہٗ اس ارشادِ باری تعالیٰ: ''ہم انہیں دوگنا عذاب دیں گے'' کی تفسیر کرتے ہیں کہ اس سے مراد ایسے بچھو ہوں گے جن کے دانت کھجور کے لمبے درختوں کی طرح ہوں گے۔

9004- قال في المجمع جلد7 صفحه100، ورجاله رجال الصحيح .

9005- قال في المجمع جلد7 صفحه48 رواه الطبراني باسانيد رجال بعضها رجال الصحيح .

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ، أَوْ مُسْلِمٍ -شَكَّ سُفْيَانُ- عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، مِثْلَهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

9007- حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا إِسْرَائِيلُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، فِي قَوْلِهِ تَبَارَكَ وَتَعَالَى: (فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا) (مريم:59) ، قَالَ: وَادٍ فِي جَهَنَّمَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ' اللہ عزوجل کے ارشاد: ''پس وہ عنقریب دوزخ کے بدترین گڑھے میں گریں گے'' کی تفسیر کرتے ہیں کہ اس سے مراد جہنم میں ایک وادی ہے۔

9008- حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، (فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا) (مريم:59) ، قَالَ: نَهْرٌ فِي جَهَنَّمَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ' اللہ عزوجل کے ارشاد: ''پس عنقریب دوزخ کے بدترین گڑھے میں گریں گے'' کی تفسیر کرتے ہیں کہ اس سے مراد جہنم میں ایک نہر ہے۔

9009- حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا أَبُو الْأَحْوَصِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: الْغَيُّ نَهْرٌ فِي جَهَنَّمَ يُقْذَفُ فِيهِ الَّذِينَ اتَّبَعُوا الشَّهَوَاتِ

حضرت ابوعبیدہ اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: غی' جہنم میں ایک نہر ہے' جس میں ان لوگوں کو ڈالا جائے گا جو خواہشات کی پیروی کرتے ہوں گے۔

9010- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ' اللہ عزوجل کے ارشاد: ''فسوف یلقون غیًا'' کی تفسیر کرتے ہیں کہ اس سے

9007- قال في المجمع جلد7 صفحه55 رواه الطبراني بأسانيد ورجال بعضها ثقات الا أن أبا عبيدة لم يسمع من أبيه .

، قال جلد10 صفحه290' ورجاله رجال الصحيح .

أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، (فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا) (مريم: 59) ، قَالَ: وَادٍ فِي جَهَنَّمَ مِنْ قَيْحٍ

مراد جہنم میں پیپ کی ایک وادی ہے۔

9011- حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، فِي قَوْلِهِ: (فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا) (مريم: 59) ، قَالَ: نَهْرٌ فِي جَهَنَّمَ وَوَادٍ فِي جَهَنَّمَ .

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ''فسوف یلقون غیًا'' کی تفسیر کرتے ہیں کہ اس سے مراد جہنم میں ایک نہر اور ایک وادی کا نام ہے۔

9012- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنُ الْمُنْذِرِ الْقَزَّازُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ الضُّبَعِيُّ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، فِي قَوْلِهِ: (فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا) (مريم: 59) ، قَالَ: وَادٍ فِي جَهَنَّمَ بَعِيدُ الْقَعْرِ، خَبِيثُ الْمَطْعَمِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اللہ عزوجل کے ارشاد: ''فسوف یلقون غیًا'' کی تفسیر کرتے ہیں کہ اس سے مراد جہنم میں ایک گہری وادی ہے جس کا کھانا بُرا ہے۔

9013- حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: هُوَ نَهْرٌ فِي النَّارِ لَهُ غَيٌّ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جہنم میں ایک نہر ہے جس کو غی کہا جاتا ہے۔

9014- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا خَلَفُ بْنُ خَلِيفَةَ، عَنِ الْعَلَاءِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، فِي قَوْلِهِ: (فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا) (مريم: 59) ، قَالَ: نَهْرٌ فِي جَهَنَّمَ، يُقَالُ لَهُ غَيٌّ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اللہ عزوجل کے ارشاد: ''فسوف یلقون غیًا'' کی تفسیر کرتے ہیں کہ جہنم میں ایک نہر ہے جس کا نام غی ہے۔

9015- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ ذَرٍّ، عَنْ وَائِلِ بْنِ مَهَانَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: وَيْلٌ وَادٍ فِي جَهَنَّمَ مِنْ قَيْحٍ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ویل سے مراد جہنم میں ایک وادی ہے جو پیپ سے بھری ہوئی ہے۔

9016- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، (وَلَا يُبْدِينَ زِينَتَهُنَّ إِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا) (النور: **31**) ، قَالَ: الثِّيَابُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: ''اور اپنی آرائش کے مقامات کی نمائش نہ کریں مگر جو خود ہی ظاہر ہو' فرمایا: (اس میں زینت سے جو خود ظاہر ہے' مراد) کپڑے ہیں۔

9017- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا الْفِرْيَابِيُّ، عَنْ إِسْرَائِيلَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، (وَلَا يُبْدِينَ زِينَتَهُنَّ إِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا) (النور: **31**) ، قَالَ: الزِّينَةُ الْقُرْطُ، وَالدُّمْلُجُ، وَالْخَلْخَالُ، وَالْقِلَادَةُ

حضرت ابواحوص نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا: ''اور اپنی آرائش کے مقامات کی نمائش نہ کریں مگر جو خود ہی ظاہر ہو''۔ فرمایا: زینت سے مراد کان میں لٹکایا جانے والا موتی یا سونا چاندی' بازوبند' پازیب اور ہار ہیں۔

9018- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا حُدَيْجُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، فِي قَوْلِهِ: (وَلَا يُبْدِينَ زِينَتَهُنَّ) (النور: **31**) ، قَالَ: الزِّينَةُ السِّوَارُ، وَالدُّمْلُجُ، وَالْخَلْخَالُ، وَالْأَدَبُ، وَالْقُرْطُ، وَالْقِلَادَةُ وَمَا ظَهَرَ هِيَ الثِّيَابُ، وَالْجِلْبَابُ

اللہ تعالیٰ کے اس قول کے بارے میں حضرت ابواحوص نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی: ''اور اپنی آرائش کے مقامات کی نمائش نہ کریں مگر......''۔ فرمایا: زینت سے مراد کنگن' بازوبند' پازیب' عادات و خصائل' کان لٹکایا جانے والا موتی اور ہار ہیں اور جو خود ہی ظاہر ہے' وہ کپڑے اور برقعہ ہے۔

9015- قال في المجمع جلد7صفحه135 وفيه يحيى الحماني وهو ضعيف .

9016تا9118- قال في المجمع جلد7صفحه82 رواه الطبراني بأسانيد مطولًا ومختصرًا ورجال أحدها رجال الصحيح .

9019- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، (فَرَدُّوا أَيْدِيَهُمْ فِي أَفْوَاهِهِمْ) (إبراهيم:9) ، قَالَ: عَضُّوهَا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اللہ عزوجل کے ارشاد: ''تو انہوں نے (سخت ناگواری سے) اپنے ہاتھ اپنے مونہوں میں ڈال لیے'' کی تفسیر کرتے ہیں کہ ان سے مراد یہ ہے کہ اس کو کاٹنے لگے۔

9020- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، فِي قَوْلِهِ: (فَرَدُّوا أَيْدِيَهُمْ فِي أَفْوَاهِهِمْ) (إبراهيم:9) قَالَ: عَضُّوا أَصَابِعَهُمْ غَيْظًا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اللہ عزوجل کے ارشاد: ''تو اُنہوں نے (سخت ناگواری سے) اپنے ہاتھ اپنے مونہوں میں ڈال لیے'' کی تفسیر کرتے ہیں کہ اس سے مرا دیہ ہے کہ وہ اپنی انگلیاں غصہ سے کاٹنے لگے۔

9021- حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ إِسْرَائِيلَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، فِي قَوْلِهِ: (وَإِنْ مِنْكُمْ إِلَّا وَارِدُهَا) (مريم:71) ، قَالَ: الصِّرَاطُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے اللہ تعالیٰ کے اس قول کے بارے میں مروی ہے: ''اور انسانو! تم میں سے ہر شخص کا گزر دوزخ پر ہوگا''۔ فرمایا: اس سے مراد پل صراط ہے۔

9022- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنُ الْمُنْذِرِ الْقَزَّازُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، فِي قَوْلِهِ: (تَلْفَحُ وُجُوهَهُمُ النَّارُ وَهُمْ فِيهَا كَالِحُونَ) (المؤمنون:104) ، قَالَ: أَلَمْ تَنْظُرْ إِلَى الرُّءُوسِ مُتَشَيِّطَةٌ قَدْ بَدَتْ أَسْنَانُهُمْ، وَقَلَصَتْ شِفَاهُهُمْ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اللہ عزوجل کے ارشاد: ''آگ ان کے چہروں کو بُری طرح جھلسا دے گی اور وہ دوزخ میں مسخ شدہ شکلوں کے ساتھ پڑے ہوں گے'' کی تفسیر کرتے ہیں: کیا تو ایسے سروں کی طرف دیکھتا ہے جن کو کنگھی کی گئی ہے ان کے دانت ظاہر ہیں اور ان کے ہونٹ لٹکے ہوئے ہیں۔

9023- حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ،

حضرت شقیق بن سلمہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن

9020- قال في المجمع جلد7صفحه43 رواه الطبراني عن شيخه عبد الله بن محمد بن سعيد ابن أبي مريم وهو ضعيف .

9022- قال في المجمع جلد7صفحه73' ورجاله ثقات الا أن أبا عبيدة لم يسمع من أبيه .

ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا يَزِيدُ بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ: سُئِلَ عَنْ هَذِهِ الْآيَةِ: (سَيُطَوَّقُونَ مَا بَخِلُوا بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ) (آل عمران: 180) ، قَالَ: يُطَوَّقُ شُجَاعًا أَقْرَعَ يَنْقُرُ رَأْسَهُ

مسعود رضی اللہ عنہ سے اس آیت کے متعلق پوچھا گیا: ''جس میں اُنہوں نے بخل کیا اس کا طوق عنقریب قیامت کے دن ان کے گلے میں ڈالا جائے گا'' کی تفسیر کرتے ہیں کہ سانپ کا طوق بنا کر رکھا جائے گا جو گنجا ہوگا' اس کے سر کو ڈسے گا۔

9024- حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: مَنْ كَانَ لَهُ مَالٌ لَمْ يُؤَدِّ زَكَاتَهُ طُوِّقَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شُجَاعًا أَقْرَعَ يَنْقُرُ رَأْسَهُ يَقُولُ: أَنَا مَالُكَ الَّذِي كُنْتَ تَبْخَلُ بِهِ (سَيُطَوَّقُونَ مَا بَخِلُوا بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ) (آل عمران: 180)

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس کے پاس مال ہو' وہ زکوٰۃ نہ دے تو قیامت کے دن ایک گنجے سانپ کا طوق بنا کر اسے پہنایا جائے گا جو اس کے سر کو ڈسے گا' وہ کہے گا: میں تیرا مال ہوں' تو میرے ذریعہ بخل کرتا تھا' ''جس میں اُنہوں نے بخل کیا اس کا طوق عنقریب قیامت کے دن ان کے گلے میں ڈالا جائے گا''۔

9025- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، (سَيُطَوَّقُونَ مَا بَخِلُوا بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ) (آل عمران: 180) ، قَالَ: يَجِيءُ مَالُهُ ثُعْبَانًا يَنْقُرُ رَأْسَهُ فَيَقُولُ: أَنَا مَالُكَ الَّذِي بَخِلْتَ بِهِ فَيُطَوَّقُ بِهِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہٗ اللہ عزوجل کے ارشاد: ''جس میں اُنہوں نے بخل کیا اس کا طوق عنقریب قیامت کے دن ان کے گلے میں ڈالا جائے گا'' کی تفسیر کرتے ہیں کہ مال آئے گا سانپ کی شکل میں جو ان کے سر کو ڈسے گا' وہ کہے گا: میں تیرا مال ہوں جس کے ذریعے تُو بخل کرتا تھا' اس کے گلے میں طوق بنا کر ڈالا جائے گا۔

9026- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ الرَّبِيعِ، ثنا أَبُو الْأَحْوَصِ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، فِي قَوْلِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ: (سَيُطَوَّقُونَ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہٗ اللہ عزوجل کے ارشاد: ''جس میں اُنہوں نے بخل کیا اس کا طوق عنقریب قیامت کے دن ان کے گلے میں ڈالا جائے گا'' کی تفسیر کرتے ہیں کہ مال آئے گا گنجے سانپ کی شکل میں جس

بَخِلُوا بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ) (آل عمران: **180**)
قَالَ: يُطَوَّقُ شُجَاعًا أَقْرَعَ بِفِيهِ زَبِيبَتَانِ يَنْقُرُ رَأْسَهُ فَيَقُولُ: مَا لِي وَلَكَ فَيَقُولُ: أَنَا مَالُكَ الَّذِي بَخِلْتَ بِهِ

کے منہ میں دوقسم کا زہر ہوگا۔ جو ان کے سر کو ڈسے گا' وہ کہے گا: میرا اور تیرا کیا معاملہ ہے؟ وہ سانپ کہے گا: میں تیرا مال ہوں جس کے ذریعے تُو بخل کرتا تھا' اس کے گلے میں طوق بنا کر ڈالا جائے گا۔

9027- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا إِسْرَائِيلُ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ مَسْرُوقٍ، قَالَ: سَأَلْنَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ عَنْ قَوْلِهِ: (سَيُطَوَّقُونَ مَا بَخِلُوا بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ) (آل عمران: **180**) ، قَالَ: شُجَاعٌ يَنْهَشُ لِهْزِمَتَهُ

حضرت مسروق فرماتے ہیں کہ ہم نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے اللہ عزوجل کے اس ارشاد: ''جس میں اُنہوں نے بخل کیا اس کا طوق عنقریب قیامت کے دن ان کے گلے میں ڈالا جائے گا'' کی تفسیر کرتے ہیں کہ ایک سانپ ان کو ڈسے گا۔

9028- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ، يَقُولُ: كَانَ عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْعُودٍ يُصَلِّي الْمَغْرِبَ حِينَ تَغْرُبُ حَاجِبُ الشَّمْسِ، ثُمَّ يَحْلِفُ أَنَّهُ الْوَقْتُ الَّذِي قَالَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ: (أَقِمِ الصَّلَاةَ لِدُلُوكِ الشَّمْسِ) (الإسراء: **78**)

حضرت ابوعبیدہ بن عبداللہ بن مسعود فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نمازِ مغرب سورج کے غروب ہونے کے وقت ادا کرتے' پھر قسم اُٹھاتے' یہ ہی وقت ہے جس کے متعلق اللہ نے فرمایا: ''نماز پڑھو سورج کے غروب کے وقت''۔

9029- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ''دلوك الشمس'' سے مراد سورج کا غروب ہونا ہے' جب سورج

9028- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 2096 .

9029- قال في المجمع جلد 1 صفحه 31 واسناده حسن .

عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: دُلُوكُ الشَّمْسِ غُرُوبُهَا، تَقُولُ الْعَرَبُ: إِذَا غَرَبَتِ الشَّمْسُ، إِذَا دَلَكَتِ الشَّمْسُ بَرَاحٌ

غروب ہوتو عربی لوگ کہتے ہیں: ''دلکت الشمس براح''۔

9030- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا قَيْسٌ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: دُلُوكُهَا غُرُوبُهَا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ''دلوکھا'' سے مراد سورج کا غروب ہونا ہے۔

9031- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: دُلُوكُ الشَّمْسِ غُرُوبُهَا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ''دلوک الشمس'' سے مراد ''سورج کا غروب ہونا'' ہے۔

9032- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ قَالَ: صَلَّى عَبْدُ اللّٰهِ الْمَغْرِبَ، فَلَمَّا انْصَرَفَ جَعَلْنَا نَلْتَفِتُ، فَقَالَ: مَا لَكُمْ تَلْتَفِتُونَ؟ قُلْنَا: نَرَى أَنَّ الشَّمْسَ طَالِعَةٌ، فَقَالَ: هَذَا وَاللّٰهِ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ مِيقَاتُ هَذِهِ الصَّلَاةِ، ثُمَّ قَرَأَ: (أَقِمِ الصَّلَاةَ لِدُلُوكِ الشَّمْسِ إِلَى غَسَقِ اللَّيْلِ) (الإسراء: **78**) فَهَذَا دُلُوكُ الشَّمْسِ، وَهَذَا غَسَقُ اللَّيْلِ

حضرت عبدالرحمٰن بن یزید فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے نمازِ مغرب پڑھائی' جب سلام پھیرا تو ہم آپ کی طرف دیکھنے لگے' آپ نے فرمایا: تم کیوں دیکھتے ہو؟ ہم نے عرض کی: ہم دیکھ رہے ہیں کہ سورج ابھی نظر آ رہا ہے' آپ نے فرمایا: اللہ کی قسم! جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے' اس نماز کا یہی وقت ہے' اللہ عزوجل کا ارشاد ہے: ''نماز قائم رکھو سورج کے غروب ہونے سے رات کے اندھیرے تک'' اِدھر یہ سورج غروب ہو گیا ہے اور اُدھر یہ رات کا اندھیرا ہو گیا ہے۔

9033- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ

حضرت عبدالرحمٰن بن یزید فرماتے ہیں کہ حضرت

9032- قال في المجمع جلد7 صفحه50' ورجاله رجال الصحيح .

الْمَكِّيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: صَلَّى عَبْدُ اللّٰهِ ذَاتَ يَوْمٍ، وَجَعَلَ رَجُلٌ يَنْظُرُ هَلْ غَابَتِ الشَّمْسُ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: مَا تَنْظُرُونَ هَذَا؟ وَاللّٰهِ الَّذِي لَا إِلَهَ غَيْرُهُ مِيقَاتُ هَذِهِ الصَّلَاةِ يَقُولُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (أَقِمِ الصَّلَاةَ لِدُلُوكِ الشَّمْسِ إِلَى غَسَقِ اللَّيْلِ) (الإسراء: 78) فَهَذَا دُلُوكُ الشَّمْسِ، وَهَذَا غَسَقُ اللَّيْلِ

عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ایک دن نماز پڑھائی' ایک آدمی دیکھا' کہا: کیا سورج غروب ہو گیا ہے؟ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم کیا دیکھ رہے ہو؟ اللہ کی قسم! جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے' اس نماز کا یہی وقت ہے' اللہ عزوجل نے ارشاد فرمایا: ''نماز قائم رکھو سورج کے غروب ہونے سے رات کے اندھیرے تک'' ادھر یہ سورج کا غروب ہونا ہے اور ادھر یہ رات کا اندھیرا ہے۔

9034- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا هُشَيْمٌ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَمِّهِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: كُنَّا مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ حِينَ سَلَّمَ، فَقَالَ: هَذَا وَالَّذِي لَا إِلَهَ غَيْرُهُ حَيْثُ دَلَكَتِ الشَّمْسُ، وَحَلَّ وَقْتُ هَذِهِ الصَّلَاةِ

حضرت عبدالرحمٰن بن یزید فرماتے ہیں کہ ہم حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے' جس وقت آپ نے سلام پھیرا تو فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے' جس وقت سورج غروب ہو جائے' اس نماز کا وقت ہو جاتا ہے۔

9035- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا هُشَيْمٌ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: كُنَّا مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، فَلَمَّا غَرَبَتِ الشَّمْسُ، قَالَ: هَذَا وَاللّٰهِ الَّذِي لَا إِلَهَ غَيْرُهُ حَيْثُ دَلَكَتِ الشَّمْسُ، وَحَلَّ وَقْتُ الصَّلَاةِ

حضرت عبدالرحمٰن بن یزید فرماتے ہیں کہ ہم حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے تھے' جب سورج غروب ہوا تو آپ نے فرمایا: وہ ذات جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے' جس وقت سورج غروب ہو جائے نماز کا وقت ہو جاتا ہے۔

9034- قال فی المجمع جلد1 صفحه 311' واسناده صحيح .

9036- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا قَيْسٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، وَالْأَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: دُلُوكُ الشَّمْسِ غُرُوبُهَا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ سورج کے دُلوك سے مراد ''اس کا غروب ہونا'' ہے۔

9037- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: دُلُوكُ الشَّمْسِ حِينَ تَغِيبُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ سورج کے دلوك سے مراد ''اس کا غروب ہونا'' ہے۔

حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا هُشَيْمٌ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: غُرُوبُهَا،

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرماتے ہیں: (اس سے مراد سورج کا) غروب ہونا ہے۔

حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، قَالَ: ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، مِثْلَهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے اسی کی مثل روایت ہے۔

9038- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يَقُولُ: يَتَدَارَكُ الْحَرَسَانِ مِنْ مَلَائِكَةِ اللّٰهِ حَارِسُ اللَّيْلِ، وَحَارِسُ النَّهَارِ عِنْدَ طُلُوعِ الْفَجْرِ، وَاقْرَءُوا إِنْ شِئْتُمْ: (وَقُرْآنَ الْفَجْرِ إِنَّ قُرْآنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُودًا) (الإسراء: 78)

حضرت ابوعبیدہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے تھے: رات کے وقت نگہبانی کرنے والا اللہ کا فرشتہ اور دن کے وقت نگہبانی کرنے والا فرشتہ فجر کے طلوع ہونے کے وقت ملتے ہیں' اگر تم چاہو تو یہ آیت پڑھ لو: ''اور فجر کی نماز بھی ادا کیا کریں' بے شک نماز فجر کے وقت فرشتے حاضر ہوتے ہیں''۔

9039- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ

حضرت عبدالرحمن بن یزید فرماتے ہیں کہ ہم مکہ کے

التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُهَاجِرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: كُنَّا مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ فِي طَرِيقِ مَكَّةَ، فَلَمَّا غَرَبَتِ الشَّمْسُ قَالَ: هَذَا غَسَقُ اللَّيْلِ، ثُمَّ أَذَّنَ، ثُمَّ قَالَ: هَذَا وَاللّٰهِ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ وَقْتُ هَذِهِ الصَّلَاةِ

راستہ میں حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے جب سورج غروب ہو گیا تو آپ نے فرمایا: یہ رات کا اندھیرا ہے پھر اذان دی گئی پھر فرمایا: اللہ کی قسم! جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے یہ اس نماز کا وقت ہے۔

9040- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ، ثنا يَحْيَى، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، (إِلَى غَسَقِ اللَّيْلِ) (الإسراء: **78**)، قَالَ: الْعِشَاءُ الْآخِرَةُ

حضرت عبداللہ الی غسق اللیل سے مراد نمازِ عشاء لیتے تھے۔

9041- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ، ثنا يَحْيَى، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ عَامِرٍ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: الْعِشَاءُ الْآخِرَةُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: الی غسق اللیل سے مراد نمازِ عشاء ہے۔

9042- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُخَارِقِ، عَنْ أَبِيهِ الْمُخَارِقِ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، (فَإِنَّ لَهُ مَعِيشَةً ضَنْكًا) (طه: **124**)، قَالَ: عَذَابُ الْقَبْرِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اللہ عزوجل کے ارشاد: ''بے شک ان کے لیے تنگ زندگانی ہے'' کی تفسیر کرتے ہیں کہ اس سے مراد ''عذابِ قبر'' ہے۔

9043- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا

حضرت مخارق بن سلیم سے مروی ہے کہ حضرت

9040- قال في المجمع جلد7 صفحه51 رواه الطبراني من طريقين وفيهما يحيى الحماني وجابر الجعفي وكلاهما ضعيف. وقال جلد1 صفحه311 وفيه جابر الجعفي وهو ضعيف وقد وثقه شعبة وسفيان.

9041- هذا الحديث في نسخة أحمد الثالث فقط.

9042- قال في المجمع جلد7 صفحه67 وفيه المسعودي وقد اختلط وبقية رجاله ثقات.

أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُخَارِقِ، عَنْ أَبِيهِ مُخَارِقِ بْنِ سُلَيْمٍ: أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ، كَانَ يَقُولُ: إِذَا حَدَّثْتُكُمْ بِحَدِيثٍ أَتَيْتُكُمْ بِتَصْدِيقِ ذَلِكَ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ، إِنَّ الْعَبْدَ الْمُسْلِمَ إِذَا قَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ، وَلَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ أَكْبَرُ، وَتَبَارَكَ اللّٰهُ قَبَضَ عَلَيْهِنَّ مَلَكٌ، فَجَعَلَهُنَّ تَحْتَ جَنَاحِهِ، ثُمَّ صَعِدَ بِهِنَّ، فَلَا يَمُرُّ عَلَى جَمْعٍ مِنَ الْمَلَائِكَةِ إِلَّا اسْتَغْفَرُوا لِقَائِلِهِنَّ حَتَّى يَجِيءَ بِهِنَّ وَجْهَ الرَّحْمَنِ تَعَالَى، ثُمَّ قَرَأَ عَبْدُ اللّٰهِ (إِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ، وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهُ) (فاطر:10)

عبداللہ رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے: جب میں تم سے کوئی حدیث بیان کروں گا تو اس کی تصدیق' اللہ کی کتاب سے لاؤں گا۔ بے شک مسلمان بندہ جب کہے: ''الحمد للہ وسبحان اللّٰہ ولا الٰہ الا اللّٰہ واللّٰہ اکبر وتبارك اللّٰہ'' تو ایک فرشتہ ان کو لے کر اپنے پروں کے نیچے رکھ لیتا ہے پھر ان کو لے کر بلند ہوتا ہے' پس وہ ملائکہ کے جس گروہ کے پاس سے بھی گزرتا ہے' وہ فرشتے ان کلمات کہنے والے کیلئے استغفار کرتے ہیں یہاں تک کہ وہ ان کو لے کر رحمٰن تعالیٰ کے سامنے آتا ہے پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے یہ آیت پڑھی: ''الیہ یصعد الکلم الطیب الٰی آخرہ''۔

9044- حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُخَارِقِ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: إِذَا حَدَّثْتُكُمْ بِحَدِيثٍ أَنْبَأْتُكُمْ بِتَصْدِيقِ ذَلِكَ، إِنَّ الْعَبْدَ الْمُسْلِمَ إِذَا مَاتَ أُجْلِسَ فِي قَبْرِهِ، فَيُقَالُ لَهُ: مَنْ رَبُّكَ؟ مَا دِينُكَ؟ مَنْ نَبِيُّكَ؟ فَيُثَبِّتُهُ اللّٰهُ فَيَقُولُ: رَبِّيَ اللّٰهُ، وَدِينِيَ الْإِسْلَامُ، وَنَبِيِّي مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَيُوَسَّعُ لَهُ فِي قَبْرِهِ، وَيُفْرَجُ لَهُ فِيهِ، ثُمَّ قَرَأَ عَبْدُ اللّٰهِ: (يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِينَ آمَنُوا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيَاةِ

حضرت مخارق بن سلیم سے مروی ہے کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب میں تمہارے سامنے کوئی حدیث بیان کروں گا تو اس کی تصدیق' اللہ کی کتاب سے پیش کروں گا: بے شک جب مسلمان بندہ فوت ہو جاتا ہے تو اسے قبر میں بٹھا کر اس سے کہا جاتا ہے: تیرا رب کون ہے؟ تیرا دین کیا ہے؟ تیرا نبی کون ہے؟ پس اللہ تعالیٰ اسے ثابت رکھتا ہے تو وہ کہتا ہے: میرا رب اللہ اور میرا دین اسلام ہے اور میرے نبی حضرت محمد ﷺ ہیں۔ پس اس کی قبر وسیع کر دی جاتی ہے اور قبر میں اس کو کشادگی عطا کی جاتی ہے' پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے یہ آیت پڑھی: ''یثبت اللّٰہ الی آخرہ''

9044- قال في المجمع جلد3صفحه54' واسناده حسن.

الدُّنْيَا وَفِي الْآخِرَةِ وَيُضِلُّ اللّٰهُ الظَّالِمِينَ)
(إبراهيم: **27**)

9045- حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُخَارِقِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ: إِذَا حَدَّثْنَاكُمْ بِحَدِيثٍ، أَتَيْنَاكُمْ بِتَصْدِيقِ ذَلِكَ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ: إِنَّ النُّطْفَةَ تَكُونُ فِي الرَّحِمِ أَرْبَعِينَ، ثُمَّ تَكُونُ عَلَقَةً أَرْبَعِينَ، ثُمَّ تَكُونُ مُضْغَةً أَرْبَعِينَ، فَإِذَا أَرَادَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ أَنْ يَخْلُقَ الْخَلْقَ نَزَلَ مَلَكٌ فَقَالَ لَهُ: اكْتُبْ، فَيَقُولُ: يَا رَبِّ مَا أَكْتُبُ؟ فَيَقُولُ: اكْتُبْ أَشَقِيٌّ أَمْ سَعِيدٌ، أَذَكَرٌ أَمْ أُنْثَى، مَا رِزْقُهُ، وَمَا أَثَرُهُ، وَمَا أَجَلُهُ، فَيُوحِي اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ إِلَيْهِ مَا يَشَاءُ، وَيَكْتُبُ الْمَلَكُ، ثُمَّ قَرَأَ عَبْدُ اللّٰهِ: (إِنَّا خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ مِنْ نُطْفَةٍ أَمْشَاجٍ نَبْتَلِيهِ) (الإنسان: **2**)، قَالَ: وَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: الْأَمْشَاجُ الْعُرُوقُ

حضرت عبداللہ بن مخارق اپنے والد گرامی سے روایت کر کے فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب میں تمہارے سامنے کوئی حدیث بیان کروں گا تو اس کی تصدیق کتاب اللہ سے لاؤں گا' بے شک نطفہ' رحم میں چالیس دن رہتا ہے' پھر جما ہوا خون بن جاتا ہے پھر لوتھڑا بنتا ہے' پس جب اللہ ارادہ فرماتا ہے کہ اسے تخلیق کرے تو ایک فرشتہ اتارتا ہے۔ اس سے فرماتا ہے: لکھ! وہ عرض کرتا ہے: کیا لکھوں؟ اے میرے رب! اللہ فرماتا ہے: اس کا بد بخت اور خوش بخت ہونا لکھ' مذکر یا مؤنث ہونا' اس کا رزق' اس کا اثر اور اس کی عمر لکھ۔ پس اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے اس کی طرف وحی کرتا ہے اور فرشتہ لکھتا ہے' پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے یہ آیت پڑھی: ''انا خلقنا الی آخرہ''۔ راوی کا بیان ہے: اور حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: امشاج کا معنی رگیں ہے۔

9046- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ عَرْفَجَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَرَأَ هَذِهِ الْآيَةَ: (بَلْ تُؤْثِرُونَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا) (الأعلى: **16**) فَقَالَ: هَلْ تَدْرِي بِأَيِّ شَيْءٍ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں ہے کہ آپ نے یہ آیت پڑھی: ''بلکہ وہ دنیوی زندگی کو ترجیح دیتے ہیں''۔ تو فرمایا: کیا تم جانتے ہو کہ دنیوی زندگی کی ابتداء کس شی سے ہوئی؟ کس شی کی وجہ سے بندہ' دنیوی زندگی کو ترجیح دیتا ہے' دنیا ہمیں جلدی دی گئی' اس کی لذتیں'

9046- قال في المجمع جلد10 صفحه236' وفيه عطاء بن السائب وقد اختلط وبقية رجاله ثقات .

ابْتَدَأَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا؟ لِأَيِّ شَيْءٍ آثَرَ بِالْحَيَاةِ الدُّنْيَا؟ عُجِّلَتْ لَنَا الدُّنْيَا، وَأُوتِينَا لَذَّتَهَا، وَبَهْجَتَهَا، وَغُيِّبَتْ عَنَّا الْآخِرَةُ، وَزُوِيَتْ عَنَّا فَأَجَبْنَا الْعَاجِلَ، وَتَرَكْنَا الْآجِلَ

اس کی رونقیں ہمیں عطا کی گئیں اور آخرت ہم سے غائب رکھی گئی اور ہماری آنکھوں سے اوجھل کر دی گئی۔ جلدی آنے والی شی کو ہم نے قبول کر لیا اور دیر سے آنے والی شی کو چھوڑ بیٹھے۔

بَابٌ

9047- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: رَأَيْتُ عَبْدَ اللّٰهِ يَحُكُّ الْمُعَوِّذَتَيْنِ، وَيَقُولُ: لِمَ تَزِيدُونَ مَا لَيْسَ فِيهِ؟

باب

حضرت عبدالرحمٰن بن یزید فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کو اپنے مصحف سے سورۃ الفلق اور سورۃ الناس مٹاتے ہوئے دیکھا اور فرماتے: جو قرآن میں نہیں ہے اس کا اضافہ کیوں کرتے ہو؟

فائدہ: سعید ملت شیخ القرآن والحدیث عالم اسلام کے عظیم مصنف علامہ غلام رسول سعیدی قدس سرہ العزیز اپنی تفسیر ''تبیان القرآن'' میں اس حدیث کی وضاحت فرماتے ہیں:

عبدالرحمٰن بن یزید بیان کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ المعوذتین کو مصاحف سے کھرچ دیتے تھے اور کہتے تھے: یہ دونوں سورتیں کتاب اللہ سے نہیں ہیں۔

اس حدیث کی سند صحیح ہے۔ (مسند احمد جلد 5 صفحہ 130 طبع قدیم' مسند احمد جلد 35 صفحہ 117۔ رقم الحدیث: 21188' مؤسسۃ الرسالۃ' بیروت' ۱۴۲۰ھ' مسند البزار رقم الحدیث: 1586)

حضرت زر بن جیش رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ المعوذتین کو اپنے مصحف میں نہیں لکھتے تھے؟ انہوں نے کہا: میں گواہی دیتا ہوں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے خبر دی ہے کہ حضرت جبریل نے آپ سے کہا: آپ پڑھیے: ''قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ'' تو میں نے اس کو پڑھا' پھر انہوں نے کہا: آپ پڑھیے: ''قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ'' تو میں نے اس کو پڑھا' حضرت ابی بن کعب نے کہا: ہم وہی پڑھتے ہیں جو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پڑھا ہے۔ (مسند احمد جلد 5 صفحہ 129 طبع قدیم' مسند احمد جلد 35 صفحہ 116' مؤسسۃ الرسالۃ' بیروت' صحیح ابن حبان رقم الحدیث: 797' شعیب الارنؤوط نے کہا: اس حدیث کی سند صحیح ہے' حاشیہ مسند احمد جلد 35 صفحہ 116)

زر بن جیش بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے کہا کہ آپ کے بھائی المعوذتین کو مصحف سے کھرچ دیتے ہیں' سفیان بن مسعود سے کہا گیا تو انہوں نے اس واقعہ کا انکار نہیں کیا' حضرت ابی نے کہا:

میں نے رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا تو آپ نے فرمایا: مجھ سے ان کو پڑھنے کے لیے کہا گیا تو میں نے ان کو پڑھا' حضرت ابی نے کہا: ہم اسی طرح پڑھتے ہیں جس طرح رسول اللہ ﷺ نے پڑھا ہے۔ سفیان نے کہا: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ المعوذتین کو کھرچ دیتے تھے اور وہ حضرت ابن مسعود کے مصحف میں نہیں ہیں اور ان کا یہ گمان تھا کہ رسول اللہ ﷺ حضرت حسن اور حضرت حسین رضی اللہ عنہما پر یہ پڑھ کر دَم کرتے تھے اور ان کا یہ گمان تھا کہ یہ دونوں اللہ کی پناہ طلب کرنے کے لیے ہیں اور اُنہوں نے اپنے گمان پر اصرار کیا اور باقی صحابہ کی یہ تحقیق تھی کہ یہ دونوں سورتیں قرآن سے ہیں' اُنہوں نے ان دونوں سورتوں کو قرآن مجید میں رکھا۔

شعیب الارنؤوط نے کہا: اس حدیث کی سند شیخین کی شرط کے موافق صحیح ہے۔

(مسند احمد جلد 5 صفحہ 130 طبع قدیم' مسند احمد جلد 35 صفحہ 118۔ رقم الحدیث: 21189' مسند الحمیدی رقم الحدیث: 374' سنن البیہقی جلد 2 صفحہ 394' صحیح البخاری رقم الحدیث: 4976' صحیح بخاری میں اس حدیث کا خلاصہ ہے)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ سے ان دونوں سورتوں کے متعلق سوال کیا گیا' آپ نے فرمایا: مجھ سے ان کو پڑھنے کے لیے کہا گیا تو میں نے پڑھا' سو تم بھی اسی طرح پڑھو جس طرح میں نے پڑھا ہے۔ (المعجم الاوسط للطبرانی رقم الحدیث: 3515' مکتبۃ المعارف' ریاض' 1415ھ)

حضرت ابن مسعود کے انکارِ معوذتین کے متعلق فقہاء اسلام کی عبارات

شیخ علی بن احمد بن سعید بن حزم اندلسی متوفی ۴۵۶ھ لکھتے ہیں:

وہ قرآن جو اس وقت شرقاً غرباً تمام مسلمانوں کے ہاتھوں میں ہے' اس میں سورۂ فاتحہ سے لے کر معوذتین تک جو مصاحف میں بیان کیا گیا ہے' وہ سب اللہ عزوجل کا کلام اور اس کی وحی ہے' جو اس نے سیدنا محمد ﷺ کے قلب پر نازل فرمایا ہے' جس شخص نے اس میں سے ایک حرف کا بھی انکار کیا وہ کافر ہے' اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے جو مروی ہے کہ ان کے مصحف میں سورۃ الفاتحہ اور سورۃ المعوذتین نہیں تھیں' سو وہ جھوٹ ہے' موضوع ہے' صحیح نہیں ہے' صحیح یہ ہے کہ زر بن جیش' حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ان کے مصحف میں سورۃ الفاتحہ اور معوذتین تھیں۔ (المحلی بالآثار جلد 1 صفحہ 32' مسئلۃ: 21' دار الکتب العلمیہ' بیروت' 1424ھ)

قاضی عیاض بن موسیٰ مالکی اندلسی متوفی 544ھ لکھتے ہیں:

صحیح مسلم کی حدیث: 814 میں واضح دلیل ہے کہ المعوذتان قرآن مجید سے ہیں اور جس نے حضرت ابن مسعود کی طرف اس کے خلاف منسوب کیا' اس کا قول مردود ہے۔ (اکمال المعلم بفوائد مسلم جلد 3 صفحہ 182' دار الوفاء' بیروت' 1419ھ)

امام فخر الدین محمد بن عمر رازی شافعی متوفی 606ھ لکھتے ہیں:

کتب قدیمہ میں یہ منقول ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سورۂ فاتحہ اور معوذتین کے قرآن ہونے کا انکار کرتے تھے' اور اس مسئلہ میں بہت قوی اشکال ہے کیونکہ اگر ہم یہ کہیں کہ صحابہ کے زمانہ میں سورۂ فاتحہ کے قرآن ہونے پر نقل متواتر حاصل تھی اور حضرت ابن مسعود کو اس کا علم تھا اور پھر انہوں نے اس کے قرآن ہونے کا انکار کیا تو یہ انکار ان کے کفر کو یا ان کی عقل کی کمی کو واجب کرے گا' اور اگر ہم یہ کہیں کہ اس زمانہ میں ان کے قرآن ہونے پر نقل متواتر نہیں تھی تو اس سے یہ لازم آئے گا کہ اصل میں قرآن مجید نقل متواتر سے ثابت نہیں ہے اور اس سے قرآن مجید حجت یقینیہ نہیں رہے گا اور ظن غالب یہ ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے جو یہ قول منقول ہے' یہ نقل کاذب اور باطل ہے اور اسی بات سے اس اشکال کا حل نکل سکتا ہے۔ (تفسیر کبیر جلد 1 صفحہ 190' داراحیاء التراث العربی' بیروت' 1415ھ)

علامہ یحییٰ بن شرف نواوی متوفی 676ھ لکھتے ہیں:

صحیح مسلم کی حدیث: 814 میں اس پر واضح دلیل ہے کہ معوذتین قرآن ہیں اور حضرت ابن مسعود سے جو اس کے خلاف منقول ہے' وہ مردود ہے۔ (صحیح مسلم بشرح النواوی جلد 4 صفحہ 2344' مکتبہ نزار مصطفیٰ' مکہ مکرمہ' 1417ھ)

علامہ محمد بن خلیفہ وشتانی ابی مالکی متوفی 828ھ لکھتے ہیں:

المعوذتان قرآن مجید سے ہیں اور جس شخص نے حضرت ابن مسعود کی طرف اس کے خلاف منسوب کیا' اس کا قول مردود ہے۔ (اکمال اکمال المعلم جلد 3 صفحہ 160 دارالکتب العلمیہ' بیروت' 1415ھ)

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی 852ھ لکھتے ہیں:

روایاتِ صحیحہ سے ثابت ہے کہ حضرت ابن مسعود معوذتان کے قرآن ہونے کا انکار کرتے تھے اور روایاتِ صحیحہ کا انکار کرنا درست نہیں ہے' البتہ حضرت ابن مسعود کے قول کی تاویل کرنا ضروری ہے' قاضی ابوبکر باقلانی نے اس کی یہ تاویل کی ہے کہ حضرت ابن مسعود معوذتان کے قرآن ہونے کا انکار نہیں کرتے تھے بلکہ ان کو مصحف میں لکھنے کا انکار کرتے تھے' ان کے نزدیک اسی سورت کو قرآن میں لکھا جائے' جس کو لکھنے کی رسول اللہ ﷺ نے اجازت دی ہو اور ان تک رسول اللہ ﷺ کی اجازت نہیں پہنچی تھی' یہ عمدہ تاویل ہے لیکن اس پر یہ اعتراض ہے کہ حضرت ابن مسعود نے یہ بھی کہا ہے کہ یہ دونوں کتاب اللہ میں سے نہیں ہیں' اس کا جواب یہ ہے کہ ان کے اس قول میں کتاب اللہ سے مراد مصحف ہے' لہٰذا تاویل صحیح ہے۔

دوسرا جواب یہ ہے کہ حضرت ابن مسعود کے زمانہ میں بھی معوذتین متواتر تھیں لیکن حضرت ابن مسعود کے نزدیک ان کا تواتر ثابت نہ تھا' اس لیے ان کا انکار کفر نہیں ہے' البتہ معوذتین کا تواتر معروف ہو چکا ہے' لہٰذا اب جو ان کا انکار

کرے گا وہ کفر ہوگا' اس کی نظیر یہ ہے کہ اب اس پر اجماع ہو چکا ہے کہ زکوٰۃ کا انکار کفر ہے لیکن حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں یہ اجماع واضح نہیں تھا' اس لیے آپ نے منکرین زکوٰۃ کو کافر نہیں قرار دیا۔

(فتح الباری جلد 6 صفحہ 151 ملخصاً' دارالمعرفۃ' بیروت' 1426ھ)

علامہ سید محمود آلوسی حنفی متوفی 1270ھ لکھتے ہیں:

معوذتین کے قرآن ہونے میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا جو اختلاف منقول ہے' اس سے بعض ملحدین نے قرآن مجید کے اعجاز میں طعن کیا ہے' انہوں نے کہا: اگر قرآن مجید کی بلاغت حد اعجاز کو پہنچی ہوئی ہوتی تو قرآن مجید غیر قرآن سے ممتاز ہوتا' پھر اس میں یہ اختلاف نہ ہوتا کہ یہ قرآن ہے یا نہیں' اور تم کو معلوم ہے کہ معوذتین کے قرآن ہونے پر اجماع ہے اور فقہاءِ اسلام نے کہا ہے کہ اب معوذتین کے قرآن ہونے کا انکار کرنا کفر ہے اور شاید کہ حضرت ابن مسعود نے اپنے انکار سے رجوع کر لیا تھا۔ (روح المعانی جز 30 صفحہ 499' دارالفکر' بیروت' 1417ھ)

میں کہتا ہوں کہ حضرت ابن مسعود کے رجوع کے قول کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ امام طبرانی نے خود حضرت ابن مسعود سے روایت کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ان دونوں سورتوں کے متعلق سوال کیا گیا تو آپ نے فرمایا: مجھ سے ان کو پڑھنے کے لیے کہا گیا تو میں نے پڑھا' سو تم بھی اس طرح پڑھو جس طرح میں نے پڑھا ہے۔

(المعجم الاوسط رقم الحدیث: 3515)

9048- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ، ثنا أَبُو عُمَرَ حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، قَالَا: ثنا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، أَنَّهُ: كَانَ يَحُكُّ الْمُعَوِّذَتَيْنِ مِنْ مُصْحَفِهِ، فَيَقُولُ: أَلَا خَلَطُوا فِيهِ مَا لَيْسَ فِيهِ

حضرت عبدالرحمٰن بن یزید فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کو اپنے مصحف سے سورۃ الفلق اور سورۃ الناس مٹاتے ہوئے دیکھا اور فرماتے: جو قرآن میں نہیں ہے' اس کا اضافہ کیوں کرتے ہو؟

9049- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ إِشْكَابَ،

حضرت عبدالرحمٰن بن یزید فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ قرآن سے سورۃ الفلق اور سورۃ الناس

9049- قال في المجمع جلد 7 صفحه 149' رواه عبد الله بن أحمد جلد 5 صفحه 129-130' والطبراني ورجال عبد الله رجال الصحيح ورجال الطبراني ثقات۔

ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ مَعْنٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّهُ: كَانَ يَحُكُّ الْمُعَوِّذَتَيْنِ مِنَ الْمُصْحَفِ يَقُولُ: لَيْسَتَا مِنْ كِتَابِ اللَّهِ

کو اپنے مصحف سے مٹاتے تھے اور فرماتے تھے: یہ دونوں قرآن سے نہیں ہیں۔

9050- حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْحَرَشِيُّ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ الْحَسَنِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ: كَانَ يَقُولُ: لَا تَخْلِطُوا بِالْقُرْآنِ مَا لَيْسَ فِيهِ، فَإِنَّمَا هُمَا مُعَوِّذَتَانِ تَعَوَّذَ بِهِمَا النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ، وَقُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ ، وَكَانَ عَبْدُ اللَّهِ يَمْحُوهُمَا مِنَ الْمُصْحَفِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت ہے کہ آپ فرمایا کرتے تھے: قرآن کے ساتھ وہ چیز مت ملاؤ جو اس سے نہیں ہے، پس یہ تو صرف معوذتین ہیں جن کے ذریعے نبی کریم ﷺ نے اللہ کی پناہ مانگی: ''قل اعوذ برب الفلق'' اور ''قل اعوذ برب الناس'' اور حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ان دونوں کو قرآن سے مٹا دیا کرتے تھے۔

9051- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا الْأَزْرَقُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا حَسَّانُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ الصَّلْتِ بْنِ بَهْرَامَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّهُ: كَانَ يَحُكُّ الْمُعَوِّذَتَيْنِ مِنَ الْمَصَاحِفِ، وَيَقُولُ: إِنَّمَا أَمَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُتَعَوَّذَ بِهِمَا، وَلَمْ يَكُنْ يَقْرَأُ بِهِمَا

حضرت علقمہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ قرآن سے معوذتین کو مٹاتے تھے اور فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کو ان کے ذریعے پناہ مانگنے کا حکم دیا تھا' اور آپ ان دونوں کی قرأت نہیں کیا کرتے تھے۔

9051- رواه البزار جلد 1 صفحه258' والطبراني ورجالهما ثقات . وقال البزار: لم يتابع عبد الله أحد من الصحابة' وقد صح عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم أنه قرأ بهما في الصلاة وأثبتا في المصحف . كذا في المجمع جلد7 صفحه149 .

9052- حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، أَنَّ رَجُلًا لَقِيَ رَجُلًا بِهِ خَنَازِيرُ، فَقَالَ: لَوْلَا أَنَّهُ قَدْ أُخِذَ عَلَيَّ لَحَدَّثْتُكَ، فَبَلَغَ ذَلِكَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ، فَلَقِيَهُ فَقَالَ: حَدِّثْ، فَقَالَ: إِنَّهُ قَدْ أُخِذَ عَلَيَّ أَنْ لَا أُحَدِّثَ بِهِ أَحَدًا، فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللّٰهِ: إِنَّهُ لَمْ يَكُنْ يَنْبَغِي أَنْ يَأْخُذَ عَلَيْكَ، كَفِّرْ مِنْ يَمِينِكَ وَحَدِّثْ بِهِ، قَالَ: اعْمِدْ إِلَى أَبْوَالِ إِبِلٍ أَرَاكٍ -يَعْنِي تَأْكُلُ الْأَرَاكَ- فَاطْبُخْهُ حَتَّى يَنْعَقِدَ، ثُمَّ اشْرَبْهُ وَخُذْ وَرَقَ الْأَرَاكِ فَدُقَّهُ وَذُرَّهُ عَلَيْهِ، قَالَ: فَفَعَلَ فَبَرَأَ

حضرت طارق بن شہاب سے مروی ہے کہ ایک آدمی دوسرے ایسے آدمی سے ملا جس کے ساتھ خنازیر تھے اگر مجھے گرفت کا خوف نہ ہوتا تو میں تجھے ایک بات بتاتا' پس یہ بات حضرت عبداللہ بن مسعود تک پہنچی تو آپ رضی اللہ عنہ نے اس آدمی سے ملاقات کر کے فرمایا: بیان کر۔ اس نے عرض کی: مجھ پر گرفت ہوگی۔ اس لیے میں کسی آدمی کونہیں بتاؤں گا۔ پس حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اس سے کہا: تیرے اوپر گرفت کرنا مناسب نہیں ہے' اپنی قسم کا کفارہ دیدے اور بات بتا دے۔ اس نے کہا: جھاڑیاں کھا کر پیشاب کرنے والے اونٹوں کی طرف جانے کا ارادہ کر' اسے اچھی طرح پکا کر پی اور جھاڑیوں کے پتے لے کر پیس لے اور اس کے اوپر لگا۔ راوی کا بیان ہے: اس نے ایسا کیا تو وہ درست ہوگیا۔

9053- حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَلَطِيُّ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا أَبُو الْعُمَيْسِ، عَنِ الْقَاسِمِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: أَهْلُ الشُّرْبِ أُمَرَاءُ عَلَى أَهْلِ أَعْلَاهُ

حضرت قاسم فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: پینے والے اس کے اعلیٰ والوں پر حکمران ہیں۔

9054- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْأَقْمَرِ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اپنے بچوں کو نماز کی تلقین کرو' اور بھلائی کے کام کرنے کی انہیں عادت ڈالو کیونکہ نیکی عادت ہے۔

9052- قال فی المجمع جلد 5 صفحه 100' وفيه عبد الرحمٰن بن عبد الله المسعودی وهو ثقة ولكنه اختلط وبقية رجاله ثقات .

9053- قال فی المجمع جلد 2 صفحه 161' واسناده منقطع .

9054- قال فی المجمع جلد 1 صفحه 295' وفيه نعيم ضرار صرد وهو ضعيف . قلت: والمسعود قد اختلط .

حَافِظُوا عَلَى أَبْنَائِكُمْ فِي الصَّلَاةِ، وَعَوِّدُوهُمُ الْخَيْرَ فَإِنَّ الْخَيْرَ عَادَةٌ

9055- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: تَعَوَّدُوا الْخَيْرَ فَإِنَّمَا الْخَيْرُ بِالْعَادَةِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نیکی کی عادت بناؤ کیونکہ نیکی کی عادت کے ساتھ ہے۔

9056- حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَلَطِيُّ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا أَبُو الْعُمَيْسِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ، أَعْتَقَ غُلَامًا لَهُ، فَقَالَ: أَمَا إِنَّ مَالَكَ لِي، وَلَكِنْ قَدْ تَرَكْتُهُ لَكَ

حضرت عمران بن عمیر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اپنے ایک غلام کو آزاد کیا تو فرمایا: بے شک تیرا مال' میرے لیے ہے لیکن میں نے اسے تیرے لیے چھوڑا۔

9057- حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا شُعْبَةُ، أَخْبَرَنِي يَحْيَى بْنُ عَمْرِو بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ، يَقُولُ: لَأَنْ أُجَهِّزَ سَوْطًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ حَجَّةٍ بَعْدَ حَجَّةِ الْإِسْلَامِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ کی راہ میں ایک کوڑا تیار کرنا مجھے زیادہ پسند ہے' اسلام میں حج کے بعد حج کرنے سے۔

9058- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، أنا إِسْرَائِيلُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْعَيْزَارِ بْنِ حُرَيْثٍ، عَنْ أَبِي

حضرت عبداللہ فرماتے ہیں کہ اسلام کی چکی ترپین سال کے آخر تک گھومے گی' پھر اس کے بعد ایک بڑا حادثہ پیش آئے گا' اس میں مرنا زیادہ بہتر ہے' ورنہ ان کو ستر

9055- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:4742 .

9056- قال في المجمع جلد4صفحه156' وفيه أبو نعيم النخعي وثقه ابن حبان وأبو حاتم ونسبه أحمد الى الكذب وضعفه جماعة .

